بسم اللہ الرحمن الرحیم

عشّاقِ قرآن کے ایمان افروز واقعات

دورِ نبوت سے دورِ حاضر تک کے ایسے پُر اثر واقعات
جن کے مطالعہ سے دل میں قرآن کریم کی عظمت،
تلاوت کی اہمیت، فہم کی ضرورت، اصلاح کا احساس
اور عمل کا جذبہ بیدار ہوتا ہے۔

تالیف
محمد اسلم شیخوپوری

ناشر
مکتبہ حلیمیہ

اجمالی نظر

عنوانات	صفحہ نمبر
فہرستِ مضامین	۴
انتساب	۱۴
وجہِ تالیف	۱۵
فضائلِ تلاوت	۲۰
آدابِ تلاوت	۲۵
فوائد و ثمرات	۳۲
قرآن کریم کی خصوصیات	۴۳
ایمان افروز واقعات	۵۵
قرآن کی تاثیر	۲۲۸

فہرستِ مضامین

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
1	معروضاتِ چند.....وجہِ تالیف	۱۵
2	فضائلِ تلاوت	۲۰
3	آدابِ تلاوت	۲۵
4	فوائد وثمرات	۳۲
5	قرآنِ کریم کی خصوصیات	۴۳
6	اسماء القرآن	۴۸
7	ایمان افروز واقعات	۵۵
8	سوزش دبکا	.....
9	کیا منظر ہوگا	۵۶
10	فکراور تشویش	۵۷
11	ذوق اپنا اپنا	۵۸
12	ہچکیاں	۵۹
13	تشویق وتذکیر	۶۰
14	خاتمہ بالقرآن	۶۲
15	ایک ایک آیت بے مثال دولت	۶۳
16	ہم سب سے سوال	۶۴

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
17	پورا قرآن پڑھنے سے زیادہ محبوب	٦٦
18	اتنا سا کام	٦٨
19	آلِ داؤد علیہ السلام کا مزمار	...
20	فضل ورحمت	٧٠
21	فرشتوں کا نزول	٧١
22	شب بھر میں ایک ہی آیت	٧٣
23	اخلاص	٧٤
24	فرشتے بھی رو پڑے	٧٥
25	کلام ربی	٧٦
26	گریہ وتوبہ	٧٧
27	کیا مرد اور کیا عورتیں	٧٨
28	معانی کا ورود	٧٩
29	لطف اندوزی	٨٠
30	حزن طویل اور خوف شدید	٨١
31	حق گوئی وبیباکی	٨٢
32	آخرت کا گھر	٨٤
33	عاشقِ قرآن کی زیارت	٨٦

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
34	نور علی نور	۸۷
35	سفرِ آخرت کے لئے	۸۸
36	سات ہزار کلام	۸۹
37	تکرار میں صبح	.....
38	جزائے خیر وشر	۹۱
39	رضا کے بجائے ناراضگی	۹۲
40	پانچ باتیں	۹۳
41	تلاوت کا متأثر کن انداز	۹۵
42	فیصلہ کا دن	۹۶
43	کیا ابھی وقت نہیں آیا	۹۷
44	سچا عاشقِ قرآن	۹۸
45	فہم قرآن کی خاطر	۹۹
46	ختمِ قرآن سے قبل ختمِ زندگی	۱۰۰
47	مشک کی بو	۱۰۲
48	حصول قرأت کا شوق	.....
49	اٹھارہ ہزار قرآن	۱۰۴
50	غیرت واستغناء	۱۰۵

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
51	نورِ قرآن	۱۰۸
52	دل کے بینا	۱۰۹
53	مقبولیت ومحبوبیت	۱۱۰
54	وصول الی اللہ	۱۱۲
55	مبارک خاتمہ	۱۱۴
56	علم دوستی	۱۱۵
57	ہمارا بیل	۱۱۷
58	غبارِ دل	۱۱۸
59	جیسا درخت ویسا پھل	۱۱۹
60	چار چیزیں	۱۲۳
61	کشتگانِ خنجرِ تسلیم	.....
62	اللہ تعالیٰ سے ہم کلامی	۱۲۵
63	حساس اور باوفا بیٹا	۱۲۶
64	خوفِ خدا بھی خدمتِ خلق بھی	۱۲۸
65	عزیمت	۱۳۰
66	مشغولیت بہ خدا	۱۳۱
67	ایں خانہ ہمہ آفتاب است	۱۳۲

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
68	وجد آفریں تلاوت	۱۳۴
69	خدام قرآن کا حال یہ تھا	۱۳۵
70	جنانی اور مردانی	.....
71	باہمی ادب واحترام	۱۳۶
72	کیسے کیسے بادشاہ	۱۳۷
73	طمع واشراف	۱۳۹
74	دل مصطفیٰ ؐ	۱۴۱
75	اصلی دولت	۱۴۲
76	تکمیل تمنا	۱۴۳
77	سامعین کا شوق	۱۴۵
78	حقیقت میں ہے قرآن	۱۴۷
79	ایسے مستغنی لوگ	۱۴۹
80	گواہ رہنا	۱۵۰
81	حق ادا نہ ہوسکا	۱۵۱
82	حاملِ قرآن کی پہچان	.....
83	حقِ تلاوت	۱۵۲
84	دولتِ قرآن کا احترام	.....

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
85	بے تکلفی نہ کہ تکلف	۱۵۴
86	تین قسم کے قراء	۱۵۵
87	پہلے حال پھر قال	۱۵۷
88	وہ لوگ کہاں گئے	.....
89	سچا شیدائی	۱۵۸
90	حال کا اثر	۱۶۰
91	یہی قرآن	۱۶۱
92	استقامت	۱۶۳
93	صحابہ والی شان	۱۶۴
94	قرآنی اثر	۱۶۶
95	سچا شوق	۱۶۸
96	نہ دور کی ضرورت نہ سامع کی	.....
97	تلاوت کا پُر کیف انداز	۱۷۰
98	خوش قسمت گھرانے	۱۷۱
99	دلوں کی حرکت	۱۷۲
100	غور وتدبر	۱۷۳
101	اندازِ محبت	۱۷۵

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
102	نظم الاوقات	۱۷۵
103	اللہ رے استقامت	۱۷۶
104	ایکسپریس گاڑی	۱۷۷
105	ایک ہی ہیئت پر	۱۷۸
106	سماع اور گریہ	۱۷۹
107	حیرت انگیز حافظہ	۱۸۰
108	شغفِ قرآن	.....
109	مال بڑھانے والے	۱۸۱
110	جیسا باپ ویسا بیٹا	۱۸۲
111	زندہ معجزہ	۱۸۳
112	شکر نہ کہ شکوہ	۱۸۵
113	بخشش کا سامان	۱۸۶
114	مراتبِ تلاوتِ قرآن	.....
115	کسی کے کلام میں نہیں	۱۸۷
116	ملکوتی تلاوتِ قرآن	.....
117	شریف کی تلاوت کا صلہ	۱۹۰
118	ایک سچے خادم قرآن کے واقعات	.....

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
119	استاد اور شاگرد.....	۱۹۱
120	عبادت وتلاوت.....	۱۹۲
121	تلامذہ پر توجہ.....	.....
122	لمحوں کا مصرف.....	۱۹۳
123	معمول کے علاوہ.....	.....
124	ایک ناغہ بھی نہیں.....	.....
125	راز یہ ہے!.....	۱۹۴
126	تربیت کا درد.....	.....
127	فراست.....	۱۹۶
128	اخلاص سے تلاوت کا نتیجہ.....	.....
129	منزل کی مقدار.....	۱۹۷
130	اب تک غلطی؟.....	۱۹۸
131	حافظ کہلوانے کا حقدار.....	.....
132	تحفہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم.....	۲۰۰
133	نسبتِ قرآن.....	
134	وقتِ شب بیداری.....	۲۰۱
135	سراپا شفقت.....	۲۰۲۰

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
136	بلا فرق و امتیاز	۲۰۳
137	استاد کی نافرمانی کی سزا	۲۰۴
138	استغناء	۲۰۵
139	کمالِ فن	۲۰۶
140	پابندیِ وقت	۲۰۷
141	موقع کی تلاش	۲۰۸
142	مصروفیات کے ساتھ	۲۰۹
143	ساحرِ عظیم	۲۰۹
144	آگ لگا دو	۲۱۰
145	کوئی ایسی کتاب لائیے	۲۱۱
146	خدا کے لیے بس کرو	۲۱۲
147	ایک چیز سے محبت ایک چیز سے نفرت	〃
148	مجھے قرآن کے سوا کچھ نہیں آتا	۲۱۳
149	والہانہ عقیدت	۲۱۴
150	بائیس ختم	۲۱۵
151	سب سے عالی ذکر	۲۱۶
152	یونہی سہی	۲۱۷

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
153	بہتر کا بہترین شغل	۲۱۷
154	قابل دید منظر	۲۱۹
155	خوف آخرت کا نتیجہ	//
156	انوار وتجلیات کا مشاہدہ	۲۲۰
157	متکلمہ بالقرآن	۲۲۲
158	قرآن کی تاثیر	۲۲۸
159	نجاشی کا اقرار	۲۲۹
160	بے اختیار گریہ	۲۳۰
161	جنوں کی گواہی	۲۳۱
162	عجیب اثر	//
163	ایک ہی آیت	۲۳۲
164	فصاحت کو سجدہ	۲۳۳
165	ضیاع عمر کا اقرار	۲۳۴
166	ثمر بار اور چشمہ دار	۲۳۵
167	ایں چیزے دیگر است	۲۳۷
168	مشرک کی پیشگوئی	۲۳۸
169	اقرار بھی انکار بھی	//

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
170	مرادِ رسولؐ کی کایا پلٹ	۲۴۰
171	پہلے خوش نصیب	۲۴۲
172	اللہ کا فیصلہ	//
173	مختصر ہدیہ	۲۴۳
174	صداقت کا بیج	//
175	شہادت سے پہلے	۲۴۴
176	سدا بہار کلام	۲۴۵
177	بلا تعصب اور بافہم مطالعہ	//
178	مسلسل اور گہرے مطالعہ کا نتیجہ	۲۴۶
179	مکمل سچائی کا دین	۲۴۷
180	انکشاف	۲۴۸
181	حکیمانہ اسلوب	//
182	آخری اور سچی ہدایت	۲۴۹
183	پرشکوہ مگر سادہ اسلوب	//
184	جدید ترین حقائق	۲۵۰
185	ایک تمثیل وجہِ تبدیل	۲۵۱
186	نہ مٹنے والا نقش	۲۵۳
187	خوشگوار حیرت	۲۵۴

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
188	ابدی صداقتوں کی کرن	۲۵۴
189	فطری اور آفاقی پیغام	۲۵۵
190	آب حیات کے قطرے	۲۵۶
191	روح کی پکار	//
192	منزلِ مقصود کی تلاش	۲۵۷
193	مزید تأثرات	۲۵۸
194	شستہ زبان	۲۶۰
195	بلند پایہ اخلاقی مضامین	//
196	سائنسی علوم کا منبع	۲۶۱
197	دل موہ لینے والی آواز	۲۶۲
198	اسلام کی اساس	۲۶۳
199	جدید اخلاقی زاویے	۲۶۴
200	لافانی اعجاز	//
201	حسنِ بیان	۲۶۵
202	سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب	//
203	جامع کتاب الٰہی	۲۶۷

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انتساب

میں تجھے کیا نام دوں ــــ میں بے مایہ تھا تو نے بامایہ بنا دیا۔ میں ذلیل تھا تو نے مجھے عزیز کر دیا، میں مضطرب تھا تو نے مجھے سکون عطا کر دیا، میں گمنام تھا تو نے مجھے شہرت کے بامِ عروج تک پہنچا دیا۔ میں جاہل تھا تو نے میرے سامنے علم کا چراغ جلا دیا، میں لاشئ تھا تو نے مجھے شئ بنا دیا، میں ناقابلِ تذکرہ تھا تو نے سب سے اونچے بارگاہ میں میرا تذکرہ کرا دیا۔ میں غافل تھا تو نے مجھے عاقل کر دیا۔ میں غرقِ دریا تھا تو نے مجھے آشنائے ساحل کر دیا، میں فقیر تھا تو نے مجھے امیر بنا دیا، میں سب سے امید رکھتا تھا تو نے مجھے اللہ کے سوا سب سے مایوس کر دیا، میں انسانوں کے سامنے نظریں جھکائے رکھتا تھا تو نے میری نظروں کو اٹھا دیا، میں سنگ دل تھا تو نے مجھے نرم دل بنا دیا، میری آنکھیں خشک تھیں تو نے انہیں روانی عطا کر دی، مجھے سب نظر آتے تھے مگر تو نظر نہیں آتا تھا اور اب حال یہ ہے کہ مجھے تیرے سوا کچھ نظر بھی نہیں آتا۔ اِدھر بھی تو اُدھر بھی تو، قبر میں بھی تو حشر میں بھی تو، دنیا میں بھی تو آخرت میں بھی تو، جلوت میں بھی تو، خلوت میں بھی تو، دل میں بھی تو زبان پر بھی تو، جان بھی تو جانِ جاناں بھی، یقین بھی تو ایمان بھی تو منزل بھی تو، نشانِ منزل بھی تو۔

تیرا نام کلام اللہ کے سوا کیا ہو سکتا ہے۔ یہ چند سطریں کلام اللہ سے منسوب کرتے ہوئے خوشی سے دیوانہ ہوا جاتا ہوں، اے دیوانگی سے دوچار کرنے والے میری یہ دیوانگی قبول فرما لے۔ آمین۔

محمد اسلم شیخوپوری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

معروضاتِ چند

(۱) وجہِ تالیف

قرآن کریم اللہ کا کلام اور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کا بے مثال معجزہ ہے اس کی مثال لانے سے جن وانس عاجز ہیں۔ یہ واحد الہامی کتاب ہے جو ہر دور میں لاکھوں انسانوں کو زبانی یاد رہی ہے۔

قرآن کریم دنیا بھر میں سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب ہے، دنیا کا کوئی خطہ ایسا نہیں جہاں اسکی تلاوت نہ ہوتی ہو۔ اور دنیا کی کوئی زبان ایسی نہیں جس میں اسکی تشریح وتفسیر نہ ہو چکی ہو۔

قرآن کریم کی تلاوت اور اسکے معانی میں غور وتدبر سے معاصی سے بچنا آسان ہو جاتا ہے۔ برے اخلاق سے جان چھوٹ جاتی ہے، عقائد حقہ دل میں بیٹھ جاتے ہیں، اخلاق حسنہ سے متصف ہونے کی توفیق مل جاتی ہے، باطنی دنیا انوار الٰہی سے جگمگا اٹھتی ہے۔

قرآن کریم کے سب سے بڑے عاشق صاحبِ قرآن حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ تھے۔ ان کے شب روز کا بہت بڑا حصہ قرآن کریم کی تلاوت اور اس میں غور وفکر کیلئے مختص تھا۔ ان کا سب سے بڑا کمال یہ تھا کہ ان کی زبانوں سے لیکر ان کی سوچوں تک اور انکی سوچوں سے لیکر ان کے اعمال تک، اور اعمال سے لیکر گھروں، دکانوں، میدانوں، اور حکومتی ایوانوں تک ہر جگہ قرآن ہی

قرآن تھا۔ وہ صرف قاریانِ قرآن ہی نہ تھے بلکہ حاملانِ قرآن اور عاملانِ قرآن بھی تھے۔ انکی زندگیاں قرآن کریم کی چلتی پھرتی تفسیریں تھیں، نومسلم ان کی زبانوں سے قرآن کے الفاظ سنتے تھے اور ان کے کردار و عمل کو دیکھ کر قرآن مجید کے معانی اور مطالب سمجھتے تھے۔

آج ایسے لوگ کم دکھائی دیتے ہیں جنکے اخلاق اور شب و روز کو دیکھ کر قرآن کے اوامر و نواہی یاد آتے ہوں۔ خوش الحانی سے قرآن پڑھنے والے بہت ہیں لیکن انکی تلاوت حلق سے نیچے نہیں اترتی۔ جب کوئی آیت سینے سے نہیں نکلے گی دوسرے سینوں میں وہ کیسے اترے گی۔ نتیجہ صاف ظاہر ہے لوگ محافل قرأت میں قرآن سنتے ہیں، وجد میں بھی آتے ہیں۔ سبحان اللہ۔ ماشاء اللہ کی آوازیں بھی بلند کرتے ہیں لیکن ان کی زندگیوں میں کوئی تبدیلی نہیں آتی، تبدیلی آئے بھی تو کیسے؟ وہ تلاوت تبدیلی لانے کیلئے کی ہی نہیں گئی تھی۔ اسکا مقصد داد و تحسین کا حصول تھا اور وہ حاصل ہوگئی۔

مسلمان قرآن سے بہت دور چلا گیا ہے شاید اسی لئے اللہ کی رحمت بھی اس سے بہت دور چلی گئی ہے، اس نے قرآن سے کیا منہ موڑا عزت، حکومت، خوشحالی، امن وسکون، تحفظ، محبت اور رحمت ہر چیز نے اس سے منہ موڑ لیا ہے، ان چیزوں کے حصول کیلئے وہ غیروں کی نقالی میں مصروف ہے۔ ان کی بہت سی غلاظتوں کو یہ اپنے سینے سے لگا چکا ہے اور باقی کو لگانے کیلئے تیار بیٹھا ہے۔ لیکن کعبہ کے رب کی قسم! قرآن سے تعلق استوار کئے بغیر اسے اس کی گمشدہ نعمتیں حاصل نہیں ہوسکتیں۔

یوں تو قرآن کریم سے کسی بھی نوع کا تعلق فائدہ سے خالی نہیں لیکن رب کریم

نے جو برکات اور ثمرات ایمانی عقیدت ومحبت اور معانی میں غور وتدبر کے ساتھ اس کی تلاوت میں رکھے ہیں وہ کسی دوسری چیز میں نہیں لیکن یہ ایک افسوسناک حقیقت ہے کہ آجکل عوام تو عوام خواص بھی کما حقہ قرآن کی تلاوت نہیں کرتے۔

کلام اللہ کے معانی میں غور وفکر کو تو یوں محسوس ہوتا ہے کہ بالکل ایک زائد چیز سمجھ لیا گیا ہے۔ جس کی ضرورت صرف اسی وقت محسوس کی جاتی ہے جب تدریس وتبلیغ یا کسی مضمون کی تحریر پیش نظر ہو، لیکن فہم معانی کے بغیر خالی الفاظ کی تلاوت بھی جتنی ہمارے اسلاف کرتے تھے اسکا عشر عشیر بھی ہم نہیں کرتے۔ اوروں کو تو چھوڑ یئے حفاظ کرام بھی رمضان المبارک کے علاوہ قرآن کریم کو ہاتھ نہیں لگاتے جس کا نتیجہ یہ نکل رہا ہے کہ اکثر حفاظ کو قرآن کریم پختگی کے ساتھ یاد نہیں جہاں تک حافظات کا تعلق ہے تو ان کا حال تو اور بھی ابتر ہے مجھ ناچیز کا جو ناقص سا تجربہ ہے وہ یہ ہے کہ سو میں سے نوے حافظات کو قرآن کریم پختہ یاد نہیں ہے، بس حصول سعادت کیلئے دھڑا دھڑ بچیاں حفظ کررہی ہیں۔ لیکن فراغت کے دو چار سال بعد انکا یہ حال ہوجاتا ہے کہ ایک ایک پارہ میں بیس بیس اور تیس تیس غلطیاں آتی ہیں اور بعض کا حال تو اس سے بھی بُرا ہوتا ہے، نمعلوم مدارس کے ذمہ دار حضرات اس پہلو پر کب توجہ دیں گے اور وہ کمیت سے زیادہ کیفیت اور مقدار سے زیادہ معیار کو ترجیح دیں گے۔

اس کمزوری کی ایک وجہ تو زمانہ حفظ کی عجلت اور غفلت ہے اور دوسری بڑی وجہ تسلسل کے ساتھ تلاوت کا نہ کرنا ہے۔

یہ ناچیز ایک عرصہ سے اس فکر میں تھا کہ کوئی ایسی کتاب تحریر کی جائے جسے پڑھ کر دل متاثر ہوں اور قارئین کے دل میں تلاوت قرآن اور تدبر قرآن کا جذبہ اور ولولہ

پیدا ہوا اور انکا قرآن سے ٹوٹا ہوا رشتہ بحال ہو جائے۔

اسی اثناء میں، میں نے ماہنامہ الاشرف (جس کا میں مدیر تھا) کا قرآن نمبر شائع کیا، اس خاص نمبر میں مفتی محمد ابراہیم صاحب اور اس ناچیز نے حضور اکرم ﷺ سے لیکر زمانہ قریب کے بزرگوں تک کے ایسے واقعات جمع کیے جو ان کے عشقِ قرآن اور تأثر بالقرآن سے تعلق رکھتے تھے، ان واقعات نے مجھ خطا کار کے دل و دماغ کو بے حد متأثر کیا اور میرا اشتغال بالقرآن پہلے سے فزوں تر ہو گیا، تلاوت کی مقدار میں اضافہ کے ساتھ ساتھ اب ایسا بھی ہونے لگا کہ دورانِ تلاوت آنکھیں نمناک ہو جاتیں اور باطن کی بنجر زمین میں روئیدگی سی محسوس ہوتی، میں نے سوچا اگر ان واقعات میں مزید اضافہ کر کے انہیں کتابی شکل دے دی جائے تو ممکن ہے دوسروں پر اس سے بھی اچھے اثرات مرتب ہوں جتنے مجھ سیاہ کار پر مرتب ہوئے ہیں چنانچہ میں نے الاشرف میں شائع شدہ مضامین کو بنیاد بنا کر دوسری کتابوں کے مطالعہ سے مزید واقعات کا اضافہ کر دیا۔ اس سلسلہ میں ''تذکرہ قاریانِ ہند'' سے خاص طور پر استفادہ کیا گیا۔ چونکہ صورت ایسی رہی کہ کتابوں کی ورق گردانی سے جو واقعات ملتے گئے میں انہیں درج کرتا چلا گیا اسلئے قارئین کو کہیں کہیں یوں محسوس ہوگا کہ زمانی ترتیب کا زیادہ لحاظ نہیں رکھا جا سکا یعنی ایسا ممکن ہے کہ بارہویں صدی ہجری کا واقعہ پہلے آ گیا ہو اور گیارہویں صدی ہجری کے کسی بزرگ کا واقعہ بعد میں درج ہوا ہو لیکن چونکہ یہ کوئی تاریخ کی کتاب نہیں ہے اور نہ ہی بزرگانِ دین کے سوانح بیان کرنا اس کا مقصد ہے بلکہ اصل مقصد تو عبرت و نصیحت کا حصول ہے اس لئے زمانی ترتیب کا زیادہ اہتمام نہیں کیا گیا۔

جن کتابوں سے یہ واقعات لیے گئے ہیں ان کی زبان کہیں کہیں مغلق تھی اور بعض کے اسلوب میں طوالت تھی اس لئے اصل مقصود کو برقرار رکھتے ہوئے مغلق الفاظ کے بجائے آسان الفاظ استعمال کئے گئے ہیں اور طوالت کو اختصار میں بدل دیا گیا ہے۔

ایک کام اس ناچیز نے یہ بھی کیا ہے کہ بعض واقعات کے آخر میں ''فائدہ'' کے عنوان سے اس واقعہ سے حاصل شدہ سبق اور نصیحت کی طرف متوجہ کرنے کے لئے چند باتیں اپنی طرف سے لکھ دی ہیں ____ ہے تو یہ مخمل میں ٹاٹ کا پیوند لگانے والی بات لیکن جو کچھ لکھا گیا ہے وہ جذبہ خیر خواہی سے لکھا گیا ہے اور امید ہے کہ اسی نظر سے اس کا مطالعہ بھی کیا جائے گا۔

ان فوائد کے لکھنے کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ ہم عصر قراء، حفاظ اور مدرّسین میں جو کمزوریاں پائی جاتی ہیں ان کی اصلاح کی طرف انہیں متوجہ کیا جائے اور اکابر کے یہ پاکیزہ واقعات محض دماغی عیاشی کا کام نہ دیں بلکہ یہ واقعات ہمیں اپنے اپنے گریبان میں جھانکنے پر مجبور کر دیں۔

اسی جذبے کے ساتھ واقعات کے علاوہ بعض بزرگوں کے اقوال وارشادات بھی نقل کیے گئے ہیں۔

محترم قارئین! تلاوت کے فضائل وآداب پر بہت کچھ لکھا جا چکا ہے لیکن اس کتاب کو جامع بنانے کے لئے واقعات کا حصہ شروع کرنے سے پہلے چار عناوین کے تحت چند ضروری باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں یعنی فضائلِ تلاوت، آدابِ تلاوت ثمراتِ تلاوت اور قرآن کریم کی خصوصیات۔

(۲) فضائلِ تلاوت

قرآن کریم کی تلاوت نبی کریم ﷺ کے فرائض میں سے ایک فریضہ تھا۔

قرآن کریم میں ہے

وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ

''مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں فرمانبرداروں میں سے ہو جاؤں اور یہ کہ قرآن کی تلاوت کروں''

وہ لوگ جو ایسی تجارت کرتے ہیں جس میں خسارہ اور نقصان کا ذرہ برابر امکان نہیں اللہ تعالیٰ نے ان کی تین صفات بتائی ہیں

اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ

''جو لوگ کتاب اللہ کی تلاوت کرتے رہتے ہیں اور نماز کی پابندی رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور علانیہ خرچ کرتے رہتے ہیں وہ ایسی تجارت کی آس لگائے ہوئے ہیں جو کبھی ماند نہیں پڑے گی''

ترمذی میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص قرآن کریم (کی تلاوت اور غور وفکر یا تعلیم وتدریس) میں اس قدر مشغول ہو کہ اسے ذکر و دعا کی فرصت نہ ملے تو میں اسے سب دعائیں مانگنے والوں سے زیادہ عطاء کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ کے کلام کو دوسرے سارے کلاموں پر ایسی ہی فضیلت ہے جیسی کہ خود اللہ تعالیٰ کو ساری مخلوق پر فضیلت حاصل ہے''

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے (فضائل القرآن باب ماجاء فی تعلیم القرآن)

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قرآن سیکھو پھر اسے پڑھتے رہو اس لئے کہ جو شخص قرآن سیکھنے کے بعد اسے پڑھتا رہے اور اسکی نگہداشت کرتا رہے اس کی مثال مشک سے بھری ہوئی اس تھیلی کی سی ہے جس کی خوشبو ہر جگہ پھیلتی ہے اور جو شخص قرآن سیکھنے کے بعد (اس سے غافل ہو جائے اور) سو جائے اس کی مثال مشک کی اس تھیلی کی سی ہے جس کا منہ بند کر دیا گیا ہو (ابن ماجہ باب فضل من تعلم القرآن وعلمہ)

عبیدہ ملیکی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا قرآن والو! قرآن سے تکیہ نہ لگاؤ اور شب وروز اس کی ویسے تلاوت کرو جیسا کہ تلاوت کرنے کا حق ہے، قرآن کی اشاعت کرو اسے اچھی آواز سے پڑھو، اس کے معانی میں تدبر کرو تا کہ تم فلاح پا جاؤ اور اس کا صلہ (دنیا ہی میں) طلب نہ کرو کیونکہ اس کا آخرت میں عظیم الشان صلہ ملے گا (اور اعمال کا صلہ ملنے کی اصل جگہ تو آخرت ہی ہے) (بیھقی فی شعب الایمان)

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا قرآن پڑھنے والا قیامت کے دن آئے گا تو قرآن (بارگاہِ الٰہی میں) درخواست کرے گا یا رب! اسے (عزت وعظمت کا) جوڑا پہنا دیجئے تو اسے عزت کا تاج پہنا دیا جائے گا، پھر صاحب قرآن سے کہا جائے گا

کہ قرآن پڑھتے جاؤ اور (جنت کے درجات پر) چڑھتے جاؤ اور ہر آیت کے بدلے ایک ایک نیکی بڑھتی جائے گی۔

ف:- وہ کون سا مسلمان ہے جس کے دل میں یہ حدیث پڑھنے کے بعد یہ آرزو پیدا نہیں ہوگی کہ اے کاش قیامت کے دن قرآن میرے حق میں بھی سفارشی بن جائے اور قرآن کے سفارشی بننے کی صورت یہی ہے کہ قرآن کریم کے حقوق.....تلاوت، فہم وتدبر، عمل اور اشاعت.....ادا کیے جائیں۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا صرف دو آدمی (ہی حقیقت میں) قابل رشک ہیں ایک وہ آدمی جسے اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کی نعمت عطا فرمائی پس وہ رات دن اس میں مصروف رہتا ہے اور دوسرا وہ آدمی جسے اللہ تعالیٰ نے مال ودولت سے نوازا اور وہ رات دن (اللہ کی رضا کے لئے) اس میں سے خرچ کرتا ہے (صحیح بخاری ۲/۷۵۱)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس مومن کی مثال جو قرآن کی تلاوت کرتا ہے نارنگی کی سی ہے جس کی خوشبو بھی اچھی اور مزہ بھی عمدہ ہے اور اس مومن کی مثال جو قرآن پاک کی تلاوت نہیں کرتا چھوہارے جیسی ہے جس میں خوشبو تو بالکل نہیں ہے مگر اس کا مزہ شیریں ہے اور اس منافق کی مثال جو قرآن نہیں پڑھتا حنظلہ یعنی اندرائن (جو کہ انتہائی بدمزہ اور کڑوا ہوتا ہے) جیسی ہے کہ اس میں خوشبو بھی نہیں ہوتی اور اس کا مزہ بھی تلخ ہوتا ہے اور اس منافق کی مثال جو قرآن پڑھتا ہے ریحانہ یعنی تلسی کی مانند ہے کہ اس کی خوشبو اگرچہ اچھی ہوتی ہے مگر مزہ نہایت کڑوا ہوتا ہے۔

ف:- اس حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے تلاوت کے اعتبار سے انسانوں کے چار درجے قائم فرمائے ہیں پہلا درجہ اس باعمل مومن کا ہے جو کلام اللہ کی عظمت وصداقت پر ایمان بھی رکھتا ہے اور زبان سے اس کی تلاوت بھی کرتا ہے گویا اس کا ظاہر بھی خوبصورت اور باطن بھی خوبصورت اس کی مثال نارنگی کی سی ہے جس کا ظاہر بھی اچھا ہوتا ہے اور باطن بھی اچھا ہے، ظاہر کے اعتبار سے وہ خوش رنگ اور خوشبو دار ہوتا ہے اور باطن کے اعتبار سے خوش ذائقہ ہی نہیں بلکہ بہت سے طبی فوائد کا حامل بھی ہوتا ہے۔

دوسرا درجہ اس مومن کا ہے جو کلام اللہ کی حقانیت پر ایمان رکھتا ہے عمل بھی کرتا ہے مگر اس کی تلاوت نہیں کرتا اس مومن کو اللہ کے رسول نے چھوہارے سے تشبیہ دی ہے جس کا مزہ تو شیریں ہوتا ہے مگر اس میں خوشبو نہیں ہوتی۔

قرآن کریم ایک اعلیٰ درجہ کی خوشبو ہے اس خوشبو کو عام کرنے کی ضرورت ہے جب یہ خوشبو عام ہوگی تو انسانوں کو کفر وشرک، ظلم وجبر، معاصی اور ذنوب کی سڑاند سے نجات نصیب ہوگی لہٰذا مسلمان کو بخل سے کام لیتے ہوئے بے مثال خوشبو کے اس ڈبے کو بند نہیں رکھنا چاہیے بلکہ ہر شہر ہر گاؤں اور ہر ملک میں اس خوشبو کو عام کرنے کی ضرورت ہے، یہ خوشبو صرف تلاوت ہی سے عام ہوسکتی ہے اسلئے کہ ہر عمل کے کچھ مخصوص اثرات اور ثمرات ہوتے ہیں جو کہ صرف اسی عمل سے حاصل ہوسکتے ہیں نماز کے فوائد نماز سے اور زکوٰۃ کے فوائد زکوٰۃ ہی سے حاصل ہوسکتے ہیں یونہی قرآن کی خوشبو کو عام کرنے کے لیے فہم وتدبر کے ساتھ اس کی تلاوت کی ضرورت ہے۔

تیسرا درجہ اس فاسق و فاجر اور منافق کا ہے جسے قرآن یاد ہے، اس کی قرأتوں اور روایتوں پر بھی اس کی نظر ہے، پڑھتا بھی خوب ہے مگر تلاوت اس کے گلے اور حلق سے نیچے نہیں اترتی اس کے اخلاق بدبودار اور اس کے اعمال غلیظ ترین ہوتے ہیں۔اس کی مثال رسول اللہ ﷺ نے ریحانہ سے دی ہے جس کی خوشبو نہایت عمدہ اور پرکشش ہوتی ہے لیکن چکھو تو ایسی کڑواہٹ کہ زبان سکڑ کر رہ جائے اسی طرح یہ شخص بھی جب قرآن پڑھتا ہے تو لوگ متأثر ہوئے بغیر نہیں رہتے، کئی انجان اس پر جان چھڑکتے ہیں لیکن جب اس کی خلوت اور معاشرت میں جھانکنے کا موقع ملے تو اس کی گندگی چیخ چیخ کر اس کے دشمنِ قرآن ہونے کا اعلان کرتی ہے۔ایسا شخص قرآن اور اصحاب قرآن کو بدنام کرنے کا ذریعہ بنتا ہے۔

چوتھا درجہ اس منافق اور فاسق کا ہے جس کا قرآن سے علم و عمل اور حفظ و تلاوت کسی بھی اعتبار سے کچھ تعلق نہیں اس شخص کو رسول اللہ ﷺ نے حنظلہ سے تشبیہ دی ہے جس میں نہ خوشبو ہوتی ہے اور نہ ہی مزہ اچھا ہوتا ہے، یہی حال اس منافق کا سا ہے جس کے اندر کسی بھی بھلائی کی خوشبو نہیں وہ غلاظت اور بدبو کا چلتا پھرتا اشتہار ہے اس لئے کہ خوشبو تو قرآن میں ہے..... قرآن کے الفاظ میں، اس کے معانی میں، اس پر عمل کرنے میں..... اور جو قرآن سے محروم ہے وہ ہر خوشبو اور پاکیزگی سے محروم ہے

دل میں یہ بات اچھی طرح بٹھا لیجئے کہ تورات اور انجیل کی بھی انہی باتوں میں خوشبو ہے جو قرآن کے موافق ہیں اور دنیا بھر میں اخلاقیات نفسیات اور اصلاحیات کے موضوع پر جو کچھ بھی لکھا گیا ہے اس میں وہی باتیں انسان کے فائدہ اور بھلائی کی ہیں جو قرآن سے ماخوذ ہیں اور دنیا میں جن لوگوں کو روحانی اور دینی ترقی نصیب

ہوئی تو قرآن پر عمل کی وجہ سے اور جن لوگوں کو دنیاوی ترقی نصیب ہوئی تو قرآن کریم کے ان اصولوں کو اپنانے کی وجہ سے نصیب ہوئی جو اصول اس نے دنیاوی ترقی کے لئے بیان کیے ہیں مثلاً، امانت، دیانت، سچائی، ایفاء عہد، استقامت، محنت اور ایثار و محبت وغیرہ

ناچیز مؤلف کی جذباتی کیفیت کی وجہ سے بات قدرے پھیل گئی ہے اصل چیز جس کی اہمیت دل میں بٹھانا مقصود ہے وہ یہ کہ قرآن کریم بے پناہ دنیاوی اور اخروی فضائل اور فوائد کی حامل ہے لہٰذا ہمیں اس کا بہت زیادہ اہتمام کرنا چاہیے اور کتاب وسنت میں بیان کردہ فضائل اور فوائد ہمیں تبھی حاصل ہو سکتے ہیں جب ہم تلاوت کے آداب کو ملحوظ رکھتے ہوئے تلاوت کریں۔

تو آیئے چند آدابِ تلاوت بھی ذہن نشیں کرلیں

(۳) آدابِ تلاوت

۱۔ ناچیز کی نظر میں تلاوت کا پہلا اور بنیادی ادب کلام اللہ کی عظمت کا استحضار ہے..... تلاوت سے قبل یہ سوچ لیا جائے کہ یہ میرے خالق و مالک اور جہانوں کے بادشاہ کا کلام ہے، یہ وہ کلام ہے جسے اگر پہاڑوں پر اتارا جاتا تو وہ ریزہ ریزہ ہو جاتے، اس کلام کو بادشاہوں کے بادشاہ نے فرشتوں کے سردار کے ذریعے انبیاء کے سردار کے قلب مبارک پر نازل فرمایا..... اور یہی وہ ادب ہے جسے سب سے زیادہ نظر انداز کیا جا رہا ہے خدارا سینے پر ہاتھ رکھ کر بتایئے کہ وہ شخص جو لاپرواہی سے تیزی سے قرآن پڑھتا چلا جاتا ہے یا جسے محض اپنی آواز کا جادو جگانا مقصود ہے یا جو

چند لقموں کی خاطر قرآن خوانیاں کرتا پھرتا ہے کیا واقعی اس کے دل میں کلام اللہ کی عظمت پائی جاتی ہے۔

۲۔ تلاوت کیا ہر عبادت کی قبولیت کے لیے بنیادی شرط اخلاص ہے یعنی تلاوت سے اصل مقصد یہ ہو کہ اللہ پاک کی رضا مجھے حاصل ہو جائے اخلاص کا دل میں نہ ہونا شقاوت اور بدبختی کی علامت ہے، رسالہ قشیریہ میں ہے کہ ابو عثمان حیریؒ نے محمد بن فضلؒ سے سوال کیا کہ شقاوت کی علامت کیا ہے تو انہوں نے فرمایا تین چیزیں ہیں۔

یرزق العلم ویحرم العمل ویرزق العمل ویحرم الاخلاص ویرزق صحبة الصالحین ولا یحترم لهم

ایک یہ کہ کسی کو علم دیا جائے اور عمل سے محروم کر دیا جائے، دوسرے یہ کہ عمل کی توفیق دی جائے مگر اخلاص سے محروم رکھا جائے اور تیسرے یہ کہ صالحین کی صحبت میسّر ہو مگر ان حضرات کا دل سے احترام نہ کیا جائے۔

(تلاوتِ قرآن مولانا شاہ وصی اللہ رحمہ اللہ)

۳۔ اس یقین کے ساتھ تلاوت کی جائے کہ ہدایت، نصیحت، ایمان یقین اور نور سب کچھ اسی سے حاصل ہو سکتا ہے اور قرآن سے ہدایت کے حصول کے لیے ضروری ہے کہ اسے ٹھہر ٹھہر کر اور غور و فکر کے ساتھ پڑھنے کی کوشش کی جائے۔

۴۔ تلاوت سے قبل وضو کر لیا جائے، کپڑے بھی صاف ستھرے پہنے جائیں اور جگہ بھی پاک صاف منتخب کی جائے۔

۵۔ تلاوت کرتے وقت باادب ہو کر بیٹھیں، اور انتہائی توجہ اور یکسوئی

کے ساتھ تلاوت کریں۔ یہ صرف مستحب ہے ورنہ اگر کوئی چلتے پھرتے بے وضو تلاوت کرے تو یہ بھی جائز ہے۔

۶۔ تلاوت سے قبل منہ کو مسواک یا منجن وغیرہ سے صاف کرلیا جائے۔

۷۔ تلاوت سے قبل تعوذ یعنی ''اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم'' پڑھ لیں۔

۸۔ ترتیل وتجوید کے قواعد کا خیال رکھتے ہوئے تلاوت کی جائے۔ سورہ مزمل میں ہے۔

وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا

قرآن کی تلاوت ترتیل کے ساتھ کیا کریں

نبی کریم ﷺ ٹھہر ٹھہر کر تلاوت کیا کرتے تھے، فرفر تلاوت کرنا آپ ﷺ کی عادت ہرگز نہ تھی۔

مذکور بالا آیت اور دوسرے نصوص کی بناء پر اہل علم کہتے ہیں کہ تجوید کی رعایت ضروری ہے اور تجوید کی رعایت نہ رکھنے والا گنہگار ہے۔

۹۔ دوران تلاوت معانی پر غور وفکر کریں کیونکہ قرآن کریم کے نزول کا مقصد یہی ہے سورہ ص میں ہے۔

كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ

ہم نے یہ کتاب آپ پر اس لیے نازل کی ہے کہ لوگ اس کی آیتوں میں غور وفکر کریں

امام غزالیؒ نے احیاء العلوم میں قرأت کے اعتبار سے لوگوں کی تین قسمیں بیان

کی ہیں پہلی قسم کے لوگ وہ ہیں جو محض زبان سے تلاوت کرتے ہیں مگر ان کے دل غافل ہوتے ہیں ان کی تلاوت نا قابل اعتبار ہے مومن کی شان سے یہ بہت بعید ہے کہ وہ ایسی قرأت کرے جس کا دل پر کوئی اثر نہ ہو

دوسری قسم کے لوگ وہ ہیں جو زبان سے قرأت قرآن کرتے ہیں اور ان کا دل حاضر رہتا ہے انہیں شریعت کی اصطلاح میں ''اصحب الیمین'' کہا جاتا ہے۔

تیسری قسم کے لوگ وہ ہیں جن کا دل پہلے متأثر ہوتا اور معانی کی طرف سبقت کرتا ہے پھر زبان، دل کی ترجمانی کرتے ہوئے قرأت کرتی ہے یہ مقربین کا مقام ہے۔

۱۰۔ تلاوت کرتے ہوئے حسب موقع آواز بلند بھی کی جاسکتی ہے اور پست بھی کی جاسکتی ہے۔ بلاضرورت گلا پھاڑ پھاڑ کر پڑھنا ہرگز مناسب نہیں خاص طور پر جبکہ ہمارے بلند آواز سے پڑھنے سے کسی کی نماز میں خلل آتا ہو یا بیماروں وغیرہ کو تکلیف ہوتی ہو، عام حالات میں انفرادی تلاوت میں درمیانی آواز سے پڑھنا زیادہ مناسب ہے۔

۱۱۔ ظاہری طہارت کے ساتھ باطنی طہارت کا اہتمام بھی ضروری ہے۔ حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ''کوئی صوفی قرآن کے برکات حاصل نہیں کرسکتا جب تک کہ اس کا نفس، رذائل اور گندگیوں سے پاک ہو کر فنا نہ ہو جائے، نفس کی فناء سے پہلے بھی قرآن کریم کی قرأت نیک بندوں کے اعمال میں سے ہے مگر نفس کے اثرات اور رذائل دور ہو جانے کے بعد تو قرب الی اللہ کے سارے مراتب تلاوت قرآن ہی سے حاصل ہوتے ہیں (اور ان مراتب کا دروازہ

کھل جاتا ہے)(تفسیر مظہری۔ ج۹/ ۱۸۳)

۱۲۔ اگر وقت اور سہولت ہو تو مصحف کو دیکھ کر تلاوت کیا کریں کیونکہ اس میں استحضار، یکسوئی اور غور و تدبر کا موقع زیادہ ہوتا ہے یوں بھی ایسا کرنے سے دوہرا اجر حاصل ہوتا ہے تلاوت کرنے کا اجر الگ اور مصحف کو چھونے اور دیکھنے کا اجر الگ ملتا ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے گھر میں تشریف لاتے تو قرآن مجید کھول کر اس میں تلاوت کرتے۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی وفات ہوئی تو آپ کا قرآن مجید کثرتِ تلاوت کے سبب بوسیدہ ہو کر پھٹ چکا تھا۔

یہ بات تو صرف ادب اور استحباب کی ہے وگرنہ چلتے پھرتے اور اٹھتے بیٹھتے بھی تلاوت کی جا سکتی ہے۔

۱۳۔قرآن کریم کی تلاوت کرتے ہوئے اس کی تعلیمات کے آئینہ میں اپنی شکل دیکھنے کی بھی کوشش کیجئے اور اگر یہ آئینہ آپ کو جھوٹ، خیانت، بخل، بزدلی، حبِ دنیا، تکبر، حرص و ہوس، فحاشی و بدکاری اور جور و جفا جیسے داغ دھبے دکھائے تو خود اسی آئینہ سے ان کا علاج دریافت کر کے انہیں دور کرنے کی کوشش کیجئے کیونکہ قرآن کریم دنیا کا سب سے سچا آئینہ بھی ہے اور بے مثال حکیم اور طبیب بھی .... خدارا اس آئینہ پر اپنی غفلت اور جہالت کا پردہ ڈالنے کی کوشش ہرگز نہ کیجئے۔

۱۴۔کوشش کیجئے کہ قرآن کریم خوبصورت آواز میں پڑھا جائے، ابن حبان کی روایت ہے۔

زینوا القرآن باصواتکم

اپنی آوازوں سے قرآن کو مزین کرو

یعنی اس انداز سے قرآن پڑھا جائے کہ سننے والوں کو اچھا لگے اور ان کے دل متاثر ہوں جیسا کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا قرآن کریم کو اچھی آواز سے پڑھنے والا وہ ہے کہ جب اسے پڑھتے ہوئے سنو تو یہ سمجھو کہ اس پر اللہ کا خوف طاری ہے۔

اچھی آواز سے پڑھنے کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ بہت تکلف کیا جائے جبکہ دل میں نہ عظمت کا احساس ہو اور نہ اس کی تعلیمات کا کوئی اثر ہو۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بعض منافق قرآن کریم بہت زیادہ پڑھتے ہیں کسی الف یا واؤ کو نہیں چھوڑتے، زبان کو منہ میں ایسے پھراتے ہیں جیسے گائے اپنے منہ میں زبان گھماتی ہے مگر وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں اترتا۔

۱۵۔ تلاوت کے دوران مختلف مضامین کے اعتبار سے مختلف اثر لینے کی کوشش کیجئے، جنت اور بشارت کی آیات پر چہرے پر خوشی کے اثرات ہوں اور جہنم اور عذاب و وعید کی آیات پر آنکھوں سے آنسو بہہ پڑیں یا کم از کم غم کی کیفیت تو ضرور ہی طاری ہو جائے، قرآن کریم میں ہے

"جب اہل ایمان کے سامنے تلاوت کی جاتی ہے تو سجدے میں گر کر روتے اور عاجزی ظاہر کرتے ہیں"

۱۶۔ عربی زبان بڑی نازک زبان ہے اور قرآن میں اس کی نزاکت اور بھی بڑھ جاتی ہے لہٰذا تلاوت کے دوران صرف زبر زیر اور غنہ مدہی نہیں علاماتِ وقوف کی بھی

خوب رعایت کریں۔ کیونکہ اگر کوئی عمداً وقوف کی رعایت نہ کرے تو اس کی تلاوت ثواب کے بجائے عذاب کا ذریعہ بن سکتی ہے اور ایسا شخص ایمان سے کفر کے درجہ تک بھی پہنچ سکتا ہے جیسے آیت کریمہ

فَبُهِتَ الَّذِیْ كَفَرَ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ (البقرہ)

میں اگر کوئی "واللہ" پر جان بوجھ کر وقف کرے تو اس کے کفر میں شبہ ہی کیا باقی رہ جاتا ہے۔

۱۷۔ تلاوت ایک ایسی عبادت ہے جو دن اور رات کے اوقات میں سے کسی وقت بھی کی جاسکتی ہے لیکن نمازوں میں اور بالخصوص تہجد کی نماز میں اس کی تلاوت زیادہ موجب اجر وثواب ہے۔

۱۸۔ ختم قرآن کے سلسلہ میں اسلاف کے معمولات مختلف ہیں بعض ایک دن میں بعض تین دن میں اور بعض ایک دن میں کئی بار ختم کر لیتے تھے لیکن بہتر یہ ہے کہ سات روز میں قرآن ختم کیا جائے کیونکہ آنحضرت ﷺ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو ہر ساتویں روز ختم کرنے کو فرمایا تھا علاوہ ازیں حضرت عثمان، زید بن ثابت، عبداللہ بن مسعود اور ابی بن کعب رضی اللہ عنھم جیسے جلیل القدر صحابہ کا معمول ہر جمعہ کو ختم کرنے کا تھا، یہ حضرات ہر روز ایک منزل پڑھ لیتے تھے یوں سات دنوں میں قرآن ختم ہو جاتا تھا (احیاء العلوم۔ ج ۱/۱۶)

۱۹۔ بہتر یہ ہے کہ نماز میں قرآن ختم کیا جائے اور اس دن روزہ بھی رکھ لیا جائے تو بہتر ہے، ختم کرنے کے ساتھ سورہ بقرہ شروع کر کے وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ تک پڑھنا مستحب ہے۔

۲۰۔ختم قرآن کے آداب میں سے یہ بھی ہے کہ دوسروں کو بھی بلا کر اجتماعی دعا کی جائے کیونکہ قبولیت دعا کے اوقات میں سے ایک وقت ختم قرآن کا بھی ہے۔

مسند دارمی میں حضرت حمید الاعرج سے روایت ہے

من قرأ القرآن ثم دعا امن علی دعائه اربعة آلاف ملک

جو شخص قرآن پڑھنے کے بعد دعا کرتا ہے تو چار ہزار فرشتے اس کی دعا پر آمین کہتے ہیں

آدابِ تلاوت کے بعد ثمراتِ تلاوت بھی ملاحظہ فرمالیجئے تاکہ تلاوت کا شوق دل میں پیدا ہو اور دوسروں کو بھی آپ ان ثمرات کے حصول کا طریقہ بتا سکیں۔ یہ فوائد وثمرات اس ناچیز نے نبی کریم ﷺ کے ارشادات، عشاقِ قرآن کے حالات اور مختلف کتابوں کے مطالعہ سے اخذ کیے ہیں۔

(۴) فوائد وثمرات

۱۔جس کا کلام اللہ سے سچا تعلق قائم ہو جاتا ہے اسے پھر کسی دوسرے کام اور کلام میں مزہ نہیں آتا اس کی زبان تلاوت کیلئے اور اس کا دل ودماغ اس کے معانی میں غور وتدبر کے لئے وقف ہو جاتا ہے گویا

؎ اسے چھٹی نہ ملی جسے سبق یاد ہوا

قرآن کریم کے عاشقوں میں ایسے خوش قسمت حضرات بھی تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی میں سترہ ہزار سے ساٹھ ہزار دفعہ تک قرآن مجید ختم کیا۔

رات کو بستر پر لیٹتے تو ایک آیت کے اسرار ودقائق میں غور وفکر کرتے ہوئے

پوری رات گزار دیتے۔

۲۔قرآن کے قاری کا شمار ایسے لوگوں میں ہوتا ہے جو اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت بڑے اور خواص شمار ہوتے ہیں۔

۳۔تلاوت قرآن سے دل روشن ہو جاتا ہے اور قیامت کی ظلمتوں اور شدائد اور مصائب سے اللہ تعالیٰ بچالیتا ہے۔

۴۔قرآن کریم کے خادموں کی عمریں طویل ہوئی ہیں پھر کمال یہ کہ وہ زندگی کے آخری لمحات تک خدمت قرآن میں مصروف رہتے ہیں.....ان میں آپ کو سو سال کی عمر میں درس وتدریس کرنے والے بھی ملیں گے۔

۵۔عمر کا وہ دور جسے قرآن کریم میں اَرذَل العمر کہا گیا ہے اور جس سے حدیث میں اللہ کے نبی ﷺ نے پناہ مانگی ہے یعنی وہ دور جب انسان ہوش وحواس اور عقل وخرد کھو بیٹھتا ہے اور بچوں جیسی حرکتیں کرنے لگتا ہے، اس دور سے اللہ تعالیٰ اپنی کتاب مقدس کے سچے خادموں کو بچالیتا ہے اور وہ آخر وقت تک ہشاش بشاش رہتے ہیں۔

۶۔قرآن کریم کی تلاوت سے ہر حرف پر دس نیکیاں ملتی ہیں۔اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ صرف ''الـــم'' کہنے سے نوے نیکیاں مل جاتی ہیں۔اس لئے کہ اسکا ہر حرف حقیقت میں تین حروف سے مرکب ہے۔

یہ بات ذہن میں رکھیے کہ اللہ تعالیٰ حساب کتاب کا پابند نہیں اگر اخلاص زیادہ ہو تو وہ ایک حرف پر ہزاروں نیکیاں دینے پر بھی قادر ہے۔اور اگر اخلاص نہ ہو تو پورا قرآن پڑھ جانے پر بھی کچھ حاصل نہیں ہوگا۔

۷۔قرآن شریف پڑھنے والے پر رحمت کا سائبان تن جاتا ہے۔اسے فرشتے چاروں طرف سے گھیر لیتے ہیں اور اس پر سکینہ نازل ہونے لگتا ہے۔اور اللہ تعالیٰ فرشتوں کے سامنے اس کا تذکرہ فرماتے ہیں۔

۸۔جولوگ زندگی بھر اخلاص کے ساتھ قرآن کریم پڑھتے پڑھاتے رہتے ہیں نزع کی حالت میں ان کی زبانوں پر قرآنی آیات جاری ہو جاتی ہیں۔

۹۔سچے حاملان قرآن کی زبان میٹھی ہوتی ہے۔مذاق پاکیزہ ہوتا ہے،جذبات اعلیٰ ہوتے ہیں،اخلاق نورانی ہوتے ہیں اسی لئے اللہ کے نیک بندے انہیں اچھا ہمنشین سمجھ کران کی صحبت اور مجلس کو غنیمت جانتے ہیں۔

۱۰۔تزکیہ وتصوف کی ساری بنیاد اس پر ہے کہ سالک کے دل سے عجب اور خواہش نفسانی کو نکال دیا جائے اور مجاہدات سے اس کے دل میں یقین پیدا کر دیا جائے۔صوفیاء کا دعویٰ ہے کہ یہ تینوں باتیں قرآن کریم کی تلاوت،حفظ اور اسکے معانی میں غور وفکر سے حاصل ہو سکتی ہیں۔وصول حق کیلئے اس سے زیادہ مختصر اور یقینی راہ نہیں ہو سکتی۔

حضرت نظام الدین سلطان المشائخ رحمۃ اللہ علیہ سے مولنا فخر الدین رحمۃ اللہ علیہ نے سوال کیا کہ کلام اللہ میں مشغولی بہتر ہے یا ذکر میں،تو آپ نے ارشاد فرمایا''ذکر سے وصول جلد ہوتا ہے مگر ساتھ ہی خوف زوال بھی لگا رہتا ہے،تلاوت میں وصول دیر سے ہوتا ہے مگر زوال کا خوف نہیں ہے''

۱۱۔خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ قرآن مجید کی تلاوت کرنے سے چار چیزیں ملتی ہیں۔

(الف) اس کے نامہ اعمال میں دو ثواب لکھے جاتے ہیں۔

(ب) دس برائیاں دور ہوتی ہیں۔

(ج) آنکھ کی روشنی زیادہ ہوتی ہے۔

(د) وہ آنکھ کبھی دنیا کی مصیبت میں مبتلا نہیں ہوتی۔

۱۲۔ قاریٔ قرآن قبر اور حشر میں گھبراہٹ سے محفوظ رہے گا اس لئے کہ ہر جگہ اسکی سفارش کرنے کیلئے قرآن کریم موجود ہوگا ___ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ روزہ اور قرآن قیامت کے دن بندے کی سفارش کریں گے اور انکی سفارش قبول کی جائے گی۔ (مسند احمد۔ الترغیب والترہیب)

۱۳۔ قاری قرآن کے والدین کے ساتھ قیامت کے دن رحمت واکرام کا خصوصی معاملہ کیا جائے گا۔ انہیں ایسے جوڑے پہنائے جائیں گے جو انہیں دوسرے جنتیوں سے ممتاز کردیں گے (مسند احمد)

۱۴۔ قرآن کریم کا سچا خادم جب حشر کے دن اللہ کے حضور پیش ہوگا تو خود اللہ کا کلام اللہ کے حضور درخواست کرے گا کہ اس کے ساتھ اکرام کا معاملہ کیا جائے۔ چنانچہ اسے پہلے کرامت کا تاج اور پھر کرامت کا جوڑا پہنایا جائے گا۔ پھر قرآن بارگاہ الٰہی میں عرض کرے گا اے اللہ تو اس سے راضی ہو جا تو اللہ اسے اپنی رضا کا ابدی پروانہ عطا فرمادے گا۔ (ترمذی)

۱۵۔ قرآن کریم کے باعمل حافظ کو قیامت کے دن اپنے بلند مرتبے کے انتخاب کا یوں اختیار دیا جائے گا کہ قرآن پڑھتے جاؤ اور درجات عالیہ پر چڑھتے جاؤ جہاں تم

آخری آیت پڑھو گے وہیں تمہارا مقام ہوگا (ترمذی، مسند احمد)

۱۶۔اللہ تعالیٰ کے ہاں قاری قرآن کے مقام اور مرتبہ کو دیکھ کر بڑے بڑے صلحاء یہ آرزو کریں گے کہ کاش انہوں نے اپنی زندگی قرآن کریم کی خدمت وتلاوت اور تعلیم وتعلم میں گزاری ہوتی۔

۱۷۔قرآن کریم میں مشغول رہنے والوں کیلئے فرشتے رحمت اور مغفرت کی دعائیں کرتے ہیں۔

۱۸۔قرآن کریم سے تعلق قائم کرنے والا ایک مضبوط حلقہ (عروہ وثقی) تھام لیتا ہے جو حیا ومیتا کبھی بھی ٹوٹتا نہیں ہے۔

۱۹۔اخلاص نیت کے ساتھ قرآن کریم کے پڑھنے پڑھانے والے اللہ تعالیٰ کے مقرب خواص اور اہل میں سے ہیں۔

حضرت اُنس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ لوگوں میں سے کچھ اللہ کے اہل ہیں۔سوال کیا گیا اے اللہ کے رسول وہ کون ہیں؟ تو آپ نے ارشاد فرمایا

"اهل القرآن هم اهل الله وخاصته"

(اہل قرآن اللہ تعالیٰ کے اہل اور خواص ہیں)

۲۰۔قرآن کریم کے مخلص خادموں کو اللہ پاک دنیا ہی میں ایسی عزت اور عظمت عطا فرمادیتا ہے جو اصحاب ثروت واقتدار کیلئے قابل رشک ہوتی ہے۔بڑے بڑے اہل علم اور اصحاب جاہ ومرتبت ان کے ہاتھوں کو چومنا اور قدموں کو چھونا باعث سعادت سمجھتے ہیں۔

۲۱۔خدام قرآن کے دلوں کو اللہ تعالیٰ غنا اور توکل سے بھر دیتا ہے وہ دنیاداروں کی ظاہری شان وشوکت اور مال ودولت کو خس وخاشاک سے زیادہ اہمیت نہیں دیتے اور اگر آپ کو اس کے برعکس یوں نظر آئے کہ قرآن کریم کا حافظ اور عالم دنیا اور اہل دنیا کو رشک کی نظر سے دیکھتا ہے تو جان لو کہ اس کے دل میں قرآن کی عظمت نہیں بیٹھی۔اور اس نے اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت کی قدر نہیں کی۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ جسے قرآن کریم جیسی نعمت عطا کی جائے اور وہ یہ سمجھے کہ دنیا میں مجھ سے زیادہ افضل چیز بھی کسی کے پاس ہے تو اس نے بڑی چیز کو چھوٹا سمجھا اور چھوٹی چیز کو بڑا سمجھا۔(فَقَدْ صَغَّرَ عَظِيْمًا وعَظَّمَ صَغِيْرًا)

۲۲۔قرآن کا شغل رکھنے والے کو اللہ تعالیٰ کے ہاں ذاکرین اور قائمین میں لکھ دیا جاتا ہے اور قرآن کریم میں مشغولی کی وجہ سے جو اذکار اور وظائف وہ نہ کر سکے انکا اجر وثواب اسے یونہی عطا کر دیا جاتا ہے۔

۲۳۔قرآن کریم پڑھنے والوں کے حق میں قیامت کے دن خود رسول ﷺ گواہی دیں گے۔

۲۴۔قیامت کے دن قرآن کریم کے ماہر کو مکرم اور محترم (الکرام البررة) فرشتوں کے ساتھ اٹھایا جائے گا (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

۲۵۔جہاں قرآن پڑھا جائے وہاں سے شیاطین بھاگ جاتے ہیں۔

۲۶۔جو لوگ قرآن کریم کو اپنا امام بنائیں گے انہیں قرآن سیدھا جنت میں لے جائے گا اور جو قرآن کو پس پشت ڈال دیں گے انہیں قرآن دوزخ کی طرف دھکیل دے گا (الترغیب والترھیب)

۲۷۔قرآن پڑھنے والے کی بہت بڑی سعادت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ خوب متوجہ ہوکر اسکی تلاوت وقراءت سنتا ہے۔اور کسی انسان کی اس سے بڑی خوش نصیبی کیا ہوسکتی ہے کہ احکم الحاکمین اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔

۲۸۔دنیا والے اگر چہ قرآن والوں کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہوں لیکن اللہ تعالیٰ کی نظر میں سب سے بہتر وہی لوگ ہیں جو محض اسی کی رضا کیلئے قرآن سیکھتے اور سکھاتے ہیں (صحیح بخاری)

۲۹۔غور وفکر کے ساتھ قرآن پڑھنے والوں کی عقل روشن ہوجاتی ہے ان کے دل حکمت سے بھر جاتے ہیں اور ان سے علم کے چشمے پھوٹتے ہیں۔

قرآن کریم کی خالی تلاوت بھی یقیناً فائدہ سے خالی نہیں لیکن ایمانی کیفیات اور علم وحکمت انہی لوگوں کو نصیب ہوتا ہے جو معانی پر نظر رکھتے ہوئے قرآن کی تلاوت کرتے ہیں اسی لئے بہت سے علماء فرماتے ہیں کہ فکر وتدبر کے ساتھ تھوڑی سی تلاوت ہمیں اس کثیر تلاوت سے زیادہ محبوب ہے جو بغیر غور وفکر کے ہو۔

۳۰۔قرآن کریم کے قاری اور عالم کو نبوت کی روشنی حاصل ہوجاتی ہے۔لیکن ظاہر ہے کہ اسکی طرف وحی نہیں ہوتی اس لئے وہ نبی نہیں کہلا سکتا۔

۳۱۔قرآن کریم کی برکت سے دل ہی نہیں، گھر بھی آباد ہوجاتے ہیں اور رب تعالیٰ کی طرف سے خیر وبرکت کی ہوائیں چلنے لگتی ہیں۔

۳۲۔حامل قرآن غیظ وغضب کے باوجود فحش گوئی سے مجتنب رہتا ہے..... بعض مشائخ فرماتے ہیں کہ اگر صاحب قرآن کو گالی گلوچ کرتا ہوا دیکھو تو سمجھ لو کہ اسے قرآن کا نور حاصل نہیں ہوا۔

۳۳۔قرآن کریم میں ڈوب جانے والوں کے خیالات، جذبات، احساسات، اخلاق اور کردار و عمل سب کچھ بدل جاتا ہے، ان کے سوچنے سمجھنے، دیکھنے اور سننے کے انداز میں انقلاب برپا ہو جاتا ہے۔

۳۴۔قرآن کریم کی مسلسل تلاوت سے دل میں خشوع پیدا ہو جاتا ہے۔نفس کا تزکیہ ہو جاتا ہے، آنکھیں برسنے لگتی ہیں.....ایسے لوگ جب تلاوت قرآن کے وقت روتے ہیں تو دیکھنے والوں کو ترس بھی آتا ہے اور تعجب بھی ہوتا ہے۔

۳۵۔قرآن کے سچے خادموں کی دعائیں قبول ہوتی ہیں۔وہ جب صاحب قرآن سے قرآن کا واسطہ دے کر دعا کرتے ہیں تو ان پر اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کی بارش برسنے لگتی ہے۔

۳۶۔اہل قرآن کا تذکرہ اللہ تعالیٰ فرشتوں کے سامنے ازراہِ کرم فرماتے ہیں.....اور اس سے بڑی فضیلت اور شرف کسی کو کیا حاصل ہو سکتا ہے.....؟

۳۷۔جیسے دنیاداروں کو زخارف دنیا سے تمول حاصل ہوتا ہے اسی طرح اہل قرآن کو قرآن سے غنا حاصل ہوتا ہے اور جوں جوں انہیں معارف قرآنیہ سے شناسائی حاصل ہوتی جاتی ہے توں توں ان کے غنا میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔اگر کوئی کم فہم انسان دولت قرآن کے حصول کے باوجود اپنے آپ کو فقیر سمجھتا ہے تو پھر اس کے فقر کا علاج دنیا بھر کے خزانے بھی نہیں کر سکتے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، نبی اکرم ﷺ نے فرمایا" جسے اللہ تعالیٰ نے اسلام کی ہدایت دی اور اسے قرآن سکھایا پھر وہ فقر و فاقہ کا شکوہ کرتا ہو تو اللہ تعالیٰ اسکی آنکھوں کے درمیان قیامت تک کے لئے فقر لکھ دے گا پھر آپ نے آیت پڑھی

"قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ"

۳۸۔عشاق قرآن کے حالات پڑھنے سے قرآن شریف کی عظمت کھلتی ہے اور واقعی یقین آجاتا ہے کہ دنیا میں قرآن سے بڑی نعمت کوئی نہیں۔کہا جاتا ہے کہ خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے۔اگر یہ سچ ہے تو یہ بھی سچ ہے کہ انسان کو دیکھ کر انسان بنتا ہے۔اور سب سے اعلیٰ انسان وہی ہیں جنہوں نے اپنی زندگیاں قرآن میں کھپا دیں۔انکا اوڑھنا بچھونا، چلنا پھرنا، سونا جاگنا سب قرآن تھا۔صاحب قرآن نے انہیں خدمت قرآن کیلئے ایسا قبول فرمایا کہ سوائے قرآن کے ان کے دل سے ہر خیال نکل گیا۔

قرآن تو خیر معجزہ ہے ہی خود عشاق قرآن کا قرآن میں استغراق اور ان کا کردار بھی زندہ معجزہ ہوتا ہے اور اس معجزہ کو دیکھنے والے متاثر ہوئے بغیر رہ ہی نہیں سکتے.....باعمل قاریوں، حافظوں اور عالموں کی زندگیوں اور حالات کے مطالعہ نے نمعلوم کتنوں کی زندگیون کا رخ بدل ڈالا اور کتنوں کو حافظِ قرآن بنادیا۔

حقیقت یہ ہے کہ انسان قول سے زیادہ عمل سے اور گفتار سے زیادہ کردار سے متاثر ہوتا ہے (اور اس کتاب کی تالیف کا بھی ایک بڑا مقصد یہی ہے کہ قارئین قرآن کے واقعات پڑھ کر خود بھی عاشق قرآن بن جائیں)

(۳۹) قرآن کریم میں مشغول ہونے والوں کی زندگی میں ایک خاص قسم کا نظم وضبط پیدا ہوجاتا ہے انہیں لایعنی باتوں، فضول کاموں، غیبتوں، چغلیوں، بے فائدہ جھگڑوں، مباحثوں اور گپ شپ سے نفرت ہوجاتی ہے۔قرآنی مشغولیت

انہیں وقت کا قدر دان اور نظم وضبط کا عادی بنا دیتی ہے۔ جس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ وہ چوبیس گھنٹے کی زندگی میں عام لوگوں سے زیادہ امور سرانجام دیتے ہیں۔

(۴۰) وہ مخلوقِ خدا کی خدمت اور نفع رسانی میں پیش پیش رہتے ہیں سب سے بڑا جذبہ ان کے دل میں یہ پیدا ہو جاتا ہے کہ قرآن کریم کی جو محبت وعظمت اللہ پاک نے ہمارے دل میں بٹھائی ہے وہ دوسروں کے دل میں بھی بیٹھ جائے چنانچہ یہ لوگ زندگی کی آخری سانس تک اسی تگ ودو میں لگے رہتے ہیں۔

(۴۱) نفسِ انسانی کے لیے حصول کمال کے چار مرتبے ہیں۔

☆ تہذیب ظاہر یعنی اعمالِ بد سے بچنا ☆ تہذیب باطن یعنی اخلاقِ ذمیمہ اور عقائدِ فاسدہ سے اجتناب کرنا

☆ عقائدِ حقہ اور اخلاقِ فاضلہ سے آراستہ ہونا ☆ ظاہر اور باطن کا انوارِ الٰہی سے جگمگا اٹھنا

سورہ یونس کی آیت نمبر ۵۷ میں قرآن کریم کی چار صفات بیان ہوئی ہیں۔ موعظۃ، شفاء، ھدی اور رحمۃ..... ان میں سے موعظہ سے پہلے، شفا سے دوسرے، ھدی سے تیسرے اور رحمۃ سے چوتھے مرتبہ کی طرف اشارہ ہے۔ اگر آپ عشاقِ قرآن کی زندگیوں کا مطالعہ کریں تو آپ کو ان چاروں مراتب کی جھلک دکھائی دے گی اور یہ چاروں مراتب انہیں تعلق بالقرآن ہی سے حاصل ہوئے۔

(۴۲) اخلاصِ نیت سے خدمتِ قرآن کا صلہ بسا اوقات یوں ملتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ایسے انسان کی اولاد کو بھی خدمتِ قرآن کے لئے قبول فرمالیتا ہے اور اس کی اولاد کی شرور وفتن سے حفاظت کی جاتی ہے۔

شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کے دادا شاہ وجیہ الدین نوراللہ مرقدہ قرآن کریم سے خصوصی شغف رکھتے تھے انہیں شہادت بھی تلاوت کے دوران نصیب ہوئی، اللہ پاک کو ان کا اپنے کلام کے ساتھ عشق اور لگاؤ پسند آ گیا اور اس نے کئی نسلوں تک ان کے خاندان کو خدمتِ قرآن کے لیے قبول فرمالیا۔ ان کے بیٹے شاہ عبدالرحیم، پوتے شاہ ولی اللہ اور چاروں پڑپوتے یعنی شاہ عبدالعزیز، شاہ عبدالقادر، شاہ رفیع الدین اور شاہ عبدالغنی رحمہم اللہ زندگی بھر قرآن ہی کی خدمت کرتے رہے۔

حضرت خضر اور موسیٰ علیہما السلام نے جن یتیم بچوں کے مال و دولت کی حفاظت کے لیے دیوار تعمیر کی تھی، کہا جاتا ہے کہ انکی ساتویں پشت میں اللہ کا کوئی نیک بندہ گذرا تھا جس کا اثر کئی نسلوں تک باقی رہا۔

(۴۳) تلاوت قرآن میں دل لگنے سے ذوق و نظر کو جلا ملتی ہے اور ایسے شخص کا دل غیر علمی اور غیر اصلاحی لٹریچر میں نہیں لگتا ..... جو احباب ناولوں، افسانوں، بازاری ڈائجسٹوں اور جھوٹے قصوں کہانیوں کے شوقین ہیں وہ اپنا دل اللہ تعالیٰ کی کتاب میں لگا کر تو دیکھیں۔

(۴۴) کثرتِ تلاوت سے حافظہ قوی ہو جاتا ہے، نسیان کے مریضوں کو یہ نسخہ ضرور استعمال کرنا چاہیے۔

(۴۵) تلاوت سے رزق میں برکت آتی ہے (آنحضرت ﷺ نے فرمایا "جو شخص ہر شب سورہ واقعہ پڑھے اسے کبھی فاقہ کی نوبت نہ آئے گی)۔

(۴۶) ذکر آخرت سے غفلت دور ہوتی ہے (آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو شخص ایک رات میں دس آیات پڑھ لے وہ غافلوں میں نہ لکھا جائے گا)

(۴۷) دن کے سارے کام چلتے ہیں (آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو دن کے شروع میں سورہ یٰسین پڑھ لے اس کی سب حاجات پوری ہوں گی)

(۴۹) بیماروں کو شفا ملتی ہے (آپ ﷺ نے فرمایا فاتحہ ہر بیماری سے شفا ہے)

(۵۰) مخلصانہ تلاوت سے ایک اہم فائدہ یہ حاصل ہوتا ہے کہ تلاوت سے مزید تلاوت کی توفیق ملتی ہے۔

(۵) قرآنِ کریم کی خصوصیات

آپ اس کتاب میں قرآن کریم کے عاشقوں کے عشق ومحبت کے انداز ان کی ذہنی کیفیات اور ان کے رونے دھونے کے واقعات کا تو مطالعہ کریں گے مجھے مناسب لگتا ہے کہ ان کے واقعات سے قبل میں ان کے ''معشوق'' کی کچھ ایسی خصوصیات اور امتیازات آپ کے سامنے بیان کردوں جو اسے دنیا بھر کے لٹریچر اور آسمانی کتابوں سے ممتاز کرتی ہیں، ان خصوصیات کے مطالعہ سے آپ کے لیے یہ سمجھنا بھی آسان ہوجائے گا کہ ... گر عشق تھا تو وجہِ عشق بھی تھی۔ انسانی تصنیفات سے امتیاز کے لیے تو یہی ایک بات کافی ہے کہ قرآن الہامی کتاب ہے اور یہ تصنیفات غیرالہامی ہیں لیکن جو الہامی کتابیں ہیں ان کا دامن بھی ان اوصاف وکمالات سے خالی ہے جو قرآن کے مبارک چہرے کا مقدس غازہ ہیں۔

ان خصوصیات کے مطالعہ کے بعد ہر انصاف پسند انسان اس اعتراف پر مجبور ہوجاتا ہے کہ اب اگر دنیا کی کسی کتاب سے عشق کیا جاسکتا ہے تو وہ صرف قرآن ہے... قرآن سے عشق دل میں اللہ کا عشق، انسانیت کا عشق اور اخلاق عالیہ کا عشق

پیدا کرتا ہے..... کوئی قرآن سے عشق کر کے تو دیکھے..... قرآن کریم کی خصوصیات بیان کرنے کا مقصد دوسری کتابوں کی تکذیب نہیں ہے..... الحمدللہ! مسلمان ساری آسمانی کتابوں اور ان کے لانے والوں پر ایمان رکھتے ہیں نہ وہ مرسلین کی توہین کرتے ہیں نہ مرسلات (کتابوں) کی تنقیص کرتے ہیں مگر وہ دوسری کتابوں پر ایمان رکھنے کے ساتھ ساتھ یہ مبنی برحقیقت اعلان بھی کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم کو چند ایسی خصوصیات عطا کی ہیں جو دوسری آسمانی کتابوں کو حاصل نہ تھیں۔

۱۔ قرآن آنحضرت ﷺ پر تدریجاً نازل ہوا جبکہ باقی کتابیں دفعۃً واحدۃً نازل ہوئیں۔

۲۔ قرآن کریم دین و دنیا، سیاست و معاشرت، تجارت و حکومت، نکاح و طلاق، صلح و جنگ اور اخلاق و معاملات ہر قسم کے مضامین کا جامع ہے یہ جامعیت کسی دوسری آسمانی کتاب کو حاصل نہیں۔

۳۔ قرآن کی ایک اپنی سرکاری زبان ہے یہ کسی دوسری زبان کا لباس نہیں پہن سکتا..... کسی بھی زبان میں کیے گئے ترجمہ کو قرآن نہیں کہا جا سکتا۔

۴۔ قرآن واحد الہامی کتاب ہے جس کی زبان زندہ ہے جبکہ تورات کی زبان عبرانی، انجیل کی زبان آرامی، اوستا کی زبان پارسی، زبور کی زبان سریانی اور ویدوں کی زبان سنسکرت دنیا میں کہیں بھی نہیں بولی جا رہی۔

۵۔ قرآن ہی وہ واحد کتاب ہے جو دنیا کے ہر ملک میں اپنی اصلی زبان میں پڑھی جا رہی ہے، باقی کتابوں کو صرف چند خواص ہی اصلی زبان میں پڑھ سکتے ہیں

عوام میں سے کوئی بھی نہیں پڑھ سکتا، ان کی درسگاہوں میں بھی صرف تراجم پڑھائے جاتے ہیں، اصلی زبان میں کوئی کتاب نہیں پڑھائی جاتی۔

۶۔ قرآن واحد الہامی کتاب ہے جو ایک کتاب کہلا سکتی ہے جبکہ تورات بیسیوں صحیفوں اور انجیل کم از کم چار انجیلوں کا مجموعہ ہے۔

۷۔ قرآن واحد الہامی کتاب ہے جو لاکھوں انسانوں کو زبانی یاد ہے جبکہ دنیا بھر میں تورات، انجیل، زبور، گرنتھ صاحب اور ویدوں کا کوئی حافظ نہیں ملتا۔

۸۔ قرآن ایسی کتاب ہے جو دنیا میں سب سے زیادہ پڑھی جاتی ہے..... بحمداللہ یہودیت اور عیسائیت کے مراکز میں بھی ان کی کتابوں سے زیادہ قرآن پڑھا جاتا ہے۔

۹۔ قرآن واحد الہامی کتاب ہے جس میں کوئی ایک جملہ بھی انسانی کلام کا نہیں جبکہ دوسری کتابوں میں صفحات کے صفحات انسانی کلام پر مشتمل ہیں۔

۱۰۔ قرآن واحد الہامی کتاب ہے جو حضرت محمد ﷺ سے متواتر منقول ہے، آپ ﷺ سے سینکڑوں لوگوں نے پڑھا اور سنا، پھر صحابہ سے لاکھوں تابعین نے اور تابعین سے لاکھوں تبع تابعین نے پڑھا اور سنا اور یہ سلسلہ آج تک چلا آ رہا ہے اور انشاء اللہ قیامت تک چلتا رہے گا۔

۱۱۔ قرآن واحد آسمانی کتاب ہے جس کی نظیر لانے سے عرب وعجم عاجز ہیں نہ کل اس کی کوئی نظیر پیش کر سکا نہ قیامت تک اس کی کوئی نظیر پیش کر سکتا ہے۔

۱۲۔ قرآن واحد الہامی کتاب ہے جس نے بہت مختصر وقت میں انسانوں میں انقلاب برپا کر دیا اور انقلاب بھی کسی ایک جہت سے نہیں بلکہ نظریاتی، اخلاقی،

معاشرتی اور عملی ہر پہلو سے ان میں انقلاب آ گیا..... تاریخ انسانی میں اس قسم کے ہمہ جہتی انقلاب کی کوئی دوسری مثال پیش نہیں کی جا سکتی۔

۱۳۔ قرآن واحد الہامی کتاب ہے جس کے عجائبات، اسرار اور دقائق کبھی ختم نہیں ہو سکتے..... بے شمار تفاسیر اس دعویٰ کا واضح ثبوت ہیں۔

۱۴۔ قرآن واحد آسمانی کتاب ہے جو بحث و تحقیق کے جدید سے جدید تر معیار پر پورا اترتی ہے، تورات اور انجیل خود عیسائیوں کے قائم کردہ بحث و تحقیق کے معیارات پر پورا نہیں اتر سکتیں۔

۱۵۔ قرآن واحد آسمانی کتاب ہے جس کے دنیا بھر میں پائے جانے والے نسخوں میں کوئی تضاد اور اختلاف نہیں ہے، دوسری آسمانی کتابوں کے نسخہ جات میں اختلافات اور تضادات کی بھرمار ہے۔

جرمنی کے عیسائی پادریوں نے پوری دنیا سے صرف یونانی زبان میں لکھے گئے انجیل کے نسخوں کو جمع کر کے ان کا آپس میں مقابلہ کرنے کے بعد ان الفاظ میں اعتراف کیا کہ ''کوئی دو لاکھ اختلافی روایات ملتی ہیں'' اس کے بعد انہوں نے پوری دنیا سے قرآن کریم کے بیالیس ہزار نسخے جمع کیے اور ان کی تین نسلوں نے کئی سال تک ان کے باہمی تقابل کے بعد اعتراف کیا کہ ''ان نسخوں میں کہیں کہیں کتابت کی غلطیاں تو ملتی ہیں لیکن اختلاف روایت ایک بھی نہیں''

(خطبات بہاولپور/ص ۱۹/ ڈاکٹر حمید اللہ پیرس)

۱۶۔ قرآن واحد الہامی کتاب ہے جس نے پہلی کتابوں کو منسوخ کر دیا اب اگر کسی کو ہدایت مل سکتی ہے تو قرآن اور صاحب قرآن کی اتباع ہی سے مل سکتی ہے۔

ایک دفعہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تورات کا مطالعہ کر رہے تھے، حضور ﷺ نے دیکھا تو سخت ناراض ہوئے اور فرمایا:

لو کان موسی حیا ماوسعه الا اتباعی (مشکوٰۃ/ص ۳۰)

''اگر موسیٰ بھی (اس دنیا میں) زندہ ہوتے تو انہیں میری پیروی سے چارہ نہ تھا''

۱۷۔ قرآن واحد آسمانی کتاب ہے جس نے اپنا پورا تعارف خود کرادیا ہے..... بھیجنے والا کون ہے؟ کس پر نازل ہوئی؟ کس زبان میں ہے؟ کن کے لیے نازل کی گئی؟ کیوں نازل کی گئی؟ کب نازل ہوئی؟ اس کی خصوصیات اور اوصاف کیا ہیں؟

کسی دوسری آسمانی کتاب نے اتنی تفصیل سے اپنا تعارف نہیں کرایا۔

۱۸۔ قرآن واحد الہامی کتاب ہے جس کی تعریف کفار، مشرکین اور معاندین نے بھی کی ہے..... **الفضل ماشهدت به الاعداء**. (اس کتاب کے آخر میں ایسی بہت ساری شہادتیں ذکر کی گئی ہیں)

۱۔ قرآن واحد آسمانی کتاب ہے جو علمی تحقیق اور تاریخ کے دور سے تعلق رکھتی ہے..... تورات اور انجیل جس وقت نازل ہوئیں اس وقت تاریخ ایک تاریک دور سے گذر رہی تھی لیکن قرآن جب نازل ہوا تو زمانہ تمدن کی ایک کروٹ لے چکا تھا..... بالخصوص آج کا دور جب کہ انکشافات اور تحقیقات جدیدہ نے انسان کی نظروں کو خیرہ کر رکھا ہے اس دور کے تقاضوں پر صرف قرآن ہی پورا اتر سکتا ہے۔

۲۔ قرآن واحد الہامی کتاب ہے جس نے پہلے مذہبی پیشواؤں کو عزت بخشی ہے

ورنہ دوسری آسمانی کتابوں میں تو انبیاء کرام علیہم السلام کو معاذ اللہ شرابی، زانی اور بت پرست تک ثابت کیا گیا ہے جنہوں نے اپنی بیٹیوں تک سے زنا کیا۔

۲۱۔ قرآن واحد آسمانی کتاب ہے جس کے احکام کی عملی تصویر ہمیں آنحضرت ﷺ اور قرآن کے اولین مخاطبین کی زندگیوں میں بالکل واضح دکھائی دیتی ہے۔

۲۲۔ قرآن واحد الہامی کتاب ہے جو پہلی کتابوں سے اپنا تعلق جوڑتی ہے اور ان کی تصدیق کرتی ہے۔

۲۳۔ قرآن واحد الہامی کتاب ہے جس کے اندر ان سارے علوم کی اصل مل جاتی ہے جو انسانوں کے لیے مفید ہیں۔

۲۴۔ قرآن واحد آسمانی کتاب ہے جو ابدی ہے اس کی کوئی آیت بلکہ کوئی حرف قیامت تک منسوخ نہیں ہوسکتا۔

۲۵۔ قرآن واحد آسمانی کتاب ہے جو اَن پڑھ دیہاتی سے لے کر جدید یونیورسٹیوں کے فارغ التحصیل اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوانوں تک سب کی روحانی اور علمی پیاس بجھاتی ہے۔

۲۶۔ قرآن واحد الہامی کتاب ہے جو صاحب وحی کے دنیا سے رخصت ہونے سے قبل کتابی صورت میں بھی آچکا تھا اور بہت سارے سینوں بھی محفوظ ہو چکا تھا۔

اسماء القرآن

قرآن کریم کی کچھ خصوصیات اس کے ان ناموں سے بھی سمجھ میں آتی ہیں جو نام خود قرآن نے ذکر کیے ہیں، اس لیے اختصار کے ساتھ اسماء القرآن بھی ذکر کیے

جاتے ہیں۔

☆ قرآن، الکتاب ہے (سورۃ البقرہ۔۱) کیونکہ کسی کامل کتاب کی جن خصوصیات کا تصور کیا جاسکتا ہے وہ قرآن میں بلکہ صرف قرآن ہی میں پائی جاتی ہیں۔

☆ قرآن کا نام قرآن بھی ہے (الواقعہ۔۷۷) اسلئے کہ یہ بہت سے علوم کا جامع بھی ہے اور اسے دنیا میں سب سے زیادہ پڑھا جاتا ہے۔

☆ قرآن کلام ہے (التوبہ۔۶) اس لیے کہ یہ دل پر ویسا ہی اثر کرتا ہے جیسا کہ زخم، جسم پر اثر کرتا ہے۔ (کلام میں زخمی کرنے کے معنی بھی پائے جاتے ہیں)

☆ قرآن نور ہے (النساء۔۱۷۴) اس لیے کہ جہالت کی ظلمتوں میں یہ دلیلِ راہ کا کام دیتا ہے۔

☆ قرآن ہدایت ہے (لقمان۔۳) کیونکہ یہ راہِ حق کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔

☆ قرآن اللہ کا فضل اور رحمت ہے (یونس۔۵۸) اس کی محبت، تلاوت، تدبر اور عمل اللہ کے فضل اور رحمت کا سبب بنتا ہے۔

☆ قرآن فرقان ہے (الفرقان۔۱) یہ حق اور باطل، مسلم اور کافر، مومن اور منافق کے درمیان فرق کرتا ہے۔

☆ قرآن موعظہ ہے (یونس۔۵۷) اس کی ہر آیت میں کوئی نہ کوئی نصیحت پوشیدہ ہے۔

☆ قرآن ذکر ہے (الانبیاء۔۵۰) قرآن ہر حاملِ قرآن کے لیے باعث شرف ہے۔ اس کی تلاوت بہت بڑا ذکر ہے۔ اور اسے سمجھ کر پڑھنے سے زندگی کے

مقصد کی یاد دہانی بھی ہوتی ہے (ذکر کے یہ تینوں معنی ہو سکتے ہیں)

☆ قرآن کریم ہے (الواقعہ۔۷۷) یہ خود بھی شرف و کرم والا ہے اپنے حامل کو بھی ایسا ہی بنا دیتا ہے۔

☆ قرآن "علی" ہے (الزخرف۔۴) کلام کی بلندی کے جتنے تصورات بھی ممکن ہیں وہ سب قرآن میں علی وجہ الکمال پائے جاتے ہیں۔

☆ قرآن حکمت ہے (القمر۔۵) اس کا ہر امر، ہر نہی، ہر قصہ، ہر بات حکمت ہی حکمت ہے۔

☆ قرآن حکیم ہے (یونس۔۱۔۲) یہ تغیر و تبدل اور مثال لائے جانے سے محکم ہے اور اس کی حکمت کی ایک علامت یہ ہے کہ اس پر عمل کرنے والا فواحش سے باز آجاتا ہے۔

☆ قرآن مھیمن ہے (المائدہ۔۴۷) یہ ساری آسمانی کتابوں کا نگران ہے، الہامی کتابوں کی ساری سچائیوں کو قرآن نے اپنے دامن میں سمیٹ رکھا ہے۔

☆ قرآن مبارک ہے (ص۔۲۹) جس مکان، جس سینے اور جس معاشرہ میں قرآن ہو وہاں برکتیں نازل ہوتی ہیں۔

☆ قرآن حبل اللہ ہے (آل عمران۔۱۰۳) اس رسی کو پکڑنے والا فرد ہو یا جماعت وہ بہر حال اللہ تک پہنچ ہی جاتے ہیں۔

☆ قرآن صراط مستقیم ہے (الانعام۔۱۵۳) قرآن سے ہٹ کر جو بھی راستے ہیں وہ کجی، طغیان اور بغاوت کے راستے ہیں۔

☆ قرآن قیم ہے (الکھف۔۱۔۲) اس کی کسی بات، کسی حکایت اور کسی ہدایت

میں ذرہ برابر کجی نہیں۔

☆ قرآن فصل ہے (الطارق۔۱۳) یہ حق اور باطل کے باب میں بھی قول فیصل ہے اور اپنے اعجاز کے ثبوت کے اعتبار سے بھی قول فیصل ہے۔

☆ قرآن نبأ عظیم ہے (النبا۔۱۔۲) تخلیق کائنات سے نزول قرآن کے زمانہ تک انسان کے کانوں نے قرآن سے بڑی خبر نہیں سُنی۔

☆ قرآن احسن الحدیث ہے (الزمر۔۲) ایسی بات اور ایسا کلام جس میں ہر پہلو سے حسن ہی حسن اور خوبی ہی خوبی پائی جاتی ہے۔

☆ قرآن تنزیل ہے (الشعراء۔۱۹۲) یہ ایک بار نہیں بتدریج نازل ہوا تاکہ اس کا سمجھنا، سمجھانا اور عمل میں لانا آسان ہو جائے۔

☆ قرآن روح ہے (الشوریٰ۔۵۲) قرآن روح کائنات ہے، اس سے صرف مردہ دلوں ہی کو زندگی نہیں ملتی بلکہ پوری کائنات کی زندگی اور اس کا ارتقاء قرآن سے وابستہ ہے، جب کائنات پر موت مسلط کرنے کا فیصلہ کر لیا جائے گا تب قرآن کے حروف اٹھا لیے جائیں گے۔

☆ قرآن وحی ہے (الشوریٰ۔۵۲) پورے قرآن میں کوئی ایک حرف بھی ایسا نہیں جو غیر وحی ہو۔ (برخلاف دوسری الہامی کتابوں کے)۔

☆ قرآن مثانی ہے (الحجر۔۸۷) اس میں قصص اور مواعظ کو بار بار بیان کیا گیا ہے یوں بھی اسے بار بار پڑھا جاتا ہے۔ (ہر بار پڑھنے سے نیا لطف حاصل ہوتا ہے)۔

☆ قرآن عربی ہے (الزمر۔۲۸) آج تک اسی زبان میں پڑھا جا رہا ہے جس

زبان میں نازل ہوا..... اردو، انگریزی، ہندی وغیرہ تراجم پر قرآن کا اطلاق نہیں ہوسکتا۔

☆ قرآن قول ہے (القصص۔۵۱) یہ نبی کا خیال اور انسان کا قول نہیں بلکہ اللہ کا قول ہے۔

☆ قرآن بصائر ہے (الجاثیہ۔۲۰) اہلِ ایمان کے لیے ہر طرح کی بصیرتیں قرآن میں ہیں۔

☆ قرآن بیان ہے (النساء۔۱۳۸) اس میں حقائق پہیلیوں کے انداز میں بیان نہیں ہوئے بلکہ جو کچھ ہے وہ دو اور دو چار کی طرح واضح ہے۔

☆ قرآن علم ہے (الرعد۔۳۷) جو فلسفہ، جو نظریہ اور جو تحقیق قرآن سے ٹکراتی ہے وہ علم نہیں جہل ہے۔

☆ قرآن حق ہے (آل عمران۔۶۲) سارے علوم اور تحقیقات کو اس کسوٹی پر پرکھا جائے گا جو اس سے مناسبت رکھے وہ حق باقی سب باطل۔

☆ قرآن ھادی ہے (الاسراء۔۹) جو اس کا دامن مضبوطی سے تھام لے اسے منزل کا راستہ ہی نہیں دکھاتا منزل تک پہنچا بھی دیتا ہے۔

☆ قرآن عجب ہے (الجن۔۲۹) اس کے حقائق، اس کے دقائق اور اس کے علوم و معارف جوں جوں کھلتے جاتے ہیں جن وانس کے تعجب میں اضافہ کرتے جاتے ہیں۔

☆ قرآن تذکرہ ہے (المدثر۔۵۴) یہ سراپا نصیحت ہے ہر کسی کی خیر خواہی چاہتا ہے۔ (سوائے اس بدنصیب کے جو خود اپنا خیر خواہ نہ ہو۔)

☆ قرآن عروۃ الوثقیٰ ہے (لقمان۔۲۲) جو اس مضبوط حلقہ کو تھام لے وہ ہلاکت اور ضلالت سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

☆ قرآن متشابہ ہے (الزمر۔۲۳) یہ کلام اوّل سے آخر تک اجر وثواب میں، برکت وہدایت میں، فصاحت وبلاغت میں، تاثیر اور معنویت میں یکساں ہے۔

☆ قرآن صدق ہے (الزمر۔۳۳) یہ ابدی صداقتوں کا مجموعہ ہے۔ جن پر جھوٹ کی ہلکی سی پرچھائیں بھی نہیں پڑی۔

☆ قرآن عدل ہے (الانعام۔۱۱۵) جو افراد اور جماعتیں اپنے انفرادی اور اجتماعی مسائل میں قرآنی تعلیمات کو آزمائیں گی وہ ان کے عدل اور اعتدال کا لازماً اعتراف کریں گی۔

☆ قرآن ایمان ہے (آل عمران۔۱۹۳) یہ ایمان کا داعی، ایمان کا محافظ اور قلوب انسانی میں تخلیقِ ایمان کا باعث ہے۔

☆ قرآن مجید ہے (البروج۔۲۱) خود بھی مجد وشرف والا ہے اپنے حاملین کو بھی مجد وشرف کے اعلیٰ مقام پر بٹھا دیتا ہے۔

☆ قرآن زبور ہے (الانبیاء۔۱۰۵) یہ کوئی زبانی یادداشتوں کا مجموعہ نہیں بلکہ اس کا حرف حرف صاحب وحی کی زندگی ہی میں معرضِ تحریر میں آچکا تھا۔

☆ قرآن مبین ہے (یوسف۔۱۔۲) اس کی ہر بات واضح ہے، اغلاق، پیچیدگی اور ابہام کہیں بھی نہیں۔

☆ قرآن بشیر ونذیر ہے (فصلت۔۴) یہ نیکوکاروں کو بشارتیں اور بدکاروں کو ڈراوے سناتا ہے۔

☆ قرآن عزیز ہے (فصلت۔۴۱) یہ باعزت کلام ہے، عزت کے متلاشیوں کو اسے سر آنکھوں پر رکھنا چاہیے۔

☆ قرآن بلاغ ہے (ابراہیم۔۵۲) یہ کالوں اور گوروں، عربوں اور عجموں کے لیے ان کے خالق کا حیات آفریں پیغام ہے۔

☆ قرآن قصص ہے۔ (یوسف۔۳) اس کا ہر قصہ بہترین اور ہر حکایت ایمان آفریں ہے۔

نوٹ: تفصیل کے لیے دیکھیے ''البرھان فی علوم القرآن'' تالیف امام بدرالدین محمد بن عبداللہ زرکشیؒ اور ''آثار المنزیل'' تالیف ڈاکٹر علامہ خالد محمود۔

اے وہ لوگو! کہ کسی کلام کو اس کی فصاحت کی وجہ سے، کسی کو نفع رسانی کی وجہ سے، کسی کو علم آفرینی کی وجہ سے، کسی کو فن آموزی کی وجہ سے اور کسی کو اس کے متکلم کی وجہ سے پسند کرتے ہو کیا تم اس کلام سے محبت نہ کرو گے جو تمہارے محسن، خالق، مالک، رازق، غفار، ستار اور رب کا کلام ہے، اور جو خصوصیات اس کلام میں پائی جاتی ہیں وہ دنیا کے کسی دوسرے کلام اور الہامی کتاب میں نہیں پائی جاتیں..... یہ کلام اللہ کا کلام ہے، اس میں کوئی بات شک وارتیاب والی نہیں، شکوک وشبہات سے نجات چاہتے ہو تو اس سے تعلق قائم کرو۔

☆ اگر ظلمتوں سے نجات چاہتے ہو تو اس کا دامن تھام لو۔

☆ اگر امن وسکون کی تلاش میں ہو تو اس کی تلاوت کو اپنا معمول بنالو۔

☆ برکتوں اور رحمتوں کا نزول چاہتے ہو تو اس میں ڈوب جاؤ۔

☆ رب کی رضا اور آخرت کی فلاح چاہتے ہو تو اس کے بتائے ہوئے راستے سے ایک قدم بھی اِدھر اُدھر نہ ہٹاؤ۔

☆ اگر اللہ کے پیارے بننے کی آرزو دِل میں رکھتے ہو تو آؤ اس کلام سے محبت کرو تا کہ تم اللہ کے محبوب اور پیارے بن جاؤ۔

ایمان افروز واقعات

سوزش و بکا

شمائل ترمذی میں حضرت عبداللہ بن شخیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو دیکھا کہ آپ نماز پڑھ رہے ہیں اور رونے کی وجہ سے آپ ﷺ کے سینہ مبارک سے ایسی آواز آ رہی ہے جیسی دیگچی کے ابال کی آواز ہوتی ہے۔

ف:- جن انسانوں کے دلوں میں اللہ کا خوف ہوتا ہے اور وہ گناہوں کی غلاظت اور گندگی سے پاک صاف ہوتے ہیں وہ جب قرآن پڑھتے ہیں تو ان کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں، ان کے دل کانپ جاتے ہیں اور ان کی آنکھوں سے آنسو رواں ہو جاتے ہیں۔

کائنات میں حضور ﷺ کے قلب مبارک سے زیادہ کس کا دل خشیتِ الٰہی سے معمور ہو سکتا ہے؟ اس لئے آپ ﷺ جب نماز میں تلاوت فرماتے تھے تو اندرونی سوزش اور درد کی وجہ سے آپ ﷺ پر گریہ و بکا کی کیفیت طاری ہو جاتی تھی۔

کیا منظر ہوگا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ایک بار مجھ سے رسول ﷺ نے فرمایا مجھے قرآن پڑھ کر سناؤ، میں نے عرض کیا کہ میں آپ کو پڑھ کر سناؤں؟ جبکہ یہ آپ پر ہی نازل ہوا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ میرا جی چاہتا ہے کہ میں دوسرے سے اس کو سنوں، عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے سورۃ النساء پڑھنا شروع کی حتیٰ کہ جب میں اس آیت پر پہنچا جس کا مفہوم یہ ہے "اس وقت کیا منظر ہوگا جب ہم ہر امت سے ایک گواہ لائیں گے اور ان سب پر (اے نبی) آپ کو گواہ بنائیں گے" تو اس پر آپ ﷺ نے فرمایا بس کرو۔ میں نے آپ کی طرف دیکھا تو آپ کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے۔

ف:- نبی کریم ﷺ پر قرآن نازل ہوا تھا اور آپ اس کی خوب تلاوت بھی فرمایا کرتے تھے لیکن اس کے باوجود آپ ﷺ کو دوسروں کی زبان سے بھی قرآن سننے کا شوق تھا اور سننے سے بھی آپ ﷺ پر ویسے ہی اثر ہوتا تھا جیسے کہ پڑھنے سے اثر ہوتا تھا۔

حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے اس حدیث کی شرح کرتے ہوئے امام نوری رحمہ اللہ کا قول نقل کیا ہے۔

البکاء عندقرأة القرآن صفة العارفین وشعار الصالحین قرآن کی تلاوت کے وقت رونا عارفین کی صفت اور صالحین کا شعار ہے۔

امام طحاوی نے قرآن پڑھتے اور سنتے ہوئے رونے کو مستحب کہا ہے ظاہر ہے کہ

تلاوت سے رونا تب ہی آئے گا جب قرآنی آیات اور الفاظ میں غور وتدبر کرتے ہوئے تلاوت کی جائے اور حضور ﷺ کی تلاوت غور وتدبر کے ساتھ ہوتی تھی۔ احادیث میں آپ ﷺ کی تلاوت کا جو حال بیان کیا گیا ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اگر آپ ﷺ ایسی آیات پڑھتے جن میں جہنم اور اس کے عذاب یا احوال قیامت کا ذکر ہوتا تھا تو آپ اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگتے تھے اور اگر ایسی آیات پڑھتے جن میں جنت، اس کی نعمتوں اور روزِ حساب کی آسانیوں کا ذکر ہوتا تو آپ اس کے حصول کی دعا فرماتے تھے۔

فکر اور تشویش

صحیح بخاری کی ایک طویل روایت میں ہے کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنے گھر کے صحن میں مسجد بنالی تھی اس میں آپ (نفل) نماز ادا کرتے اور قرآن مجید کی تلاوت کرتے (قرآن سن کر) مشرکین کی عورتیں اور ان کے بچے آپ پر ہجوم کر لیتے، آپ کی تلاوت سے محظوظ ہوتے اور آپ کی طرف دیکھنے لگتے، حضرت ابوبکرؓ بہت گریہ کرنے والے انسان تھے، تلاوت قرآن کے وقت آپ کو اپنی آنکھوں پر قابو نہ رہتا۔ اس بات نے مشرکین قریش کے سرداروں کو فکر اور تشویش میں مبتلا کر دیا۔

ف:- مشرک سرداروں کی فکر اور تشویش کا سبب یہ تھا کہ کہیں حضرت ابوبکرؓ کی تلاوت اور گریہ وبکا کو سن کر ان کے بیوی بچے مسلمان نہ ہو جائیں۔

صحابہ کرامؓ کی نماز اور تلاوت ایسی ہوتی تھی کہ ان کے خشوع خضوع اور خوف

وخشیت کو دیکھ کر بڑے بڑے سنگدلوں کے دل بھی نرم پڑ جاتے تھے۔ لوگوں پر صحابہ کی تقریروں سے زیادہ ان کی عبادت، اخلاق اور معاملات کا اثر ہوتا تھا۔

ذوق اپنا اپنا

حضرت ابوقتادہؓ فرماتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فرمایا میں آپ کے پاس سے گذرا اور آپ (تہجد میں) آہستہ آواز سے قرآن پڑھ رہے تھے، حضرت ابوبکرؓ نے جواب دیا کہ جس ذات سے میں عرض معروض کر رہا تھا اس نے تو میری آواز سن لی (دوسروں کو سنانے سے کیا فائدہ؟) آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اپنی آواز قدرے بلند کیجئے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اے عمر! میں آپ کے پاس سے گذرا تو آپ بلند آواز سے پڑھ رہے تھے، حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ اس سے میرا مقصد اونگھتے کو جگانا اور شیطان کو بھگانا تھا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اپنی آواز قدرے پست کیجئے۔

ف:- حضرت ابوبکرؓ کے مزاج پر جمال اور حضرت عمرؓ کی طبیعت پر جلال کا غلبہ تھا اس لیے دونوں نے اپنے اپنے ذوق کے مطابق جواب دیا اور حضور اکرم ﷺ نے دونوں کو اعتدال کی تلقین فرمائی۔

ویسے خود نبی کریم ﷺ سے سراً و جہراً دونوں طرح سے پڑھنا ثابت ہے۔ شمائل ترمذی میں حدیث ہے کہ حضرت عبداللہ بن قیسؓ نے حضرت عائشہؓ سے دریافت کیا کہ کیا رسول اللہ ﷺ بغیر آواز کے خاموشی سے تلاوت فرماتے تھے یا آواز سے؟ اس

پر حضرت عائشہؓ نے فرمایا" کل ذلک قد کان یفعل ربما اسرّ وربما جھر "آپ ﷺ کا دونوں طریقوں پر عمل تھا۔ کبھی آپ بغیر آواز کے خاموشی سے پڑھتے تھے اور کبھی آواز کے ساتھ۔

اس پر حضرت عبداللہ بن قیسؒ نے کہا الحمدللہ کہ اس نے اس معاملے میں گنجائش رکھی ہے۔

ذوق، حالات اور ضرورت کے مطابق سرّا اور جھراً دونوں طریقوں سے پڑھنے کی اجازت ہے لیکن اتنی بات ضرور ملحوظ رکھی جائے کہ ہماری عبادت اور تلاوت دوسروں کی اذیت اور پریشانی کا سبب نہ بن جائے۔

بعض حضرات جو یہ کرتے ہیں کہ اسپیکر کھول کر اس میں رات گئے تک تلاوت کرتے رہتے ہیں تو یہ طریقہ قطعاً غلط ہے، انہیں ڈرنا چاہئے کہ کہیں ان کی تلاوت ثواب کے بجائے عذاب کا سبب نہ بن جائے ان حضرات کی جانب سے یہ جو دلیل دی جاتی ہے کہ اگر گانا بجانا اسپیکر میں ہوسکتا ہے تو تلاوت کیوں نہیں ہوسکتی تو یہ دلیل بالکل بودی اور کمزور ہے، دیگر پہلوؤں سے قطع نظر صرف یہ پہلو ہی پیش نظر رکھا جائے تو دماغ صاف ہوجائے گا کہ عبادت میں معصیت والے رنگ ڈھنگ اختیار کرنا اور نیک عمل کو عملِ بد پر قیاس کرنا کہاں کی دانشمندی اور کہاں کی دینداری ہے۔

ہچکیاں:

عبداللہ بن شدادؒ فرماتے ہیں میں نے حضرت عمرؓ کی اقتداء میں نمازِ فجر ادا کی، سورۂ یوسف پڑھتے ہوئے جب آپ اس آیت پر پہنچے اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ

اِلَـــی اللہِ (میں اپنے رنج وغم کی شکایت بس اللہ ہی سے کرتا ہوں) تو روتے روتے آپ کی ہچکیاں بندھ گئیں، میں آخری صفوں میں کھڑا آپ کی ہچکیاں سنتا رہا۔

ف: تلاوت کے وقت حضرت عمرؓ کے رونے بلکہ شدتِ احساس کی وجہ سے بیمار پڑ جانے کے کئی واقعات حدیث اور سیر کی کتابوں میں منقول ہیں۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ بیان فرماتے ہیں کہ بسا اوقات قرآن پڑھتے ہوئے آپ کسی آیت پر گذرتے تو اس قدر خوف اور گریہ آپ پر طاری ہو جاتا کہ زمین پر گر پڑتے اور دو دو دن صاحبِ فراش رہتے، لوگ آپ کو بیمار سمجھ کر عیادت اور بیمار پرسی کے لیے حاضر ہوتے۔

تشویق وتذکیر:

امیر المؤمنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو دوسروں سے بھی تلاوت سننے کا شوق تھا چنانچہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ جو بہت خوش الحان قاری تھے آپ انہیں یہ کہہ کر قرآن پڑھنے کی فرمائش کرتے:

ذکرنا ربنا

ہمیں اپنے رب کی یاد دلایئے۔

شوّقنا الی ربنا

ہمیں اپنے رب کی طرف شوق دلایئے۔

اور حضرت ابو موسیٰؓ تلاوت فرما کر ان کی فرمائش پوری کر دیتے۔

ف: قرآن کریم کی تلاوت واقعی صحابہ کرامؓ کے دلوں میں اللہ کا شوق اور

یاد پیدا کر دیتی تھی اور ایسا کیوں نہ ہوتا وہ اللہ کے کلام کو دنیا کے فانی محبوبوں کے کلام سے کہیں زیادہ وقعت اور توجہ کے ساتھ سنتے تھے، اس کی ہر آیت بلکہ ہر لفظ کے مفہوم پر نظر رکھتے تھے اور بغیر سمجھے ہوئے وہ تلاوت نہیں کرتے تھے۔ تلاوت تو کیا وہ اگلی آیت اس وقت تک نہیں سیکھتے تھے جب تک پہلی آیت سے متعلق تمام علوم نہیں سیکھ لیتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں:

كنا اذا تعلمنا من النبي صلى الله عليه وسلم عشر آيات من القرآن لم نتعلم من العشر الذى نزلت بعدها حتى نعلم مافيه .(شعب الايمان ص ۱ ۳۳/ج ۲)

جب ہم نبی اکرم ﷺ سے قرآن کی دس آیات سیکھتے تو جب تک ان سے متعلقہ تمام علوم نہ سیکھ لیتے ان کے بعد اترنے والی مزید دس آیات نہ سیکھتے۔

چنانچہ حضرت عمرؓ نے صرف سورہ بقرہ سیکھنے پر بارہ سال صرف کیے اور اس کی تکمیل پر خوشی میں اونٹ ذبح کیا۔ (الجامع لاحکام القرآن ص ۳۰/ج ۱)

اور آپ کے صاحبزادے حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے اس سورۃ کو سیکھتے سیکھتے آٹھ سال لگا دیئے (موطا امام مالک ص ۱۹۰)

ایسی ہی سچی اور گہری تعلیم کا نتیجہ تھا کہ یاد کر لینے کے بعد قرآن ان کے رگ وپے میں سرایت کر جاتا تھا اور جب وہ قرآن پڑھتے یا سنتے تھے تو ان کے دل کے تار حرکت میں آجاتے تھے اور محبوبِ حقیقی کی یاد اور محبت ان کے دل میں انگڑائیاں لینے لگتی تھی۔

بلاشک بے سمجھے بوجھے صرف زبان سے قرآنی الفاظ زبان سے ادا کرنا بھی اجروثواب سے خالی نہیں لیکن اس میں وہ تاثیر، برکت اور ایمانی کیفیات کہاں جو کتاب مقدس کے معانی اور مطالب پر نظر رکھتے ہوئے تلاوت کرنے والے کو حاصل ہوتی ہیں۔

خاتمہ بالقرآن:

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ تلاوت قرآن کا بے حد اہتمام فرماتے تھے اور پھر بھی سیر نہیں ہوتے تھے اور سیر بھی کیسے ہوتے تلاوت ان کی روح کی غذا بن چکی تھی۔

حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ رحمہ اللہ راوی ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا:

''اگر ہمارے دل پاک ہوں تو اپنے پروردگار کے کلام سے ہمیں کبھی بھی سیری نہ ہو اور مجھے یہ بات ناگوار ہے کہ میری زندگی میں کوئی ایسا دن گذرے جس میں میں دیکھ کر قرآن مجید کی تلاوت نہ کروں''

جب باغی دیواریں پھلانگ کر آپ کے گھر میں داخل ہوئے اس وقت بھی آپ قرآن کی تلاوت فرما رہے تھے اور آپ کی زوجہ محترمہ نے باغیوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ یہ وہ عظیم انسان ہیں جو ایک رکعت میں پورا قرآن ختم کر لیتے ہیں کیا تمہیں زیب دیتا ہے کہ ایسی بزرگ ہستی کی جان لو؟ قرآن مجید کا وہ نسخہ جس میں آپ تلاوت کیا کرتے تھے وہ کثرت تلاوت کی وجہ سے بوسیدہ ہو کر پھٹ چکا تھا۔

شہادت کے وقت یہی نسخہ آپ کے سامنے کھلا رکھا تھا جب ظالم دشمن نے آپ پر وار کیا تو خون کا پہلا قطرہ اس آیت پر گرا "فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم"

ف: قرآن پاک کا حافظ ہونے کے باوجود حضرت عثمانؓ کو مصحف دیکھ کر تلاوت کا شوق اس لئے تھا تاکہ پڑھنے کے ساتھ ساتھ قرآن کریم کو چھونے اور دیکھنے کا ثواب بھی حاصل ہو، یوں بھی دیکھ کر پڑھنے سے توجہ اور انہماک بھی زیادہ ہوتا ہے اور خیال اِدھر اُدھر بھٹکنے سے محفوظ رہتا ہے۔

ایک ایک آیت بے مثال دولت:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ان سعادت مندوں میں سے ہیں جن سے خود نبی کریم ﷺ نے تلاوت سننے کی خواہش ظاہر فرمائی اور ان کی قرات پر حضور ﷺ کو بڑا اعتماد تھا۔

دیگر صحابہ کی طرح آپ بھی قرآن کریم کے معانی پر نظر رکھتے ہوئے تلاوت فرماتے تھے یہی وجہ تھی کہ بعض اوقات آپ کی پوری رات نماز میں ایک ہی آیت کو دہراتے گذر جاتی تھی۔

تلاوت کے ساتھ آپ قرآن کی تعلیم وتدریس کا بھی بہت اہتمام فرماتے تھے اور صحابہ کے سامنے باقاعدہ درس قرآن دیا کرتے تھے۔

درسِ قرآن کے دوران اپنے شاگردوں کے دلوں میں قرآن کی عظمت اور شوکت بھی بٹھا دیتے تھے چنانچہ جس شخص کو قرآن کی ایک آیت پڑھاتے اسے ساتھ ساتھ یہ بھی ارشاد فرماتے:

لھی خیر مماطلعت علیه الشمس اومما علی الارض من شیء.

یہ روئے زمین کی سب سے قیمتی دولت ہے۔

اور یہ بات کسی ایک آیت کے بارے میں نہیں بلکہ ہر ہر آیت پر یہ ارشاد دہراتے جاتے تھے حتی یقول ذلک فی القرآن کلہ (یہاں تک کہ پورے قرآن کے بارے میں یہی فرماتے تھے)

ف: اس میں شک ہی کیا ہے کہ قرآن کریم کی ہر آیت بے مثال دولت ہے لیکن اس دولت کو دیکھنے اور سمجھنے کے لیے بصارت اور بصیرت کی ضرورت ہے دل کے اندھوں کو یہ دولت نہ محسوس ہو سکتی ہے نہ دکھائی دے سکتی ہے وہ تو بس روپے پیسے ہی کو سب سے بڑی دولت سمجھتے ہیں اسی کے لیے جیتے اور اسی کے لیے مرتے ہیں جب کہ ایمانی نظر رکھنے والے قرآن کریم جیسی نعمتِ عظمیٰ کے بغیر اپنے آپ کو سب سے بڑا فقیر اور کنگلا سمجھتے ہیں۔

ہم سب سے سوال:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے روز و شب کا بہت سارا حصہ تلاوتِ قرآن کے لیے وقف تھا وہ اکثر قرآن مجید دیکھ کر تلاوت فرماتے تھے۔

حضرت نافعؒ سے کسی نے سوال کیا کہ تمہارے آقا حضرت عبداللہ بن عمرؓ گھر میں رہ کر کیا کرتے تھے؟ آپ نے جواب دیا کہ وہ جو کچھ کرتے تھے اسے معمول بنانا عام لوگوں کے بس کی بات نہیں۔ ان کا معمول تھا کہ ہر نماز کے لیے وضو کرتے اور نمازوں کے درمیان کے پورے وقت کو قرآن مجید کھول کر تلاوت میں صرف فرماتے۔

(طبقات ابن سعد۔ ج۴/۲۸۶)

آپ دوسرے مسلمانوں کو بھی تلاوت قرآن کی ترغیب دیتے تھے چنانچہ آپ کا ارشاد ہے:

''جب تم میں سے کوئی بازار سے لوٹ کر گھر آئے تو اسے چاہیے کہ قرآن مجید کھول کر تلاوت کرے، اس کے صلہ میں اللہ تعالیٰ ہر حرف کے بدلے دس نیکیاں لکھیں گے۔ (کنز العمال۔ ج۱/۲۱۹)

حضرت نافعؒ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ جب قرآن کی یہ آیت تلاوت کرتے:

اَلَمْ یَاْنِ لِلَّذِیْنَ آمَنُوْا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِکْرِ اللهِ

(کیا ایمان والوں کے لئے وقت نہیں آیا کہ ان کے دل اللہ کی نصیحت کے سامنے جھک جائیں۔)

تو رو پڑتے اور اس قدر روتے کہ بے حال ہو جاتے۔

ف: حضرت ابن عمرؓ کو رونا اسلئے آتا تھا کیونکہ اس آیت کریمہ میں ایمان والوں سے جو سوال کیا گیا ہے وہ اس سوال کا مخاطب اپنے آپ کو سمجھتے تھے، انہیں یوں محسوس ہوتا تھا کہ مجھے مخاطب کر کے سوال کیا جا رہا ہے کہ کیا ابھی وقت نہیں آیا کہ تمہارا دل اللہ کے ذکر کے سامنے جھک جائے۔

قرآن یہ سوال ہم سب سے کر رہا ہے کہ کب تک غفلت اور معاصی میں ڈوبے رہو گے عمر گذرتی جا رہی ہے بال سفید ہو گئے ہیں، کمر جھک گئی ہے، کوچ کا وقت قریب آ گیا ہے..... کیا ابھی وقت نہیں آیا کہ تم معاصی سے باز آ جاؤ اور تمہارے دل

اور تمہارے بدن رب العلمین کے سامنے جھک جائیں؟.....لیکن ہم اپنے آپ کو کبھی اس سوال کا مخاطب سمجھتے ہی نہیں اور سمجھیں بھی کیسے جبکہ ہماری تلاوت ہوتی ہی بغیر سمجھے ہے اسی لیے تلاوت سے نہ ہمارے دلوں میں رقت پیدا ہوتی ہے اور نہ ہی آنکھوں میں آنسو آتے ہیں۔

پورا قرآن پڑھنے سے زیادہ محبوب:

ابوحمزہؒ کہتے ہیں میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے عرض کیا کہ میں قرآن بہت تیز رفتاری سے پڑھتا ہوں اور تین روز میں پورا قرآن مجید ختم کر لیتا ہوں آپ نے ارشاد فرمایا اگر میں پوری رات کھڑے ہو کر صرف سورہ بقرہ پڑھوں اس طرح کہ اس میں غور و تدبر کرتا جاؤں اور اسے ٹھہر ٹھہر کر اطمینان سے پڑھوں تو یہ بات تمہاری طرح پورا قرآن پڑھ جانے سے مجھے زیادہ محبوب ہے۔ (شعب الایمان۔ ج ۲/۳۶۰)

اور واقعۃً حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا ذاتی عمل یونہی تھا کہ آپ مقدار سے زیادہ معیار کو ملحوظ رکھتے تھے۔

ابن ابی ملیکہؒ فرماتے ہیں میں مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ تک اور مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ تک حضرت ابن عباسؓ کے ساتھ رہا، آپ سفر میں دو رکعت پڑھتے تھے کہیں پڑاؤ ڈالتے تو (معمول تھا کہ) نصف شب کو اٹھ کھڑے ہوتے اور نماز میں ٹھہر ٹھہر کر قرآن پڑھتے ایک ایک حرف جدا پڑھتے اور اس دوران کثرت سے روتے اور آہ وزاری کرتے اور یہ آیت تلاوت کرتے۔ (شعب الایمان ص ۳۶۵/ ج ۲)

وَجَاءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ

اور آ پہنچی موت کی بیہوشی سچائی کے ساتھ یہی وہ حقیقت ہے جس سے تو بدکتا رہتا تھا

ف: صحابہ کرامؓ کے حالات زندگی سے یہ بات نمایاں ہوکر سامنے آتی ہے کہ وہ فہم قرآن کو لازمی چیز سمجھتے تھے اور ان کی تلاوت غور وتدبر کے ساتھ ہوتی تھی۔

جن صحابہ کرام کے بارے میں ہم یہ پڑھتے اور سنتے ہیں کہ وہ ایک ہی شب میں پورا قرآن ختم کر لیتے تھے تو وہ بھی سمجھ کر ہی پڑھتے تھے لیکن ان کی قوتِ فہم وادراک اس قدر تیز تھی کہ تیزی سے پڑھنا ان کے فہمِ معانی میں حائل نہیں ہوتا تھا علاوہ ازیں یہ اپنے اپنے ذوق کی بھی بات تھی۔ کسی کو جلدی سے جلدی پورا قرآن پڑھ لینے میں زیادہ لطف آتا تھا اور کسی کو بحرِ معانی کی غرقابی میں زیادہ لذت محسوس ہوتی تھی گویا کسی کو سطح کی پیراکی ہی میں سکون مل جاتا تھا اور کسی کے دل کو گہرائی تک رسائی کے بغیر چین نہیں آتا تھا۔

ہم میں سے بھی کسی کو اگر اللہ تعالیٰ نے ایسا فہم عطا فرمایا ہو کہ وہ تیزی سے پڑھنے کے باوجود معانی پر نظر رکھ سکتا ہو تو اس کے تیز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں لیکن وہ لوگ جو تیزی کی کوشش میں الفاظ کا حلیہ تک بگاڑ دیتے ہیں اور قدرت کے باوجود فہمِ قرآن کو غیر ضروری اور زائد چیز سمجھ کر ترک کر دیتے ہیں ان کے رویے کی بہرصورت مذمت کی جانی چاہیے اور اس قسم کی غلط سوچ کی ہمیں اصلاح بھی کرنی چاہیے۔

اتنا سا کام

حضرت عبداللہ بن عباسؓ خود تو قرآن کے شیدائی تھے ہی ان کی کوشش اور فکر یہ تھی کہ سارے ہی مسلمان اس عظیم کتاب کے شیدائی بن جائیں اور کوئی بھی مسلمان اس کی تلاوت سے محروم نہ رہے۔ ایک موقع پر ارشاد فرمایا **مایمنع احدکم اذا رجع من سوقه أو من حاجته فاتکأ علی فراشه ان یقرأ ثلاث آیات من القرآن.** (سنن الدارمی۔ ج ۲/ ۵۲۸)

جب تم میں سے کوئی شخص اپنی دوکان یا اپنے کام کاج سے واپس آئے تو کم از کم بستر پر ٹیک لگا کر ہی قرآن کی تین آیات تلاوت کر لے۔ اتنا سا کام کر لینے میں بھلا تمہارے لیے کیا رکاوٹ ہے۔

ف: حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا مقصد یہ تھا کہ کسی بھی مسلمان کا کوئی بھی دن قرآن کریم کی تلاوت کے بغیر نہیں گذرنا چاہیے، اگر وہ تھکا ہوا بھی ہو تو اسے بستر پر بیٹھے یا لیٹے ہوئے ہی چند آیات پڑھ لینی چاہیے۔

آلِ داؤد علیہ السلام کا مزمار:

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ میں ایک رات مسجد سے نکلا تو اچانک دیکھا کہ نبی اکرم ﷺ مسجد کے دروازہ پر کھڑے ہیں اور ایک شخص نماز میں مصروف ہے، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا بریدہ! تمہارا کیا خیال ہے یہ شخص ریاکار ہے؟ میں نے عرض کیا کہ اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ ہی بہتر جانتے ہیں پھر آپ نے خود ہی ارشاد فرمایا نہیں وہ ریاکار نہیں ہے بلکہ وہ تو اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے والا

مؤمن (بندہ) ہے جسے آلِ داؤد علیہ السلام کے مزامیر میں سے ایک مزمار عطا کیا گیا ہے (یعنی داؤد علیہ السلام کی سی خوش الحانی عطا کی گئی ہے) میں اس شخص کے قریب گیا (اور دیکھا) تو وہ ابو موسیٰ اشعری (رضی اللہ عنہ) تھے میں نے ان کو یہ خوش خبری سنادی۔ (صحیح مسلم)

ف: حضرت داؤد علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے معجزانہ قسم کی خوش الحانی عطا فرمائی تھی وہ جب اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتہلیل میں مشغول ہوتے تو ان کے وجد آفریں نغموں سے نہ صرف انسان بلکہ وحوش وطیور بھی وجد میں آجاتے اور آپ کے اردگرد جمع ہوکر اپنی سریلی اور پُرکیف آوازوں سے حضرت داؤد علیہ السلام کی ہمنوائی کرتے، اور صرف یہی نہیں بلکہ پہاڑ بھی حمد باری تعالیٰ سے گونج اٹھتے۔

حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کو بھی اللہ تعالیٰ نے انتہائی خوبصورت آواز سے نوازا تھا مگر وہ اپنی خوش آوازی کو دنیا کمانے اور لوگوں میں اپنا مقام بنانے کے لیے استعمال نہیں فرماتے تھے بلکہ وہ محض اللہ کی رضا کے لیے پڑھتے تھے اور سننے والوں کے دل جھوم جھوم اٹھتے تھے۔ خوش آوازی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے اور مبارک ہیں وہ لوگ جو اس نعمت کو نعمتِ قرآن کی خدمت واشاعت میں استعمال فرماتے ہیں اور بہت ہی بدقسمت ہیں وہ انسان جنہیں اللہ پاک نے خوش الحانی کی نعمت عطا فرمائی ہے مگر وہ اس نعمت کو گانے بجانے میں یا قوالی وغیرہ میں استعمال کرتے ہیں یا وہ پڑھتے تو نعتیں اور قرآن ہیں لیکن ان کا مقصد صرف یہ ہوتا ہے کہ واہ واہ ہوجائے اور انہیں چند کھوٹے سکے مل جائیں۔

آج اس قسم کے قاری اور نعت خواں بے شمار ہیں، ان کی آواز میں سوز، لہجے

میں کشش اور انداز میں دلربائی ہوتی ہے لیکن ان کی زندگیاں عمل سے یکسر خالی ہوتی ہیں، ان کی صورت اور سیرت میں قرآن کی تعلیمات اور سرورِ عالم ﷺ کی سیرت کی کوئی جھلک دکھائی نہیں دیتی۔

فضل ورحمت

سید القرّاء حضرت ابی بن کعب انصاری رضی اللہ عنہ فن قراءت کے تسلیم شدہ امام تھے اس لئے بڑے بڑے صحابہ نے آپ کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کئے، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنھما سمیت کئی اکابر صحابہ آپ کے شاگردوں میں شامل ہیں، آپ کی جلالتِ شان اور عظمت ورفعت کے لئے یہی کافی ہے کہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ نے خود ارشاد فرمایا:

ان اللہ امرنی أن اقرأ علیک القرآن

اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ آپ کو قرآن پڑھ کر سناؤں

حضرت ابی رضی اللہ عنہ بولے کیا واقعی اللہ تعالیٰ نے آپ کے سامنے میرا نام لے کر فرمایا؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں، حضرت ابیؓ نے دوبارہ پوچھا کیا رب العلمین کے ہاں میرا تذکرہ ہوا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں یہ سن کر ان کی آنکھیں اشکبار ہوگئیں۔ (بخاری)

حضرت عبدالرحمٰن بن ابزیؒ نے حضرت ابیؓ سے پوچھا کیا آپ کو اس واقعہ سے خوشی ہوئی؟ تو آپ نے فرمایا خوشی کیوں نہ ہوتی کہ اللہ تعالیٰ خود فرما رہے ہیں:

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا.

آپ فرما دیجئے کہ لوگوں کو اللہ کے اس انعام اور رحمت پر خوش ہونا چاہیے۔

ف: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ کی آنکھوں میں جو آنسو آئے تو یہ خوشی کے آنسو تھے اور انہوں نے فرمایا کہ میں اس واقعہ سے خوش کیوں نہ ہوتا جبکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان یہ ہے کہ ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحمت پر خوش ہونا چاہیے۔

مفسرین فرماتے ہیں کہ اس آیت میں فضل اور رحمت دونوں سے اشارہ قرآن مجید کی جانب ہے اور اسی کے لیے حکم ہو رہا ہے کہ جب ایسی عظیم نعمت مل گئی تو اس پر خوش ہونا چاہیے۔

بعض دوسرے حضرات کا خیال یہ ہے کہ فضل سے مراد قرآن اور رحمت سے مراد اسلام ہے، یعنی مسلمانوں کو سب سے زیادہ خوشی قرآن اور اسلام کی نعمت پر ہونی چاہیے۔

آج ہماری نظروں میں ان نعمتوں کی وقعت اور عظمت باقی نہیں رہی اس لئے کہ ہمیں یہ نعمتیں بغیر کسی قربانی اور ایثار کے مل گئی ہیں لیکن صحابہ کرامؓ نے چونکہ اپنا سب کچھ لٹا کر یہ نعمتیں حاصل کی تھیں اس لئے ان کی نظر میں قرآن اور ایمان درہم و دینار، اہل و عیال عیش و عشرت اور عہدہ و منصب بلکہ جان سے بھی زیادہ قیمت رکھتے تھے۔

فرشتوں کا نزول:

معروف انصاری صحابی حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ جن کے متعلق لسانِ نبوت نے شہادت دی کہ

نعم الرجل اسید بن حضیر۔ اسید بن حضیر اچھے آدمی ہیں

آپ بھی حضرت ابوموسیٰؓ کی طرح بڑے خوش الحان قاری تھے ان کا یہ واقعہ حدیث کی بہت سی کتابوں میں درج ہے کہ نماز تہجد میں سورہ بقرہ تلاوت کر رہے تھے۔ گھوڑا جو کہ پاس ہی بندھا ہوا تھا اچانک بدکنے لگا یہ خاموش ہو گئے تو وہ بھی سکون میں آ گیا۔ انہوں نے دوبارہ تلاوت شروع کر دی تو وہ پھر بدکنے لگا اور ان کے خاموش ہو جانے پر پھر ٹھہر گیا۔ آخر تلاوت روک دی ان کا بچہ یحییٰ گھوڑے کے قریب ہی سو رہا تھا یہ ڈر گئے کہ گھوڑا اسے تکلیف نہ پہنچائے۔ جب بچے کو وہاں سے ہٹایا تو آسمان کی طرف نظر اٹھا کر دیکھا تو سائبان کی طرح کوئی چیز نظر آئی جس میں چراغوں کی طرح روشنی ہے جب صبح ہوئی تو نبی اکرم ﷺ کے سامنے یہ ماجرا بیان کیا آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ابن حضیر! تم تلاوت جاری رکھتے، ابن حضیر تم تلاوت جاری رکھتے انہوں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ مجھے یہ ڈر پیدا ہو گیا کہ کہیں گھوڑا بچے کو روند نہ ڈالے، وہ گھوڑے کے قریب تھا اس اندیشہ سے (تلاوت روک کر) بچے کی طرف متوجہ ہو گیا۔ نگاہ اٹھا کر آسمان کی جانب دیکھا تو سائبان کی طرح چیز نظر آئی جس میں چراغوں کی سی روشنی تھی اس لیے میں گھبرا کر گھر سے باہر نکل گیا کہ اسے دیکھ نہ سکوں، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا تمہیں معلوم ہے کہ یہ کیا تھا؟ اسید نے فرمایا نہیں آپ نے فرمایا یہ فرشتے تھے جو تمہاری آواز سن کر اتر آئے تھے اگر تم تلاوت جاری رکھتے تو صبح لوگ بھی ان فرشتوں کا نظارہ کرتے اور وہ ان کی نگاہوں سے مخفی نہ رہتے (متفق علیہ واللفظ للبخاری)

ف:- جہاں قرآن پڑھا جاتا ہے وہاں انوار الٰہیہ کی بارش ہوتی ہے۔ رحمت کے فرشتے اترتے ہیں، سکینہ نازل ہوتا ہے لیکن یہ انوار اور فرشتے عام طور

پر ان مادی آنکھوں سے دکھائی نہیں دیتے مگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہو تو وہ کسی کسی کو یہ نورانی چیزیں دکھا بھی دیتے ہیں جیسا کہ حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کو اللہ تعالیٰ نے رحمت کا سائبان اور اس سے چھن چھن کر آنے والی روشنی دکھادی لیکن جہاں تک روحانی اور قلبی دنیا کا تعلق ہے تو ہر صاحب دل انسان رحمت اور سکینہ کے نزول کو محسوس کرسکتا ہے کاش سکون کے متلاشیوں کو علم ہو جائے کہ جو سکون فہم معانی کے ساتھ تلاوتِ قرآنی میں ہے وہ دنیا کی کسی دوسری چیز میں نہیں ہے اگر انہیں اس بات کا علم ہوگیا تو پھر وہ کبھی بھی تلاوتِ قرآن سے محروم نہیں رہیں گے اور سکون کے حصول کے لیے انہیں کسی بھی چیز کی ضرورت باقی نہیں رہے گی۔

شب بھر میں ایک ہی آیت

حضرت تمیم داری رحمہ اللہ کثرت کے ساتھ کتاب اللہ کی تلاوت کرنے والے انسان تھے ایک مرتبہ مقام ابراہیم پر تشریف لائے اور نماز شروع کر کے سورہ جاثیہ پڑھنا شروع کی جب اس آیت پر پہنچے

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ.

"یہ لوگ جو بُرے بُرے کام کرتے ہیں کیا وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم انہیں ان لوگوں کے برابر رکھیں گے جنہوں نے ایمان اور عمل صالح اختیار کیا کہ ان کا جینا اور مرنا یکساں ہو جائے، بُرا ہے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں"

تو شب بھر اسی آیت کو دہراتے رہے اور روتے رہے۔

ف:- یہ وہ عظیم لوگ تھے جو اپنے دلوں کا تزکیہ کر چکے تھے اور جو قرآن کریم کی ہر آیت کا حق ادا کرتے تھے وہ چونکہ غور و تدبر کے ساتھ قرآن کی تلاوت کرتے تھے اس لیے بعض اوقات کوئی ایک آیت بھی یوں ان کے دامن گیر ہو جاتی تھی کہ ان کے لیے آگے بڑھنا مشکل ہو جاتا تھا۔

جب وہ یوم الحساب کی آیات کی تلاوت کرتے تو قیامت کا منظر ان کی آنکھوں کے سامنے گھوم جاتا تھا اور وہ اپنے آپ کو میدان حشر میں کھڑا پاتے تھے پھر لرزہ اور گریہ وزاری کی ساری ہی کیفیات ان پر طاری ہو جاتی تھیں۔

اخلاص

حضرت تمیم داری رحمہ اللہ اپنی عبادت و تلاوت کے معمولات لوگوں کی نگاہ سے پوشیدہ رکھنے کا بہت اہتمام فرماتے ایک مرتبہ کسی شخص نے پوچھ لیا کہ آپ کے منزل پڑھنے کی مقدار کیا ہے؟ آپ نے غصہ ہو کر جواب دیا کہ شاید تم بھی ان لوگوں میں سے ہو جن میں ایک آدمی رات کو اٹھ کر قرآن پڑھتا ہے پھر صبح اٹھ کر لوگوں سے کہتا ہے کہ میں نے اس رات میں قرآن پڑھا ہے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے کہ میں (تنہائی میں) تین رکعت نفل ادا کروں یہ میرے نزدیک اس سے زیادہ محبوب ہے کہ ایک ہی شب میں پورا قرآن پڑھوں پھر صبح اٹھ کر لوگوں کو اس کی اطلاع دوں۔

(سیر اعلام النبلاء۔ ج ۲/۴۴۶)

ف:- کسی بھی عمل میں وزن دو چیزوں سے پیدا ہوتا ہے ایک اتباع سنت

سے اور دوسرے اخلاص سے، اگر ان میں سے ایک بھی چیز مفقود ہو تو عمل بے جان اور کھوکھلا ہو جاتا ہے۔ اللہ کے نیک بندے اپنے اعمال کو وزنی بنانے کی کوشش کرتے ہیں اسی لیے وہ ذکر و عبادت اور صدقہ و تلاوت میں اخفاء کا بہت اہتمام کرتے ہیں۔ ان مخلص انسانوں کی زندگی میں ہمارے جیسے ریاکاروں کے لیے بڑا سبق ہے جن کی ہر عبادت ہی نمود و نمائش پر مبنی ہوتی ہے۔ صدقہ و خیرات ہوتا ہے تو لوگوں میں جھوٹا مقام بنانے کے لیے اور تلاوت ہوتی ہے تو اپنی آواز کا جادو جگانے اور نام کمانے کے لیے یہی وجہ ہے کہ اس قسم کے دنیا پرست قاریوں کی عملی زندگی میں قرآن کا کوئی رنگ دکھائی نہیں دیتا۔

فرشتے بھی رو پڑے:-

نبی اکرم ﷺ ایک نوجوان صحابی کے پاس سے گذرے وہ قرآن کی یہ آیت تلاوت کر رہے تھے۔

فَإِذَا انْشَقَّتِ السَّمَاءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ

''پھر جب آسمان پھٹ جائے گا تو وہ سرخ چمڑے جیسا گلابی ہو جائے گا''

یہ آیت پڑھ کر وہ ٹھہر گئے ان کے رونگٹے کھڑے ہو گئے اور آنسو بہاتے بہاتے دم گھٹنے لگا، روتے جاتے تھے اور کہتے جاتے تھے ہائے اس دن میرا کیا بنے گا جس میں آسمان پھٹ جائے گا تو آپ ﷺ نے ان کی گریہ وزاری سن کر ارشاد فرمایا اے جوان اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ تمہارے رونے پر فرشتے بھی رو پڑے (قیام الیل۔ ص ۹۹)

ف:- آج ایسی تلاوت کو ہمارے کان ترس گئے ہیں جو جذبات میں تلاطم برپا کردے جسے سن کر دل کانپ جائیں اور آنکھیں بہہ پڑیں، عام طور پر جو تلاوت کی جاتی ہے وہ دل کے بجائے صرف حلق سے نکلتی ہے اور دلوں میں اترنے کی بجائے صرف کانوں سے ٹکرا کر واپس آ جاتی ہے۔

کلام ربی:

ابن ابی ملیکہ رحمہ اللہ روایت کرتے ہیں کہ ابوجہل کے بیٹے حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ (تلاوت کے لیے) قرآن مجید اٹھاتے تو پہلے اسے چہرے پر رکھتے اور روتے ہوئے کہتے کلام ربی کتاب ربی (مستدرک حاکم۔ج ۳/ ۲۴۳)

ف:- ابوجہل اسلام اور پیغمبر اسلام ﷺ کا بدترین دشمن تھا اس کے بیٹے عکرمہ ایک عرصہ تک نعمتِ اسلام سے محروم رہے لیکن یہ نعمت ان کے تعاقب میں رہی اور پھر وہ محرومی کی کوشش کے باوجود بھی محرو . رہ سکے اور جب اللہ تعالیٰ نے انکے سینے کو نور ایمان سے منور فرما دیا تو جن دو چیزوں سے انہیں سب سے زیادہ نفرت تھی انہی سے سب سے زیادہ محبت بھی پیدا ہوگئی یعنی قرآن اور پیغمبر قرآن حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ جب قرآن کو ہاتھوں میں لیتے تو کبھی اپنے ہاتھوں کو دیکھتے اور کبھی اللہ تعالیٰ کے عظیم کلام اور بے مثال کتاب کو گویا۔

کہاں میں اور کہاں نکہتِ گل

والا منظر ہوتا تھا پھر اس کی عظمت کا احساس کر کے ان کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگتے۔

گریہ وتوبہ

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب یہ آیتیں نازل ہوئیں۔

اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ

''سو کیا تم لوگ اس کلام سے تعجب کرتے ہو اور ہنستے ہو اور روتے نہیں ہو''

تو ان آیات کو سن کر اصحاب صفہ رو پڑے اور اس قدر روئے کہ آنسو ان کے رخساروں پر بہتے رہے، جب رسول اللہ ﷺ نے ان کے رونے کی آواز سنی تو آپ بھی رو پڑے، آپ کے رونے پر ہم لوگ بھی روئے پھر رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ کے خوف سے رویا وہ جہنم میں نہیں جائے گا اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پر مسلسل اصرار کرنے والا جنت میں نہیں جائے گا، اگر تم لوگ گناہوں سے باز آ گئے تو اللہ تعالیٰ دنیا میں ایسے لوگ پیدا فرمائے گا جن سے گناہ ہوں گے اور وہ توبہ کریں گے اور توبہ کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ ان کی بخشش فرمادے گا (اخرجہ البیھقی فی شعب الایمان الدر المنثور۔ ج ۱۳۱/۶)

ف:- انسان سے گناہ ہو جانا کوئی بڑی بات نہیں ہے اللہ تعالیٰ نے انسان کی فطرت اور مزاج ہی ایسا بنایا ہے کہ ان سے غلطی ہو سکتی ہے اور اللہ تعالیٰ کو ایسے لوگوں سے بڑی محبت ہے جو گناہ کے بعد سچے دل سے توبہ کر لیتے ہیں اور گناہوں پر ندامت کی وجہ سے ان کی آنکھوں سے آنسو بہہ پڑتے ہیں، توبہ اور گریہ جہنم سے آزادی کا پروانہ اور جنت میں داخلے کی ضمانت ہے۔

کیا مرد اور کیا عورتیں

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بھتیجے حضرت قاسم رحمہ اللہ فرماتے ہیں میرا معمول تھا کہ میں صبح اٹھ کر اوّل اوّل حضرت عائشہؓ کے گھر حاضری دیتا اور انہیں جا کر سلام کرتا، ایک دن علی الصبح میں نے حاضری دی تو وہ کھڑی نماز میں مصروف تھیں اور یہ آیت تلاوت کر رہی تھیں۔

فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقَانَا عَذَابَ السَّمُوْمِ

''سو اللہ نے ہم پر بڑا احسان کیا اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا لیا''

وہ اس آیت کو بار بار دہراتی جاتی تھیں اور دعا اور گریہ بھی کر رہی تھیں میں انتظار میں کھڑا رہا اور کھڑے کھڑے اکتا گیا اس لئے اپنے کسی کام سے بازار روانہ ہو گیا۔ لوٹ کر آیا تو وہ اسی حال میں کھڑے نماز پڑھ رہی تھیں اور رو رہی تھیں (صفۃ الصفوۃ لابن جوزیؒ۔ ج ۳۱/۲)

ف۔ جب ایمان کی روح پرور ہوائیں چل رہی تھیں تو ذوقِ تلاوت اور شوقِ عبادت سے نہ مرد محروم تھے اور نہ ہی عورتیں اس سعادت سے تہی دامن تھیں کیا مرد اور کیا عورتیں سبھی ایک ہی رنگ میں رنگے ہوئے تھے، ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں نے گھروں کے ماحول کو قرآن کا ماحول بنا دیا تھا، قرآن کی پرنور اور مقدس آوازوں سے در و دیوار صبح شام گونجتے تھے، چھوٹے بچوں کو دودھ کی شکل میں جسمانی غذا کے ساتھ ساتھ قرآن کی صورت میں روحانی غذا بھی مل جاتی تھی۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوا کہ ادھر بچے نے دودھ پینا چھوڑا اُدھر اسے قرآن کریم کا کچھ حصہ حفظ ہو چکا تھا۔

کہاں تو وہ مبارک دور تھا اور کہاں آج کا منحوس ماحول ہے جس میں بچوں کو ایسی ماؤں کا دودھ پینا پڑتا ہے جو موسیقی پر تھرکتی اور گانوں کی آواز پر طرب میں آتی ہیں ان کے دن کا آغاز بھی موسیقی کی آوازوں سے ہوتا ہے اور اختتام بھی ڈھول ڈھمکے پر ہوتا ہے۔

نوٹ: خواتین کی تلاوت کے مزید واقعات صفحہ نمبر..... پر ملاحظہ فرمائیں۔

معانی کا ورود

حضرت محمد بن کعب قرظی رحمہ اللہ جلیل القدر تابعی ہیں فرمایا کرتے تھے جو قرآن پڑھے گا اسے ضرور عقل کی دولت حاصل ہوگی خواہ اس کی عمر سو سال کیوں نہ ہوگئی ہو۔

تلاوت قرآن اور اس میں تدبر کا انہیں خاص ذوق تھا، ایک مرتبہ رات میں سورہ زلزال اور سورہ قارعہ پڑھنا شروع کیں، پوری رات ان دو سورتوں کو پڑھتے اور ان کے معانی میں غور و فکر کرتے رہے یہاں تک کہ صبح ہوگئی۔

فرمایا کرتے تھے قرآن کے معانی کا مجھ پر اس قدر ورود ہوتا ہے کہ پوری رات گذر جاتی ہے پھر بھی معانی کی آمد ختم نہیں ہوتی (سیر اعلام النبلاء ص ۶۵ ر ج ۵ حلیۃ الاولیاء۔ ص ۲۱۲ ر ج ۳)

ف :- قرآن کریم ایک ایسا سمندر ہے جس کی تہہ نایاب جواہر ریزوں سے لبریز ہے اس سمندر میں غوطہ زن ہونے والے ہر شخص کو نئے نئے موتی ہاتھ آتے ہیں جو سعادت مند لوگ اپنا تزکیہ کر لیتے ہیں اور ڈوب کر قرآن پڑھتے ہیں ان کے

سامنے قرآنی علوم ومعارف کے نئے نئے دروازے کھلتے چلے جاتے ہیں اور یہ سلسلہ رکنے میں نہیں آتا۔

لطف اندوزی

اسود بن یزید رحمہ اللہ عابدوزاہد انسان تھے، انہوں نے اکابر صحابہ کی صحبتیں اٹھائی تھیں اس لیے انہی کے رنگ میں رنگے ہوئے تھے، تلاوتِ قرآن کا والہانہ ذوق رکھتے تھے رمضان المبارک میں یہ ذوق عروج پر ہوتا تھا۔ مغرب اور عشاء کے درمیان سو جاتے اس کے بعد ساری رات قرآن پڑھتے تھے اور دو راتوں میں ایک قرآن ختم کردیتے تھے۔

زندگی کے آخری ایام میں شدید بیمار ہوگئے بیماری نے ایسا نڈھال کردیا تھا کہ کروٹ بدلنا بھی مشکل تھا لیکن کتاب مقدس کے ساتھ جو تعلق اور رشتہ ساری زندگی رہا تھا اسے مرض الموت بھی کمزور نہ کرسکا بلکہ تکلیف کی حالت میں ان کے خیال میں لطف اندوز ہونے کے لیے تلاوت قرآن سے بڑھ کر کوئی چیز نہ تھی چنانچہ اپنے بھانجے ابراہیم نخعیؒ کا سہارا لے کر تلاوتِ قرآن سے لطف اٹھاتے تھے۔ (تہذیب التہذیب ص ۱۹۱ ر ج اطبقات ابن سعد ص ۶۷ ر ج ۱)

ف :- اگر سیرت اور سوانح کی کتابوں کو کھنگالا جائے تو دس بیس نہیں سینکڑوں ایسے واقعات مل جائیں گے کہ اللہ کے مخصوص بندے بیماری، پریشانی اور مصائب میں ذکر ودعا اور تلاوت وعبادت ہی سے سکون حاصل کرتے تھے اور اس میں انہماک کی وجہ سے وہ اپنی پریشانی کو بھول جاتے تھے اور ایسا کیوں نہ ہوتا جبکہ

باری تعالیٰ خود فرماتا ہے کہ اللہ کے ذکر سے دلوں کو سکون ملتا ہے۔اور تلاوت سے بڑھ کر ذکر کیا ہوسکتا ہے۔

حزنِ طویل اور خوفِ شدید

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کو حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا رضاعی بیٹا ہونے کا شرف حاصل ہے کیونکہ ان کی والدہ جو کہ لونڈی تھیں وہ اگر کبھی کسی کام سے گھر سے باہر جاتیں اور یہ بھوک کی وجہ سے روتے تو حضرت ام سلمہؓ انہیں دودھ پلا دیا کرتی تھیں۔ یہ مبارک دودھ اپنا رنگ لا کر رہا اور حضرت حسن بصریؒ بچپن ہی سے قرآن کے لیے وقف ہو کر رہ گئے۔بارہ سال کی عمر میں انہوں نے حفظ مکمل کر لیا تھا اور اس شان سے انہوں نے قرآن پڑھا کہ ابوبکر ہذلی کہتے ہیں جب تک حسن بصریؒ ایک سورۃ کی تفسیر وتاویل اور شان نزول وغیرہ سے پوری واقفیت حاصل نہیں کر لیتے تھے اس وقت تک آگے نہ بڑھتے تھے۔

زہد وورع کا مجسم پیکر تھے،ان پر ہمیشہ شکستگی اور حزن وملال کی کیفیت چھائی رہتی تھی کلام اللہ کی تلاوت کرتے تو آنکھیں برسنے لگتیں،فرمایا کرتے اللہ کی قسم یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ کوئی شخص قرآن پر ایمان رکھتا ہو اور پھر اس پر حزن اور غمگینی نہ چھائے اور اس کے اندر سوز وگداز پیدا نہ ہو۔

ایک اور موقع پر قسم کھا کر فرمایا ''اے آدم کی اولاد! اللہ کی قسم اگر تم قرآن پڑھو اور اس پر ایمان لے آؤ تو دنیا میں تمہارا حزن طویل تمہارا خوف شدید اور تمہارا گریہ وبکاء کثیر ہو جائے۔'' (تذکرۃ الحفاظ۔ص ۲۶ ج ۱ طبقات ابن سعد۔ص ۱۲۶ ج ۷)

ف:- جو بھی قرآن کریم کے حقائق پر ایمان رکھتے ہوئے اور معانی میں غور وفکر کرتے ہوئے اس کی تلاوت کرے گا وہ غیر سنجیدہ نہیں رہ سکے گا۔ اسے اللہ کا خوف لاحق ہوگا اور اپنی کوتاہیوں اور فکر آخرت کی وجہ سے وہ غمگین رہے گا لیکن یہ ایسا خوف اور غم ہے جو دوسرے ہر خوف اور غم سے نجات دے دیتا ہے اور درج ذیل واقعہ ہمارے اس دعوے کی تائید کرتا ہے۔

حق گوئی و بیباکی

حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ مشہور تابعی ہیں انہیں جرأت اور استقامت کے ساتھ حجاج بن یوسف کے ظلم کا سامنا کرنے کی وجہ سے بڑی شہرت حاصل ہے۔

حضرت سعیدؒ قرآن کے انتہائی عمدہ قاری تھے تمام مشہور قرأتوں کے عالم تھے رمضان میں ان کی عبادت وتلاوت بہت بڑھ جاتی تھی۔ کبھی کبھی ایک نشست میں پورا قرآن ختم کر دیتے تھے۔ رمضان کے علاوہ بھی عموماً دو رات میں پورا قرآن ختم کر دیتے تھے۔

ان کی شہادت کا واقعہ بہت مشہور ہے، اس وقت بھی ان کی زبان پر قرآن کی آیات تھیں اور ایسا کیوں نہ ہوتا کہ زندگی بھر انسان کی زبان پر جو کچھ رہا ہو موت کے وقت بھی وہی کچھ اسکی زبان پر ہوتا ہے۔

حجاج نے جب طویل بحث کے بعد جلاد کو حضرت سعیدؒ کے قتل کا حکم دیا تو یہ حکم سن کر حاضرین میں سے ایک شخص رونے لگا۔ ابن جبیرؒ نے اس سے پوچھا تم کیوں روتے ہو اس نے کہا کہ آپ کے قتل پر، فرمایا اس کے لئے رونے کی ضرورت نہیں یہ واقعہ تو اللہ تعالیٰ کے علم میں پہلے سے موجود تھا پھر یہ آیت پڑھی۔

مَا اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِيْ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِيْ كِتَابٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا (حدید)

(تم کو زمین اور اپنی جانوں میں جو مصیبتیں پہنچیں ان کو تمہیں پیدا کرنے سے پہلے ہم نے لکھ رکھا ہے)

قتل سے قبل ابن جبیرؒ نے حجاج سے اتنی مہلت مانگی جس میں دو رکعت نماز پڑھ سکیں، حجاج نے کہا اگر مشرق کی سمت رخ کرو تو اجازت مل سکتی ہے۔ فرمایا کچھ حرج نہیں "اَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللهِ" (تم جدھر بھی رخ کرو ادھر اللہ کی ذات ہے) پھر یہ آیت پڑھی۔

اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (انعام)

(میں نے یکسو ہو کر اپنا رخ اس ذات کی طرف کیا ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور میں مشرکوں میں سے نہیں)

حجاج نے جلاد کو حکم دیا کہ انہیں سر کے بل جھکا دو یہ حکم سن کر آپ نے یہ آیت تلاوت کی۔

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى (حم)

(اسی (زمین) سے ہم نے تم کو پیدا کیا اور اسی میں تم کو لوٹائیں گے پھر اسی میں سے تم کو دوبارہ نکالیں گے)

وہ مبارک ہستی جس کی ساری زندگی قرآن کریم کی تلاوت، خدمت اور اشاعت میں بسر ہوئی تھی شہادت گاہ میں چمکتی تلوار اور جلاد کی شعلہ بار آنکھوں سے

ذرا بھی نہ گھبرائی اور اس نے مذکورہ آیت کی تلاوت کے بعد کلمہ شہادت پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ ''الٰہی! میرے قتل کے بعد (حجاج) کو کسی کے قتل پر قادر نہ کرنا۔''

یہ دعا قبول ہوئی اور ایک لاکھ سے زیادہ انسانوں کا قاتل اس قتل ناحق کے بعد کسی دوسرے انسان کے خون سے ہولی نہ کھیل سکا۔

جلاد شمشیر بدست موجود تھا، حجاج کے حکم پر دفعتہً اس کی تلوار چلی اور ایک سچے خادم قرآن کا سر زمین پر گر کر ہمیشہ کے لیے سجدہ ریز ہو گیا۔ زمین پر گرنے کے بعد زبان سے آخری کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ نکلا۔

ف:- اگر دل میں ایمان اور قرآن کا نور ہو تو انسان ایسا جری اور بیباک ہو جاتا ہے کہ وہ بڑے سے بڑے ظالم کے سامنے بھی کلمہ حق کہنے سے باز نہیں رہتا۔

حجاج کے ظلم کا اس قدر شہرہ تھا کہ بڑے بڑے لوگ اس کے سامنے جانے سے کانپتے تھے۔ مگر حضرت سعید ابن جبیرؒ جن کی رگ رگ میں قرآن سرایت کر چکا تھا ان کے قدموں میں تلوار کی چمک دیکھ کر بھی لغزش پیدا نہ ہوئی اور ان کی زبان آخر وقت تک قرآن کی تلاوت کرتی رہی۔ حجاج نے ان کی جان تو لے لی مگر ان کے پاس جو سب سے بڑی دولت ایمان اور قرآن کی شکل میں تھی، حجاج یہ دولت ان سے چھین نہ سکا اور حضرت ابن جبیرؒ اس دولت کو اپنے سینے میں چھپائے ہوئے اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔

آخرت کا گھر

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ جنہیں خلیفہ راشد بھی کہا جاتا ہے، انتہائی خوف خدا رکھنے والے انسان تھے۔

حکومت اور سلطنت دلوں کو سخت اور مواخذہ سے بے خوف بنا دیتی ہے لیکن حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے دل کو اس نے خشیت الٰہی سے لبریز کر دیا تھا۔

قرآن کریم کی تلاوت کرتے ہوئے ان پر عجب کیفیت طاری ہو جاتی تھی خصوصاً ایسی آیات جن میں قیامت کے مناظر اور اخروی محاسبہ کا ذکر ہوتا، پڑھ کر بے حال ہو جاتے، ایک شب یہ آیت پڑھی

يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ

''جس دن لوگ بکھرے ہوئے پروانوں کی مثل ہوں گے اور پہاڑ دھنکی ہوئی اون کے مثل ہوں گے۔''

پڑھتے ہی زور سے چیخے ''واسوٓ صباحاہ'' اور اچھل کر اس طرح ساکن ہو گئے کہ معلوم ہوتا تھا ختم ہو گئے ہیں پھر ہوش میں آ گئے۔

ایک دن نماز میں یہ آیت پڑھی

وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْؤُلُوْنَ

انہیں ذرا روکو ان سے باز پرس کی جائے گی

تو اتنے متاثر ہوئے کہ اسی کو بار بار دہراتے رہے اور اس سے آگے نہ بڑھ سکے۔ انتقال کے وقت بھی قرآن کی تلاوت کر رہے تھے اور یہ آیت زبان پر تھی۔

تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ

''یہ آخرت کا گھر ہم ان لوگوں کے لئے بناتے ہیں جو زمین میں نہ برتری

چاہتے ہیں اور نہ فساد کرتے ہیں اور عاقبت پرہیز گاروں کے لیے ہے"

(تذکرۃ الحفاظ۔ج۱/۱۰۵ سیرت عمر بن عبدالعزیز۔ص۱۵۴)

ف:- جنت تکبر کرنے والوں کی جگہ نہیں بلکہ اہل تواضع کا مقام ہے، جو لوگ زمین میں بڑا بنتے ہیں اور فساد مچاتے ہیں انہیں جنت میں داخل نہیں ہونے دیا جائے گا۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ ان سعادت مند انسانوں میں سے تھے جو دنیاوی عہدہ اور اقتدار ملنے کے باوجود آداب بندگی نہیں بھولتے اور اللہ کی کبریائی اور جلال کے سامنے ان کی گردن جھکی رہتی ہے۔

عاشقِ قرآن کی زیارت

حضرت محمد بن منکدر رحمہ اللہ ممتاز قاری تھے، امام مالک رحمہ اللہ انہیں سید القراء کہتے تھے۔ان کے دل میں اتنا گداز تھا کہ کلام اللہ کی مؤثر آیات پڑھ کر ان کی آنکھوں سے بے اختیار آنسو جاری ہو جاتے تھے، ایک شب کو وہ نماز پڑھتے ہوئے رونے لگے جب بہت دیر تک روتے رہے تو ان کے گھر والوں نے پریشان ہو کر رونے کی وجہ پوچھی مگر انہوں نے کوئی جواب نہ دیا، اہل خانہ نے حضرت ابو حازم رحمہ اللہ کو بلوایا، حضرت ابو حازمؒ نے پوچھا آپ کیوں رو رہے ہیں فرمایا کہ دورانِ تلاوت ایک آیت سامنے آ گئی جس نے مجھے رلا دیا پوچھا وہ کونسی آیت ہے؟ جب انہوں نے آیت بتائی تو حضرت ابو حازمؒ بھی زار و قطار رونے لگے۔وہ آیت یہ تھی۔

وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ

''ان لوگوں کے لئے اللہ کی جانب سے ایسی چیز ظاہر ہوگئی جس کا وہ وہم وگمان بھی نہ کرتے تھے''

شب خیزی، زہدوتقوی اور ذکر وتلاوت میں انہماک کی وجہ سے ان کے چہرے پر ایسے انوار برستے تھے کہ ان کی زیارت سے اللہ یاد آتا تھا اور نفس کی اصلاح ہوتی تھی۔

امام اما لک رحمہ اللہ کا بیان ہے کہ جب میں اپنے قلب میں قساوت محسوس کرتا تھا تو جا کر ابن منکدر کو دیکھتا تھا اس کا یہ اثر ہوتا تھا کہ چند دنوں تک نفس میری نظر میں مبغوض ہوجاتا تھا (تہذیب التہذیب۔ج۹/۴۷۳)

ف:- جو لوگ واقعۃً ایسے ہوتے ہیں کہ ان کا اوڑھنا بچھونا قرآن بن جاتا ہے تو ان کی صحبت میں بیٹھنے سے دل میں ایمانی جذبات بیدار ہوجاتے ہیں اور ان کی زیارت سے اللہ یاد آجاتا ہے اور اگر خود قرآن پڑھنے پڑھانے والوں کی مجلسیں اور محفلیں بھی غیبت وبہتان اور دنیاداری کے تذکروں سے آباد ہوں تو ان کی محفل میں بیٹھنے والے بھی یہی کچھ لیکر وہاں سے اٹھیں گے، ایسے حضرات پر لازم ہے کہ وہ اپنے حال کی اصلاح کریں اور اللہ تعالیٰ نے انہیں جو قرآن جیسی بے مثال دولت اور نعمت عطا کی ہے اس کی قدر کریں اور اپنی جلوت وخلوت کو بھی اس کے رنگ میں رنگنے کی کوشش کریں۔

نور علی نور

علقمہ بن قیس رحمہ اللہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے خصوصی تلامذہ میں سے تھے اللہ تعالیٰ نے انہیں پرکشش آواز دی تھی، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی

اللہ عنہ ان سے قرآن پڑھوا کر سنتے اور فرماتے میرے باپ تم پر فدا ہوں خوش آوازی کے ساتھ پڑھا کرو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے آپ فرماتے تھے کہ حسنِ صوت قرآن کی زینت ہے۔

تلاوت قرآن کے ساتھ ان کو غیر معمولی شغف تھا۔عام معمول چھ دن میں قرآن ختم کرنے کا تھا۔کبھی کبھی ایک رات میں پورا قرآن پڑھ ڈالتے تھے،ابراہیمؒ کا بیان ہے کہ علقمہ ایک مرتبہ مکہ گئے۔شب کے وقت انہوں نے طواف شروع کیا پہلے سات پھیروں میں انہوں نے طوال ختم کیں،دوسرے سات پھیروں میں مئین تیسرے سات پھیروں میں مثانی اور چوتھے میں بقیہ سورتیں ختم کیں اس طرح انہوں نے ایک شب میں طواف کی حالت میں پورا قرآن تمام کردیا(حاشیہ ترغیب وترہیب۔ج۲/۳۶۴)

ف:- طواف بجائے خود بہت بڑی عبادت ہے پھر طواف کی حالت میں قرآن کی تلاوت کو نور علی نور ہی کہا جاسکتا ہے۔

سفرِ آخرت کے لئے مستعد

منصور بن ذاذان واسطی رحمہ اللہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کے خاص ساتھیوں میں سے تھے قرآن کی تلاوت کا خاص شغف تھا۔رمضان میں عبادت زیادہ بڑھ جاتی تھی،روزانہ قرآن ختم کردیتے تھے،نماز میں اس شدت کا گریہ طاری ہوتا کہ آنسو پونچھتے پونچھتے عمامہ تر ہوجاتا۔

انہوں نے عبادت وریاضت کو آخری حد تک پہنچادیا تھا،یوں محسوس ہوتا تھا کہ

وہ سفرِ آخرت کے لئے مستعد اور تیار بیٹھے ہیں۔ ہشیم کا بیان ہے کہ وہ اتنی عبادت کرتے تھے کہ اگر ان سے کہا جاتا کہ موت کا فرشتہ دروازہ پر آ گیا ہے تو جتنی عبادت وہ کرتے تھے اس میں زیادتی ممکن نہ تھی (سیر اعلام النبلاء۔ ج ۴۴۱/۵)

ف:- یہ وہ سعادت مند لوگ تھے جو زندگی کے ہر دن کو آخری دن سمجھ کر گذارتے تھے ان کی مثال اسٹیشن پر بیٹھے ہوئے ان مسافروں کی سی ہوتی ہے جنہیں یقین ہوتا ہے کہ گاڑی کسی بھی لمحے آ سکتی ہے اور اس کے آتے ہی ہمارے سفر کا آغاز ہو جائے گا جب کہ ہمارے جیسے بے خبر انسانوں کی مثال ان احمقوں کی سی ہے جو اسٹیشن کی انتظار گاہ کو اپنا مستقل ٹھکانہ سمجھ کر اس کی ڈیکوریشن میں لگ جائیں۔

سات ہزار کلام

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ بہت بڑے تاجر فقہ حنفی کے بانی، سینکڑوں تلامذہ کے استاد اور ہزاروں انسانوں کے مرجع تھے لیکن ان میں سے کوئی چیز بھی ان کی عبادت اور عمل کی راہ میں رکاوٹ نہیں بنتی تھی۔ عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ کا قول ہے کہ میں نے ابو حنیفہؒ سے زیادہ کوئی پارسا نہیں دیکھا۔ اسد بن عمروؒ کا قول ہے کہ ابوحنیفہ رحمہ اللہ شب کی نماز میں ایک رکعت میں پورا قرآن ختم کر دیتے تھے۔ ان کے گریہ وزاری کی آواز سن کر پڑوسیوں کو رحم آنے لگتا تھا ان کا یہ بھی قول ہے کہ یہ روایت محفوظ ہے کہ امام ابوحنیفہؒ نے جس مقام پر وفات پائی وہاں سات ہزار کلام مجید ختم کیے تھے

تکرار میں صبح

زائدہؒ کہتے ہیں کہ ایک رات میں نے ابوحنیفہؒ کے ساتھ عشاء کی نماز مسجد میں

پڑھی، نمازی نماز پڑھ کر چلے گئے، ابوحنیفہؒ کو معلوم نہ ہوا کہ میں مسجد میں ہوں حالانکہ تنہائی میں ان سے ایک مسئلہ پوچھنا چاہتا تھا، انہوں نے کھڑے ہو کر نماز میں قرآن مجید پڑھنا شروع کیا میں انتظار میں کھڑا سنتا رہا کہ فارغ ہوں تو مسئلہ پوچھوں، پڑھتے پڑھتے جب اس آیت پر پہنچے۔

فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ

''اللہ تعالیٰ نے ہم پر احسان کیا اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالیا''

تو اس آیت کو بار بار پڑھنا شروع کیا اور اسی آیت کی تکرار میں صبح ہوگئی، یہاں تک کہ موذن نے فجر کی اذان دے دی۔

اسی طرح کی روایت قاسم بن معین سے بھی ہے کہ ایک رات ابوحنیفہؒ نے نماز میں یہ آیت پڑھی

بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ

''بلکہ ان کا وعدہ قیامت پر ہے اور قیامت بڑی آفت اور بہت تلخ ہے''

تمام رات اس کو دہراتے رہے اور شکستہ دلی سے روتے رہے (التبیان۔ص ۳۳)

ف:- جب قرآن کو سمجھ کر پڑھا جاتا ہے تو قیامت کا منظر اور رب ذوالجلال کی کبریائی کا نقشہ آنکھوں کے سامنے گھوم جاتا ہے اور پھر آنسو آ ہی جاتے ہیں لیکن جو قاری قرآن سمجھ کر اور ڈوب کر نہیں پڑھتے ان کی سریلی آواز سن کر ''واہ واہ'' کی صدائیں تو بلند ہوتی ہیں مگر گریہ وزاری اور ''آہ'' نہ انہیں نصیب ہوتی ہے نہ سننے والوں کو۔

جزائے خیر وشر

یزید بن کمیتؒ جو برگزیدہ لوگوں میں سے تھے وہ کہتے ہیں کہ ابو حنیفہؒ کے دل میں اللہ تعالیٰ کا شدید خوف تھا ایک رات امام نے عشاء کی نماز میں سورہ اذا زلزلت پڑھی ابو حنیفہؒ بھی جماعت میں شامل تھے۔ جب نماز ختم کر کے آدمی چلے گئے تو میں نے دیکھا کہ ابو حنیفہؒ فکر میں غرق بیٹھے ہیں، تنفس جاری ہے میں نے دل میں کہا چپکے سے ہٹ چلوان کے شغل میں خلل انداز نہ ہو، چنانچہ قندیل روشن چھوڑ کر میں چلا آیا اس میں تیل تھوڑا تھا، طلوع فجر کے بعد جب میں مسجد میں پھر آیا تو میں نے دیکھا کہ ابو حنیفہؒ اپنی داڑھی پکڑے کھڑے ہیں اور کہہ رہے ہیں

یا من یجزی بمثقال ذرة خیر خیر اویامن یجزی بمثقال ذرة شر شرا احر النعمان عبد من النار ومایقرب منهامن السؤ وادخله فی سعة رحمتک

''اے ذرہ بھر نیکی کا اچھا بدلہ دینے والے اور اے ذرہ بھر برائی کا بدلہ دینے والے اپنے بندہ نعمان کو آگ سے اور اس کے لگ بھگ عذاب سے بچائیو اور اپنی رحمت کی فضا میں داخل کیجیو'' میں نے اذان دی آ کر دیکھا تو قندیل روشن تھی اور وہ کھڑے ہوئے تھے، مجھے دیکھ کر کہا قندیل لینا چاہتے ہو میں نے کہا صبح کی اذان دے چکا، کہا جو دیکھا ہے اس کو چھپانا یہ کہہ کر صبح کی سنتیں پڑھیں اور بیٹھ گئے میں نے تکبیر کہی تو جماعت میں شریک ہوئے اور ہمارے ساتھ فجر کی نماز اوّل شب کے وضو سے پڑھی۔

ف:- چونکہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ قرآن کریم پڑھتے اور سنتے ہوئے اس کے معانی پر نظر رکھتے تھے اس لئے جب نماز میں سورہ زلزال کی یہ آیات پڑھی گئیں۔

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ

''سو جو کوئی ذرہ بھر بھی نیکی کرے گا اسے دیکھ لے گا اور جس کسی نے ذرہ بھر بھی بدی کی ہوگی اسے بھی دیکھ لے گا''

تو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا ذہن اپنے اعمال اور جزا و سزا کے دن کی طرف منتقل ہوگیا قارئین یہ بات ذہن میں رکھیں کہ ان دو آیتوں کو حدیث میں ''الجامعۃ الفاذہ'' کہا گیا ہے یعنی جو اصل ان میں بیان کر دی گئی ہے وہ جامع اور منفرد ہے اور اس میں شک نہیں کہ ان آیتوں میں قانون مجازات انتہائی جامعیت کے ساتھ بیان کر دیا گیا ہے۔

رضا کے بجائے ناراضگی

امام ابو یوسف رحمہ اللہ امام ابوحنیفہؒ قدس سرہ کے مایہ ناز شاگردوں میں سے تھے انہیں فقہ، قضا اور افتاء میں رسوخ اور مثالی ملکہ حاصل تھا۔

امام ابوحنیفہؒ کے درس کی ایک خصوصیت یہ بھی تھی کہ وہ حفظِ قرآن کے بغیر اپنے درس میں کسی کو شریک ہونے کی اجازت نہیں دیتے تھے امام ابو یوسفؒ بھی حافظِ قرآن تھے، قرآن کا ادب و احترام بھی انہوں نے استاد سے سیکھا تھا ایک بار کہیں جا رہے تھے، راستہ میں دو آدمی خرید و فروخت کرنے میں جھگڑا کر رہے تھے ان میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا کہ میری اور تمہاری مثال تو قرآن کی اس آیت کے مطابق ہے۔

اِنَّ هٰذَا اَخِیْ لَهٗ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِیَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ فَقَالَ اَكْفِلْنِیْهَا

''یہ میرا بھائی ہے جس کے پاس 99 دنبیاں ہیں اور میرے پاس صرف ایک دنبی ہے یہ کہتا ہے کہ یہ ایک بھی مجھے دے دو''

امام ابو یوسفؒ نے یہ سنا تو ان پر غصہ اور افسوس سے ایک عجیب کیفیت طاری ہوگئی قریب تھا کہ بے ہوش ہو جائیں جب ذرا یہ کیفیت دور ہوئی تو اس شخص سے بڑے درشت لہجہ میں کہا۔

''تو اللہ سے ذرا بھی نہیں ڈرتا، کلام الٰہی کو تو نے معمولی بات چیت بنالیا ہے، قرآن کے پڑھنے والے کو چاہیے کہ وہ اس کو نہایت خشوع وخضوع اور خوف وہیبت کے ساتھ پڑھے ایسا نہ ہو کہ وہ ناراضگی کا سبب بن جائے، میں تجھ میں یہ کیفیت بالکل نہیں پاتا کیا تیری عقل جاتی رہی ہے کہ تو نے کلام الٰہی کو لہو ولعب بنالیا ہے''

ف:- قرآن کریم عظمت والی ذات کا عظمت والا کام ہے اس کے پڑھنے سے انہی لوگوں کو عظمت اور عزت نصیب ہوتی ہے جو اسے ادب اور احترام کے ساتھ پڑھتے ہیں، غفلت، لاپرواہی اور بے ادبی کے ساتھ اسے پڑھنا ثواب کے بجائے عذاب کا سبب بن سکتا ہے، یہ عذاب آخرت میں تو ظاہر ہوگا ہی کبھی کبھی دنیا میں بھی اس کی کوئی نہ کوئی جھلک دکھائی دے جاتی ہے۔

پانچ باتیں

امام عبدالرحمٰن اوزاعی رحمہ اللہ کا شمار دوسری صدی کے ممتاز مجتہدین مثلاً امام ابوحنیفہ، امام مالک اور سفیان ثوری رحمہم اللہ کی صف میں ہوتا ہے۔

علم کے علاوہ عبادت وتقویٰ میں بھی ممتاز تھے۔خصوصیت سے رات کا بیشتر حصہ ذکر وتلاوت میں گزرتا تھا فرماتے تھے کہ جولوگ رات کی نمازوں میں جتنا طویل قیام کریں گے، اللہ تعالیٰ اسی نسبت سے قیامت کے قیام کو ہلکا کردے گا، طویل قیام میں طویل قرأت فرماتے اور اس میں ان پر ایسا گریہ طاری ہوتا کہ دیکھنے والوں کو ترس آتا، سجدے میں جاتے تو آنسوؤں کی کثرت سے مصلّٰی تر ہوجاتا تھا، ایک بار ایک عورت ان کی اہلیہ سے ملنے آئی اس نے دیکھا کہ مصلّٰے کا ایک حصہ تر ہے، پوچھا کہ کیا مصلے پر کسی بچے نے پیشاب کردیا ہے، نیک بخت بولیں۔

''یہ شیخ کے آنسوؤں سے تر ہوگیا ہے یہ روزانہ سجدوں میں اسی طرح رویا کرتے ہیں''

امام اوزاعی رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ پانچ باتیں تمام صحابہؓ اور تابعین میں مشترک تھیں۔

۱۔اجتماعیت ۲۔اتباع سنت ۳۔تعمیر مساجد ۴۔تلاوت قرآن پاک ۵۔جہاد فی سبیل اللہ (البدایہ۔ج۱۰/۱۱۷۔تذکرۃ الحفاظ۔ج۱/۱۶۱)

ف:۔ یہی پانچ چیزیں ہیں جو آج کے مسلمانوں کی زندگی سے نکلتی جارہی ہیں اجتماعیت کی جگہ اختلاف اور افتراق نے لے لی ہے اتباع سنت کو چھوڑ کر مسلمان بدعات میں لگ گئے ہیں، مساجد کی عمارات تو بے شک بنائی جارہی ہیں لیکن ان کی آبادی کا حق ادا نہیں کیا جارہا، قرآن پاک کی تلاوت چھوڑ کر فضولیات اور لغویات کی طرف توجہ زیادہ دی جارہی ہے اور جہاد فی سبیل اللہ کا جذبہ عارضی دنیا کی محبت میں دب کر رہ گیا ہے۔

تلاوت کا متأثر کن انداز

امام شافعی رحمہ اللہ کے بارے میں مشہور بزرگ حضرت ربیع رحمہ اللہ کا بیان ہے کہ آپ روزانہ ایک قرآن پاک رات میں تلاوت فرمالیا کرتے تھے اور آپ کی تلاوت اتنی متأثر کن ہوتی تھی کہ سننے والے اپنے آنسوؤں پر قابو نہیں رکھ سکتے تھے ابن نصر کہتے ہیں کہ جب کبھی ہم (اپنی قلبی قساوت دور کرنے کے لئے) رونا چاہتے تھے تو آپس میں کہتے تھے کہ چلو اس نوجوان (امام شافعیؒ) کے پاس چلتے ہیں، آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ سے تلاوت کی درخواست کرتے، جب آپ تلاوت شروع فرماتے اس وقت ہم لوگوں کا یہ حال ہوتا تھا کہ ان کے سامنے گرے جاتے تھے اور رونے کی آواز بلند ہونے لگتی تھی۔ امام صاحب ہمارا یہ حال دیکھ کر تلاوت سے رک جاتے تھے۔

حسین بن علی کرابیسیؒ کہتے ہیں کہ میں نے امام شافعیؒ کے ساتھ کئی راتیں گذاری ہیں وہ تہائی رات تک نوافل میں پچاس سے سو تک آیتیں پڑھتے تھے اور ہر آیت پر مسلمانوں کے لیے دعا کرتے اور عذاب کی آیت پر اللہ کی پناہ مانگتے تھے (سیرت ائمہ اربعہ قاضی اطہر مبارکپوریؒ)

ف :- تلاوت کا صحیح طریقہ یہی ہے کہ پڑھنے والے کے دل میں اس کلام کی عظمت کا احساس ہو اور وہ یہ بھی جانتا ہو کہ میں کیا پڑھ رہا ہوں، ایسی ہی تلاوت قاری اور سامع دونوں کے دل کو متأثر کرتی ہے ورنہ جن لوگوں کے دل میں اس کی عظمت بھی نہ ہو اور معانی پر بھی ان کی نظر نہ ہو وہ پورا قرآن بھی پڑھ جائیں تو ان پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔

حضرت عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ آخری زمانے میں نوعمر اور کم عقل لوگ قرآن کریم پڑھنے کا تو بہت اہتمام کریں گے مگر وہ ان کے حلقوم سے نیچے نہیں جائے گا (مصنف ابن ابی شیبہ ۱۵۹/۲)

فیصلہ کا دن

یحییٰ بن سعید قطان رحمہ اللہ غلام خاندان سے تھے لیکن علم وفضل نے ان کا مقام کئی آزاد انسانوں سے بھی اونچا کر دیا تھا اور ان کا شمار ممتاز تابعین میں ہوتا تھا۔

کلام الٰہی کی تلاوت سے خاص شغف تھا لیکن وہ محض قرآن کے الفاظ ہی نہیں پڑھتے تھے بلکہ اس کے معانی میں غور وتدبر کرتے تھے اسی لیے ان پر قرآن کا وہی اثر ہوتا تھا جو قلب مومن پر ہونا چاہیے بلکہ بسا اوقات قرآن کی زبان سے آخرت کا تذکرہ سن کر وہ بے خود ہو جاتے تھے ممتاز محدث حضرت علی بن مدینی رحمہ اللہ کا بیان ہے کہ ایک بار ہم لوگ ان کی مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے، حاضرین میں سے کسی سے انہوں نے فرمایا کہ قرآن پاک کا کوئی حصہ سناؤ، اس نے سورہ دخان کی تلاوت شروع کی جوں جوں وہ پڑھتا جاتا تھا ان پر رقت طاری ہوتی جارہی تھی۔ جب وہ اس آیت پر پہنچا:

اِنَّ یَوْمَ الْفَصْلِ مِیْقَاتُهُمْ اَجْمَعِیْنَ

"فیصلہ کے دن سب لوگ حاضر ہوں گے"

تو حضرت یحییٰ سعید رحمہ اللہ پر لرزہ طاری ہو گیا اور وہ بے ہوش ہو گئے ان کی یہ کیفیت دیکھ کر گھر کی عورتیں اور بچے رو پڑے، کچھ دیر کے بعد ان کی یہ کیفیت دور

ہوئی تو ان کی زبان پر پھر یہی آیت تھی۔

اِنَّ یَوْمَ الْفَصْلِ مِیْقَاتُھُمْ اَجْمَعِیْنَ (سیر اعلام النبلاء۔ ج۱۳۹/۹)

ف:- سچ اور جھوٹ، حق اور باطل، اچھے اور برے کے درمیان فیصلے کا دن قیامت ہے اس دن پتہ چلے گا کہ کون حق پر تھا اور کون باطل پر تھا، کون سچا تھا اور کون جھوٹا تھا، جو لوگ اس دن پر اور اس دن کی ہولناکیوں پر یقین رکھتے ہیں انہیں اس دن کا تذکرہ جھنجھوڑ کر رکھ دیتا ہے۔

کیا ابھی وقت نہیں آیا

فضیل بن عیاضؒ غلط صحبت کی وجہ سے ایک بڑے ڈاکو کی حیثیت سے مشہور ہو گئے تھے، ڈاکہ زنی ہی میں ان کے روز و شب گذر رہے تھے کہ یکا یک فضل باری تعالیٰ نے ان کا دامن پکڑا اور ان کو توبہ کی توفیق نصیب ہوئی، ان کی توبہ کی داستان بھی بڑی عبرت انگیز ہے، ان کو کسی لڑکی سے عشق ہو گیا تھا مگر خواہشِ نفس کی تکمیل کی کوئی سبیل پیدا نہیں ہو رہی تھی ایک دن موقع پا کر اس کے گھر کی دیوار پھلانگ کر اندر داخل ہونا چاہتے تھے کہ کسی بندہ خدا نے یہ آیت تلاوت کی

اَلَمْ یَاْنِ لِلَّذِیْنَ آمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُھُمْ لِذِکْرِ اللّٰہِ

"کیا ابھی اہلِ ایمان کے لیے وقت نہیں آیا ہے کہ ان کے دل اللہ کی یاد کے لیے جھک جائیں"۔

کلام الٰہی کی یہ دل گداز آواز ان کے کانوں میں پہنچی اور کانوں کے ذریعہ دل میں اُتر گئی، ایمان کی دبی ہوئی چنگاریاں بھڑک اٹھیں، بے اختیار بول اٹھے اے پروردگار وہ

وقت آ گیا کہ میں بحرِ معاصی سے نکل کر تیرے دامنِ رحمت میں پناہ لوں۔

اس توبہ نصوح کے بعد ان کو علم دین کی تحصیل کا شوق دامن گیر ہوا اور اس شوق کی تکمیل اس قدر محنت سے کی کہ انہیں امام الحرم، شیخ الاسلام اور قدوۃ الاعلام جیسے القاب سے خود اہل علم نے نوازا

ف:- جب اللہ تعالیٰ کی رحمت دستگیری فرماتی ہے تو لمحوں ہی میں فیصلے ہو جاتے ہیں اور دل و دماغ بدل جاتے ہیں۔

جب اللہ تعالیٰ نے حضرت فضیل رحمہ اللہ کو راہِ راست پر لانے کا ارادہ کیا تو قرآن کی ایک ہی آواز نے ان کے دل کے دروازے کھول دیئے اور انہوں نے یقین کر لیا کہ یہ سوال مجھ سے ہو رہا ہے کہ اے ایمان کا دعویٰ کرنے والے کیا ابھی وقت نہیں آیا کہ تمہارا دل اللہ کی یاد کے لئے جھک جائے۔

ہم جو گناہوں کی دلدل میں ڈوبے ہوئے لوگ ہیں کیا ہم یہ نہیں سوچ سکتے کہ یہ سوال ہم سے ہو رہا ہے کہ اے گناہوں کی غلاظت میں آلودہ لوگو! کیا ابھی وقت نہیں آیا کہ تمہارے دل اللہ کے ذکر اور اللہ کی کتاب کے سامنے جھک جائیں۔

سچا عاشقِ قرآن

حضرت فضیل بن عیاض رحمہ اللہ کو قرآن کے ساتھ سچا عشق تھا۔ خادمِ خاص ابراہیم بن اشعثؒ کہتے ہیں کہ فضیل کے دل میں جس قدر اللہ کی عظمت تھی اتنی میں نے کسی کے دل میں نہیں دیکھی۔

امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کا بیان ہے کہ ایک بار ہم لوگ فضیل بن عیاضؒ کے

پاس گئے اور ان سے اندر آنے کی اجازت چاہی تو اجازت نہیں ملی، کسی نے کہا کہ اگر وہ قرآن کی آواز سن لیں تو نکل آئیں گے۔

ہمارے ساتھ ایک بلند آواز آدمی تھا ہم نے اس سے کہا کہ قرآن کی کوئی آیت پڑھو، اس نے بلند آواز سے سورہ تکاثر پڑھنی شروع کر دی وہ فوراً نکل آئے، اس وقت ان کا حال یہ تھا کہ داڑھی آنسوؤں سے تر تھی۔ جب وہ خود قرآن پڑھتے تو ان کی آواز نہایت غمگین اور پسندیدہ ہوتی اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھتے تھے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کسی انسان کو مخاطب کر رہے ہیں۔

تاریخ کی کتابوں میں ان کے جو اقوالِ زرّیں منقول ہیں ان میں ہے کہ وہ فرمایا کرتے تھے۔

"حاملِ قرآن کے لیے یہ زیبا نہیں کہ وہ اپنی کوئی ضرورت امراء اور اہلِ دولت کے سامنے لیجائے بلکہ اس کا منصب یہ ہے کہ خلقِ خدا اپنی حاجتیں اس کے پاس لیجائے"

یہ قول بھی انہی کا ہے۔

"جو شخص قرآن پڑھتا ہے اس سے اس طرح سوال کیا جائے گا جس طرح انبیاء سے تبلیغ و رسالت کے بارے میں سوال ہوگا۔ کیونکہ قرآن پڑھنے والا انبیاء کا وارث ہے۔ (تہذیب التہذیب۔ حلیۃ الصفوہ۔ ج ۱۳۵/۲)

فہم قرآن کی خاطر

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نابغہ روزگار انسانوں میں سے تھے۔ یوں تو تمام مروجہ علوم میں اللہ تعالیٰ نے انہیں مہارت دی تھی لیکن قرآن اور قرآن کی تفسیر سے ان کو خاص

دلچسپی تھی، ان کا اپنا بیان ہے کہ میں نے تفسیر قرآن میں چھوٹی بڑی سو سے زائد کتابوں کا مطالعہ کیا۔ اس فن سے ان کو فطری مناسبت تھی قرآن مجید کی تلاوت، تدبر اور مطالعہ کی کثرت سے اللہ تعالیٰ نے ان پر علوم قرآن کا خاص افاضہ فرمایا تھا، فہم قرآن کے لئے کتابوں کے علاوہ خود صاحب کتاب کی طرف رجوع فرماتے اور اس سے شرح صدر کی دولت مانگتے تھے اپنے تدبر فی القرآن اور فہم قرآن کی طلب کے متعلق وہ خود بیان کرتے ہیں۔

''بعض اوقات ایک آیت کے معانی اور مطالب سمجھنے کے لیے میں نے سو سو تفسیروں کا مطالعہ کیا ہے، مطالعہ کے بعد میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا کہ مجھے اس آیت کا فہم عنایت ہو، میں عرض کرتا کہ اے آدم وابراہیم کے معلم! میری تعلیم فرما میں سنسان اور غیر آباد مسجدوں اور مقامات کی طرف چلا جاتا اپنی پیشانی خاک پر ملتا اور کہتا ''یا معلم ابراھیم فھمنی'' اے ابراہیم کو تعلیم دینے والے مجھے فہم قرآن عطا فرما۔

ف: شیخ ابن تیمیہ رحمہ اللہ کے واقعہ میں ان لوگوں کے لیے عبرت و نصیحت کا بڑا سامان ہے جو فہم قرآن کے لیے چند اردو اور انگریزی تفاسیر کا سطحی مطالعہ کافی سمجھتے ہیں بلکہ بعض اوقات اسی مطالعہ کی بنیاد پر وہ خود کو قرآن کا مفسر سمجھنے لگتے ہیں۔

ختمِ قرآن سے قبل ختمِ زندگی

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ آخری بار ۷۲۶ھ کو اسیر ہوئے تو شیخ نے اسارت پر بھی اللہ کا شکر ادا کیا اور خلوت و انقطاع کی پوری قدر کی اس فرصت میں ان کا سب سے

بڑا مشغلہ اور ورد تلاوت قرآن تھا وہ دو سال تک جیل میں رہے اس مختصر مدت میں تصنیف و تالیف اور علمی سوالات کے جوابات دینے کے ساتھ اپنے بھائی شیخ زین الدین ابن تیمیہؒ کے ساتھ قرآن مجید کے اسی دور کیے، زین الدینؒ کہتے ہیں کہ قرآن مجید کے اسی دور ختم کرنے کے بعد جب نیا دور شروع کیا اور سورہ قمر کی اس آیت پر پہنچے۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ

'جو پرہیز گار ہیں ان باغوں اور نہروں کے درمیان ہوں گے ایک اعلیٰ مقام میں قدرت والے بادشاہ کے نزدیک"

تو میرے بجائے عبداللہ بن محب اور عبداللہ زرعی کے ساتھ دور شروع فرمایا یہ دونوں نہایت صالح شخص تھے اور آپس میں حقیقی بھائی تھے، شیخ کو ان کی قرأت بہت پسند تھی، ابھی یہ دور ختم نہیں ہونے پایا تھا کہ زندگی کے دن پورے ہو گئے اور یہ مجمع کمالات ہستی ترسٹھ سال کی عمر میں دنیا سے کوچ کر گئی (تاریخ دعوت و عزیمت ۱۳۱/۲)

ف:- قرآن کریم کتاب ہی ایسی ہے جو کبھی ختم نہیں ہو سکتی جو لوگ پوری زندگی بھی اس کتاب کے لیے وقف کر دیتے ہیں وہ بھی محسوس کرتے ہیں کہ ہم سے کتاب اللہ کا حق ادا نہیں ہو سکا اور ختم قرآن سے قبل ان کا پیمانہ زندگی لبریز ہو جاتا ہے۔ اور وہ یہ حسرت دل میں لیے دنیا سے رخصت ہو جاتے ہیں۔

تمنا ہے یہی خادم کبھی یہ آس پوری ہو
شروع الحمد سے ہو کر کبھی والناس پوری ہو

مشک کی بو

قرأت عشرہ کے ائمہ میں سے پہلے امام نافع مدنی رحمۃ اللہ علیہ آزاد کردہ غلام تھے، انہوں نے ستر تابعین سے قرآن شریف پڑھا پھر ساری زندگی قرآن کریم کی تدریس میں گزار دی، مسجد نبوی ﷺ میں ستر سال تک قرآن کا درس دیتے رہے، جب پڑھاتے تھے تو منہ سے مشک کی بو آتی تھی، کسی نے پوچھا کیا آپ خوشبو لگاتے ہیں فرمایا نہیں، میں نے آنحضرت ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپ ﷺ میرے منہ میں قرآن شریف پڑھ رہے ہیں، اس دن سے یہ خوشبو آتی ہے۔ سو سال کی عمر پا کر ۱۶۹ھ میں مدینہ منورہ میں فوت ہوئے اور جنت البقیع میں امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے پہلو میں دفن ہوئے۔

ف:- قرآن کریم کی خدمت کے نتیجے میں نہ صرف سرکار دو جہاں ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی بلکہ حبیب پاک ﷺ نے اپنا منہ مبارک ان کے منہ کے ساتھ لگایا۔ یہ انعام تو انہیں دنیا میں ملا، آخرت میں نامعلوم کیا کچھ ملے گا۔

اس واقعہ سے یہ بھی ثابت ہوا کہ ہمارے آقا جہاں قرآن پڑھ دیں وہاں خوشبو پھیل جاتی ہے۔

حصول قرأت کا شوق

امام نافع رحمہ اللہ کی قرأت کے دوسرے راوی جن کا اصل نام تو عثمان تھا مگر ورش کے نام سے مشہور ہو گئے وہ سفر کی صعوبتیں برداشت کرتے ہوئے مصر سے مدینہ منورہ آئے لیکن چونکہ حضرت نافع مہاجرین و انصار کی اولاد کو قرآن کریم کی تعلیم

دینے میں اس قدر مصروف رہتے تھے کہ ان کے پاس کسی دوسرے شاگرد کے لیے کچھ بھی وقت نہیں بچتا تھا اسلئے ابتداء میں انہوں نے ان کی طرف کوئی توجہ نہیں دی۔ پھر بعض بزرگوں نے سفارش کی کہ یہ شخص نہ حاجی ہے نہ تاجر ہے محض قرأت کے شوق میں مصر سے آپ کے پاس آیا ہے اس لئے آپ کو اس کی طرف توجہ دینی چاہیے مگر آپ نے عذر فرمایا کہ مہاجرین وانصار کے مجھ پر احسانات ہیں اس لئے میں ان کی اولاد کو تعلیم دینا اپنا اولین فرض سمجھتا ہوں لیکن جب ان لوگوں نے زیادہ اصرار کیا تو آپ نے حضرت ورش کو مسجد نبوی ﷺ ہی میں رہنے کی تاکید کی کہ جب فرصت ملے گی پڑھادوں گا، دوسرے دن صبح کی نماز سے پہلے آپ مسجد نبوی میں تشریف لائے تو پوچھا وہ مصری کہاں ہے۔ حضرت ورش کہتے ہیں کہ میں حاضر خدمت ہوا تو آپ نے مجھے کچھ اصول بتائے اور پڑھنے کا حکم دیا۔ میں نے پڑھنا شروع کیا، آپ غلطیاں بتلاتے اور سمجھاتے گئے جب میں ۳۰ آیتیں پڑھ چکا تو آپ نے مجھے خاموش ہونے کا اشارہ کیا۔ اسی وقت طلبہ کے حلقہ میں سے ایک نوجوان نے کھڑے ہوئے کر عرض کیا اے معلمِ خیر! میں یہیں رہتا ہوں اور یہ دور دراز کا سفر کر کے آیا ہے میں اپنے وقت میں سے دس آیات کے بقدر اسے ہبہ کرتا ہوں پھر ایک اور شخص نے دس آیتوں کا وقت ہبہ کیا جس پر امام صاحب نے مجھے روزانہ تیس آیتیں پڑھنے کی اجازت دے دی اس طرح میں نے کئی مرتبہ پورا قرآن مجید آپ سے پڑھا۔

قرأت میں کمال حاصل کرنے کے بعد آپ مصر واپس چلے گئے جہاں اللہ تعالیٰ نے آپ کو سینتالیس برس قرآن کریم کی خدمت کی توفیق دی۔

ف:- ہمارے اسلاف قرآن سیکھنے کے لئے سینکڑوں بلکہ ہزاروں میل کا

سفر کرتے تھے اور پھر اساتذہ کے سامنے لجاجت کرتے تھے، ان کی ہر بات برداشت کرتے تھے، قرآنی علوم کے حصول میں سالہا سال بے دریغ خرچ کر دیتے تھے اور جب ربّ کریم انہیں کمال عطا فرما دیتا تھا تو پھر وہ اپنی پوری زندگی دوسروں کو باکمال بنانے میں لگا دیتے تھے۔

سنتالیس برس زبان سے کہہ دینا آسان ہے لیکن اتنا عرصہ خدمت قرآن میں لگے رہنا بڑی ہمت کا کام ہے بقول شاعر۔

یہ نصف صدی کا قصہ ہے
دو چار برس کی بات نہیں۔

اٹھارہ ہزار قرآن

ابوبکر شعبہ بن عیاش رحمہ اللہ قرأت کے پانچویں امام سیدنا عاصم کوفی رحمۃ اللہ کے شاگرد تھے، استاد کی ساری زندگی قرآن کے درس و تدریس میں گذری پچاس سال سے زیادہ عرصہ تک مسندِ تدریس پر فائز رہے، انتقال کے وقت بھی زبان پر کلام اللہ کی تلاوت جاری تھی۔ استاد والا رنگ شاگرد پر بھی چڑھ گیا۔ پوری زندگی قرآن کریم کی خدمت اور تلاوت میں گذاری، ایک بار خود فرمایا کہ "میں نے کبھی کوئی بھی کام نہیں کیا تیس سال سے روزانہ ایک قرآن شریف ختم کرتا ہوں"

ستر سال عبادت میں مصروف رہے، چالیس سال آپ کے لئے بستر نہیں بچھایا گیا اور اس عرصہ میں آپ نے شب کے وقت زمین سے پیٹھ نہیں لگائی۔ ۲۴ ہزار مرتبہ قرآن ختم کیا، اپنے استاد امام عاصم کے روبرو تین مرتبہ قرآن پاک پڑھا، پہلی بار

پانچ پانچ آیات پڑھ کر تین سال میں ختم کیا وفات کے وقت ان کی ہمشیرہ رونے لگیں تو فرمایا۔

''کیوں روتی ہو (مکان کے ایک گوشہ کی طرف اشارکر کے بتلایا) اس گوشے کی طرف دیکھو میں نے اس میں اٹھارہ ہزار قرآن مجید ختم کیے ہیں اور اپنے لڑکے کو وصیت فرمائی کہ اس گوشے میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہرگز نہ کرنا''

ف:- ہمارے ذہنوں میں قاری کا تصور بس یہ ہے کہ وہ قرآن کو بنا سنوار کر پڑھ سکتے ہیں۔ ہمارے اسلاف میں جو قاری ہوتے تھے وہ قرآن کی قرأت بھی کرتے تھے اور اس پر عمل بھی کرتے تھے۔ان کے دن تجوید وقرأت کی تعلیم میں گذرتے تھے اور ان کی راتیں کلام اللہ کی تلاوت میں بسر ہوتی تھیں۔

حضرت قاری ابوبکر بن عیاش رحمہ اللہ کی عملی زندگی پر ان کی تلاوت کو تقسیم کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ ہر سال تین سو پچیس قرآن کریم ختم کر لیتے تھے آج ہم میں سے کتنے حافظ اور قاری ہیں جو صرف رمضان المبارک ہی میں ختم قرآن کو ضروری سمجھتے ہیں اور وہ بھی قرآن کی محبت کی وجہ سے نہیں بلکہ تراویح کی مجبوری کی وجہ سے۔

غیرت واستغناء

قرأت کے چھٹے امام حمزہ بن اسمٰعیل الزیات کوفی روغن زیتون کے تاجر تھے اسی لیے انہیں زیات کہا جاتا ہے فارس کے قیدیوں کی اولاد میں سے تھے۔اللہ پاک نے اس فارسی کو اپنی مقدس کتاب کی خدمت کے لیے قبول فرمالیا۔نتیجہ یہ نکلا کہ

سیدزادوں اور صاحبزادوں سے بڑھ کر عزت اور شہرت کے مستحق قرار پائے۔ ہر مہینے میں ۲۷ یا ۲۸ قرآن ترتیل کے ساتھ پڑھتے تھے۔ پڑھنے میں تصنع اور بناوٹ پسند نہ تھی خود فرمایا کرتے تھے کہ جس طرح راستی کے بعد کجی اور سفیدی کے بعد برص ہے اسی طرح قرأت فصیحہ کے بعد قرأت نہیں لحن ہے۔

اپنے شاگردوں سے کسی قسم کی خدمت لینا پسند نہیں فرماتے تھے حتیٰ کہ ان کے ہاتھ سے پانی پینا تک گوارا نہیں کرتے تھے۔

طبیعت میں غیرت اور استغناء تھی۔ درس وتدریس اور عبادت وتلاوت کی مصروفیات کے ساتھ ساتھ کسب حلال کے لیے بھی کوشاں رہتے تھے اور وہ بھی اتنی مشقت کے ساتھ کہ کوفہ سے حلوان، روغن زیتون لے جاتے تھے اور وہاں سے پنیر اور اخروٹ کوفہ لا کر بیچتے تھے۔ یہی ان کا ذریعہ معاش تھا۔

ف:- بہت سے قراء حضرات تلاوت میں بے حد تصنع کرتے ہیں ان میں سے بعض گانوں جیسی آواز بنانے کی بھی کوشش کرتے ہیں لیکن امام حمزہ اور ان جیسے بے شمار قدیم اور جدید قاریانِ قرآن اس چیز کو قطعاً پسند نہیں کرتے تھے۔ حقیقت یہ ہے کہ سادگی میں جو حسن اور تاثیر ہے وہ بناوٹ اور تصنع میں نہیں ہے۔ بناوٹی آوازوں اور لہجوں سے لوگ وقتی طور پر تو متاثر ضرور ہو جاتے ہیں لیکن یہ تاثر کانوں کی لذت تک محدود رہتا ہے دلوں تک نہیں پہنچتا۔ پھر حضرت حمزہ کا یہ کمال بھی دیکھیے کہ قرأت قرآن کی تعلیم بھی دیتے تھے۔ ہر روز تقریباً پورے قرآن کی ترتیل کے ساتھ تلاوت بھی فرماتے تھے اور ساتھ ساتھ تجارت اور کسب حلال کے لئے وقت بھی نکال لیتے تھے۔

ہم جب اپنے اسلاف کی زندگی کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں ان کی زندگی میں یہ چیز بہت نمایاں دکھائی دیتی ہے کہ وہ اپنے فضل وکمال کے باوجود تجارت، محنت اور مزدوری کو باعث عار نہیں سمجھتے تھے۔

قرأت عشرہ کے دوسرے امام ابن کثیر مکی رحمہ اللہ عطر اور خوشبویات کی تجارت کرتے تھے اسی لئے انہیں داری کہا جاتا ہے۔

امام القرأت حفص بن سلیمان رحمہ اللہ کپڑے کی تجارت کرتے تھے۔

امام ابوحنیفہؒ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ اور امام بن جوزیؒ جیسے خدامِ قرآن انسان کپڑے کے تاجر تھے۔

یہ خدامِ قرآن کسب معاش کو باعثِ عار کیسے سمجھ سکتے تھے جبکہ وہ جانتے تھے کہ بڑے بڑے انبیاء کرام علیہم السلام نے بھی محنت مزدوری میں کبھی عار محسوس نہیں کی۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام کھیتی باڑی کرتے تھے۔

☆ حضرت نوح علیہ السلام نجاری یعنی بڑھئی کا کام کرتے تھے۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام کپڑے سیتے تھے۔

☆ حضرت ہود اور حضرت صالح علیہما السلام تاجر تھے۔

☆ حضرت ابراہیم اور حضرت لوط علیہما السلام نے کھیتی باڑی کا پیشہ اختیار کیا۔

☆ حضرت شعیب علیہ السلام مویشی پالتے تھے اور ان کا دودھ اور اون فروخت کرتے تھے۔

☆ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا پیشہ گلہ بانی تھا۔

☆ حضرت داؤد علیہ السلام زرہ بناتے تھے۔

☆ حضرت سلیمان علیہ السلام عظیم سلطنت کے حکمران ہونے کے باوجود اپنی گذر بسر کے لئے ٹوکریاں اور زنبیلیں بناتے تھے۔

☆ حضرت خاتم النبیین ﷺ نے اجرت پر بکریاں بھی چرائیں اور تجارت بھی کی

نورِ قرآن

قرأت کے آٹھویں امام ابوجعفر مدنیؒ حضرت عیاش مخزومیؓ کے آزاد کردہ غلام تھے آپ نے اپنے مولیٰ ہی سے قرأت سیکھی پھر پوری زندگی اشاعتِ قرآن کے لئے وقف کردی۔

حضرت امام نافع رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ جب آپ کی میت کو غسل کے لیے نکالا گیا تو منہ اور گردن کے درمیان قرآن مجید کا ایک ورق دکھائی دے رہا تھا۔ سب حاضرین نے یہی کہا کہ یہ نورِ قرآن ہے انتقال کے بعد خواب میں نظر آئے کہ بے حد حسین ہیں اور فرماتے ہیں کہ میرے رفیقوں کو جو میری قرأت سے قرآن مجید پڑھتے ہیں خوش خبری سنادو کہ میں نے ان کے لیے بخشش کی سفارش کی تھی اللہ تعالیٰ نے ان کے حق میں میری سفارش قبول فرماتے ہوئے انہیں بخش دیا۔

ف:- جن لوگوں کی زندگی خدمتِ قرآن میں گذرے گی ان کی زندگی کا اختتام بھی قرآن مجید پر ہوگا اور قبر اور حشر میں بھی قرآن ان کے ساتھ ہوگا اور گنہگاروں کے حق میں ان کی سفارش بھی قبول کی جائے گی۔

دل کے بینا

ابوالقاسم شاطبی قدس اللہ سرہ اندلس کے قصبہ شاطبہ میں ۵۳۸ھ میں پیدا ہوئے آنکھوں سے نابینا مگر دل کے بینا تھے۔ حافظہ غیر معمولی قوی تھا آپ کی امامت وولایت پر سب کا اتفاق ہے، قرآن وحدیث کے حافظ تھے۔ آپ کے حافظہ سے لوگ مسلم اور بخاری کے نسخوں کی تصحیح کرتے تھے اس کے علاوہ آپ نحو کے استاد اور تعبیر کے علم میں ماہر تھے۔

آپ سے اتنی مخلوق نے پڑھا کہ جس کا شمار نہیں کیا جاسکتا۔ فضول کلام سے پرہیز کرتے تھے۔ طلباء کو پڑھاتے وقت وضو وطہارت اور بڑے ادب وانکسار اور خضوع وخشوع سے بیٹھتے تھے۔ قرآن اور قرآنی علوم کو چھوڑ کر دیگر علوم میں غور وفکر سے منع فرماتے تھے۔

تجوید وقرأت میں آپ کی نظم شاطبیہ مخصوص اصطلاحات اور رموز پر مشتمل ہونے کی وجہ سے بڑی دقیق ہے لیکن اس دقت کے باوجود اللہ تعالیٰ نے اسے جو مقبولیت عطا کی وہ کسی دوسری نظم اور قصیدہ کو حاصل نہیں ہوسکی اس کی اصل وجہ ان کا اخلاص اور تعلق مع اللہ ہے، جب آپ قصیدہ شاطبیہ کی تصنیف سے فارغ ہوئے تو اس کو ساتھ لے کر بیت اللہ کے گرد بارہ ہزار طواف کیے۔ جب دعا کے مقام پر پہونچے تو نظم کی مقبولیت کی دعا کرتے۔ خواب میں حضور اکرم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپ ﷺ نے قصیدہ کی مقبولیت کے لئے دعا فرمائی۔

ف:۔ ہم میں سے کتنے ہی لوگ ہیں جو آنکھوں کے بینا مگر دل کے نابینا

ہوتے ہیں۔امام شاطبی رحمہ اللہ آنکھوں کے نابینا مگر دل کے بینا تھے۔اور اصل بینائی تو دل ہی کی بینائی ہے۔اللہ تعالیٰ جن لوگوں کو دل کی بصارت اور بینائی عطا فرمادیتا ہے وہ دنیا بھر میں روشنی پھیلادیتے ہیں۔اگر انہیں دل کی بینائی نصیب نہ ہوتی تو خود اندازہ کیجئے کہ کیا وہ بارہ ہزار طواف کرسکتے تھے ہزاروں شاگردوں کو پڑھا سکتے تھے اور کیا وہ حبیب پاک ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوسکتے تھے؟امام شاطبیؒ دنیا سے کب کے جاچکے ہیں لیکن ان کا فیضِ قرآن آج بھی جاری ہے اور ہمیشہ جاری رہے گا۔

مقبولیت ومحبوبیت

امام جزری دمشقی رحمہ اللہ علیہ بھی ان عُشاقِ قرآن میں سے تھے جنہیں اللہ تعالیٰ نے بہترین ذہنی صلاحیتوں سے نوازا اور پھر ان کی ساری صلاحیتوں کو خدمتِ قرآن کے لیے قبول فرمالیا۔ستر سال سے زیادہ تجوید وقرأت کے حوالے سے قرآن کریم کی خدمت کرتے رہے۔اس فن میں بارہ کتابیں لکھیں۔

حافظہ بہت قوی پایا تھا،جو چیز ایک مرتبہ یاد کرلی وہ گویا حافظہ میں محفوظ ہوگئی حافظے کا یہ حال تھا کہ ایک لاکھ حدیثیں سند کے ساتھ یاد تھیں۔

اخلاق وعادات میں آپ ملنسار،شیریں گفتار اور خدا ترس تھے،جب بات کرتے تو منہ سے پھول جھڑتے تھے۔آپ کے ہر فقرے سے فصاحت اور بلاغت ٹپکتی تھی۔مزاج میں تواضع وانکساری تھی۔لوگوں کے ساتھ حسنِ سلوک سے پیش آتے اللہ تعالیٰ نے دولتِ دنیا سے بھی وافر حصہ دیا تھا جسے دل کھول کر طلباء اور مستحقین پر

خرچ کرتے تھے، علم کے ساتھ ساتھ عمل کے زیور سے بھی آراستہ تھے۔ زندگی کے بڑے مشاغل تین تھے۔

(۱) قرأت قرآن کی تعلیم و درسِ حدیث (۲) تصنیف و تالیف

(۳) عبادت و ریاضت۔

ساری زندگی انہی تین مشاغل میں بسر کردی، ہر مہینے تین روزے رکھتے۔ پیر اور جمعرات کے روزے اس کے علاوہ تھے جو کبھی قضا نہیں ہوئے۔ سفر تک میں شب بیداری اور تہجد گزاری میں کبھی فرق نہ آیا۔ ان کے اخلاق، اوصاف و کمالات اور خدمتِ قرآن نے انہیں مرجع خلائق بنادیا۔ جہاں جاتے شائقین کا ٹھٹھ لگ جاتا۔ خلفاء اور سلاطین ان کی خدمت کو سعادت سمجھتے اور آپ کی جدائی گوارا نہیں کرتے تھے۔

بروز جمعہ ۱۵/ ربیع الاوّل ۸۳۳ھ ۸۴ سال کی عمر میں اس سچے عاشق قرآن کا شیراز میں انتقال ہوا۔ اپنے مدرسہ دارالقرآن میں سپردِ خاک کیے گئے۔ جنازے کے ساتھ اتنا ہجوم تھا کہ کندھا دینا تو ایک طرف جنازے کو چھو لینے والوں کو بوسہ دینے لوگ ٹوٹ پڑتے تھے۔

ف:- جو خوش قسمت لوگ کلام اللہ کو اپنا محبوب بنا لیتے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں نیک انسانوں کا محبوب بنادیتا ہے، وہ جب تک زندہ رہتے ہیں محبوبیت کے منصب پر فائز رہتے ہیں ان کے ساتھ مصافحہ کرنے کو باعث برکت سمجھا جاتا ہے۔ ان کی خدمت کو سعادت عظمیٰ تصور کیا جاتا ہے۔ وہ جب دنیا سے اٹھتے ہیں تو آسمان روتا ہے اور زمین اپنی آہ و فغاں سے فضاء کو بھر دیتی ہے۔

وصول الی اللہ

کوئی بھی مخلص اور صاحب درد مسلمان ایسا نہیں ہوگا جس کے دل میں باطن کی سرزمین کے شکوک وشبہات سے پاک ہونے اور اس میں یقین اور معرفت کی تخم ریزی کی تمنا نہ ہو۔ اسی کا نام وصول الی اللہ ہے۔ سلوک وتصوف کی منزلیں اور تزکیہ وتطہیر کے مجاہدے وصول الی اللہ کے لیے کرائے جاتے ہیں۔

اس مقصد کے حصول کی سب سے مؤثر صورت اللہ والوں کی صحبت ہے لیکن اگر یہ صحبت میسر نہ آسکے تو قرآن کریم کی صحبت بھی کم تاثیر نہیں رکھتی بلکہ خود اہل اللہ بھی اپنے متعلقین کو قرآن کریم ہی کی تلاوت اور اس میں غور وتدبر پر لگا دیتے ہیں کیونکہ وصول الی اللہ کا اس سے زیادہ مختصر اور قطعی راستہ کوئی ہو ہی نہیں سکتا۔

حضرت نظام الدین سلطان المشائخ رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے دریافت کیا کہ قرآنی راہ سے وصول کی جو سعادت اس زندگی میں میسر آتی ہے وہ کیا ہوتی ہے۔ اس کے جواب میں فرمایا۔

''سعادت کہ حاصل آیدہ آن برسہ قسم است. انوار است. احوال است و آثار''

تلاوت سے انوار، احوال وآثار پیدا ہوتے ہیں۔ انوار واحوال کا تعلق تو خاص عالم ملکوت سے ہے اسلئے انوار واحوال کا سمجھنا تو مشکل ہے البتہ آثار کا تعلق ''جوارح'' یعنی بدن اور اعضائے بدن پر ہونے کی وجہ سے اس کا احساس دوسروں کو بھی ہوتا ہے۔

''بکائے، حرکتے وجنبشے کہ ظاہر می شود آن را آثار می گویند''

اس کا مطلب یہ ہوا کہ قرآن پڑھتے وقت جب گریہ طاری ہوجائے تو وہ دراصل اس باطنی انقلاب کا اثر ہے۔ چنانچہ امیر خسروؒ کو حضرت نے اسی سلوک بالقرآن پر لگادیا تھا وہ راتوں کو اٹھ کر تہجد میں سات پارے پڑھتے تھے۔

ایک روز حضرت نے پوچھا "ترک! حال مشغولیها چیست" (آج کل معمولات کا کیا حال ہے) انہوں نے جواب دیا "مخدوما! چند گاہ ست که بوقت آخر شب گریه مستولی می شود" (چند دنوں سے قرآن پڑھتے ہوئے آخرِ شب میں رونا آنے لگتا ہے) تو حضرت نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا "الحمدلله اندکے ظاهر شدن گرفت" (الحمدللہ وصول کے کچھ آثار ظاہر ہونے لگے ہیں)۔

غرض سلطان المشائخ رحمۃ اللہ علیہ سلوک بالقرآن پر بہت زور دیتے تھے۔ آپ کو قرآن کے ساتھ غیر معمولی شغف تھا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اگر آپ کے بس میں ہوتا تو ہر مرید پر حفظ قرآن لازم قرار دے دیتے خیال تو کیجئے کہ حسن اعلائے سنجریؒ جو شاعر ہونے کے علاوہ ایک بڑے فوجی افسر بھی تھے ان کی عمر کافی ہوچکی تھی۔ جب وہ شرف بیعت سے سرفراز ہوئے تو حضرت نے حکم دیا کہ ذوق شعری کو کم کرکے قرآنی ذوق کو اپنے اوپر غالب کریں جب ان پر یہ ذوق غالب ہوگیا تو پھر ان کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سن رسیدہ مرید کو بھی آپ نے حفظ قرآن میں لگادیا تھا۔ (فوائد الفواد۔ ص ۹۳ بحوالہ تذکرہ قاریان ہند)

ف:- آج کل جب کہ بہت سی خانقاہیں دوکانوں میں تبدیل ہوچکی ہیں اور اصلاح وتزکیہ کا درد رکھنے والے دنیا سے اٹھتے جارہے ہیں اور ہر کسی کو اللہ والوں

کی صحبت میسر نہیں آتی تو ایسے وقت میں ہمیں کلام اللہ کی صحبت اس کی تلاوت اور اس میں غور و تدبر کو غنیمت جاننا چاہیے کہ اس سے روحانی امراض سے بہت جلد شفا حاصل ہوتی ہے بشرطیکہ اسے شفا ہی کی نیت سے پڑھا جائے۔ عزت، شہرت اور دولت کے حصول کے لئے نہ پڑھا جائے۔

مبارک خاتمہ

سید نور اللہ بلگرام کے رہنے والے تھے دماغی تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد اصلاحِ قلب کی فکر میں گھر سے نکلے۔ دہلی پہونچے کسی پر نظر نہیں جمی۔ سلطان المشائخؒ کے مزار پر چلہ کیا وہاں سے واپس آ کر اپنے بڑے بھائی سید لطف اللہ کے مرید ہو گئے۔ استعداد بالغ تھی رنگ جلد نکھرنے لگا۔ راتوں کو اکثر روتے اور رکوع و سجود میں رات کاٹ کر صبح کرتے۔ مگر چند روز کے بعد رکاوٹ محسوس ہوئی تو مرشد کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ مرشد نے تدبیریں بتائیں، اشغال تلقین کیے ان سے بھی کام نہ بنا۔ پھر مرشد سے عرض کیا تو مرشد نے اب یہ علاج بتایا کہ جاؤ قرآن کریم حفظ کرو، چنانچہ انہوں نے قرآن کریم حفظ کرنا شروع کر دیا اور اس کی ایسی دھن سوار ہوئی کہ قرآن ہی کے ہو کر رہ گئے، شغل بالقرآن نے ساری رکاوٹیں دور کر دیں، قرآن کریم پڑھتے اور سنتے ہوئے ان پر عجیب کیفیات طاری ہو جاتیں، ایک دن تراویح میں قرآن شریف سن رہے تھے جب امام اس آیت پر پہونچا۔

فَلْيَضْحَكُوا قَلِيلًا وَلْيَبْكُوا كَثِيرًا (وہ ہنسیں گے کم اور روئیں گے زیادہ) تو

نوراللہ صاحب پر ایسا گریہ طاری ہوا کہ وہ روتے روتے نماز ہی میں بیہوش ہو گئے اور کئی دن تک ان پر گریہ طاری رہا۔

آزاد بلگرامی رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ ان کی عمر اگرچہ زیادہ ہو چکی تھی لیکن پھر بھی انہوں نے ہمت نہ ہاری، جب ۲۵ سپارے یاد کر لیے تو موت آ گئی۔ آخری وقت جب پوچھا گیا۔

''تمنائے بہ خاطر دارید'' (کوئی قلبی آرزو باقی ہے)

حسرت سے جواب دیا

بس ایک ہی آرزو ہے کہ کاش میں کسی طرح قرآن کریم کے باقی پانچ اجزاء بھی حفظ کر لیتا۔

ف:- اس واقعہ سے ہمیں کئی سبق حاصل ہوئے ایک تو یہ کہ دماغی تعلیم ہی کافی نہیں قلب کی اصلاح اور تزکیہ بھی ضروری ہے دوسرا یہ کہ جو لوگ سلوک بالقرآن میں محفوظ ہو جاتے ہیں ان کو اسی راہ سے تقرب حاصل ہو جاتا ہے تیسرا یہ کہ جب شوق فراواں ہو تو بڑھاپا بھی حفظِ قرآن میں رکاوٹ نہیں بنتا چوتھا یہ کہ نوراللہ صاحب اگرچہ حفظ قرآن کی تکمیل نہ کر سکے لیکن چونکہ اسی شغل اور تمنا میں ان کا انتقال ہوا اس لئے حشر تک کا سارا وقت ان کے نامہ اعمال میں اسی مد میں لکھا جائے گا۔

علم دوستی

ہندوستان میں جب مسلمان بادشاہوں کی حکمرانی شروع ہوئی تو علماء وفضلاء کا بڑا گروہ یا تو ان کے ساتھ آیا یا بعد میں آتا رہا۔ ان مسلمان حکمرانوں کی یہ خصوصیت

تھی کہ وہ علم اور علماء کے قدر دان تھے اور ان کا بڑا احترام کرتے تھے، باہر کے علماء کی جب شہرت سنتے تو ان کو خطوط لکھ کر اور بڑی بڑی رقمیں بھیج کر بلاتے۔ کوئی عالم آتا تو ہاتھوں ہاتھ لیتے ان کیلئے ہر قسم کے ضروری انتظامات کرتے، بڑی بڑی جاگیریں اور وظیفے دیئے جاتے تاکہ وہ اطمینان سے اپنے علمی اور تعلیمی کاموں میں مصروف رہ سکیں، ان کے لیے مسجدیں، خانقاہیں اور دارالعلوم تعمیر کیے جاتے، اس علم اور علماء دوستی کی مثال قاضی شہاب الدین جونپوری رحمہ اللہ کا واقعہ ہے جو سلطان ابراہیم شرقی کے عہد حکومت میں دارالعلوم جونپور کے صدر مدرس تھے۔ بادشاہ ان کا اس قدر احترام کرتا تھا کہ وہ ایک دفعہ علیل ہوئے تو ان کی عیادت کو گیا اور سرہانے بیٹھ کر یہ دعا کی کہ اے اللہ ایسے عالم بار بار پیدا نہیں ہوتے ان کی آفت مجھ پر آجائے مگر یہ زندہ سلامت رہیں۔ کہتے ہیں کہ قاضی صاحب اچھے ہو گئے اور اسی سال ۸۴۰ھ میں سلطان کا انتقال ہو گیا۔ قاضی صاحب کو بادشاہ کی وفات کا سخت صدمہ ہوا اور وہ بھی اسی سال چل بسے۔

اس علم دوستی کا نتیجہ یہ نکلا کہ ظلمت کدہ ہند ایک گوشہ سے دوسرے گوشے تک قرآن کریم کی تعلیمات اور تلاوت سے گونج اٹھا۔ حفظ و قرأت کا ایسا چرچا ہوا کہ صرف ایک بادشاہ محمود خلجی کے عہد میں شاہی محل میں ایک ہزار خادمات حافظ و قاریہ تھیں۔ جب خادمات کا یہ حال تھا تو پھر شاہی بیگمات اور امراء کے خاندانوں کے حال کا اندازہ خود کیا جا سکتا ہے۔

ف:- ان تاریخی حقائق سے ان لوگوں کو عبرت حاصل کرنی چاہیے جو قرآن کریم کے حافظوں، قاریوں اور معلموں کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ہوگے

اہل قرآن کو محبت اور عظمت کی نظر سے دیکھیں گے اللہ تعالیٰ ان کے اپنے گھروں کو قرآن کریم کی مبارک آوازوں سے معطر اور منور فرمادے گا اور خدام قرآن کو حقیر سمجھنے والے قرآن کے فیوض و برکات سے محروم رہیں گے بلکہ عین ممکن ہے کہ ان کی نحوست ان کی اولاد پر بھی پڑ جائے۔

ہمارا بیل

قرآن کریم پڑھنے پڑھانے والوں کی خدمت اور محبت کے فوائد کے ذکر سے مجھے (شیخوپوری کو) ایک واقعہ یاد آرہا ہے جو کہ میں نے بعض اہل علم سے سنا ہے کسی گاؤں میں ایک قرآنی مدرسہ تھا اور جیسا کہ پرانے دیہاتی مدارس میں رواج تھا کہ طلباء کا کھانا گاؤں میں رہنے والے بعض خوشحال لوگوں کے گھر سے آتا تھا۔ اس مدرسہ میں بھی ایسے ہی تھا لیکن بجائے اس کے کہ طلباء خود کھانا اکٹھا کرنے کے لیے جاتے یہ بھاری ذمہ داری ایک سیدھے سادھے شخص نے اپنے اوپر لے لی تھی وہ گھر گھر جاتا اور طلباء کے لیے کھانا جمع کر کے لے آتا چونکہ بچپنے کی وجہ سے طلباء کی عادت مذاق کی ہوتی ہے اپنی اسی عادت کی بنا پر انہوں نے مذاقاً اپنے محسن کا نام بیل رکھا ہوا تھا اسے جب علم ہوا تو اسے بڑا رنج ہوا کہ میں ان کی بے لوث خدمت کرتا ہوں اور یہ مجھے بیل کہتے ہیں چنانچہ اس نے ان کیلئے کھانا جمع کرنے کا کام چھوڑ دیا۔ اس دن طلباء بھوکے سو گئے وہ رات کو سویا تو دیکھا کہ حشر کا میدان ہے۔ نفسا نفسی کا عالم ہے، کسی کو کسی کی پرواہ نہیں، لوگ پلصراط سے گذر رہے ہیں ان میں مدرسے کے وہ معصوم طلباء بھی ہیں۔ یہ خادم بڑی سرعت سے انہیں پل صراط سے گذرتے

ہوئے دیکھ رہا ہے، اچانک ان میں سے ایک طالب علم کی نظر اس پر پڑ گئی اس نے چیخ کر سب ساتھیوں کو روک لیا کہ ارے ہمارا بیل تو پیچھے ہی رہ گیا ٹھہرو اسے بھی ساتھ لے چلیں۔ اس کی آنکھ کھلی تو بھاگتے ہوئے مدرسے پہنچا اور طلباء سے معذرت کرتے ہوئے کہنے لگا ''بیٹا تم مجھے بیل کہو یا کچھ اور کہو میں جب تک زندہ ہوں تمہاری خدمت کرتا رہوں گا۔''

غبارِ دل

ناصرالدین محمود کے متعلق یہ تو سب جانتے ہیں کہ بڑا رحم دل، نیک مزاج، زاہد، متقی اور پرہیزگار بادشاہ تھا مگر کتنے لوگ واقف ہیں کہ وہ اچھا قاری، بڑا اچھا خطاط اور رسم الخط قرآنی کا ماہر تھا۔ وہ فرصت کے اوقات میں تلاوت کرتا اور سال میں دو قرآن مجید لکھ کر فروخت کرتا اور اس کی آمدنی سے گذر بسر کرتا۔

مؤرخین ایک واقعہ اس کی مروت اور خوش خلقی کے متعلق لکھتے ہیں کہ ایک مرتبہ وہ بیٹھا قرآن مجید لکھ رہا تھا ایک درباری امیر کسی کام سے آ گیا اس کو اندر بلایا جو لکھ رہا تھا اس کو ایک طرف رکھ دیا اور امیر سے گفتگو شروع کی، اثنائے گفتگو میں درباری کی نگاہ اس کتاب پر پڑی جہاں دو ''فیہ'' یکے بعد دیگرے لکھے ہوئے تھے (ملاحظہ ہو سورہ توبہ آیت ۱۰۸) درباری یہ سمجھا کہ کتابت کی غلطی سے ایک لفظ دو بار لکھ دیا گیا ہے۔ عرض کیا کہ اگر گستاخی نہ سمجھی جائے تو ایک فیہ سہو کتابت سے زائد لکھ دی گئی ہے۔ بادشاہ نے اس پر حلقہ بنا لیا اس درباری کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ میں اس کو کتابت کر لوں گا اس کے بعد دوسری باتیں ہوئیں اور درباری رخصت ہو گیا۔ اس کے چلے جانے کے بعد حلقہ مٹا دیا ایک

ذہین ملازم نے جو یہ گفتگو سن رہا تھا عرض کیا کہ یہ کیا بات ہے کہ حضور نے درست کئے بغیر حلقہ مٹا دیا، بادشاہ نے ہنس کر کہا کہ میں نے جو لکھا تھا وہی درست تھا مگر میں نے اس درباری کی دل شکنی نہیں کرنی چاہی اگر میں اسے قائل کرتا تو وہ شرمندہ اور پریشان ہو کر اپنا مدعا کہے بغیر چلا جاتا۔ اس لیے اس کی خاطر میں نے حلقہ بنا لیا تھا اس کے بعد بادشاہ نے جو بات کہی وہ سنہری حرفوں سے لکھے جانے کے قابل ہے۔

اس نے کہا:

''غبار دل دور کرنے کی بہ نسبت کاغذ کے نقوش مٹانا بہت آسان ہے۔''

(تاریخ محمد بن قاسم فرشتہ بحوالہ تذکرہ قاریان ہند۔ ص ۱/۱۰۱)

جیسا درخت ویسا پھل

مخدوم بہاؤالدین زکریا ملتانی رحمۃ اللہ علیہ جید عالم، خوش آواز مقرر، خوش بیان مفسر اور متبحر محدث ہونے کے ساتھ وسیع کاروبار اور جائیداد کے مالک تھے ملتان میں آپ کے قائم کردہ مدرسہ عالیہ کو پورے ہندوستان میں مرکزی اسلامی یونیورسٹی کی حیثیت حاصل تھی۔ وہاں حصول علم کے لیے آنے والے طلباء اور معلمین واساتذہ کے اخراجات آپ تنہا برداشت کرتے تھے اور روایتی چندہ بازی سے قطعی اجتناب فرماتے تھے۔ دولت و جائیداد اور مدرسہ اور خانقاہ میں تعلیم وارشاد کی ذمہ داری کے باوجود آپ کتابِ مقدس کے حق سے غافل نہیں رہتے تھے بلکہ آپ کو اصل سکون اشتغال بالقرآن ہی میں ملتا تھا۔ عشاء کے بعد شب میں دو رکعت قیام میں کبھی ایک اور کبھی دو قرآن مجید ختم کر دیتے تھے۔ تہجد کی نماز کے بعد ہمیشہ تلاوت کیلئے بیٹھ جاتے اور صبح کی

نماز کے وقت قرآن ختم کر کے اُٹھتے۔ رمضان میں آپ نے ایک مرتبہ عشاء کے بعد فرمایا کہ:

''میرا دوست وہ ہے جو تمام رات میں دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں ایک قرآن پڑھے جو میں خود برسوں پڑھتا رہا ہوں۔''

یہ فرما کر آپ خود نماز کیلئے کھڑے ہو گئے اور دو رکعتوں میں نہ صرف دو قرآن ختم کیے بلکہ چار سیپارے اور پڑھے۔

حضرت مخدوم رحمۃ اللہ علیہ سے سات فرزند تھے اور سب علم و فضل سے آراستہ تھے ان میں سے ایک صدرالدین عارف رحمۃ اللہ علیہ بھی تھے جن کا یہ حال تھا کہ ان کی راتیں تلاوت و عبادت میں گزرتی تھیں انہوں نے سالہا سال عشاء کے وضو سے صبح کی نماز پڑھی ہے آپ کی ایک کرامت یہ بھی بیان کی جاتی ہے کہ جس کو قرآن شریف پڑھاتے وہ جلدی حافظ ہو جاتا تھا چنانچہ آپ کا سات سال کا بچہ کئی کئی پارے حفظ کر لیتا تھا۔

حضرت صدرالدین عارف رحمۃ اللہ علیہ کی اہلیہ بی بی راستی بھی حافظہ اور قاریہ تھیں، روزانہ ایک قرآن ختم کرتی تھیں ان کی گود میں پرورش پانے والے بچوں کا بھی یہی حال تھا اور کیوں نہ ہوتا جبکہ ماں دوران حمل اور زمانہ رضاعت میں قرآن کی تلاوت کرتی تھیں۔ ان معصوم بچوں کے کانوں نے گالیوں اور گانوں کے بجائے قرآن کریم کی مبارک آیات سنی تھیں۔

حضرت بہاؤالدین زکریا رحمۃ اللہ علیہ اور ان کی اولاد و احفاد کے تدین و تقوی اور

اشتغال بالقرآن کی وجہ سے عوام میں بھی خدا طلبی کا بڑا ذوق شوق پیدا ہو گیا۔ ملتان میں یہ حالت بتائی جاتی تھی کہ گھروں کی بیویاں تو ایک طرف، کنیزیں اور خادمائیں تک چکی پیستے وقت ذکر الٰہی کرتی رہتی تھیں، ہر طرف سے اللہ اللہ اور قرآن کی صدائیں آتی تھیں۔

حضرت کی خانقاہ حفاظ اور قراء سے بھری رہتی تھی۔ آپ ان میں شب بیداری اور تلاوت سے شغف پیدا کرنے کے لئے بڑے موثر طریقے استعمال کرتے تھے۔

ف:- انسانوں کی طبیعتیں، حالات، مجبوریاں، کمزوریاں، صلاحیتیں، استعداد اور ذوقی میلانات مختلف ہیں اس لیے سارے انسان علم و عبادت اور مجاہدہ و ریاضت میں برابر نہیں ہو سکتے۔

اللہ تعالیٰ اپنے بعض مخصوص بندوں کی زندگی اور اوقات میں ایسی برکت دے دیتا ہے کہ وہ کام جو عام لوگ مہینوں اور سالوں میں کر پاتے ہیں وہی کام یہ لوگ دنوں اور ہفتوں میں کر لیتے ہیں اس لئے ایسا نہیں ہو سکتا کہ ہر کوئی شب بھر میں ایک یا دو قرآن ختم کرے۔ پھر یہ بھی مناسب نہیں کہ بیوی بچوں اور والدین کے حقوق سے صرف نظر کرتے ہوئے ہم صرف عبادت اور تلاوت میں لگ جائیں ایسا کرنے سے ہمیں رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بہت عبادت گذار صحابی تھے یہاں تک کہ پوری پوری رات عبادت ہی میں گذر جاتی تھی جس کی وجہ سے بیوی بچوں کے حقوق متاثر ہوتے تھے، نبی اکرم ﷺ سے شکایت کی گئی تو آپ نے انہیں بلا کر تنبیہ فرمائی۔

اصل تو یہی ہے کہ ہم میں سے ہر ایک کو اپنے اپنے حالات کے مطابق عبادت

وتلاوت کے لیے وقت نکالنا چاہیے ظاہر کے تقاضوں کے ساتھ ساتھ باطن کے تقاضوں کو بھی فراموش نہیں کرنا چاہیے، باطن کی دنیا آباد ہوگی تو ہمارے گھر آباد ہوں گے اگر باطن کی دنیا ویران ہوگئی تو ظاہری آبادی کے باوجود ہمارے گھر ویرانی کا نمونہ پیش کریں گے۔ سکون، محبت اور ایثار عنقا ہو جائے گا.....اور باطن کی دنیا ذکر و تلاوت کے بغیر آباد نہیں ہو سکتی۔

حضرت مخدوم صاحب قدس اللہ سرہ کی زندگی کا یہ پہلو بھی باعث عبرت ہے کہ مال و جائیداد کی کثرت ان کی عبادت و ریاضت میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ کر سکی بلکہ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ دولت کو انہوں نے دولت علم اور نعمتِ قرآن تقسیم کرنے میں لگا دیا جس کی وجہ سے آپ کے مدرسہ اور خانقاہ کا فیض ترکستان، ماوراء النہر، خراسان، ایران، عراق و دمشق اور حجاز تک جا پہنچا۔

حضرت بہاؤالدین زکریا ملتانی رحمہ اللہ نے اپنے متعلقین کو جو پروگرام دیا تھا وہ یہ تھا کہ ہر انسان کو پہلے علم سیکھنا چاہیے۔ اس کے ساتھ سیاحت و سفر سے کاملین کی خدمت کرنی چاہیے۔ متاہلانہ زندگی اور اولاد کی تربیت کے ساتھ ساتھ خلق خدا کی خدمت کرنی چاہیے پھر طلباء کو تیار کر کے ان سے کام لینا چاہیے۔

یہ پروگرام آج بھی اسی طرح نافع اور سودمند ہے جیسے ساتویں صدی میں سودمند تھا لیکن افسوس یہ ہے کہ آج ان بزرگوں کے وارثوں نے ان کے اصلاحی پروگرام کو بھلا دیا اور ان کی قبروں کو کاروباری اڈے بنا دیا (حضرت کی وفات ۸۸ سال کی عمر میں ۶۶۶ھ میں ہوئی۔)

چار چیزیں

حضرت خواجہ معین الدین چشتی قدس سرہ ۵۳۵ھ میں سنجر کے مقام پر پیدا ہوئے۔ قرآن کریم کے حافظ اور قاری تھے، بڑے جفاکش اور صاحبِ مجاہدات بزرگ تھے۔ دن میں روزہ رکھتے اور ہر روز دو قرآن ختم کرتے۔

خواجہ بختیار کاکی رحمہ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ میں دس سال حضرت کی خدمت میں رہا میں نے کبھی حضرت کو خفا ہوتے نہیں دیکھا۔ حضرت چار چیزوں کو بڑی اہمیت دیتے تھے۔

(۱) نماز (۲) تلاوت قرآن (۳) صحبت صالحین (۴) خدمتِ خلق

آپ فرمایا کرتے تھے جو شخص (دیکھ کر) قرآن مجید کی تلاوت کرتا ہے اس کو چار چیزیں ملتی ہیں۔

(الف) اس کے نامۂ اعمال میں دو ثواب لکھے جاتے ہیں۔

(ب) دس برائیاں دور ہوتی ہیں۔

(ج) آنکھ کی روشنی زیادہ ہوتی ہے۔

(د) وہ آنکھ کبھی دنیا کی مصیبت میں مبتلا نہیں ہوتی۔

کشتگانِ خنجرِ تسلیم

خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمہ اللہ ۵۸۲ھ میں ترکستان میں پیدا ہوئے ڈھائی سال کی عمر میں یتیم ہوگئے۔ آپ کی والدہ بڑی نیک اور عبادت گذار خاتون تھیں۔ انہیں نصف قرآن حفظ تھا۔ تلاوت کے وقت بچے کو پاس بٹھا لیتیں۔ اس

سے حضرت کو قرآن شریف سے خاص مناسبت ہوگئی۔ بسم اللہ کے بعد قرآن شریف قاضی حمید الدین ناگوری سے پڑھنا شروع کیا اور بہت جلد حافظ ہو گئے تلاوت سے خاص شغف رہا۔ جب آیاتِ خوف وہراس پر پہونچتے تو روتے روتے بے ہوش ہوجاتے۔ جب آیات رحمت پڑھتے تو تبسم فرماتے اور وجد کرنے لگتے دن رات میں دو قرآن شریف ختم فرماتے۔ سلطان ایلتمش آپ کا مرید اور خلیفہ تھا۔ دربار کے دوسرے بہت سے امراء بھی آپ کے مرید ہوگئے آپ نے سب کو تلاوت وعبادت میں لگا دیا جس سے ان کی زندگی بدل کر رہ گئی۔

سلطان ایلتمش کا یہ حال ہوگیا کہ وہ ظاہر میں تو بادشاہ تھا مگر دل درویشوں کا رکھتا تھا۔ اس کا طریقہ تھا کہ کم کھاتا کم سوتا اور تہجد فوت نہ ہونے دیتا۔

حضرت بختیار کاکی رحمہ اللہ کسی کے تحفے تحائف قبول نہ فرماتے گھر میں کچھ نہ ہوتا تو آپ اہل وعیال اور خدام کے ساتھ بھوکے رہتے مگر اس حالت میں بھی تلاوت جاری رہتی (راحت القلوب)

ایک بار کسی نے یہ شعر پڑھ دیا

کشتگان خنجر تسلیم را

ہر زمان از غیب جانِ دیگر است

(جو لوگ خنجر تسلیم سے قتل ہو جاتے ہیں یعنی کامل طور پر اللہ کے حکموں اور رضا کے سامنے سر تسلیم خم کر دیتے ہیں انہیں ہر وقت غیب سے نئی جان عطا کی جاتی ہے)

شعر سن کر آپ کو وجد آ گیا تین روز تک وجد کی کیفیت طاری رہی اور اسی میں انتقال ہوگیا۔

ف:- وہ لوگ کتنے ظالم ہیں جنہوں نے ان اولیاء کرام کو عرسوں، قوالیوں اور نذر نیاز کے پیر مشہور کر رکھا ہے حالانکہ وہ قرآن و حدیث کے عالم بھی تھے اور عامل بھی تھے۔ قرآن ان کی زندگیوں میں چلتا پھرتا دکھائی دیتا تھا ان پر یہ شعر صادق آتا تھا۔

یہ راز کسی کو نہیں معلوم کہ مسلم
قاری نظر آتا ہے حقیقت میں ہے قرآن

اللہ تعالیٰ سے ہم کلامی

بابا شیخ فرید گنج شکر رحمہ اللہ کی علمی اور عملی صلاحیتوں کو دیکھتے ہوئے حضرت خواجہ معین الدین چشتی اور خواجہ بختیار کاکی رحمہما اللہ نے خلافت عطا فرمادی تھی۔ آپ نے بچپن ہی میں تجوید سے قرآن مجید پڑھنا سیکھ لیا تھا۔ بڑی فصاحت سے قرآن مجید پڑھتے تھے۔ قرأت کا دلکش انداز ہر کسی کو متاثر کرتا تھا۔ آپ کی خانقاہ حفاظ و قراء سے بھری رہتی تھی۔ اکثر طالبین اور سالکین کو سلوک بالقرآن پر لگا دیتے تھے۔ بابا صاحب کے شغف قرآنی کی یہ حالت تھی کہ پچانوے سال کی عمر میں بھی تراویح میں کھڑے ہو کر قرآن سنتے رہے جب کھڑے رہنے کی طاقت نہ رہی تو بیٹھ کر سننے لگے۔ ہر مرید کو قرآن شریف حفظ کرنے اور تجوید سیکھنے کی تاکید فرماتے رہتے۔ حفظ قرآن آسان ہونے کے لئے ایک تدبیر بھی بتاتے تھے کہ پہلے سورہ یوسف کو یاد کیا جائے تاکہ اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے پورا حافظ بنادے، آپ فرمایا کرتے تھے کہ تلاوت سے بہتر اور افضل کوئی عبادت نہیں۔ کلام پاک کی تلاوت سے بندہ اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہوتا ہے۔ اس سے بڑھ کر کوئی سعادت نہیں ہو سکتی۔

ف - ان حضرات کے طرز تربیت میں ان مشائخ کے لیے بھی عبرت کا بڑا

سامان ہے جو اپنے مریدین کو ذکر کی تلقین تو کرتے ہیں لیکن تلاوت کی تلقین نہیں کرتے حالانکہ تلاوت سے بڑا کوئی ذکر نہیں۔اس کی تاثیر دائمی ہوتی ہے اور اسے سمجھ کر پڑھنے سے نفس کا تزکیہ بھی ہو جاتا ہے اور گناہ بھی خود بخود چھوٹ جاتے ہیں۔

کتنی شرم کی بات ہے کہ جن بزرگوں نے قرآن کو بہشتی دروازہ قرار دیا تھا ہم نے ان کے نام پر لوہے اور لکڑی کے دروازے بنا لیے اور کم عقل مریدوں کے ذہنوں میں یہ بٹھا دیا کہ خواہ کوئی کتنا ہی بے عمل اور بدعمل کیوں نہ ہو جو بھی اس دروازے سے ایک بار گذر جائے گا وہ سیدھا بہشت میں جائے گا۔شاید ایسے ہی لوگوں کے لیے کہا گیا ہے۔

قبروں پر مریدوں کو جھکاتے رہے ڈھولک پہ سفیوں کو نچاتے رہے
اللہ اگر روٹھ رہا ہے روٹھے کیا اس سے غرض عرس مناتے رہے

حساس اور باوفا بیٹا

۸۶۳ھ سے ۹۱۹ھ تک گجرات پر محمود بیگڑے کی حکومت رہی اس کا دور حکومت گجرات میں علوم وفنون کی ترقی کا دور ثابت ہوا۔

ایک دفعہ ۲۶/رمضان کی شب محمود بیگڑا علماء اور امراء کی صحبت میں بیٹھا تھا۔قرآن مجید کے پڑھنے کی عظمت کا ذکر ہو رہا تھا۔ایک بزرگ نے کہا کہ قیامت کے دن سورج کے قریب آجانے کی وجہ سے سب لوگ پریشان ہوں گے جو شخص کلام ربانی کا حافظ ہوگا اس کے اسلاف اور اقارب نور رحمت کے چتر کے زیر سایہ ہوں گے۔ان پر حرارت اثر نہیں کرے گی۔سلطان نے ایک ٹھنڈی سانس بھری اور کہا کہ افسوس ہمارے بیٹوں میں سے کوئی بھی یہ سعادت حاصل نہ کر سکا کہ میں بھی اس

کرامت کا امیدوار ہوتا۔

اس مجلس میں محمود کا بیٹا خلیل خان بھی موجود تھا۔ عید کے بعد وہ بڑودہ چلا گیا جہاں ان کی جاگیر تھی اور وہاں جا کر کلام اللہ کے حفظ میں مشغول ہو گیا۔ اس قدر محنت کی کہ آنکھوں میں سرخی آ گئی۔ طبیب نے کہا کہ شب بیداری اور کثرت تلاوت سے یہ چیز پیدا ہوئی ہے۔ چند روز تلاوت کم کر کے آرام فرمائیں تو یہ سرخی زائل ہو جائے گی خلیل خان نے کہا آنکھیں سرخ ہو گئیں تو کیا مضائقہ ہے یہ تو دنیا اور آخرت کی سرخروئی دلوائیں گی میں اپنی پڑھائی میں کمی نہیں کر سکتا، غرضیکہ کہ اپنی دنیا والی ذمہ داریاں نبھانے کے ساتھ اس نے شب و روز کی محنت سے ایک سال اور چند ماہ میں پورا قرآن ختم کر لیا اور یوں ایک باوفا بیٹا ہونے کا ثبوت دیا۔ رمضان سے پہلے سلطان کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ حکم ہو تو میں تراویح میں قرآن سناؤں۔ سلطان نے تعجب سے پوچھا کہ تم کب حافظ ہو گئے تو شہزادے نے دو سال قبل کا واقعہ دہرایا اور کہا اس وقت یہ کام شروع کر دیا تھا۔ سلطان یہ سن کر بہت خوش ہوا۔ خلیل خاں نے چاند رات کو شروع کیا اور اسی روز پورا قرآن شریف سنا دیا۔ اسی طرح دوسرے اور تیسرے روز پورا پورا قرآن شریف سناتا گیا۔ یہاں تک کہ سولہ تراویح میں سولہ ختم کیے۔ سلطان ہر روز سنتا رہا۔ سولھویں روز گلے سے لگا کر شہزادے کی پیشانی کو بوسہ دیا اور بڑی دیر تک دعائیں دیں پھر کہا کہ خلیل خان کا کیسے شکریہ ادا کروں اور کیا بدلہ دوں کہ اس نے مجھے اور میرے اسلاف کو روز قیامت کی تمازت سے بچا لیا۔ یہ کہہ کر خلیل خان کا ہاتھ پکڑ کر تخت پر بٹھا دیا اور خود دوسری جگہ جا بیٹھا۔

ف:- خلیل خان کی زندگی میں ہمارے لیے عبرت اور نصیحت کے کئی پہلو

ہیں، وہ شہزادہ تھا، نازونعم میں پلا ہوا۔ فارغ بھی نہیں تھا بلکہ ایک بڑی جاگیر اور علاقے کی ذمہ داری اس کے سر تھی۔ قرآن کریم کا حفظ کرنا اس کی مجبوری بھی نہیں تھی۔ محض والد کے شوق اور حسرت کو پورا کرنے کے لیے اس نے حفظِ قرآن کا عزم کرلیا اور پھر اس عزم کو پورا کر کے ہی چھوڑا اور وہ بھی بہت مختصر مدت میں۔ لیکن مختصر مدت میں یاد کرنے کے باوجود حفظ میں ایسی پختگی تھی کہ تراویح میں ہر روز پورا قرآن ختم کرلیتا تھا۔

وفادار اولاد ایسا ہی کرتی ہے وہ ایسا عمل کرتی ہے جس سے والدین کو دنیا میں بھی عزت ملے اور آخرت میں بھی وہ سرخرو ہوں۔

خوفِ خدا بھی خدمتِ خلق بھی

خلیل خان محض حافظِ قرآن ہی نہ تھا عامل بالقرآن بھی تھا۔ اپنے والد کے بعد وہی تخت نشیں ہوا۔ عملی زندگی کا حال یہ تھا کہ فرائض وواجبات تو کیا سنن اور مستحبات بھی ترک نہیں کرتا تھا۔ ہمیشہ باوضو رہتا، اپنے عمل کا مدار حدیثِ نبویؐ پر رکھتا۔ ایک دفعہ اس کی سواری کے گھوڑے کے پیٹ میں درد ہوا، جب کسی دوا سے اچھا نہ ہوا تو معالج نے اس کو تھوڑی سی شراب پلادی جس سے وہ اچھا ہوگیا۔ سلطان کو جب اس کا علم ہوا تو اس نے اس گھوڑے کی سواری چھوڑ دی سلطان خلیل خان قرآن کریم کی تلاوت بہت کیا کرتا تھا۔

ایک روز احوالِ قیامت کی آیت پر بہت رویا ایک عالم دین نے تسلی دی کہ آپ زاہد وعابد ہیں آپ کو زیادہ پریشان نہیں ہونا چاہیے۔ سلطان نے جواب دیا کہ حضور

اکرم ﷺ کا فرمان ہے نجا المخفضون وھلک المثقلون (ہلکے پھلکے لوگ نجات پا گئے اور گراں بار ہلاک ہو گئے) اس لئے روتا ہوں۔

یہ بادشاہ راتوں کو رعایا کے حالات دریافت کرنے نکل جاتا اور ضرورت مندوں کو پاتا تو ان کی حاجت روائی کرتا۔

منہاج کا خاتمہ

اللہ کا یہ بندہ جس نے بادشاہت ملنے کے باوجود آداب بندگی فراموش نہیں کیے تھے اور شاری زندگی قرآن پڑھتے ہوئے گذاری تھی اس کا خاتمہ بھی بڑا مبارک ہوا۔

وہ کافی عرصہ سے بیمار تھا جمعہ کے دن جب درباری عیادت کے لئے حاضر ہوئے تو وہ دیر تک ان کے سامنے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرتا رہا پھر اس نے یہ آیت کریمہ پڑھی جس میں حضرت یوسف علیہ السلام کی دعا اللہ تعالیٰ نے نقل فرمائی ہے۔ رَبِّ قَدْ آتَيْتَنِي مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِي مِنْ تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ أَنْتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ تَوَفَّنِي مُسْلِمًا وَّأَلْحِقْنِي بِالصّٰلِحِينَ.

اے میرے پروردگار! تو نے مجھے حکومت بھی دی۔ اور خوابوں کی تعبیر کا علم بھی دیا اے آسمانوں اور زمین کے خالق تو ہی میرا کارساز دنیا اور آخرت میں ہے۔ مجھے دنیا سے اپنا فرماں بردار اٹھا اور مجھے صالحین میں جا ملا۔

پھر کہا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بڑے ملک کی سلطنت دی، ہر قسم کی نعمت عطا کی اور ہر طرح سے نوازا۔ میں ان تمام نعمتوں کا شکر ادا کرنے سے قاصر ہوں دعا کرتا ہوں کہ وہ مجھے مسلمان مارے اور نیکوں میں شامل کرے۔ اب تم لوگ جاؤ اور جمعہ کی

تیاری کرو۔ میں بھی یہاں ظہر ادا کرتا ہوں اور عصر تو کہیں اور ہوگی یہ کہہ کر عبادت میں مشغول ہوگیا۔ ظہر اور عصر کے درمیان اس کا انتقال ہوگیا۔

ف:- کس قدر خوش قسمت ہیں وہ لوگ جنہیں اللہ پاک دنیا کی نعمتوں سے نوازتا ہے اور وہ اللہ کو فراموش نہیں کرتے۔ دنیا کے دھندے اور کاروبار انہیں ذکر و تلاوت سے غافل نہیں کرتے۔ وہ خوفِ خدا بھی رکھتے ہیں اور خدمتِ خلق بھی کرتے ہیں۔

عزیمت

شیخ ابراہیم شطاری رحمہ اللہ سندھ کے رہنے والے تھے۔ تجوید پر حیرت انگیز عبور حاصل تھا۔ دل گداز آواز سے قرآن مجید پڑھتے تھے جس سے سننے والوں کو عجیب لذت اور کیف حاصل ہوتا تھا، اہل طلب کو تجوید سکھاتے تھے۔ آپ شیخ شکر محمد کے خلیفہ تھے۔ جو کہ خود بھی ایک باکمال شخصیت تھے لیکن فضل و کمال کے باوجود انہوں نے اپنے اس خدمت گار مرید سے تجوید سیکھی۔

شیخ ابراہیم رحمہ اللہ وقت کے باکمال قاری اور مقری ہونے کے باوجود جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر اپنے سر پر رکھ کر لاتے اور بیچتے اور اس سے جو کچھ حاصل ہوتا اس سے اپنے اور شیخ کی خانقاہ کے مصارف پورے کرتے، انہی دنوں برہان پور کے بادشاہ نے آپ سے درخواست کی کہ شاہی خاندان کی خواتین آپ سے اصول تجوید سے قرآن کی تعلیم حاصل کرنا چاہتی ہیں اگر اس ذمہ داری کو قبول فرمالیں تو نوازش ہوگی لیکن آپ نے یہ پیشکش قبول نہ فرمائی۔ عزیمت پر کاربند رہے اور بڑھاپے کے

باوجود اپنی محنت شاقہ جاری رکھی۔زندگی بھر نہایت سادہ، بے تکلف، متواضع اور متوکلانہ گذر بسر کی۔

ف:- یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے کلام کو دنیا کے حصول کا ذریعہ نہیں بنایا۔ان کے سامنے ہمیشہ نبی کریم ﷺ کا یہ فرمان رہتا تھا کہ جو شخص دنیا کمانے کے لیے علمِ دین حاصل کرے گا وہ جنت کی خوشبو سے بھی محروم رہے گا۔

ان لوگوں کی زندگی اور نبی اکرم ﷺ کے ارشادات میں ان لوگوں کے لیے عبرت ونصیحت کا بڑا سامان ہے جو مادی منفعت کے بغیر چند آیات سکھانے کے لیے بھی آمادہ نہیں ہوتے۔

آج کوئی سوچ بھی سکتا ہے کہ وقت کے شیوخ اور علماء کا استاد اور بہترین قاری جنگل سے لکڑیاں سر پر اٹھا کر لائے اور گذر بسر کرے۔

مشغولیت بہ خدا

سید عنایت اللہ شاہ بالا پوری رحمہ اللہ کو تجوید وقرأت سے بے حد شغف تھا۔السلام الخط قرآن شریف اپنے ہاتھ سے لکھے۔قاری بھی تھے اور صوفی بھی، معلم بھی تھے اور شیخ بھی۔اتباع سنت کے بڑے پابند تھے نماز باجماعت کبھی قضا نہ کی۔مرنے سے پہلے جب اٹھنے بیٹھنے سے معذور ہو گئے تو تیمم سے نماز ادا کی فرزندوں اور مریدوں کو بلا کر کہا کہ تلقین وتعلیم ہی میں عمر گذری اب آخری وقت ہے۔سب بیٹھ کر تھوڑا تھوڑا قرآن شریف بلند آواز سے پڑھیں۔مجھ پر ایک سفید چادر سر سے پاؤں تک ڈال دیا جائے۔چنانچہ ایسا ہی کیا گیا پھر آپ نے فرمایا کہ تلاوت شروع کرو۔

من بہ خدائے خود مشغول می شوم (میں اپنے اللہ کے ساتھ مشغول ہوتا ہوں) چنانچہ آپ کے حکم کے مطابق سب قراء باری باری سے تلاوت کرتے گئے تھوڑی دیر کے بعد چادر پر ایک ہلکی سی حرکت محسوس ہوئی اور پھر سکوت چھا گیا۔ دیکھا تو جان بحق تسلیم کر چکے تھے۔

ف:- قرآن کریم کے سچے خادموں کی زندگی بھی قرآن سنتے سناتے گذرتی ہے اور انہیں موت بھی اسی حالت میں آتی ہے اور جن بدنصیبوں کی زندگی گالی گلوچ اور اول فول بکنے میں گذرتی ہے ان کا خاتمہ بھی ایسا ہی ہوتا ہے۔

ایں خانہ ہمہ آفتاب است

حکیم الامت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ علیہ کے دادا شاہ وجیہ الدین رحمہ اللہ بڑے صاحب تقویٰ بزرگ تھے آپ کو قرآن مجید سے خاص شغف تھا۔ عالمگیر کی فوج میں ملازم تھے اور فوجی زندگی کے عادی تھے۔ اس کے باوجود تہجد میں قرآن پڑھتے۔ تہجد کے بعد روزانہ کئی سیپارے سوز و گداز سے پڑھنے کا معمول تھا۔ ایک رات تہجد کے بعد تلاوت فرما رہے تھے کہ ڈاکوؤں کا حملہ ہوا اور شہید ہو گئے۔

اللہ پاک کو ان کا اپنے کلام پاک کے ساتھ عشق اور لگاؤ پسند آ گیا اور اس نے کئی نسلوں تک ان کے خاندان کو قرآن کریم کی خدمت کے لیے قبول فرما لیا۔ ان کے بیٹے شاہ عبدالرحیم رحمہ اللہ تجوید و قرأت اور تفسیر و حدیث کے بڑے عالم تھے۔ دہلی میں آپ کے قائم کردہ مدرسہ رحیمیہ نے قرآن کریم کے انوار دور دور تک پھیلا دیئے۔ شاہ عبدالرحیم رحمہ اللہ کے بعد آپ کی مسند کو شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ نے سنبھالا اور

زندگی خدمت قرآن کے لیے وقف کردی آپ زندگی بھر تحریر وتقریر سے علومِ قرآنیہ کی اشاعت کرتے رہے۔

۱۱۷۶ھ میں شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کی وفات کے بعد ان کے چار بیٹوں یعنی شاہ عبدالعزیز، شاہ عبدالقادر شاہ رفیع الدین اور شاہ عبدالغنی رحمہم اللہ کو رب تعالیٰ نے قرآن کریم کے ترجمہ وتفسیر اور نشر واشاعت کے لیے قبول فرمالیا۔

شاہ رفیع الدین رحمہ اللہ کی وفات کے بعد قاری شاہ مخصوص اللہ رحمہ اللہ اور شاہ عبدالغنی رحمہ اللہ کی وفات کے بعد شاہ محمد اسمٰعیل شہید رحمہ اللہ نے اپنے اپنے والد کے فیوض کا سلسلہ جاری رکھا۔

شاہ محمد اسمٰعیل شہید رحمہ اللہ نے بالاکوٹ کی سرزمین میں مظلومانہ شہادت پائی، یوں دہلی سے خدمتِ قرآن اور شہادت کا جو سلسلہ شروع ہوا تھا وہ خدمتِ قرآن اور شہادت پر ہی بالاکوٹ میں اختتام پذیر ہوا۔ صرف برصغیر ہی میں نہیں بلکہ پوری دنیا میں جہاں کہیں فارسی اور اردو زبان بولنے والے رہتے ہیں وہ قرآنی خدمات کے حوالے سے ولی اللہی خاندان کے احسانات کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں اور اُردو میں جب کبھی جہاں کہیں کوئی صاحب علم تفسیر قرآن کے سلسلہ میں قلم اٹھائے گا وہ ولی اللہی خاندان کی تصانیف اور تفاسیر سے مستغنی نہیں ہوسکے گا۔

آج تک اردو میں جتنی بھی تفاسیر اور تراجم قرآن لکھے گئے ہیں یہ سب اسی مبارک خاندان کے چشمہ فیض کا نتیجہ ہیں، کتنے ظالم اور بے وفا ہیں وہ لوگ جو اسی خاندان پر تبرا کرتے اور ان پر کفر کے فتوے لگاتے ہیں، تعجب کی بات یہ ہے کہ خود یہ مخالفین بھی جب شاہ اسمٰعیل کا نام لیتے ہیں تو ان کے نام کے ساتھ ''شاہ'' اور ''شہید''

کہنے پر اپنے آپ کو مجبور پاتے ہیں اس لئے کہ اگر وہ "شاہ" اور "شہید" نہ کہیں تو کوئی نہیں سمجھ پاتا کہ کونسے "اسمٰعیل" کا تذکرہ کیا جارہا ہے، شاید اسی کو کہتے ہیں جادو وہ جو کہ سر چڑھ کر بولے۔

وجد آفریں تلاوت

حافظ قاری سید عبداللہ رحمہ اللہ شاہ ولی اللہ قدس سرہ کے ہم عصر تھے قرآن کریم کے حافظ اور سبعہ کے قاری تھے، ان کی تلاوت بڑی وجد آفریں ہوتی تھی ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ وہ آنکھیں بند کیے ایک درخت کے نیچے تلاوت میں مصروف تھے۔ درخت پر جو چڑیاں بیٹھی تھیں وہ نیچے گرنے لگیں۔ ماوراء النھر سے کچھ لوگ شیخ آدم بنوری قدس اللہ سرہ سے بیعت ہونے آئے تھے وہ بھی وجد میں آکر بے ہوش ہوکر گر پڑے، فوراً حضرت بنوری رحمہ اللہ کو اطلاع دی گئی آپ یہ حال سن کر اس جگہ تشریف لے گئے اور فرمایا۔

حافظا بس کن (حافظ صاحب بس کرو)

اس پر آپ نے آنکھیں کھول دیں اور حضرت شیخ کو دیکھ کر فوراً کھڑے ہو گئے۔ اس واقعہ کا ذکر شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ نے اپنی کتاب "انفاس العارفین" میں بھی کیا ہے (تذکرہ قاریان۔ ص ۱۹۷)

ف:- خارقِ عادت کے طور پر انبیاء کرام علیہم السلام سے جو کچھ ظاہر ہوتا ہے اسے معجزہ اور اولیاء کرام رحمہم اللہ سے جو کچھ صادر ہوتا ہے اسے کرامت کہتے ہیں، کرامتوں کا ظہور ولایت کی کوئی لازمی شرط نہیں، ولایت کی لازمی شرط تو صرف ایمان اور تقویٰ ہے یوں تو ولی کے لئے اتباع سنت بھی ضروری ہے مگر جب تقویٰ ہوگا تو اتباع سنت خود بخود آجائے گی۔

حضرت قاری عبداللہ صاحب رحمہ اللہ کی تلاوت سے وجداور جذب کی جو صورت پیدا ہوئی ہم اسے ان کی اور قرآن کریم کی کرامت ہی کہیں گے اور ایسی کرامتیں جب اور جہاں اللہ کی مرضی ہوتی ہے وہ دکھادیتا ہے۔

خدام قرآن کا حال یہ تھا

شیخ القراء حافظ محدث عبدالرحمٰن انصاری پانی پتی رحمہ اللہ یگانہ روزگار انسان تھے، آپ کے شاگردوں میں مولانا محمد یعقوب نانوتوی، شیخ الہند مولانا محمود حسن اور حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہم اللہ جیسے لوگوں کے نام آتے ہیں۔

قرآن سے والہانہ عشق تھا ہزاروں مردوں اور عورتوں کو آپ نے تجوید سے قرآن پڑھنا سکھایا۔ آپ نے اسی سال قرآن کریم کی خدمت وتلاوت میں گذارے، گویا قرآن حضرت کے رگ وپے میں سرایت کرگیا تھا۔ اگر بالفرض سوتے سوتے بھی پڑھتے تو کسی ایک جگہ بھی تشابہ نہ لگتا اور تجوید وترتیل کے قواعد کے خلاف نہ ہوتا۔

حضرت کے معمولات اور مشاغل یہ تھے

آدھی رات کو اٹھ کر تہجد ادا کرتے، پھر ذکر وشغل فرماتے، نماز فجر تک اسی میں مشغول رہتے، سردی کے موسم میں صبح صادق سے قبل ایک گھنٹہ تک قرأت سبعہ کا درس ہوتا، عصر سے مغرب اور مغرب سے عشاء تک بھی تدریس میں مصروف رہتے۔

جنانی اور مردانی

عام لوگ قاری انہیں سمجھتے ہیں جو کانوں پر ہاتھ رکھ کر اور آواز کو توڑ مروڑ کر

بڑے تکلف سے پڑھتے ہیں لیکن حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحبؒ بالکل سادگی سے کلمات ادا فرماتے تھے اس لیے جاہل اور گنوار آپ کو قاری نہیں سمجھتے تھے۔

ایک مرتبہ ایک گنوار نے آپ سے قرآن مجید سنانے کی فرمائش کی حضرت نے سنا دیا تو اس نے کہا۔

"جیسا میں پڑھے ہوں ویسا ہی تو پڑھے ہے، میں مردانی بولی میں پڑھے ہوں تو جنانی (زنانی) بولی میں پڑھے ہے۔"

باہمی ادب واحترام

قاری شیخ محمد میر لاہوری رحمۃ اللہ علیہ نے قرآنی علوم کی نشر واشاعت کے لئے لاہور میں ایک مدرسہ قائم کیا تھا اور رؤساء اور ارباب حکومت کے تعاون کے بغیر ہی اس مدرسے کو چلاتے رہے۔ جب جہانگیر لاہور گیا تو آپ کی تعریف اور شہرت سن کر آپ سے ملاقات کی اور آپ کی خدمت میں کچھ نذر پیش کرنی چاہی لیکن آپ نے قبول نہ کی۔ اس نے زیادہ اصرار کیا تو آپ نے ہرن کا ایک چمڑا لے لیا۔ پھر جب شاہجہان لاہور گیا تو وہ بھی آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے پچاس ہزار کی نذر پیش کی لیکن آپ نے قبول نہ کی اس نے اصرار کیا کہ اہل خانقاہ میں تقسیم فرما دیں تو جواب دیا کہ سلاطین کا مال مشکوک ہوتا ہے۔ خود نہیں لینا چاہتا تو دوسروں کے حوالے کیوں کر دوں۔ شاہ جہاں آپ کے پاس سے اٹھ کر ایک اور بزرگ کے پاس گیا اور ان کو نذر پیش کی تو انہوں نے قبول کر لی۔ شاہ جہاں دوسرے جمعہ کو قاری میاں میر صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ آپ نے تو نذر قبول نہ کی مگر فلاں

بزرگ نے لے لی، فرمایا وہ تو دریا ہیں اور میں کوزہ ہوں جس کا پانی ناخن گرنے سے بھی مکروہ ہو جاتا ہے۔ شاہ جہاں نے دوسرے بزرگ سے جا کر پوچھا کہ یہ کیا بھید ہے کہ میر صاحب نے تو نذر نہیں لی اور آپ نے قبول کر لی تو فرمایا کہ میاں میر کا تقویٰ مجھ سے بلند تر ہے۔ (میں ان کے مقامِ تقویٰ تک کہاں پہنچ سکتا ہوں)

ف:- لوگوں میں مشہور ہے کہ معاصرت اور رقابت کی بیماری سب سے زیادہ قاریوں میں پائی جاتی ہے کوئی بھی دوسرے کے مقام اور مرتبہ کو تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتا لیکن یہ وہ قاری ہوں گے جن کے حلق سے نیچے قرآن نہیں اترتا مگر وہ مخلص اور خدا رسیدہ قاری جن کے سینے قرآن کے نور سے منوّر ہوتے ہیں وہ تواضع اور انکساری کے چلتے پھرتے نمونے ہوتے ہیں وہ اپنے آپ کو دوسروں سے کمتر سمجھتے ہیں اور دوسرے اہل کمال کا دل و جان سے احترام کرتے ہیں۔

پھل دار شاخ ہمیشہ جھکی ہوتی ہے اور جو شاخ اٹھی ہوئی نظر آئے وہ پھل سے خالی ہوگی۔

کیسے کیسے بادشاہ

اورنگ زیب عالمگیر رحمہ اللہ ۱۰۶۸ھ میں تخت نشیں ہوئے وہ قرآن کریم کے حافظ، بہترین قاری اور قرآنی رسم الخط کے ماہر تھے روزانہ قرآن شریف لکھنے کا معمول تھا انہوں نے امورِ سلطنت بجالانے کے ساتھ ساتھ اپنے ہاتھ سے کئی نسخے لکھے، کہا جاتا ہے کہ یہ بادشاہ قرآن کریم کی کتابت اور ٹوپیوں کی سلائی سے اپنی معاشی ضروریات پوری کرتا تھا۔

۹۴ سال کی عمر میں اس کا انتقال ہوا۔

اس کی آرزو یہ تھی کہ جمعہ کے روز میرا انتقال ہو۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی یہ آرزو بھی پوری کردی، شدید تکلیف کے باوجود نہ صرف یہ کہ اس نے آخری نماز جماعت کے ساتھ ادا کی بلکہ معمول کے وظائف بھی پورے کرنے کی کوشش کی اسی دوران اس پر غشی طاری ہوگئی اس وقت بھی اس کے منہ سے کلمہ طیبہ جاری تھا اور انگلیاں تسبیح پر چل رہی تھیں۔

مرنے سے پہلے قرآن کریم کے اس حافظ قاری بادشاہ نے جو وصیتیں کیں ان میں چند ایک کا خلاصہ بطور عبرت کے درج ذیل ہے۔

(۱) اس گناہ گار کو حضرت شیخ چشتی رحمہ اللہ کی قبر کے پاس دفن کیا جائے تاکہ گناہوں کے دریاؤں میں ڈوبے ہوئے کو بھی کچھ فیض حاصل ہو۔

(۲) ٹوپیوں کی سلائی کے مبلغ چودہ روپے بارہ آنے جو عالیہ بیگم کے پاس جمع ہیں وہ ان سے لیکر مجھ بیچارے کے کفن میں صرف کریں اور جو مبلغ تین سو روپے قرآن کی لکھائی کے صرف خاص میں ہیں وہ انتقال کے بعد ان حاجیوں کو دے دیں اس لئے کہ کلام مجید کی لکھائی کے معاوضہ میں حرمت کا شبہ ہے لہٰذا روپیہ میرے کفن میں صرف نہ کیا جائے۔

(۳) اگر مزید ضرورت ہو تو بادشاہ عالی جاہ کے وکیل سے لے لیں کیونکہ اولاد میں یہی قریب ترین وارث ہیں، حلت و حرمت ان کے ذمہ ہے، فقیر بیچارہ سے باز پرس نہیں "مردہ بدست زندہ"

(۴) اس سرگشتہ بیابان گمراہی کو ننگے سر دفن کریں کیونکہ گنہگار تباہ رو کو اللہ تعالیٰ کے عظیم الشان دربار میں ننگے سر لے جانے سے نظر رحمت زیادہ ہوگی۔

(۵) میرے تابوت پر گاڑھے (یعنی گری) کی چادر (غلاف) ڈالیں اور امیروں کی بدعات سے پرہیز کریں۔

ف:- اس واقعہ کے ذکر کرنے سے میرا مقصد صرف یہ ہے کہ ہماری تاریخ میں ایسے ایسے بادشاہ بھی گذرے ہیں جو امورِ سلطنت بجالانے کے ساتھ ساتھ باجماعت نماز بھی ادا کرتے تھے، قرآن کریم کی تلاوت کا بھی ناغہ نہیں ہونے دیتے تھے، وظائف واوراد کے بھی پابند تھے اور خدمتِ خلق سے بھی غافل نہ تھے، جبکہ ہمارا حال یہ ہے کہ معمولی مصروفیات میں تلاوت تو کیا فرض نماز تک بھول جاتے ہیں۔

طمع واشراف

قاری سید محمد مبارک محدث بلگرامی رحمہ اللہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ کے فرزند مولانا نورالحق رحمہ اللہ کے تلامذہ میں سے تھے بلگرام سے دہلی جاکر مولانا نورالحق کے پاس قیام کیا، ان ہی سے تجوید وقرأت حدیث وفقہ اور دیگر علوم کی تحصیل کی۔ اس کے بعد بلگرام واپس آکر ساری زندگی محض اللہ کی رضا کے لیے پڑھاتے رہے۔ بعض اوقات فاقے کی نوبت آجاتی مگر کسی پر اس کا اظہار نہ فرماتے۔

مولانا طفیل احمد بلگرامیؒ جو ان کے لائق فائق تلامذہ میں سے تھے۔ اپنا چشم دید واقعہ اپنے استاد کے متعلق ذکر کرتے ہیں کہ ایک روز شیخ مبارک صاحب ظہر تک پڑھانے کے بعد وضو کے لیے اٹھے مگر اچانک بے ہوش ہوکر گر پڑے۔ تیزی سے دوڑ کر میں نے حضرت کو سنبھالا۔ گھنٹے بھر کے بعد ہوش آیا۔ میں نے وجہ پوچھی پہلے تو آپ نے ٹالنا چاہا۔ جب اصرار کیا تو فرمایا کہ تین روز سے کچھ کھایا نہیں ہے۔ نقاہت کی وجہ سے غشی طاری ہوگئی۔ یہ بات سن کر میرے آنسو نکل آئے۔ دل میں شرمندہ تھا

کہ میرا استاد تین روز سے بھوکا رہ کر پڑھاتا رہا اور میں نے غفلت برتی۔ فوراً اٹھ کر گھر گیا اور جو کھانا استاد کو مرغوب تھا تیار کر کے لے آیا اول تو اس کو دیکھ کر بڑی بشاشت کا اظہار کیا اور دعائیں دیں اس کے بعد نرمی سے کہا کہ اگر بارِ خاطر نہ ہو تو ایک بات کہوں میں نے کہا فرمایئے۔ کہا کہ فقراء کی اصطلاح میں اس کو ''اشراف'' کہتے ہیں یعنی ایسا کھانا جس کی طمع نفس میں پیدا ہو جائے تمہارے جاتے ہی میرے نفس نے اس کھانے کی امید قائم کر لی تھی، اگرچہ فقہاء اس کھانے کو جائز کہتے ہیں اور میں تو ویسے بھی مضطر ہوں اور اضطرار کی حالت میں مردار کا کھانا بھی جائز ہو جاتا ہے مگر فقراء اور اہل اللہ ''طعامِ اشراف'' کو جائز قرار نہیں دیتے یعنی مخلوق سے توقع لگانے کے بعد جو چیز سامنے آئے اس کا قبول کرنا فقراء کے مسلک و مشرب کے منافی ہے لہٰذا میں اس کے کھانے سے معذرت چاہتا ہوں۔

میر طفیل استاد کے مزاج شناس تھے۔ کسی اصرار اور ردّ و قدح کے بغیر کھانا سامنے سے اٹھا کر لے گئے۔ اوٹ میں جا کر تھوڑی دیر ٹھہرے اور پھر کھانا استاد کے سامنے رکھتے ہوئے دریافت کیا کہ جب میں کھانا اٹھا کر لے گیا تھا تو کیا استاد کو توقع تھی کہ یہی کھانا دوبارہ ان کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ مولانا نے نفی میں جواب دیا۔ اس پر میر طفیل نے عرض کیا کہ چونکہ یہ کھانا غیر متوقع طور پر پیش کیا گیا ہے اس لئے طعام اشراف میں داخل نہیں لہٰذا بسم اللہ کیجئے اور تناول فرمایئے۔

شاگردِ سعید کے اس حسن تدبیر سے استاد خوش ہوئے اور ان کی ذہانت و فراست کی داد دی اور کھانا تناول فرمالیا۔

ف:- کیسے تھے وہ قراء اور علماء جو شدید بھوک کی حالت میں بھی کسی غیر کا

نہیں بلکہ اپنے شاگردوں کی طرف سے پیش کیا گیا کھانا محض اسلئے قبول نہیں کرتے تھے کہ وہ کھانا ''اشراف نفس'' کے زمرے میں آتا تھا اور کہاں ہیں وہ لوگ جو یوں تو قاری اور مولوی کہلاتے ہیں لیکن اللہ کے بجائے اللہ کے بندوں پر نظر رکھتے ہیں بلکہ ان کے سامنے ہاتھ پھیلانے سے بھی نہیں شرماتے اور ان کے اس طرز عمل کی وجہ سے مولوی اور قاری جیسے مبارک نام اور تعلیم وقرأت جیسا مقدس کام بدنام ہوتا ہے۔

دل مصطفیٰ ﷺ

درج ذیل واقعہ تو قارئین نے بارہا پڑھا اور سُنا ہوگا مگر شاید بہت کم حضرات کو معلوم ہوگا کہ یہ واقعہ دہلی کے مشہور عالم وفاضل قاری اور شاعر مرزا عبدالقادر بیدل عظیم آبادی رحمہ اللہ کا ہے کہ وہ ایک مرتبہ بیٹھے داڑھی منڈا رہے تھے ایک صاحب دل فقیر وہاں سے گذرا اسے اس مشہور قاری اور نعت خواں کے داڑھی منڈانے پر بڑا افسوس ہوا، اس نے تعجب سے مرزا صاحب سے پوچھا ''بابا ریش می تراشی'' ارے میاں داڑھی منڈا رہے ہو؟ بیدل نے شاعرانہ انداز میں جواب دیا ''آرے ریش می تراشم ولے دلِ کسے رانمی خراشم'' (جناب داڑھی ہی تو منڈا رہا ہوں کسی کا دل تو نہیں دُکھا رہا) فقیر بھی حاضر جواب تھا اس نے کہا ''نے بابا! دلِ مصطفی رامی خراشی'' (ارے میاں آپ کسی اور کا نہیں بلکہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا دل دکھا رہے ہیں۔) بیدل نے ایک چیخ لگائی اور کہا ''راست بگوئی'' (سچ کہتے ہو) اس کے بعد داڑھی منڈانے سے انہوں نے توبہ کرلی۔

ف:- آج کل ریڈیو، ٹی وی اور اسکولوں اور کالجوں میں ایسے قاری اور

نعت خواں کثرت سے دکھائی دیتے ہیں جو اپنی مترنم اور پُرسوز آواز میں جب قرأت کرتے یا نعت پڑھتے ہیں تو لوگ جھوم جھوم اُٹھتے ہیں، ان قاریوں اور نعت خوانوں کی زبانیں مدینہ مدینہ کہتے ہوئے بھی نہیں تھکتیں لیکن ان کی صورت اور سیرت مدینے والے نبی سے قطعاً میل نہیں کھاتی وہ داڑھی بھی منڈاتے ہیں سگریٹ نوشی بھی کرتے ہیں، مردوں اور عورتوں کے مخلوط اجتماعات میں بھی بے دریغ جاتے ہیں اور ساتھ ساتھ عشقِ رسول کی اجارہ داری کے دعوے بھی کرتے ہیں کاش وہ بھی اس واقعہ سے عبرت حاصل کریں اور زبان سے عشق کے دعاوی کے بجائے عمل سے عشقِ رسول کا ثبوت دیں۔

اصلی دولت

شاہ عالم ثانی ہندوستان کا مشہور مسلمان بادشاہ گذرا ہے۔ وہ قرآن کریم کا حافظ اور قاری تھا اس نے قرأت کے مشہور استاد قاری عبدالرحمٰن صاحبؒ سے نہ صرف یہ کہ قرآن حفظ کیا تھا بلکہ قرأت بھی سیکھی تھی۔

جب دہلی کے حالات دگرگوں ہوئے اور غلام قادر روہیلہ وہاں پر قابض ہو گیا تو اس نے شاہی خاندان پر مظالم کی حد کر دی اور آخری ظلم یہ کیا کہ بوڑھے بادشاہ کو زمین پر گرا کر اس کے سینے پر چڑھ بیٹھا اور خنجر سے اس کی آنکھیں نکال ڈالیں۔ بوڑھا بادشاہ کہتا ہی رہا ارے اللہ کے بندے رحم کر یہ وہ آنکھیں ہیں جو ساٹھ سال تک کلام اللہ پڑھتی رہی ہیں مگر اس پر ذرہ برابر بھی اثر نہ ہوا۔

غلام قادر، شاہ عالم سے مسلسل چھپائی ہوئی دولت کے بارے میں پوچھ رہا تھا

اور عدم حصول پر درندگی پر اتر آیا تھا۔ اس وقت شاہ عالم نے اپنے سینے کی طرف اشارہ کر کے کہا تھا کہ ''میری اصلی دولت تو یہاں ہے جسے کوئی نہیں لے سکتا۔'' اس سے بادشاہ کا مقصد یہ تھا کہ میری اصلی دولت تو قرآن ہے جو حافظ ہونے کی وجہ سے میرے سینے میں محفوظ ہے۔

ف:- یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے اپنی سیاسی زندگی کو قرآن سے الگ کر لیا تھا اسی لیے ذکر و عبادت کے باوجود وہ ایوانِ حکومت اور میدانِ جنگ میں بڑے سفاک دکھائی دیتے تھے ایک مسلمان کی شان یہ ہے کہ وہ واقعی قرآن کریم کو اصلی اور حقیقی دولت سمجھے اور اپنی انفرادی اور اجتماعی، سیاسی اور مذہبی، معاشی اور معاشرتی زندگی کے ہر پہلو کو قرآن کریم کے تابع کر دے۔

تکمیل تمنا

قاری مرزا مظہر جان جاناں مجددی دہلوی رحمہ اللہ نے تجوید و قرأت کی سند شیخ القراء عبدالخالق منوفی رحمہ اللہ سے حاصل کی۔

آپ شہادت کے بہت متمنی تھے فرماتے تھے کہ میری کوئی ایسی تمنا نہ تھی جو منعم حقیقی نے اپنے فضل و کرم سے پوری نہ کر دی ہو۔ حقیقی اسلام سے مشرف کیا، علم سے بڑا حصہ عطا فرمایا، نیک عمل پر استقامت مرحمت فرمائی طریقت کے جو لوازمات ہوتے ہیں وہ سب عنایت کیے۔ صلحاء کو کسب فیوض کے لیے اس بندے کے پاس بھیجا۔ دنیا اور اہل دنیا سے الگ رکھا اور میرے دل میں غیر اللہ کی جگہ نہ چھوڑی اب کوئی آرزو باقی نہیں رہی سوائے شہادت کی آرزو کے، جس سے قربِ الٰہی کے

مراتب عالیہ ملتے ہیں اس فقیر کے اکثر بزرگوں نے جام شہادت نوش کیا مگر یہ فقیر ناتواں ہے، عمر اسی سال سے متجاوز ہے اور کمزوری اتنی ہے کہ جہاد کی قوت باقی نہیں رہی، اس مرتبہ کا حصول بظاہر مشکل معلوم ہوتا ہے۔

لیکن اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کے سچے خادم اور اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے اس سچے عاشق کی یہ آرزو بھی پوری فرمادی، دو رافیضوں نے آپ کے گھر میں داخل ہوکر آپ پر بندوق سے حملہ کیا گولی اس انداز سے لگی کہ مرزا صاحب کا فوراً انتقال نہیں ہوا بلکہ وہ سخت زخمی ہو گئے۔ شاہ عالم کو جب علم ہوا تو عیادت کے لئے آئے اور پوچھا مرزا صاحب مزاج کیسا ہے۔ چونکہ مرزا صاحب بڑے نازک مزاج انسان تھے اور ذرا سی بھی بو برداشت نہیں کر سکتے تھے اس لئے فرمایا کہ بندوق لگی ہے مگر اس کی تو اتنی تکلیف نہیں کیونکہ یہ سینہ پہلے ہی سے چھلنی تھا ہاں بندوق چونکہ قریب سے لگی ہے اسلئے کچھ بارود اندر چلی گئی ہے اور اس کی بو سے دماغ سخت پریشان ہے۔ کہا جاتا ہے کہ مرزا صاحب نے اس حادثہ سے چار پانچ دن پہلے ہی یہ غزل لکھی تھی۔

بہ لوح تربتِ من یا فتند تحریرے
کہ ایں مقتول راجز بیگناہی نیست تقصیرے

(لوگوں نے میری قبر پر یہ لکھا ہوا دیکھا کہ اس مقتول کا بیگناہی کے سوا کوئی جرم نہیں تھا)

بعد میں یہی شعر آپ کی قبر پر تحریر بھی کیا گیا۔

ف:- اللہ تعالیٰ کے بندوں کی آرزوئیں قلیل بھی ہوتی ہیں اور مرضی الٰہی کے دائرے میں محصور بھی ہوتی ہیں اس لئے انہیں اپنی آرزوؤں کی عدم تکمیل کا نہ

شکوہ ہوتا ہے نہ شکایت ہوتی ہے اور ان کی جائز آرزوؤں کی تکمیل کی خود ربِ کریم ایسی ایسی صورتیں پیدا فرما دیتا ہے جو کسی کے وہم و گمان میں نہیں ہوتیں۔ حضرت مرزا صاحب رحمہ اللہ علیہ کے دل میں شہادت کی سچی آرزو تھی اللہ پاک نے یہ آرزو پوری فرما دی۔

قرآن کے ساتھ دل لگانے سے زندگی بھی صاف ستھری نصیب ہوتی ہے اور موت بھی قابلِ رشک آتی ہے، مسکراتے ہوئے زندگی گذاری تھی، مسکراتے ہوئے ہی دنیا سے رخصت ہوئے۔

مسکراتے ہیں پھول کانٹوں میں
ہائے کیا شانِ دلربائی ہے

سامعین کا شوق

قاری محمد حسین الہ آبادی رحمہ اللہ علیہ، قاری عبدالرحمٰن محدث پانی پتی رحمہ اللہ کے شاگرد تھے۔ حضرت کو قرآن مجید بہت اچھا یاد تھا، تجوید اور خوش الحانی سے پڑھتے تھے، کئی سال تک شبینے سنائے۔ جن میں مولانا عبدالحی فرنگی محلی بھی شریک ہوا کرتے تھے۔ آخری عمر میں شبینہ سنانا چھوڑ دیا تھا، جو لوگ پہلے شبینہ سن چکے تھے انہوں نے حضرت سے شکایت کی کیا بات ہے اب آپ شبینہ نہیں سناتے تو حضرت نے فرمایا کہ قرآن مجید سنانے کا لطف اسی وقت تک ہے کہ سننے والے پر بار نہ ہو۔ چونکہ اب ایسے سننے والے نہیں رہے اس لئے میں نے سنانا موقوف کر دیا ہے۔ پھر آپ نے ایک واقعہ بیان کیا کہ ایک مرتبہ میں شبینہ سنا رہا تھا، پہلی رکعت میں

۲۹ پارہ پڑھ کر رکوع کیا اور دوسری رکعت میں تیسواں پارہ پورا کیا تو سلام پھیرنے کے بعد مولانا عبدالحیؒ جو مقتدی اور سامع تھے فرمانے لگے "مزاہ کرکرا کر دیا۔ ۲۹ پارے کے بجائے ۳۰ پارہ پورا کر کے دوسری رکعت میں ابتداء سے کچھ اور پڑھ دیتے تو کیا بگڑتا۔"

مولانا نے فرمایا کہ جب تک ایسے سامع تھے، اس وقت تک سنانے کا لطف تھا، اب جو مقتدیوں میں بیزارگی دیکھتا ہوں تو شبینہ سنانے کی ہمت نہیں ہوتی۔

ف:- اس واقعہ میں ان لوگوں کے لیے بڑی عبرت ہے جو شبینہ کو ایک لازمی رسم سمجھ کر سرانجام دیتے ہیں اور ان شبینوں میں بعض قرّاء معاوضہ لیکر تلاوت کرتے ہیں، انہیں اس سے کوئی غرض نہیں ہوتی کہ کوئی سنتا ہے یا نہیں سنتا بس وہ اپنی ڈیوٹی کسی نہ کسی طرح پوری کرنے کی کوشش کرتے ہیں ان شبینوں میں جو قباحتیں ہیں ان میں سے چند درج ذیل ہیں۔

(۱) نوافل جماعت کے ساتھ ادا کیے جاتے ہیں جو کہ احناف کے نزدیک مکروہ ہیں۔

(۲) اسپیکر میں تلاوت کر کے اہلِ محلّہ کو بے آرام کیا جاتا ہے۔ بعض اوقات ایک بھی سننے والا نہیں ہوتا مگر اسپیکر سے پورا محلّہ گونج رہا ہوتا ہے۔

(۳) قرآن کریم کی حد درجہ بے احترامی کی جاتی ہے اس لئے کہ بسا اوقات یہ تک دیکھا اور سنا کہ اپنی باری کے انتظار میں لڈو کھیلی جا رہی ہے۔

(۴) تلاوت کا معاوضہ لیا جاتا ہے جو کہ ناجائز ہے۔ جہاں سے کچھ نہ ملے ان کی برائی کی جاتی ہے۔

(۵) بعض لوگ پیچھے بیٹھے یا لیٹے رہتے ہیں، جب قاری صاحب رکوع میں جاتے ہیں تو یہ بھی بھاگ کر نماز میں شامل ہو جاتے ہیں یوں نماز کی بھی بے احترامی ہوتی ہے۔

(۶) قرآن کریم ترتیل اور تجوید سے نہیں پڑھا جاتا۔

(۷) بعض سننے والے بھی صرف ایسی جگہ جاتے ہیں جہاں کھانے پینے کا انتظام ہوتا ہے۔

(۸) بلاضرورت مسجد کی بجلی استعمال کی جاتی ہے۔

(۹) انتظامیہ سے لے کر حافظ اور قاری تک ریا میں مبتلا دکھائی دیتے ہیں۔

(۱۰) صحابہؓ، تابعین اور سلف صالحین سے مروّجہ شبینہ کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔

حقیقت میں ہے قرآن

قاری حافظ ارادت الحق گیاوی رحمہ اللہ تجوید و قرأت کے ماہر اور بڑے متقی اور پرہیز گار انسان تھے۔ شہر کا کوئی حافظ ایسا نہ تھا جس نے آپ سے استفادہ نہ کیا ہو۔ زندگی قرآن کی تعلیم کے لیے وقف تھی اور پڑھنے یا پڑھانے کا کوئی معاوضہ نہیں لیتے تھے، جب کسی کو قرآن ختم کراتے تو رقت طاری ہو جاتی روتے ہوئے کلماتِ نصیحت تلقین فرماتے اس میں التزاماً اس کا ذکر ہوتا کہ ''بیٹا قرآن کو بیچنا مت۔''

رمضان المبارک میں تراویح میں جب قرآن ختم ہوتا تو کسی حیلے سے بھی نذر قبول نہ فرماتے۔ جاننے والے جانتے تھے خود ہی احتراز کرتے۔ لیکن اگر کوئی انجان شخص ختم کے بعد کچھ پیش کرتا تو اس پر سخت ناراضگی کا اظہار فرماتے۔ شہر کی جس مسجد میں معاوضہ نہ ملنے کی وجہ سے کوئی حافظ تراویح میں قرآن سنانے پر آمادہ نہ ہوتا تو

وہاں خود جا کر تراویح پڑھایا کرتے، رات بھر تمام غیر آباد مسجدوں میں نوافل میں قرآن کا سلسلہ جاری رکھتے، مرض الموت میں جب وقت آخر آ پہنچا تو ایک صبح اٹھ کر تیمارداروں سے فرمانے لگے کہ ''قرآن کے اوراق کس نے میرے نیچے بچھا دیئے ہیں ان کو نکالو بے ادبی ہو رہی ہے۔'' تیماردار حیران تھے کہ کیا جواب دیں انہوں نے آپ کے استاد مولانا خیر الدین کو بلایا، وہ تشریف لے آئے تو ان سے بھی آپ نے یہی درخواست کی تو مولانا نے فرمایا ''مبارک ہو آپ نے زندگی بھر قرآن کی خدمت کی ہے اس کی برکت سے آپ سراپا قرآن ہو گئے ہیں اور آپ کو اس وقت ہر طرف قرآن ہی قرآن نظر آ رہا ہے، آپ مطمئن رہیے انشاء اللہ آپ کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔''

قاری صاحب کہنے لگے براہ کرم صرف تسلی نہ دیجئے قرآن کے اوراق تو ہٹایئے مولانا نے فرمایا اگر قرآن کو قرآن پر رکھا جائے تو جائز ہے یا نہیں؟ آپ مجسم قرآن ہیں اس لئے اوراق کی فکر نہ کیجئے ۔ مولانا کی اس تدبیر سے قاری صاحب مطمئن ہوئے اور بشاشت کے ساتھ کلمہ پڑھتے ہوئے رخصت ہو گئے۔

ف:- یہ زندگی اور یہ موت دونوں قابلِ رشک ہیں، جو لوگ قرآن کی عظمت سمجھ لیتے ہیں وہ اس کے بدلے دنیا کے کھوٹے سکے لینے کے لیے آمادہ نہیں ہوتے، ان کی نظریں عارضی چمک دمک پر نہیں ہوتیں بلکہ اللہ کے اس عظیم اجر پر ہوتی ہیں جو کبھی ختم نہیں ہوگا۔

قرآن میں مستغرق ہو جانے والے سراپا قرآن بن کر علامہ اقبال کے اس شعر کا مصداق بن جاتے ہیں۔

یہ راز کسی کو نہیں معلوم کہ مسلم
قاری نظر آتا ہے حقیقت میں ہے قرآن

ایسے مستغنی لوگ

قاری حافظ فیض محمد اورنگ آبادی رحمہ اللہ جید حافظ اور قاری تھے۔ عابد وزاہد تھے لوگوں سے طمع نہیں رکھتے تھے بڑے شاکر بزرگ تھے۔ اخیر زمانے میں آنکھوں کا آپریشن ہوا اور پٹی باندھ دی گئی، یہ اپنے پلنگ پر لیٹے یا بیٹھے تلاوتِ قرآن میں مصروف رہتے تھے اسی زمانہ میں حیدرآباد کے فرمانروا اعلیٰ حضرت عثمان علی خان عثمانیہ دواخانے کے معائنہ کے لیے تشریف لائے۔ مریضوں میں بھی گئے۔ دور سے دیکھا کہ ایک شخص اپنے معمولات میں مصروف ہے نزدیک جاکر سلام کیا۔ قاری صاحب کو ان کا مخل ہونا ناگوار گذرا۔ سلام کا جواب دے کر پوچھا آپ کون ہیں کہا عثمان علی خان۔ پوچھا کیا فرمانروائے دکن؟ جواب دیا کہ ہاں وہی..... فرمایا کہ اگر آپ دکن کے فرمانروا ہیں تو آپ کو دوسروں کے معمولات میں مخل ہونے کا حق کیسے حاصل ہوگیا؟

اعلیٰ حضرت کے ساتھ جو امراء اور ڈاکٹر تھے وہ سب سناٹے میں آگئے مگر جناب عثمان علی خاں صاحب خاموشی کیساتھ وہاں سے چلے گئے ہسپتال کا معائنہ کرنے کے بعد پھر قاری صاحب کے پاس آئے اور پوچھا کہ ''قاری صاحب اب تو آپ اپنے معمولات سے فارغ ہوگئے مجھے اس وقت مخل ہونے کا افسوس ہے اب سنایئے آپ کا کیا حال ہے کہا ''الحمدللہ اچھا ہوں دو چار روز میں پٹی کھل جائے گی'' اعلیٰ حضرت نے دعا کی درخواست کی تو قاری صاحب نے ہاتھ اٹھا کر دعا دی وہاں سے آگے بڑھ کر بڑے تعجب سے اپنے مصاحبین سے کہا کہ ایسے مستغنی لوگ اب بھی دنیا میں موجود

ہیں، اعلیٰ حضرت نے ان کے لیے تاحیات معقول وظیفہ مقرر کر دیا۔

ف:- یہ وہ خوش قسمت لوگ ہیں جن کے دلوں میں اشتغال بالقرآن کی وجہ سے غنا بھر جاتی ہے وہ قرآن کو سب سے بڑی دولت اور صاحب قرآن کو سب سے بڑا غنی یقین کرتے ہیں، دنیا ان کے قدموں میں ذلیل ہو کر آتی ہے۔

اس واقعہ میں ان لوگوں کے لیے بڑا سبق ہے جن کی پیشانیوں پر غریبوں کو دیکھ کر بل پڑ جاتے ہیں اور سرمایہ داروں کے سامنے وہ بچھ بچھ جاتے ہیں اپنے سینے میں قرآن جیسی بے مثال دولت ہونے کے باوجود وہ اپنے آپ کو روپے پیسے والوں کے مقابلے میں بہت حقیر سمجھتے ہیں، جس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ وہ اللہ کی نظروں سے بھی گر جاتے ہیں اور اہلِ دنیا کی نظر میں بھی انہیں کوئی عزت حاصل نہیں ہوتی۔

گواہ رہنا

حافظ سید قربان علی شاہ بڑی خوبیوں کے انسان تھے۔ قرآن مجید خوب یاد تھا ہر وقت تلاوت فرماتے رہتے تھے۔ اخیر عمر میں سل کی بیماری ہو گئی۔ ایک مرتبہ سینے سے خون زیادہ آتے دیکھ کر اپنے اقرباء کو جمع کیا اور کہا اب میرا آخری وقت ہے تم گواہ رہنا کہ میں مسلمان ہوں اور میرے حافظ ہونے کے بھی گواہ رہو۔ یہ کہہ کر الحمد سے لیکر والناس تک قرآن مجید سنا دیا اسی کے ساتھ سانس ٹوٹی اور جان بحق تسلیم ہو کر اس شعر کا مصداق بن گئے۔

تمنا ہے یہی خادم کبھی یہ آس پوری ہو
شروع الحمد سے ہو کر کبھی والناس پوری ہو

حق ادا نہ ہوسکا

حضرت قاضی حمید الدینؒ، مولانا بدر الدین غزنویؒ اور خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ یہ تینوں حضرات جامع مسجد دہلی میں معتکف تھے، شب و روز تلاوتِ قرآن میں مصروف تھے، ایک رات ارادہ فرمایا کہ آج پوری رات میں صرف دو رکعت نماز ادا کریں گے چنانچہ نماز عشاء کے بعد خواجہ حمید الدینؒ نے پہلی رکعت میں ایک قرآن اور چار پارے پڑھے دوسری رکعت میں دوسرا قرآن ختم کر دیا اور آخر میں تینوں نے مل کر دعا کی ''الٰہی! ہم سے تیری عبادت کا حق ادا نہیں ہوسکتا بس تو اپنی رحمت سے ہمیں بخش دینا''۔

حاملِ قرآن کی پہچان

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ حامل قرآن کے لیے مناسب یہ ہے کہ وہ اپنی رات سے پہچانا جائے جبکہ لوگ سو رہے ہوں، اپنے دن میں روزے سے پہچانا جائے جبکہ لوگ کھا رہے ہوں اور تقویٰ سے پہچانا جائے جبکہ لوگ خلط ملط ہو جائیں اور اپنی تواضع سے پہچانا جائے جبکہ لوگ تکبر کریں اور اپنے غم سے پہچانا جائے جبکہ لوگ خوش ہو رہے ہوں اور اپنے رونے سے پہچانا جائے جبکہ لوگ ہنس رہے ہوں اور خاموشی سے پہچانا جائے جبکہ لوگ گپ شپ کر رہے ہوں (اخلاق حملۃ القرآن ص ۵۰)

فضیل بن عیاضؒ فرماتے تھے کہ حامل قرآن کے لیے مناسب یہ ہے کہ وہ کسی کے سامنے اپنی حاجت پیش نہ کرے نہ خلیفہ کے سامنے نہ اس سے چھوٹے درجے

کے کسی آدمی کے سامنے اور مناسب یہ ہے کہ لوگ اپنی ضرورتیں لیکر اس کے پاس جائیں (اخلاق حملۃ القرآن ص ۵۱)

ف: ہم میں سے جن کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے محض اپنے فضل وکرم سے حافظ وقاری یا قرآن کا معلم اور مدرس بنایا ہے وہ ان مبارک فرمودات کے آئینے میں اپنا اچھا یا برا چہرہ بخوبی دیکھ سکتے ہیں، کتنے ہی حفاظ اور قرآء ایسے ہیں جو مخارج کی ادائیگی اور تجوید کے قواعد کے اجراء میں بڑی مہارت رکھتے ہیں وہ جب اپنی پُرکشش آواز میں قرآن پڑھتے ہیں تو لوگ جھوم جھوم جاتے ہیں لیکن ان کی عملی زندگی میں قرآنی احکام کی کوئی جھلک دکھائی نہیں دیتی ایسے حضرات کو جان لینا چاہیے کہ وہ حق تلاوت ادا نہیں کرتے اگر وہ تلاوت کا حق ادا کرنا چاہتے ہیں تو انہیں امام غزالیؒ کی بات پلے باندھ لینی چاہیے۔

حقِ تلاوت

امام غزالی رحمہ اللہ فرماتے ہیں "قرآن کریم کی تلاوت کا حق یہ ہے کہ اس میں زبان کے ساتھ عقل اور دل بھی شریک ہو، زبان کی ذمہ داری حروف کو ترتیل کے ساتھ صحیح طرح ادا کرنا، عقل کی ذمہ داری معانی کی تفسیر کرنا اور دل کی ذمہ داری اس سے متأثر ہوکر برائیوں سے بچنا اور نیکیوں کو سرانجام دینا پس زبان تلاوت کرتی ہے اور عقل اس کا ترجمہ کرتی ہے اور دل اس سے عبرت حاصل کرتا ہے۔

دولتِ قرآن کا احترام

حضرت ابوعبیدؒ فرماتے ہیں کہ میں حضرت معمر بن سلیمانؒ کی خدمت میں لتہ شہر

میں بیٹھا ہوا تھا وہ ایک بہترین انسان تھے انہیں اپنے کسی کام کے لیے بادشاہ کا تعاون درکار تھا ان سے کہا گیا کہ آپ بادشاہ سے مل کر اس موضوع پر بات کرلیں تو انہوں نے کہا کہ میں نے ایک مرتبہ اس کے پاس جانے کا ارادہ کرلیا تھا لیکن پھر مجھے قرآن کریم اور علم کا خیال آیا جس کی دولت اللہ نے مجھے عطا فرما رکھی ہے تو میں نے اسی کے احترام میں بادشاہ کے پاس جانے کا ارادہ چھوڑ دیا۔ (تھذیب التھذیب ۱۰/۲۵۰)

ف: یہی وہ حضرات تھے جو قرآن کی عظمت کا حق ادا کرنے والے تھے انہوں نے فاقے برداشت کیے، غربت کی زندگی گذارنا گوارا کرلیا، اپنی خواہشات اور آرزوؤں کا گلا گھونٹ دیا لیکن دولتِ قرآن ملنے کے بعد انہوں نے سرمایہ داروں اور اصحاب اقتدار کی چوکھٹ پر قدم رکھنا برداشت نہیں کیا اور نہ ہی اس بے مثال دولت کو وہ دنیا کی حقیر دولت کے بدلے بیچنا پسند کرتے تھے۔

ہمارے ان دوستوں کو اس سے سبق لینا چاہیے جنہیں سارا دن ٹیوشنیں پڑھانے اور قرآن خوانیوں سے فرصت نہیں ملتی اور وہ اس میں کسی قسم کی شرم بھی محسوس نہیں کرتے۔

کیا یہ عبرت کی بات نہیں کہ یہ سیٹھ لوگ قرآن اور حصولِ ثواب کی خاطر اہل علم کے پاس آنا پسند نہیں کرتے مگر اہلِ علم دنیا کے دونکوں کی خاطر ان کے بنگلوں اور فیکٹریوں کا طواف کرتے ہوئے نظر آتے ہیں جہاں بعض اوقات گیٹ پر انتظار کروایا جاتا ہے، اور سرونٹ کوارٹر میں بٹھایا جاتا ہے، کسی بچے پر سختی کرنے کی اجازت نہیں ہوتی، بچے مصروف ہوں تو قاری صاحب کو واپس بھیج دیا جاتا ہے اور وہ یہ ساری ذلت صرف اس لیے برداشت کرتے ہیں کہ انہیں مہینے کے آخر میں پانچ سو یا ہزار ملنے کی امید ہوتی ہے۔

خدارا سینے پر ہاتھ رکھ کر بتایئے کیا یہ نعمتِ قرآن کی بے حرمتی نہیں ہے؟

بے تکلفی نہ کہ تکلف

امام حمزہ رحمہ اللہ قرات کے مشہور امام ہیں ان سے کسی نے کہا اے ابوعمارہ! میں نے آپ کے ایک شاگرد کو دیکھا کہ اس نے ہمزہ اداء کرنے میں اتنا زور لگایا کہ اس کے گریبان کا بٹن ٹوٹ گیا، انہوں نے فرمایا کہ میں نے ایسا کرنے کا اسے کبھی حکم نہیں دیا۔ (جمال القراء ص ۱۲۶)

امام شعبہؒ فرمایا کرتے تھے کہ ہمارے امام صاحب سورہ ہمزہ میں ''مؤصدۃ'' کے ہمزہ پر اتنا زور لگاتے ہیں کہ میرا دل چاہتا ہے کہ نماز ہی میں اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونس لوں۔ (المرشد الوجیز ص ۲۱۲)

علامہ ابوعمر دانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ''تجوید کے بارے میں ائمہ قرات کی تحقیق یہ ہے کہ مد اور غنہ، ہمزہ اور تشدید، حرکت اور سکون، ادغام اور امالہ اور فتح میں سے جس حرف کا جو حق بنتا ہے وہ اسے پورا پورا دیا جائے بشرطیکہ افراط وتفریط اور تکلف وغیرہ نہ ہو اس کے بعد لکھتے ہیں کہ بعض کم عقل اور نام نہاد قراء حروف کو کھینچنے اور جدا جدا کرنے میں جو افراط وتفریط سے کام لیتے ہیں اور حرکات کو بے جا لمبا کرتے ہیں یا اس کے علاوہ ناپسندیدہ حرکتیں اور مکروہ طریقے اختیار کرتے ہیں تو وہ سلف صالح اور ائمہ قرات کے طریقے سے ہٹے ہوئے ہیں اور اس کی کراہت کی دلیلیں موجود ہیں۔

ف: اگرچہ اس کتاب میں ہم نے قرآن کریم کے بچے عاشقوں اور خادموں

کے واقعات جمع کرنے کا اہتمام کیا ہے لیکن ہمارے پیشِ نظر ایک مقصد یہ بھی ہے کہ ہمارے دور کے حفاظ اور قرّاء اس کتاب کی روشنی میں اپنے کردار و عمل کا جائزہ لیں اور خدمتِ قرآن کے باب میں ان کے اندر جو کمزوریاں پائی جاتی ہیں انہیں دور کرنے کی کوشش کریں، اسی نیت سے ہم نے اسلاف میں سے بعض قرّاء اور علماء کے اصلاحی اور تنقیدی اقوال نقل کیے ہیں کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ بعض حضرات حروف کی ادائیگی میں بے حد تکلف سے کام لیتے ہیں ان کا زور مخارج پر ہوتا ہے معانی اور مطالب کو تو گویا ایک غیر ضروری چیز سمجھتے ہیں..... حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کا درج ذیل ارشادِ گرامی بھی اسی اصلاحی جذبہ سے نقل کیا جا رہا ہے۔

تین قسم کے قرّاء

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ قرآن پڑھنے والے تین قسم کے ہیں :

۱۔ ایک قسم تو ان لوگوں کی ہے جنہوں نے اسے اپنا کاروبار بنا رکھا ہے اس سے پیسے کماتے ہیں۔

۲۔ دوسری قسم کے وہ لوگ ہیں جو اس کے حروف تو بہت صحیح اور درست ادا کرتے ہیں مگر اس کے احکام کی خلاف ورزی کرتے ہیں اور اس کے حدود کو ضائع کرتے ہیں اور اس کی وجہ سے لوگوں پر اپنی چودھراہٹ کو برقرار رکھتے ہیں اور اس کے ذریعے حکمرانوں سے پیسہ وصول کرتے ہیں اس قسم کے حاملینِ قرآن بہت ہیں اللہ ان کی کثرت ختم کریں۔

۳۔ تیسری قسم کے قرّاء وہ ہیں جنہوں نے قرآن کو دوا سمجھا اور اس کے ذریعے اپنے دلوں کی بیماریوں کا علاج کیا اپنے اندر خوفِ خدا پیدا کیا اور غم اور فکر کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنالیا۔ یہی لوگ ہیں جن کی برکت سے اللہ تعالیٰ بارشیں برساتا ہے اور دشمنوں کے مقابلے میں ان کی مدد کرتا ہے..... اللہ کی قسم اس قسم کے حاملینِ قرآن دنیا میں نہ ہونے کے برابر ہیں۔

ف: حضرت حسن بصریؒ دوسری صدی کے انسان ہیں اور یہ وہ دور تھا جو دورِ نبوت سے قریب ہونے کی وجہ سے رجالِ کار سے بھرا پڑا تھا مساجد آباد تھیں، مدارس کی رونقیں شباب پر تھیں، حبِ مال اور حبِ جاہ کا مرض عام نہ ہوا تھا مگر وہ قسم کھا کر کہتے ہیں کہ قرآن سے صحیح استفادہ کرنے والے اور اس کے حقوق ادا کرنے والے نہ ہونے کے برابر ہیں، اگر اس دور کا یہ حال تھا تو ہمارا دور جبکہ حبِ دنیا، حبِ جاہ، حرص وہوس اور کبر وغرور جیسے امراض کے جراثیم اہلِ علم میں بھی عام سرایت کر چکے ہیں تو اس دور میں کونسی قسم اٹھا کر کہا جائے کہ قرآن کے ذریعے اپنے دلوں کی بیماریوں کا علاج کرنے والے اور خوفِ خدا اور فکرِ آخرت رکھنے والے نہ ہونے کے برابر ہیں ہمارا دور حقیقت میں دورِ خزاں اور زمانہ قحط ہے یوں تو مدارس بھی بہت ہیں اور خانقاہوں کی بھی کمی نہیں لیکن وہ صاحبِ حال انسان دکھائی نہیں دیتے جن کا حال قال سے، جن کی خلوت جلوت سے اور جن کا باطن ظاہر سے زیادہ اجلا ہوتا تھا اور جن کے دل کی گرمی پوری محفل کو گرما دیا کرتی تھی..... ہائے اللہ! اس تلخ حقیقت کا کیسے اقرار کیا جائے کہ قرآن ہے مگر اس کے مخلص قاری نہیں پُرسوز آوازیں ہیں مگر فہم وتدبر سے کسی کو سروکار نہیں

تقریریں اور تفسیریں ہیں مگر عمل نہیں

اقوال ہیں مگر احوال نہیں

ظاہر اجلے ہیں مگر باطن غلاظت سے بھرے پڑے ہیں۔

قلبی امراض عام ہیں اور قرآن کریم کی صورت میں نسخہ ءشفا بھی موجود ہے مگر کسی کو علاج کا خیال تو کیا ہوگا ان بیماریوں کا احساس تک نہیں۔

پہلے حال پھر قال

حضرت حسن بصریؒ جن کا ارشاد اوپر گذرا ہے ان کی اپنی تلاوت کا جو حال تھا وہ ان کی باندی نے بیان کیا ہے عمر بن حجادہؒ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن بصریؒ کی باندی سے پوچھا کہ تم نے حضرت حسن بصریؒ کی خاص بات کونسی دیکھی اس نے کہا کہ میں انہیں دیکھا کرتی تھی کہ وہ جیسے ہی قرآن کو کھولتے ان کے ہونٹ ابھی بند ہی ہوتے کہ آنکھوں سے آنسوؤں کا سیلاب رواں ہو جاتا۔ (شعب الایمان ۱/ ۴۹۸)

وہ لوگ کہاں گئے

حضرت ابو سلیمان دارانی رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے کہ میں جب کسی آیت کی تلاوت کرتا ہوں تو اس میں چار چار پانچ پانچ روز تک غور وفکر کرتا رہتا ہوں اور اگر میں زبردستی اپنی توجہ اس آیت سے نہ ہٹاؤں تو شاید اس آیت کو چھوڑ کر دوسری آیت شروع ہی نہ کرسکوں (احیاء العلوم ۱/ ۲۹۰)

ف: آج ایسے لوگوں کو دیکھنے کے لیے آنکھیں ترستی ہیں جو قرآن کریم میں واقعی غور وتدبر کرنے والے ہوں، ایک آیت میں چار پانچ روز تک غور وفکر تو بہت دور

کی بات ہے ہمیں چار منٹ کے لیے غور وفکر کرنا بوجھ محسوس ہوتا ہے اور اس لیے بوجھ محسوس ہوتا ہے کہ ہم نے اسے زائد اور فضول چیز سمجھ لیا ہے۔

ف: تلاوت سے قبل ہی آنسوؤں کا بہنا یہ کلام اللہ کی عظمت کے احساس کی وجہ سے تھا گویا ؎

کہاں میں اور کہاں نکہتِ گل
نسیم صبح یہ تیری مہربانی ہے

سچا شیدائی

حضرت مولانا فضل رحمٰن گنج مراد آبادی نور اللہ مرقدہ قرآن کریم کے سچے شیدائیوں میں سے تھے، قرآن کریم کی محبت، فنائیت اور فہم وتدبر کے حوالے سے ان کے بڑے عبرت آموز اور پُر اثر واقعات اور اقوال حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی قدس سرہ نے ان کی سوانح میں ذکر فرمائے ہیں جن میں سے چند ایک درج ذیل ہیں۔

حضرت مولانا فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ ایک روز تلاوت قرآن کر رہے تھے کہ آپ پر کیفیت طاری ہوئی۔ مولوی تجمل حسین شاہ سے فرمایا کہ "جو لذت ہم کو قرآن میں آتی ہے اگر تم کو وہ لذت ذرہ بھر آئے تو ہماری طرح نہ بیٹھ سکو گے بلکہ کپڑے پھاڑ کر جنگل کو نکل جاؤ گے"

آپ نے آہ کی اور حجرہ میں تشریف لے گئے اور کئی روز تک بیمار رہے مولانا سید محمد علیؒ نے فرمایا کہ میں نے ابتداء میں حضرت سے عرض کیا کہ مجھ کو جو مزہ شعر میں آتا ہے قرآن شریف میں نہیں آتا آپ نے فرمایا ابھی بعد ہے جو مزہ قرآن شریف

میں ہے کسی میں نہیں مولوی تجمل حسین صاحب لکھتے ہیں کہ مجھ سے فرمایا کہ قرآن شریف اور حدیث پڑھا کرو کہ اللہ میاں دل پر آ کر بیٹھ جاتے ہیں۔

ایک روز آپ نے فرمایا کہ ''نسبت قرآن کی غایت سلوک ہے'' مولوی تجمل حسینؒ لکھتے ہیں کہ ایک بار مولانا محمد علی صاحب وغیرہ کا مجمع تھا قرآن شریف کا ترجمہ ہوا رکوع یہ تھا۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَّبِيًّا (سورہ مریم)

''اور آپ اس کتاب میں ابراہیم کا ذکر کیجئے اور وہ بڑے راستی والے نبی تھے''

اس کا ترجمہ فرمایا، اس کے بعد وہ آیت پڑھی گئی جو حضرت اسماعیل ذبیح اللہ کے بیان میں ہے۔

وَكَانَ عِندَ رَبِّهِ مَرْضِيًّا

''وہ اپنے رب کے پسندیدہ تھے''

آپ نے ترجمہ فرمایا کہ ''تھا اپنے رب کا پیارا'' یہ فرما کر چیخ ماری اور آپ پر گویا بیہوشی کی کیفیت طاری ہوگئی اور اس واقعہ کے بعد دو مہینے سخت علیل رہے۔ ایک مرتبہ جب اس آیت کا ترجمہ پیش آیا۔

أَأَنتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُونِي وَأُمِّيَ إِلَٰهَيْنِ مِن دُونِ اللَّهِ (مائدہ)

''اے عیسیٰ ابن مریم کیا تم نے لوگوں سے یہ کہہ دیا تھا کہ خدا کے علاوہ مجھے اور میری والدہ کو بھی معبود بنالو''

یعنی حضرت عیسیٰ کو حکم ہوگا کہ کیا تم نے آدمیوں سے کہہ دیا تھا کہ ہم کو اور ہماری ماں کو خدا سمجھیں اور خدا کو خدا نہ سمجھیں پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا گھبرا کر یہ فرمانا

اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ یعنی الغفور الرحیم کا موقع تھا مگر آپ نے العزیز الحکیم فرمایا اس وقت گویا واقعہ قیامت سامنے آ گیا اور مصیبت قیامت کی کیفیت سب پر طاری ہوگئی (تذکرہ مولانا فضل رحمٰن گنج مراد آبادی)

ف:- مولانا گنج مراد آبادی رحمہ اللہ صاحب دل انسان تھے جب قرآن وحدیث کا درس ہوتا تو پہلے آپ پر کیفیت آتی تھی اس کے بعد ہر شخص کی استعداد کے موافق عکس کے طور پر اس پر بھی وہ کیفیت طاری ہوتی تھی اور یہ نتیجہ تھا تزکیہ باطن اور معانی قرآن میں تدبر کا، اور یہ دو چیزیں جسے حاصل ہو جائیں وہ قرآنی انوار اور کیفیات سے ہرگز محروم نہیں رہ سکتا اور جن لوگوں کو یہ دو صفات حاصل نہیں ہوتیں وہ قرآن کریم کے حقیقی ثمرات اور برکات سے محروم رہ جاتے ہیں۔

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قرآن کریم کو بے دھیانی کے ساتھ جلدی جلدی پڑھنے والوں سے بچو کیونکہ ان کی مثال اس ٹیلے کی سی ہے جو نہ تو بارش کا پانی روکتا ہے اور نہ ہی کوئی سبزہ اگاتا ہے (شعب الایمان۔ ۴۲۹/۱)

حال کا اثر

مولوی عبدالرحمٰن خورجویؒ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں گنگوہ حاضر ہوا، رمضان کا مہینہ تھا اور تراویح میں کلام اللہ حضرت مولنا رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ ہی سنایا کرتے تھے ایک شب آپ نے تراویح شروع کیں، میں بھی جماعت میں شریک تھا، قرآن مجید پڑھتے پڑھتے آپ اس رکوع پر پہنچے جس میں خوف وخشیۃ دلایا گیا تھا، جماعت میں حالانکہ نصف سے کم عربی زبان کے سمجھنے والے تھے اور باقی سب ناواقف مگر آپ

کے اس رکوع کی قرأت پر خوف کا اثر سب پر پڑ رہا تھا کوئی روتا تھا اور کسی کے بدن پر لرزہ، کوئی بے قرار اور کوئی تھر تھر کانپ رہا تھا، اس رکوع کے بعد جب آپ نے دوسرا رکوع شروع کیا تو اس میں رحمت باری تعالیٰ کا بیان تھا۔ اس وقت دفعۃً تمام جماعت پُرسرور طاری ہوگیا اور پہلی حالت یک لخت بدل کر فرحت اور انبساط کی کیفیت طاری ہوگئی، یہاں تک کہ بعض مقتدی ہنسی ضبط نہ کر سکے اور قہقہہ جاری ہوگیا (تذکرۃ الرشید۔۱۹۸/۲)

ف:- مولانا رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ ان حضرات میں سے تھے جو صرف مردِ قال ہی نہیں ہوتے بلکہ مردِ حال بھی ہوتے ہیں اور ایسے حضرات کے قلبی جذبات اور واردات کے اثرات دوسروں پر بھی مرتب ہوکر رہتے ہیں اور اسی وجہ سے ان کی زبان سے نکلی ہوئی سیدھی سادی باتیں بھی دل و دماغ کو بدل دیتی ہیں۔

یہی قرآن

حضرت مولانا عاشق الٰہی میرٹھی رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت اقدس مولانا رشید احمد گنگوہی قدس سرہ حجرہ شریفہ میں تلاوت قرآن میں مشغول تھے آپ کے خادم مولوی محمد یحییٰ صاحب پیچھے بیٹھے ہوئے تھے میں بھی دبے پاؤں اس طرح خاموشی سے جا بیٹھا کہ حضرت نے آہٹ بھی نہ سُنی، تھوڑی دیر میں مولوی محمد یحییٰ صاحب کسی ضرورت سے باہر تشریف لے گئے اور میں تنہا بیٹھا رہ گیا چند منٹ گذرے تھے کہ حضرت قدس سرہ کے لہجہ تلاوت میں تغیر شروع ہوگیا اور رفتہ رفتہ یہ نوبت پہنچی کہ آپ کا سارا جسم کانپنے لگا، بے اختیار آٹھ آٹھ آنسو رونے لگے، آواز

رک گئی، ہر چند آپ پڑھنا چاہتے مگر گریہ کا غلبہ حلق کو پکڑ لیتا تھا، اللہ گواہ ہے کہ خوف کی جو حالت اس وقت حضرت پر طاری تھی شاید وہ حالت اس کمزور اور ضعیف القلب شخص پر بھی طاری نہ ہوگی جو کسی خونخوار شیر کے سامنے پڑا ہو اور جو خشیت آپ پر مسلط تھی غالباً کسی طاقتور اور ظالم و جابر بادشاہ کے سامنے کسی زبردست خطا کار غلام پر بھی ظاہر نہیں ہوگی۔ آپ کی اس حالت پر اتفاقیہ اور عمر بھر میں پہلی بار میری نظر پڑی تھی، میں اب تک بھی نہیں جانتا کہ آپ کس بات سے ڈرتے تھے اور کیوں کانپ رہے تھے؟ یہی قرآن مجید جس کو اول سے آخر تک مسلمان پڑھا کرتے ہیں۔ حضرت بھی پڑھ رہے تھے لیکن خدا جانے وہ مضمون کونسا اور کہاں ہے جس سے ایسا خوف یا خشیت پیدا ہو جاتی ہے؟ میں حضرت کا یہ حال دیکھ کر تھرا اٹھا اور کمال الحاح اور اخلاص کے ساتھ دعا مانگتا رہا کہ یا اللہ کسی طرح مولوی محمد یحییٰ جلد آ جائیں، دعا دل سے نکلی تھی اسلئے فوراً قبول ہوگئی، شاید چند ہی لمحے گذرے ہوں گے کہ مولوی محمد یحییٰ صاحب جنہیں حجرہ میں ہر وقت آنے جانے کی اجازت تھی آ گئے ادھر انہوں نے چوکھٹ پر قدم رکھا ادھر حضرت اس حالت کو ضبط فرما کر سیدھے ہو کر بیٹھ گئے (خلاصہ از تذکرۃ الرشید۔ ج ۱۹۱/۲)

ف:۔ یہی قرآن ہے جسے ہم شب و روز پڑھتے ہیں لیکن ہم پر رقت و لطافت اور سوز و گداز کی کوئی کیفیت طاری نہیں ہوتی بلکہ بعض اوقات یوں دیکھا جاتا ہے کہ قاری صاحب جہنم کے عذاب کی آیات آواز کے مد و جزر کے ساتھ پڑھتے ہیں اور سامعین مسرت کے انداز میں واہ واہ کہہ کر آسمان سر پر اٹھا لیتے ہیں۔

اس ناچیز کی ناقص سوچ یہ ہے کہ قرآن کے معانی پر نظر نہ رکھنے اور دلوں کے

پاک نہ ہونے کی وجہ سے یہ لاابالی پن پیدا ہوتا ہے اگر دل کا تزکیہ ہو چکا ہو اور اس دل میں اللہ اور کلام اللہ کی عظمت سما چکی ہو اور فہم وتدبر کے ساتھ آیات الٰہیہ کو سنا اور پڑھا جائے تو کوئی بھی قاری اور سامع متأثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

استقامت

حضرت اقدس مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری قدس اللہ سرہ نے جوانی میں محض اپنے شوق سے قلیل عرصہ میں قرآن مجید یاد کیا پھر اس کی ایسی محافظت فرمائی کہ باید وشاید، کلام اللہ کی تلاوت کا زندگی بھر کبھی ایک دن بھی ناغہ نہ فرمایا، نماز میں ختمِ قرآن کا معمول الگ تھا، دو اڑھائی پارے یا کم از کم سوا پارہ مغرب کے بعد چھ رکعتوں میں پڑھتے تھے اور حسب موقع دو پاروں سے لے کر چار پاروں تک بارہ رکعت تہجد میں پڑھنے کا معمول تھا اور اسی کی ایسی پابندی تھی کہ سفر وحضر اور مرض وصحت میں کبھی اس کا ناغہ نہیں فرماتے تھے، جس رات آپ کی جواں سال اور محبوب بیٹی فوت ہوئی اس رات بھی اس معمول کا ناغہ نہ فرمایا حالانکہ مرحومہ کی تیمارداری کے سبب کئی راتوں سے مسلسل بیدار چلے آرہے تھے، سونا برائے نام تھا۔ اسی طرح آپ کے اکلوتے اور جواں بیٹے حافظ ابراہیم مرحوم ایسی بیماری میں مبتلا ہوئے کہ لیٹ نہ سکتے تھے، حضرت دن بھر مدرسہ کے مشاغل سے فارغ ہو کر گھر آتے پیچھے بیٹھ کر اپنے سینے کو مریض کا تکیہ بنا لیتے اور اس کو چھاتی سے لگا کر نصف شب تک بیٹھے رہتے، اس کے بعد مرحوم کی والدہ اٹھ کر اسی طرح سہارا دیتیں، سات راتوں تک مریض کی یہ کیفیت رہی ان کٹھن راتوں میں بھی حضرت نے تہجد اور تلاوتِ طویلہ کا ناغہ نہ فرمایا پھر جب بیٹے کی وفات ہوئی اور مسلسل سات راتیں جاگ کر کاٹنے کے بعد حضرت کو آرام کا موقع ملا تو

تھکاوٹ سے چور چور ہونے کے باوجود اس رات بھی تہجد اور تلاوت کا ناغہ نہ فرمایا اسی طرح آپ نے اپنی زندگی میں متعدد بار کٹھن اور دشوار ترین سفر بھی فرمائے لیکن دوران سفر کبھی تہجد و تلاوت کے معمولات کا ناغہ نہ فرمایا یہاں تک کہ ایک بار آپ نے ایک طویل سفر سمندر کے راستے سے کیا، جہاز میں ایسی گردش تھی کہ اس سفر کے عادی ملازمین بھی چکر کھا کر گر گر پڑتے تھے، قے کی بیماری عام تھی مگر آپ وہاں بھی تاروں کی چھاؤں میں گھنٹہ سوا گھنٹہ اپنے مولا کے سامنے کھڑے ہو کر دو ڈھائی پارے سکون کے ساتھ پورے کر لیا کرتے تھے (تذکرۃ الخلیل)

ف:- یہی وہ استقامت ہے جسے فوق الکرامت کہا جاتا ہے اور ولایت کی اصل نشانی یہی استقامت ہے ورنہ فضاؤں میں اڑنا، سمندر پر تیرنا اور عجائبات کا دکھانا تو کوئی ایسا کمال نہیں جس کی وجہ سے ہم کسی کو ولی مان لیں، ہدایت، عبادت اور ریاضت کے راستے پر قدم رکھنے کے بعد قدموں کو جمائے رکھنا اور ان میں ذرہ برابر لغزش نہ آنے دینا ہی بندگی کا کمال اور ولایت کا جمال ہے۔

ہم میں سے کتنے ہی ایسے کمزور اور محروم انسان ہیں جو فراغت کے باوجود بھی تلاوت اور تہجد تو کیا فرض نمازیں بھی پابندی سے ادا نہیں کرتے اور کیسے مضبوط ہمت اور خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو امراض و مصائب اور مشاغل اور اسفار کے ہجوم میں اپنے نفلی معمولات کا بھی ناغہ نہیں ہونے دیتے تھے۔

صحابہ والی شان

شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی قدس سرہ کے بارے میں قاری سید محمد میاں رحمہ اللہ لکھتے ہیں

تہجد کی نماز سفر میں عموماً چار رکعت ادا فرماتے پہلی دو رکعتیں مختصر، اکثر پہلی رکعت میں سورہ بقرہ کا آخری رکوع اور دوسری رکعت میں آلِ عمران کا آخری رکوع ان فی خلق السموت والارض پڑھا کرتے بعد کی دو رکعتیں بہت طویل تقریباً ڈیڑھ دو پارہ قرأت فرمایا کرتے تھے تہجد کی قرأت قدرے جہر سے ادا فرماتے، پاس بیٹھا ہوا آدمی غور سے سنتا تو پوری قرأت سن سکتا تھا قرأت کرتے وقت اس قدر خشوع، اتنا گریہ اور سینہ مبارک سے کھولتے ہوئے گرم سانس نکلتے کہ باید وشاید۔

جناب رسول اللہ ﷺ کی نماز کی کیفیت جو احادیث میں ذکر کی گئی ہے

کان یصلی ولجوفه ازیز کازیز المرجل من البکاء

''آپ ﷺ جب نماز پڑھتے تو رونے کی وجہ سے آپ ﷺ کے سینے سے کھولتی ہوئی ہنڈیا کی سی آواز نکلتی تھی''

تو یہ منظر میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اور کانوں سے سنا، تہجد کی نماز سے فارغ ہو کر پہلے دعا مانگتے پھر مصلے پر استغفار کرنے کے لئے بیٹھ جاتے۔ تسبیح ہاتھ میں ہوتی جیب میں سے رومال نکال کر آگے رکھ لیتے اگالدان قریب رکھ لیا کرتے تھے، اس وقت رونے کا جو منظر بار بار دیکھنے میں آیا وہ کسی اور وقت نہیں آیا، آنکھوں سے آنسو کی لڑیاں مسلسل جاری رہتیں جنہیں رومال سے صاف کرتے جاتے اور

استغفر الله الذی لاالٰه الاهو الحی القیوم واتوب الیه

جھوم جھوم کر پڑھتے جاتے

کبھی اور بھی کلمات پڑھتے، بعض اوقات اسی کرب اور بے چینی کے عالم میں فارسی یا اردو کا کوئی شعر بھی پڑھا کرتے فجر کی نماز تک یہی معمول رہتا قرآن کریم

نے صحابہ کی شان۔

وبالا سحارھم یستغفرون ــــــ المستغفرین بالا سحار

بیان فرمائی، قرآن کریم میں ہم نے جو پڑھا تھا اسے بعینہ حضرت شیخ کے اندر جلوہ گر پایا (روزنامہ الجمعیۃ دہلی شیخ الاسلام۔ص ۱۵۳)

ف:- سحر کے مبارک وقت میں اٹھ کر اللہ کو یاد کرنا اور گناہوں پر توبہ اور استغفار کرنا یہ اللہ والوں کا خاص شعار اور صحابہ کرام کی پہچان ہے۔

صحابہ کرام عبادت وریاضت، ذکر وتلاوت، اتباع واطاعت اور انفاق وجہاد کے عنوان سے جو کچھ کرتے رہے اس کی کچھ نہ کچھ جھلکیاں ہمیں اپنے قریب کے زمانے کے لوگوں میں بھی دکھائی دیتی ہیں لیکن مقامِ افسوس یہ ہے کہ ہمارے دور میں ایسے لوگ اب خال خال ہی رہ گئے ہیں۔

قرآنی اثر

ڈاکٹر سر محمد اقبال فطری شاعر تھے، ان کی ابتدائی شاعری تو عام شعراء جیسی ہی تھی لیکن بتدریج ان کے خیالات میں پختگی پیدا ہوگئی اور وہ خالص اسلامی اور انقلابی شاعر بن گئے، قرآن مجید سے خاص تعلق تھا، ان کے بہت سارے اشعار قرآنی آیات کے مفہوم پر مشتمل ہیں، انہوں نے اپنی عمر کے کسی حصے میں بھی سحر خیزی اور تلاوت نہیں چھوڑی، حتیٰ کہ انگلستان کے قیام کے دوران بھی جہاں سحر خیزی اور دیوانگی مترادف شمار کیے جاتے ہیں، وہاں بھی اقبال نے بوقتِ سحر تلاوت کا معمول جاری رکھا۔

زمستانی ہوا میں گرچہ تھی شمشیر کی تیزی
نہ چھوٹے مجھ سے لندن میں بھی آداب سحر خیزی

اقبال بڑے خوش الحان تھے۔والہانہ انداز میں قرآن شریف پڑھا کرتے تھے۔آخری عمر میں جب آپ کا گلا خراب ہوگیا تو آپ کو سب سے زیادہ افسوس اسی بات کا تھا کہ قرآن مجید کی تلاوت کی حلاوت اور انہماک سے محرومی ہوگئی۔تلاوت میں اقبال صرف خوش الحانی پر ہی توجہ نہیں دیتے تھے بلکہ قرآن کریم کے مطالب اور معانی پر بھی نظر رکھتے تھے اسی لیے قرآن پڑھتے اور سنتے ہوئے ان پر اکثر گریہ طاری ہوجاتا تھا اور قرآن فہمی کے بارے میں ان کا جو خاص نقطۂ نگاہ تھا اس کی ترجمانی انہوں نے درج ذیل شعر میں کی ہے۔

تیرے ضمیر پہ جب تک نہ ہو نزول کتاب
گرہ کشا ہے نہ رازی نہ صاحب کشاف

جب راس مسعود کی بیگم حاملہ ہوئیں تو اقبال نے راس مسعود کو یہ مشورہ دیا تھا کہ کسی خوش الحان قاری سے انہیں روزانہ قرأت سنائی جائے تاکہ پیدا ہونے والے بچہ پر قرآنی اثر پڑے۔

ف:- عام لوگوں کی نظر میں یہ بات چنداں اہمیت نہیں رکھتی لیکن حقیقت یہ ہے کہ حمل اور رضاعت کے زمانہ میں ماں جو کچھ سنتی اور بولتی ہے اس کا اثر بچے کے اخلاق پر پڑتا ہے جو اگرچہ اس وقت تو دکھائی نہیں دیتا لیکن مستقبل میں واضح طور پر محسوس ہوتا ہے۔

مبارک تھیں وہ مائیں جو حمل اور رضاعت کے زمانے میں قرآن کریم پڑھتی اور

سنتی تھیں اور بہت ظالم ہیں وہ مائیں جو یہ زمانہ گانا بجانا سننے میں اور آوارہ گردی کرنے میں گذارتی ہیں۔

سچا شوق

مشہور مناظر مولانا عبدالشکور فاروقی لکھنوی رحمہ اللہ جن کی زندگی دفاعِ صحابہ اور مدحِ صحابہ میں گذری وہ انجم کے مدیر تھے دوسری بہت ساری ذمہ داریاں بھی ان کے سر تھیں، بوڑھے ہو چکے تھے انہیں بڑھاپے میں حفظِ قرآن کا شوق ہوا چنانچہ انہوں نے ۵۷ سال کی عمر میں حفظ کی تکمیل کر لی۔

نہ دور کی ضرورت نہ سامع کی

حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا رحمہ اللہ کے والد ماجد حضرت مولانا محمد یحیی صاحب کاندھلوی قدس سرہ کے حالات میں مولانا عاشق الٰہی صاحب قدس سرہ لکھتے ہیں کہ آپ نے سات برس کی عمر میں قرآن شریف حفظ کر لیا تھا اور اس کے بعد چھ مہینے تک مسلسل اپنے والد کی طرف سے مامور رہے کہ جب تک پورا قرآن حفظ نہ پڑھ لوگے روٹی نہ ملے گی ہاں ختم کے بعد تمام دن چھٹی، مولانا فرمایا کرتے تھے کہ میں عموماً ظہر سے قبل پورا کلام مجید ختم کر لیا کرتا اور پھر کھانا کھا کر چھٹی کے وقت میں اپنے شوق سے فارسی پڑھا کرتا تھا۔ حفظ قرآن کے زمانے میں بھی آپ نے والدہ سے پوشیدہ فارسی کی کئی دواوین اور قصص از خود دیکھ لیے تھے اور اسکے باوجود حفظِ قرآن کے سبق پر اثر نہیں آنے دیا (تذکرۃ الخلیل۔ ص ۲۰۰)

ایک مرتبہ میری درخواست پر رمضان میں قرآن شریف سنانے کے لیے میرٹھ

تشریف لائے تو میں نے دیکھا دن بھر میں چلتے پھرتے پورا قرآن مجید ختم فرما لیتے اور افطار کا وقت ہوتا تو ان کی زبان پر قل اعوذ برب الناس ہوتی تھی۔ ریل سے اترے تو عشاء کا وقت ہو گیا تھا، ہمیشہ باوضو رہنے کی عادت تھی اس لیے مسجد میں قدم رکھتے ہی مصلے پر آ گئے اور تین گھنٹہ میں دس پارے ایسے صاف اور رواں پڑھے کہ نہ کہیں لکنت تھی نہ متشابہ گویا قرآن شریف سامنے کھلا رکھا ہے اور باطمینان پڑھ رہے ہیں تیسرے دن ختم فرما کر روانہ ہو گئے کہ نہ دور کی ضرورت تھی نہ سامع کی (ایضاً۔ص ۲۰۴)

ف:- حفظِ قرآن، قرآن کا ایک مستقل معجزہ ہے، دنیا کی کوئی بھی الہامی یا غیر الہامی کتاب اتنی نزاکتوں کے ساتھ اس کے ماننے اور نہ ماننے والوں کے سینے میں محفوظ نہیں ہو سکتی جتنی نزاکتوں کے ساتھ قرآن کریم کروڑوں سینوں میں محفوظ ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تورات اور انجیل کے مراکز میں بھی ان سے بلکہ دنیا کی ہر کتاب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب قرآن کریم ہی ہے۔

ایسے لوگ بے شمار ہیں جنہیں قرآن کریم اتنا پختہ یاد ہے کہ الم سے والناس تک ایک بھی غلطی نہیں آتی جبکہ پڑھنے میں آیتوں، علاماتِ وقف، زبر زیر پیش غنہ مد اور اظہار اور اخفاء کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے۔ لیکن آج کل یہ افسوسناک صورتحال پیش آ رہی ہے کہ دینی مدارس سے جو حافظات نکل رہی ہیں ان میں سے اکثر کو قرآن یاد نہیں ہوتا اور جو حافظ فارغ ہو رہے ہیں ان کو بھی حفظ میں پختگی حاصل نہیں ہوتی اس پر اہل مدارس کو خصوصی توجہ دینی چاہیے۔

تلاوت کا پُر کیف انداز

حضرت اقدس مولانا عبدالقادر رائپوری قدس سرہ کے حالات میں ہے کہ جب تک ان کی صحت اچھی تھی تو رمضان المبارک میں بعد نماز عصر مجلس سے الگ تنہائی میں قرآن پاک کی تلاوت فرماتے ایک صاحب جو وہیں رہا کرتے تھے۔ بتلاتے ہیں کہ میں ادھر سے گذرا تو حضرت رحمہ اللہ علیہ کے قرآن پڑھنے کی کیفیت کچھ کھلی اور بہت ہی بھلی معلوم ہوئی اور دل ہی دل میں بے ساختہ یہ دعا کی کہ اے اللہ اس طرح پر قرآن پڑھنا ہمیں بھی عطا فرمادے۔ رمضان المبارک کے گذرنے کے بعد غالباً حضرت رحمہ اللہ علیہ نے انہیں صاحب کو بلایا اور فرمایا کہ آؤ تمہیں بتلائیں قرآن ایسے پڑھا کرو وہ جو قرآن پاک میں آتا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام خدا سے باتیں کرتے اور اس شجر سے سنتے تھے اپنے کو وہی شجر تصور کرو اور پھر اپنے میں سے قرآن پاک کے نکلتے ہوئے الفاظ کو یوں سمجھو کہ خدائے پاک فرمارہے ہیں اور کانوں سے اسی انداز پر سنو کہ میں اپنے اللہ کا کلام اللہ ہی کی آواز میں سن رہا ہوں اور یہ فرماتے ہوئے یہی کیفیت سراپا اپنے اوپر طاری کرلی اور فرمانے کا یہ اثر ہوا کہ وہی کیفیت دل میں جیسے اتر گئی۔ وہی صاحب یوں بتلاتے ہیں کہ مدت تک ایسی ہی کیفیت کے ساتھ قرآن پاک پڑھنا نصیب ہوا اور بہت ہی لطف آیا اور یہ انداز قرآن پاک کی تلاوت کے سلسلہ کی ترقیوں میں نئے نئے اضافوں کا سبب بنا (سوانح حضرت مولانا عبدالقادر رائے پوریؒ۔ ۲۳۷)

ف:- قرآن پاک کی تلاوت میں صحیح لطف تو تبھی آتا ہے جب قرآن کا

قاری یہ سمجھے کہ اللہ پاک سنا رہا ہے اور میں سن رہا ہوں لیکن اگر کسی کو یہ کیفیت نصیب نہ ہو تو کم از کم یہ خیال تو ہونا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ میری تلاوت سن رہا ہے اور جو بھی تلاوت کے دوران ایمانی اور احسانی کیفیات کا حصول چاہتا ہو اسے چاہئے کہ وہ اس عظیم المرتبت کلام کی عظمت کو ملحوظ رکھتے ہوئے اور اسکے معانی میں غور وفکر کرتے ہوئے اس کی تلاوت کرے۔

خوش قسمت گھرانے

حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب قدس سرہ کے والد ماجد کے بارے میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ انہیں قرآن کریم اتنا پختہ یاد تھا کہ پورے قرآن میں ایک بھی غلطی نہیں آتی تھی، خود حضرت شیخ بھی حافظ تھے اور کثرت سے تلاوت فرمایا کرتے تھے خصوصاً رمضان المبارک میں بیالیس سال سے زیادہ تک روزانہ ایک قرآن شریف ختم کرنے کا آپ کا معمول رہا۔

اپنے گھر کی خواتین کے بارے میں فرماتے ہیں

''ہمارے گھر کی مستورات میں میری بچیاں اللہ ان کو مزید قوت وہمت عطا فرمائے، کھانے پینے کے مشاغل اور بچوں کی پرورش کے ساتھ ساتھ کہ ماشاء اللہ ایک ایک کے کئی کئی بچے ہیں، ماہ مبارک کی راتوں کا اکثر حصہ مختلف حافظوں سے سننے میں گذارتی ہیں اور دن میں ۱۴۔۱۵ پارے روزانہ پڑھنا تو اقل درجہ ہے اس پر تنافس اور مقابلہ ہوتا ہے کہ کس کے پارے زیادہ ہوئے، میری دادی صاحبہ نور اللہ مرقدھا حافظہ تھیں اس لیے ایک منزل روزانہ کا تو ان کا مستقل معمول تھا اور ماہ مبارک میں ۴۰

پارے یعنی ایک قرآن پورا کر کے دس پارے مزید روزانہ پڑھنا تو ہمیشہ کا معمول تھا اور اس کے علاوہ بیسیوں تسبیحیں مختلف کئی کئی سو کی دائمی مشغلہ تھا جن کی تعداد ۱۷ ہزار کے قریب ہوتی ہے (اکابر کا رمضان۔ص ۸۲)

حضرت شیخؒ فرماتے ہیں کہ ایک رمضان میں میں نے اپنے بعض دوستوں کو اکسٹھ قرآن ختم کرنے کے لیے لکھا، میرے دوستوں نے کوشش کی مولوی انعام نے اکسٹھ قرآن سنائے ایک نے چھپن اور بعض لوگوں نے ساٹھ ساٹھ ختم کیے (ایضا۔۲۶)

ف:- کیا خوش قسمت گھرانے ہیں جن کے چھوٹے اور بڑے، مرد اور عورتیں سبھی تلاوت وعبادت میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں وہ اپنی خواتین کو زیور اور کپڑے میں تنافس اور مقابلہ بازی کا سبق نہیں دیتے بلکہ حسنات میں ایک دوسرے سے بڑھنے کا جذبہ ان کے دل میں پیدا کرتے ہیں اگر یہ جذبہ پوری امت کے دل میں پیدا ہو جائے تو ہماری ذلت، عزت سے اور بے سکونی، سکون سے بدل جائے گی۔

دلوں کی حرکت

حضرت اقدس مولانا شاہ عبدالغنی صاحب پھولپوری قدس سرہ کے مرشد خاص مولانا حکیم محمد اختر صاحب زید مجدھم اپنے حضرت کے حالات میں ایک جگہ لکھتے ہیں

"یوں تو ظہر کے وضو سے عشاء کی نماز ہمیشہ پڑھنے کا معمول تھا لیکن ایک بار حیرت انگیز بات دیکھنے میں آئی وہ یہ کہ تہجد کے وضو سے عشاء کی نماز پڑھی اکثر ظہر اور

عصر تک بھی تلاوت میں مشغول دیکھا اور عصر کے بعد اگر کوئی طالب یا مہمان موجود ہوتا تو اس کو کچھ تعلیم ارشاد فرماتے ورنہ عصر سے مغرب تک اور مغرب سے عشاء تک تلاوت میں مشغول رہتے تھے۔

حضرت والا کی تلاوت کا ایک خاص انداز دیکھا وہ یہ کہ تقریباً ۹ یا ۱۰ آیتوں کی تلاوت کے بعد زور سے آہ فرماتے ہیں یا اللہ فرماتے ہیں اور اس وقت ایسی کیفیت آہ اور اللہ میں موجود ہوتی ہے کہ سننے والے کا دل حرکت میں آجاتا ہے (معرفت الٰہیہ۔ص ۳۵)

ف:- جن کے دلوں میں ایمان کی حرکت اور حرارت پیدا ہو جاتی ہے۔ان کی زبان سے نکلنے والے سیدھے سادے الفاظ دوسرے دلوں میں بھی حرکت اور حرارت پیدا کرنے کا ذریعہ بن جاتے ہیں لیکن جن کے دل خود سوز و گداز سے خالی ہوں وہ کلام اللہ کی تلاوت بھی کریں تو سننے والوں پر کوئی اثر نہیں ہوتا اور اگر ہوتا بھی ہے تو وہ عارضی ہوتا ہے۔

غور و تدبر :

مرشدی شیخ الاسلام مولانا محمد تقی عثمانی صاحب زید مجدھم اپنے والد ماجد مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ کی تلاوت کا حال لکھتے ہیں۔

حضرت والد صاحب رحمہ اللہ علیہ کو تلاوت قرآن کا خاص ذوق تھا۔ خاص طور پر عمر کے آخری پندرہ بیس سالوں میں آپ گوناگوں مصروفیات کے باوجود بڑے اہتمام کے ساتھ کئی کئی پارے روزانہ تلاوت کیلئے وقت نکالتے تھے۔ایک چھوٹی سی جائے نماز ہمیشہ آپ کے دستی بیگ میں ساتھ رہتی تھی اور جب کبھی ذرا موقع ملتا آپ اس

میں تلاوت شروع کر دیتے۔

خاص طور سے جب آپ کو کہیں جانا ہوتا تو کار میں سفر کے دوران بیشتر وقت آپ تلاوت میں صرف فرماتے اس کے علاوہ گھر میں نماز فجر اور نماز عصر کے بعد آپ کی تلاوت کے خاص اوقات تھے۔ آپ کی یہ تلاوت محض برائے تلاوت ہی نہیں ہوتی تھی بلکہ اس دوران آپ قرآن کریم میں تدبر فرماتے تھے احقر نے بارہا دیکھا کہ تلاوت کے دوران آپ اچانک رک گئے ہیں۔ اور دیر تک ایک ہی آیت کو پڑھ کر اس میں غور فرما رہے ہیں۔ اس تدبر کے دوران اللہ تعالیٰ آپ پر قرآن کریم کے حقائق و معارف سے متعلق عجیب نکات منکشف فرماتے تھے۔ جب کبھی تلاوت کے وقت ہم لوگ آپ کے پاس بیٹھے ہوتے تو اکثر یہ نو وارد نکات ہمیں بھی بتلا دیا کرتے تھے اور بسا اوقات ایسا بھی ہوتا کہ تلاوت کرتے ہوئے آپ احقر کو یا برادر مکرم حضرت مولانا مفتی محمد رفیع صاحب عثمانی مدظلہم کو باقاعدہ متوجہ فرماتے اور ہم سے سوال کرتے کہ دیکھو اس آیت میں یہ لفظ استعمال ہوا ہے حالانکہ بات دوسرے لفظ سے بھی واضح ہو سکتی تھی خاص طور پر اس لفظ کے انتخاب میں کیا حکمت ہے؟ اور جب ہم عام طور پر جواب نہ دے پاتے تو پھر خود ہی کوئی لطیف نکتہ بیان فرماتے جس سے مشام روح معطر ہو جاتا (البلاغ بیاد فقیہ ملت۔ ص ۴۴۰)

ف:- غور و تدبر کے ساتھ قرآن کریم کی تلاوت کرنا اہل علم کا خاص شعار ہے اور وہ جب اس ناپیدا کنار سمندر میں غوطہ زنی کرتے ہیں تو ہر غوطے میں ایسے جواہر ریزے ان کے ہاتھ آتے ہیں جن سے خالی الفاظ کی تلاوت کرنے والے کا دامن خالی رہتا ہے۔

اندازِ محبت

حضرت اقدس مفتی رشید احمد صاحب دامت برکاتہم فرماتے ہیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ معمول تھا کہ آپ قرآن کریم کو چومتے تھے اور یہ کلمات کہتے تھے۔

عھد ربی ومنشور ربی عزوجل

یہ میرے رب کا عہد ہے اس کے قوانین کا مجموعہ ہے

مولویوں میں سے ہم نے کسی کو قرآن کریم کو چومتے نہیں دیکھا البتہ استاد محترم حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ قرآن مجید کو چوما کرتے تھے۔

تلاوت سے قبل قرآن کریم کو چوما کریں، آنکھوں سے لگائیں، دل سے لگائیں سر پر رکھیں اور چومتے ہوئے کہیں عھد ربی ومنشور ربی عزوجل یہ میرے رب کا عہد نامہ اور قوانین کا مجموعہ ہے۔ (حقوق القرآن۔ص ۳)

ف:- کہا جاتا ہے کہ محبت، اندازِ محبت خود سکھا دیتی ہے، جسے قرآن سے محبت ہوگی اسے محبت کے انداز بھی خود ہی آجائیں گے، اس عظیم کتاب سے جتنی بھی محبت کی جائے اور اس کا جتنا بھی ادب واحترام کیا جائے وہ کم ہے، اس سے محبت کرنے والے خود محبوب بن جاتے ہیں اور اس کا احترم کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں محترم بنا دیتا ہے۔

نظم الاوقات

عارف باللہ حضرت اقدس ڈاکٹر عبدالحی عارفی رحمہ اللہ کے وقت کی قدر دانی کے متعلق محمد عشرت علی قیصر صاحب رقم طراز ہیں:

بار بار حضرت کی زبان مبارک سے یہ سنا کہ عمر بھر کے تجربہ کی ایک بات بتاتا ہوں کہ نظم الاوقات کی پابندی کرو پھر وقت تمہارا خادم بن جائے گا، حضرت اپنے معمولات وقت پر ادا کرنے کی ایک مثال تھے، کہ شاذونادر ہی کوئی معمول چھوٹا ہو۔ فرمایا کہ طالب علمی کے زمانہ سے جو معمولات شروع کیے وہ الحمدللہ: خرزندگی تک ہوتے رہے صبح کو تلاوت قرآن کا جو وقت مقرر تھا بلا ناغہ اسی وقت تلاوت کرتا تھا۔ فرمایا ایک مرتبہ کالج کے ہوسٹل میں حسب معمول تلاوت کر رہا تھا کہ ایک ہم جماعت میرے کمرے کے سامنے کھڑے ہوکر اپنی گھڑی درست کرنے لگے میں نے دریافت کیا کہ آپ یہ کیا کر رہے ہیں؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ گھڑی بند ہوگئی تھی وقت ملا رہا ہوں کیوں کہ آپ روزانہ ٹھیک اسی وقت تلاوت کرتے ہیں فرمایا کہ عمر بھر میں نے وقت پر کام کیا ہے۔ چنانچہ اس پیرانہ سالہ، ضعیفی اور بیماری کے باوجود جب رات کے دو بجتے ہیں تو وقت خود مجھے کھڑا کر دیتا ہے حالانکہ نہ جسم میں طاقت ہے اور نہ ہمت (حضرت ڈاکٹر محمد عبدالحی عارفیؒ تالیف سید ریاض الدین۔ ص ۲۰۲)

ف:- جو لوگ خواہشات کا غلام بننے کے بجائے خواہشات کو اپنا غلام بنا لیتے ہیں وہ زندگی کا کوئی لمحہ بھی فضول نہیں جانے دیتے ان کے اوقات ایسے کاموں میں بسر ہوتے ہیں جن میں دین یا دنیا کا کوئی فائدہ ہوتا ہے، بیماری بڑھاپا اور کوئی بھی مجبوری انہیں معمولات کے نبھانے سے باز نہیں رکھ سکتی۔

اللہ رے استقامت

شیخ الحدیث مولانا سبحان محمود رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں

حضرت عارفیؒ اپنے معمولات کے بڑے پابند تھے آپ اپنے ایک ایک لمحہ سے کام لینے والے تھے، آپ کا ذرا سا وقت بھی بیکار یا ضائع نہ جاتا، فرماتے تھے کہ اگر کسی دن معمولات پورے ادا کرنے کی مہلت نہ ملے تو وقتِ معین پر جتنا بھی ممکن ہو اس پر عمل کرلیا جائے ناغہ نہ کیا جائے کیوں کہ ناغہ سے بے برکتی پیدا ہوتی ہے اپنے مرض الوفات میں کہ دو دن بعد دنیا سے رحلت فرمانے والے ہیں۔ بیماری کا شدید حملہ ہے اور درد شکم کی سخت ناقابلِ برداشت تکلیف ہے کسی پہلو چین نہیں ہے صبح کے معمول پورا کرنے کے لیے ارشاد فرمایا کہ قرآن کریم لاؤ تاکہ تلاوت کا معمول پورا کرلوں خدام نے عرض کیا کہ ایسی شدید تکلیف میں اگر اس کو مؤخر فرمادیں تو اچھا ہے فرمایا نہیں جتنا ممکن ہوگا تلاوت کرلوں گا چنانچہ قرآن پیش کیا گیا آپ نے اس کو کھول کر ایک صفحہ کی تلاوت فرمائی پھر مناجات مقبول کا بھی ایک صفحہ تلاوت کرکے واپس کردیا (البلاغ بیاد حضرت عارفیؒ۔ ص ۱۲۱)

ف:- جن حضرات نے کرامات ہی کو ولایت کا معیار بنا رکھا ہے وہ غور فرمائیں کہ اس سے بڑی کرامت کیا ہوسکتی ہے کہ ایک شخص اپنے دینی معمولات کو نہ کالج کے آزادانہ ماحول میں چھوڑتا ہے نہ مریضوں اور مریدوں کے جھرمٹ میں ان کا ناغہ کرتا ہے اس کے راستے میں نہ شباب کی گرمیاں رکاوٹ بنتی ہیں نہ بڑھاپے اور کمزوری کی سردیاں سدِ راہ ہوتی ہیں۔

ایکسپریس گاڑی

محدث العصر حضرت مولانا محمد یوسف بنوری قدس سرہ علماء وطلباء حفاظ کو

(خصوصی طور پر) تہجد کی پابندی اور تہجد میں قرآن کریم کی تلاوت کرنے کی تاکید فرمایا کرتے اور فرماتے کہ قرآن کریم بڑی نعمت ہے خود چوں کہ حافظِ قرآن نہ تھے اس لئے افسوس رہتا فرمایا صبح کو جب میں فجر کے لئے مسجد میں داخل ہوتا ہوں تو میرا دل ان لوگوں کے لئے دعا کرتا ہے جو تلاوت میں مشغول ہوتے ہیں۔

تحدیث بالنعمۃ کے طور پر فرمایا کرتے کہ ایک روز ایک قاری صاحب جو میرے دوست تھے میری ملاقات کے لیے تشریف لے آئے، رمضان شریف کے آخری ایام تھے وہ بڑا نفیس قرآن پڑھتے تھے میں نے کہا کہ بجائے وقت گذارنے کے چلو نفل پڑھتے ہیں چنانچہ ان قاری صاحب نے نفل کی نیت باندھ لی اور میں نے ان کی اقتداء کی، بس پھر تو کیا پوچھنا وہ تو پڑھتے چلے گئے اور میں لطف اٹھاتا چلا گیا اور ایکسپریس گاڑی کی طرح سورتوں کے اسٹیشنوں کو طے کرتے چلے گئے اور سحری سے پہلے پورے قرآن کریم کو دو رکعتوں میں ختم کر ڈالا (بینات بیاد محدث العصر)

ایک ہی ہیئت پر

حضرت بنوری رحمہ اللہ فرمایا کرتے کہ جب میں دیوبند میں طالب علم تھا تو ایک روز میں نے فجر کی نماز ایک چھوٹی سی کچی عمارت کی مسجد میں پڑھی جہاں جمعہ کی نماز نہیں ہوتی تھی، نماز کے بعد میں نے اپنی چادر اسی کچے فرش پر بچھادی اور قرآن کریم کی تلاوت شروع کردی جمعہ کی نماز تک ایک ہی نشست میں ایک ہی ہیت پر چھبیس پارے پڑھ لیے اور چوں کہ جمعہ کی نماز کے لیے کسی دوسری مسجد میں جانا ناگزیر تھا اس لیے پورا نہ کرسکا ورنہ پورا قرآن ختم کرلیتا۔

ف:- یہ حضرت بنوری رحمہ اللہ کے دورِ طالب علمی کا واقعہ ہے جسے عام طور پر لہو ولعب اور لاابالی پن کا دور سمجھا جاتا ہے۔

ان طالب علم ساتھیوں کو اس واقعہ سے سبق حاصل کرنا چاہئیے جو جمعہ جیسے مبارک دن کو کھیل کود میں گذار دیتے ہیں بالخصوص کرکٹ جیسے فضول کھیل کی وباء سے دینی مدارس کے طلباء بھی متأثر ہو رہے ہیں حالانکہ یہ ان کی شان کے خلاف ہے کہ وہ اپنے اوقات کھیلوں کی کمنٹری سننے یا دیکھنے میں گذار دیں۔

حضرت بنوریؒ کی ہمت دیکھئے کہ چھبیس پاروں کی تلاوت ایک ہی نشست میں اور ایک ہی ہیئت پر انہوں نے کی۔ اللہ تعالیٰ ایسی ہمت اور ذوق شوق ہم سب کو عطا فرمائے۔

سماع اور گریہ

قرآن کریم میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے

وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ

"اور جب وہ اس (کلام) کو سنتے ہیں جو رسول پر اتارا گیا ہے تو آپ ان کی آنکھیں دیکھیں گے کہ ان سے آنسو بہہ رہے ہیں اس لیے کہ انہوں نے حق کو پہچان لیا" یہ آیت کریمہ حضرت بنوری رحمہ اللہ پر پوری طرح صادق آتی تھی آپ جب بھی قرآن کریم سنتے آنکھیں بے ساختہ فوارے کی طرح بہہ پڑتیں اسی طرح تراویح میں بھی بہت گریہ فرماتے، کبھی کبھی یہ کیفیت ترویحوں کے درمیان بھی رہتی اور

فرماتے ''بڑی نعمت ہے قرآن'' (بینات محدث العصر۔ص ۷۰۵)

حیرت انگیز حافظہ

محترم مفتی محمد ابراہیم صاحب زید مجدھم اپنے شیخ کے حوالے سے تحریر فرماتے ہیں سیدی ومرشدی حضرت مفتی رشید احمد صاحب دامت برکاتہم اپنے حفظِ قرآن کا واقعہ بیان فرماتے ہیں۔ جب تینوں لڑکوں کے حفظِ قرآن کے بعد ۱۳۸۷ھ میں چھوٹی بچی اسماء سلمھا اللہ تعالیٰ نے بھی حفظِ قرآن کی تکمیل کرلی تو خیال ہوا کہ میں نے اپنے بچوں کو حافظ بنا کر اپنے لیے اور اپنی اہلیہ کے لیے جنت میں تاج کی فضیلت کا سامان تو کرلیا لیکن اپنے والدین کے لیے میں نے کچھ نہیں کیا۔ اس پر حفظِ قرآن کا داعیہ پیدا ہوا چنانچہ گوناگوں مصروفیات کے باوجود تقریباً تین ماہ کی مدت میں میں نے قرآن کریم حفظ کرلیا فالحمد اللہ علی ذلک

حضرت والا نے فرمایا

تجربہ سے ثابت ہوا کہ میں ایک گھنٹے میں ایک پارہ بہ سہولت حفظ کرسکتا تھا چنانچہ پہلی بار پورا رکوع دیکھ کر توجہ سے ذہن نشیں کرکے پڑھتا دوسری بار زبانی پڑھتا تو چند الفاظ میں اٹکتا۔ تیسری بار میں پورا رکوع صاف ہوجاتا (انوار الرشید۔ج ۱/۳۳۵)

یہ بھی یاد رہے کہ تکمیلِ حفظ کے وقت حضرت والا کی عمر چھیالیس برس تھی۔

شغفِ قرآن

مفتی محمد ابراہیم صاحب فرماتے ہیں کہ

یوں تو حفظ سے پہلے بھی اور روزِ اوّل سے ہی حضرت والا کو تلاوتِ قرآن سے

خاص شغف تھا مگر تکمیلِ حفظ کے بعد یہ شغف و تعلق پہلے سے دوچند ہوگیا اور اپنے قیمتی اوقات کا ایک معتد بہ حصہ آپ تلاوت میں بسر کرنے لگے چنانچہ شروع میں دس پارے یومیہ پڑھنے کا معمول رہا، پانچ پارے دن میں ناظرہ تلاوت اور پانچ پارے رات کو تہجد میں۔ پھر رفتہ رفتہ جب قرآن پوری طرح پختہ ہوگیا تو مقدار گھٹادی اور دن کی تلاوت کے بجائے قیام اللیل میں پانچ پاروں پر اکتفاء کرلی، اس وقت جب کہ حضرت والا کی عمر اسی سال سے متجاوز ہے ایک پارہ تلاوت کا معمول ہے یہ مقدار گو کمیت میں کم ہے مگر کیفیت ایسی کہ وہ پڑھیں اور سنا کرے کوئی، کوئی ماہر سے ماہر اور مشاق قاری بھی اس سے عمدہ کیا پڑھتا ہوگا، دورانِ تلاوت حضرت پر عجیب وارفتگی کی کیفیت طاری رہتی ہے، آیاتِ رحمت پڑھتے ہوئے جھوم جھوم اٹھتے ہیں اور آیاتِ عذاب پر کانپ جاتے ہیں ایک بار نمازِ فجر میں سورہ عبس پڑھتے ہوئے آواز بھرّا گئی اور ایسا گریہ طاری ہوا کہ سورہ ختم ہونے سے پہلے رکوع میں جھک گئے، اسی طرح ایک بار سورہ غاشیہ پڑھتے ہوئے یہی کیفیت طاری ہوئی بسا اوقات حضرت والا تلاوت کرتے ہوئے کسی ایک آیت میں ایسے محو ہوجاتے ہیں کہ دیر تک ٹھہرے اسی کو دہراتے رہتے ہیں، ایسا ہی ایک واقعہ آپ نے اپنے ہی الفاظ میں یوں بیان فرمایا۔

مال بڑھانے والے

جب میں دارالعلوم کورنگی میں تھا ایک بار وہاں سے شہر کی طرف آپا ہوا راستہ میں تلاوت شروع کردی، مختلف کاموں کی وجہ سے مختلف مقامات پر جانا پڑا، دارالعلوم واپسی تک تقریباً تین گھنٹے میں ایک ہی آیت دہراتا رہا۔ اللہ تعالیٰ کا فضل ہوا اس ایک

آیت میں ایسا مزہ آیا کہ بار بار اسی کا تکرار بار بار اسی کا تکرار۔ آیت بھی بتادوں حالانکہ بظاہر عوام یہ سمجھیں گے کہ اس میں کوئی خاص بات نہیں۔

وَمَا آتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا فِيْ اَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَاللهِ وَمَا آتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللهِ فَاُولٰئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ

اس آیت کو تلاوت کرتے ہوئے یہ خیال آیا کہ اللہ تعالیٰ کی رضا کیسے حاصل ہو؟ بس اسی خیال میں محو ہوگیا۔ اتنا مزہ آیا اتنا مزہ آیا کہ اب چھوڑیں تو کیسے چھوڑیں؟ فرمایا تم لوگ سمجھتے ہو کہ سودی لین دین اور ناجائز آمدنی کے ذریعہ مال جمع ہوتا ہے مگر اس طریقہ سے جمع نہیں ہوتا۔ جو اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں یہی لوگ ہیں مال بڑھانے والے، یہ ایسے ہوشیار تاجر ہیں کہ ان کو مال بڑھانے کا بہت عمدہ نسخہ معلوم ہے یہ نہیں فرمایا کہ ان کا مال بڑھتا ہے بلکہ فرمایا **فاولئک هم المضعفون** یہی وہ لوگ ہیں جو مال بڑھانے کے ماہر ہیں۔ **یضعفون** نہیں **مضعفون** فرمایا یہ صفت کا صیغہ ہے جو مہارت پر دلالت کرتا ہے کہ یہ لوگ مال بڑھانے میں خوب مہارت رکھتے ہیں یہ لوگ کون ہیں؟ جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں (حقوق القرآن۔ ص ۵)

جیسا باپ ویسا بیٹا

حضرت مفتی رشید احمد صاحب زید مجدھم کو عشقِ قرآن کی یہ دولت وراثت میں ملی ہے آپ کے والد ماجد مولانا محمد سلیم صاحب قدس سرہ (جو حضرت حکیم الامت تھانوی قدس سرہ کے مرید باصفا اور پورے حلقہ میں صاحب الرویا کے لقب سے

معروف تھے) کو بھی تلاوت سے عشق تھا جو حضرت والا کے نام اپنے ایک نجی خط میں انہوں نے تحریر فرمایا:

مسجد سے بجلی چلی گئی، میں نے تراویح کے بعد چراغ کی لو پر قرآن کریم پڑھنا شروع کیا اور نماز فجر تک پورا قرآن ختم کرلیا (انوار الرشید۔ ج ۱/۲۳۶)

اس وقت آپ کی عمر ترانوے برس تھی پھر طرہ یہ کہ رات بھی موسم گرما کی۔ وفات کے وقت آپ پر عجیب کیفیت طاری تھی، بلند آواز سے مزے لے لے کر یہ شعر پڑھ رہے تھے۔

روز محشر ہر کسے دردست دارد نامہ
من نیز حاضر می شوم تفسیر قرآن در بغل

(قیامت کے دن جب کہ ہر شخص اپنا اعمال نامہ ہاتھ میں لیے ہوگا میں بھی بغل میں تفسیرِ قرآن لیکر حاضر ہو جاؤں گا)

اور وجد میں آکر یہ شعر بھی پڑھتے جاتے

اے مرے محبوب میرے دلربا
مجھ کو آغوشِ محبت میں بٹھا

اسی کیف و سرور میں جان جاں آفریں کے سپرد کردی۔

زندہ معجزہ

امام القراء حضرت اقدس مولانا قاری فتح محمد صاحب پانی پتی قدس سرہ کو فنافی القرآن کا درجہ حاصل تھا۔ حضرت مولانا محمد تقی عثمانی صاحب زید مجدھم نے بجا طور

پر تحریر فرمایا۔

''حضرت مولانا قاری فتح محمد صاحب بلاشبہ اس دور میں قرآن کریم کا زندہ معجزہ تھے۔ان کے اوصاف وکمالات کو اگر آنکھوں سے دیکھا نہ ہوتا تو صرف لوگوں کے کہنے سے یقین آنا مشکل ہوتا (نقوشِ رفتگاں۔ص ۲۴۲)

ان کی زبان تو تقریباً ہر وقت قرآن کریم کی تلاوت سے شاداب رہتی لیکن ان کی سوچ، ان کے قلب وذہن اور فکر وخیال کا محور بھی قرآن کریم ہی تھا۔بس فکر ہر وقت یہ تھی کہ قرآن کریم کی تعلیم اور نشر واشاعت کا بہتر سے بہتر کونسا طریقہ اختیار کیا جائے؟ یہ منظر تو سینکڑوں انسانوں نے دیکھا ہوگا کہ حضرت قاری صاحب بیک وقت کئی کئی حفاظ سے قرآن کریم اس طرح سنتے تھے کہ ہر شخص مختلف مقامات سے قرآن کریم پڑھتا ہوتا تھا اور قاری صاحب بیک وقت سب کی غلطیاں بتایا کرتے تھے۔حضرت قاری صاحب کو قرآن کریم کی متواتر قرأتیں اور ان کی مختلف روایات اس طرح ازبر تھیں جیسے عام مسلمانوں کو سورہ فاتحہ یاد ہوتی ہے وہ رمضان المبارک کی راتوں میں سحری تک تراویح پڑھاتے تھے اور ایک ایک رات میں سات سے لیکر دس پاروں تک تلاوت فرماتے تھے اس طرح تیسرے چوتھے دن قرآن کریم ختم فرماتے اور پھر کسی اور قرأت یا روایت میں تلاوت شروع فرمادیتے چنانچہ رمضان المبارک کے اختتام تک نو دس قرأتوں میں قرآن کریم ختم فرمالیتے (نقوش رفتگاں۔ص ۲۴۳)

پانی پت میں آپ کے معمولاتِ رمضان کے متعلق ایک شاگردِ رشید کی روایت ہے۔

''تراویح کے بعد صبح تک نوافل میں پڑھتے رہتے تھے اور کمال یہ تھا کہ آپ کھڑے کھڑے ہی نیند نکال لیتے تھے آپ نے دو طلباء کی ڈیوٹی لگائی ہوئی تھی کہ رات کو جس وقت مجھے کھڑے کھڑے نیند آئے یا تو کندھا ہلا دیا کرو یا پھر فوارہ سے پانی مار دیا کرو لیکن کمال بالائے کمال یہ تھا کہ نیند کے بعد آپ وہیں سے پڑھتے تھے جہاں چھوڑا ہوتا (سوانح فتحیہ۔ص ۲۹۰)

شکر نہ کہ شکوہ

حضرت قاری فتح محمد نور اللہ مرقدہ آنکھوں سے نابینا تو تھے ہی، آخر عمر میں فالج کی وجہ سے ہاتھ پاؤں شل ہو گئے اور قوت گویائی نے ساتھ چھوڑ دیا اب نہ بینائی تھی نہ قوت گویائی تھی اور نہ ہی ہاتھوں پیروں میں دم تھا لیکن اس کے باوجود وہ سراپا شکر تھے اور ان کے کسی انداز سے قسمت کا شکوہ ظاہر نہیں ہوتا تھا، ان سطور کا ناچیز راقم (شیخوپوری) مسجد نبوی میں حضرت قاری صاحب کی زیارت سے مشرف ہوا جہاں وہ معتکف تھے، میں نے دیکھا کہ تراویح سے فارغ ہونے کے بعد آپ لیٹ جاتے (کیونکہ فالج کی وجہ سے بیٹھنا مشکل تھا) اور آپ کا کوئی نہ کوئی شاگرد آپ کو قرآن سنانے لگتا، گویا زبان حال سے وہ کہہ رہے تھے کہ کیا ہوا اگر میری آنکھیں قرآن کو دیکھ نہیں سکتیں اور میری زبان اسے پڑھ نہیں سکتی میرے کان تو اسے سن سکتے ہیں تو میں اپنے آپ کو اس کلام مقدس کے سماع سے اور اس کے انوار و برکات سے کیوں محروم رکھوں۔ (بعض حضرات فرماتے ہیں کہ فالج کے باوجود آپ زیر لب مسلسل تلاوت فرماتے رہتے تھے)

آپ کے اس مجاہدہ میں ہمارے جیسے کمزوروں کے لئے بڑا سبق ہے جو معمولی اعذار کی بناء پر نفلی عبادات تو رہیں ایک طرف، فرض عبادات بھی چھوڑ دیتے ہیں۔

بخشش کا سامان

حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمہ اللہ کی روایت ہے کہ ایک بزرگ نے سلطان محمود غزنویؒ کی وفات کے بعد انہیں خواب میں دیکھا، پوچھا اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھ کیا معاملہ کیا، جواب دیا کہ ایک رات میں کسی قصبہ میں مہمان تھا، جس مکان میں ٹھہرا تھا وہاں طاق پر قرآن شریف کا ایک ورق رکھا تھا، میں نے خیال کیا یہاں ورقِ مصحف رکھا ہوا ہے، سونا نہ چاہیے، پھر دل میں خیال آیا کہ ورقِ مصحف کو کہیں اور رکھوادوں اور خود یہاں آرام کروں پھر سوچا کہ یہ بڑی بے ادبی ہوگی کہ اپنے آرام کی خاطر ورقِ مقدس کی جگہ تبدیل کروں، اس ورق کو دوسری جگہ منتقل نہیں کیا اور تمام رات جاگتا رہا میں نے کلام پاک کے ساتھ جو ادب کیا اس کے بدلے حق تعالیٰ نے مجھ کو بخش دیا۔ (دلیل العارفین مجلس پنجم ص ۲۲)

ف: محمود غزنویؒ نے جو کچھ کیا یہ ان کا حسنِ ادب تھا اور شاید سونے کی صورت میں اس ورق کی بے ادبی کا اندیشہ ہوگا، ہمیں اگرچہ اس کا مکلف نہیں کیا گیا کہ تم محض اندیشہ کی صورت میں بھی آرام نہ کرو لیکن اللہ تعالیٰ کے ہاں حسنِ ادب کی بھی بڑی قدر ہے۔

مراتبِ تلاوتِ قرآن

سلطان المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمہ اللہ نے ایک مرتبہ تلاوتِ قرآن کے مراتب اس طرح بیان فرمائے کہ پہلا مرتبہ یہ ہے کہ جو کچھ پڑھے اس کے معانی پہ دل گذارے، دوسرا مرتبہ یہ ہے کہ پڑھنے والے کا دل حق تعالیٰ کے ساتھ متعلق اور مشغول ہو۔

فرماتے کہ قرآن پڑھتے ہوئے کم از کم ہر شخص میں یہ شعور تو ہونا چاہیے کہ میں اس نعمت کے لائق کہاں تھا اور میرے نصیب ایسے کہاں تھے کہ مجھے یہ دولت ملے اگر یہ سب حاصل نہ ہو تو پڑھنے پر جس ثواب اور جزا کا وعدہ ہے اس کو ذہن میں تازہ اور مستحضر رکھا جائے۔ (فوائد الفواد۔ ص ۱۷، بحوالہ تاریخ دعوت وعزیمت۔ ص ۱۳۴/ ج ۳)

کسی کے کلام میں نہیں

مترجم ومفسرِ قرآن حضرت شاہ عبدالقادر صاحب رحمہ اللہ نے موضح القرآن کے مقدمہ میں غالباً یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ تمام باطنی امراض کا علاج صرف قرآن میں ہے نہ قرآن سے بہتر انداز میں کوئی ان امراض کی کوئی نشاندہی کرسکتا ہے اور نہ ہی قرآن جیسا اثر کسی دوسرے کلام میں ہوسکتا ہے لیکن اپنا یہ مدعا بیان کرنے کے لیے جو سادہ اور دل نشیں عبارت تحریر فرمائی ہے، اس سے زیادہ سادگی اور چاشنی شاید ہی کسی دوسری عبارت میں پائی جاسکے فرماتے ہیں:

''بتانے والے بہتیرا بتائیں جیسا خدا تعالیٰ نے قرآن شریف میں آپ بتایا ہے ویسا کوئی نہیں بتا سکتا اور جیسا اثر اور راہ پانا خدا کے کلام میں ہے کسی کے کلام میں نہیں''
(مقدمہ ''موضح القرآن'')

ملکوتی تلاوتِ قرآن

حال ہی میں حضرت مولانا سید مناظر احسن گیلانی رحمہ اللہ کی ایک کتاب ''احاطہء دارالعلوم میں بیتے ہوئے دن'' شائع ہوئی ہے، اس کتاب میں حضرت گیلانیؒ نے اپنے اساتذہ کا تذکرہ بھی کیا ہے ان اساتذہ میں حضرت مفتی عزیز الرحمٰن

قدس سرہ بھی شامل ہیں، ایک جگہ مذکورہ بالا عنوان کے تحت ان کی تلاوت کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

''وہ قرآن کے حافظ تھے، میں نے سنا ہے کہ مغرب کے بعد اوابین والی نماز میں آٹھ پارے روزانہ پڑھنے کے ملتزم تھے اپنی مسجد میں امامت خود کرتے تھے، ان کی قراءت پر ایک سیدھے سادے ہندوستان کے قصباتی مسلمان کے لب ولہجہ کا رنگ غالب تھا، اگرچہ اصولاً تجوید کے ہر قاعدے کی پوری رعایت کی جاتی تھی بلکہ شاید تجویدی اصولوں کے مطابق قراءت کی عادت ہوگئی تھی لیکن مصنوعی قراءت سے دور کا سروکار بھی ان کی یہ قراءت نہیں رکھتی تھی، کبھی کبھی کسی کسی وقت کی نماز پڑھ لینے کی سعادت اس کور بخت کو بھی اللہ کے اس ولی کے پیچھے میسّر آجاتی تھی یہ وہ زمانہ تھا جب مولانا شبیر احمد (عثمانیؒ) مرحوم پر صوفیانہ مشاغل کا غلبہ تھا، مفتی صاحب کی مسجد کے حجرے میں وہ چلہ کش تھے فقیر بھی تراویح کے وقت حاضر ہو جاتا اور چند ٹوٹے پھوٹے سننے والے مسلمانوں کے ساتھ یہ بھی ہاتھ باندھ کر کھڑا ہو جاتا، ایسا کیوں کرتا تھا، نہ قراءت ہی میں کان کو کوئی خاص لذت ملتی تھی نہ کچھ اور تھا، لیکن دل یہی کہتا تھا کہ بدزندگی میں پھر ایسے سیدھے سادے لہجے میں قرآن سننے کا موقع نہ ملے گا اور دل کا یہ فیصلہ صحیح تھا نمازیوں میں مولانا شبیر احمدؒ بھی شریک رہتے تھے اسی زمانے میں ایک دفعہ جو واقعہ پیش آیا، اب بھی جب اسے سوچتا ہوں تو رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں، دل کانپنے لگتا ہے، مفتی صاحب قبلہ حسب دستور وہی اپنی نرم نرم سبک رو آواز میں قرآن پڑھتے چلے جاتے تھے اسی سلسلہ میں قرآنی آیت

وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ

''اور لوگ کھل کر اللہ کے سامنے آ گئے جو اکیلا ہے اور سب پر غالب ہے''

پر پہنچے، نہیں کہہ سکتا کہ مفتی صاحب خود کس حال میں تھے، کان میں قرآن کے یہ الفاظ پڑے اور کچھ ایسا معلوم ہوا کہ کائنات کا سارا حجاب سامنے سے اچانک ہٹ گیا اور انسانیت ننگی کر اپنے وجود کے آخری سرچشمے کے سامنے کھڑی ہے، گویا جو کچھ قرآن میں کہا گیا تھا محسوس ہوا کہ وہ آنکھوں کے سامنے ہے اپنے آپ کو اس حال میں پا رہا تھا، شاید خیال یہی تھا کہ غالباً میرا یہ ذاتی حال ہے، مگر پتہ چلا کہ میرے اغل بغل جو نمازی کھڑے ہوئے تھے ان پر بھی کچھ اسی قسم کی کیفیت طاری تھی، مولانا شبیر احمدؒ کو بے ساختہ چیخ نکل پڑی، یاد آ رہا ہے کہ چیخ کر غالباً وہ تو گر پڑے، دوسرے نمازی بھی لرزہ براندام تھے، چیخ و پکار کا ہنگامہ ان میں بھی برپا تھا لیکن مفتی صاحب کوہِ وقار بنے ہوئے امام کی جگہ اسی طرح کھڑے تھے، جدید کیفیت ان پر جو تھی وہ صرف یہی تھی کہ خلافِ دستور بار بار اس آیت کو مسلسل دہراتے چلے جاتے تھے جیسے جیسے دہراتے، نمازیوں کی حالت غیر ہوتی تھی آخر صف درہم برہم ہوگئی، کوئی اِدھر گرا ہوا تھا کوئی اُدھر پڑا ہوا تھا آہ آہ کی آواز مولانا شبیر احمدؒ کی زبان سے نکل رہی تھی، صف پر ایک طرف وہ بھی پڑے ہوئے تھے، کچھ دیر کے بعد لوگ اپنے آپ میں واپس ہوئے، تازہ وضو کر کے پھر نئے سرے سے صف میں شریک ہوئے، جہاں تک خیال آتا ہے مفتی صاحب دارو گیر، چیخ و پکار، صیحہ اور نعرہ کے ان تمام ہنگاموں میں اپنی جگہ کھڑے ہوئے اس آیتِ کریمہ کی تلاوت میں مشغول رہے جب دوبارہ صف بندی ہوئی تب پھر آگے بڑھے۔ (احاطہ دارالعلوم ص ۱۹۰)

ستّر سال کی تلاوت کا صلہ

قاری عصمت اللہ پانی پتی ایک مشہور قاری گذرے ہیں، جب وہ دنیا سے جارہے تھے اسّی سال عمر تھی، کسی نے وفات سے تھوڑی دیر پہلے سوال کیا حضرت کیا حال ہے۔

فرمایا ستّر سال تک جس قرآن کی تلاوت کی تھی وہ اس وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے مجھے مجلد خوبصورت جلد میں دیا جارہا ہے اور ساتھ ہی فرمایا: ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

یہ اللہ کا فضل ہے وہ جسے چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ (سورہ جمعہ) یہ کہتے ہی روح پرواز کرگئی (درس قرآن مجید مولانا قاضی زاہد الحسینی رحمہ اللہ اپریل ۱۹۷۷ء)

ف: اس میں شک نہیں کہ انسان زندگی بھر جن چیزوں کا تذکرہ کرتا رہتا ہے موت کے وقت بھی انہی چیزوں کا تذکرہ اس کی زبان پر ہوتا ہے، ایسے بدنصیب بھی ہیں جن کی زبان پر موت کے وقت گالیاں، مالی جھگڑے، گانوں کے بول، فلمی ڈائیلاگ اور شہوانی کلمات ہوتے ہیں اور ایسے خوش نصیب بھی ہیں کہ دنیا سے جاتے ہوئے ان کی زبان پر قرآنی آیات، کلمہ طیبہ، درود شریف، ایمانی جذبات، جنت کا اشتیاق اور لقاءِ مولیٰ کی آرزو ہوتی ہے..... اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ایسے ہی خوش نصیبوں میں سے بنادے۔

ایک سچے خادم قرآن کے واقعات

حضرت قاری رحیم بخش صاحب نور اللہ مرقدہ جنہیں بجا طور پر جزری وقت کہا جاتا ہے وہ ان برگزیدہ انسانوں میں سے تھے جو غفلت زدہ انسانوں کو علم و عمل کی راہ پر

لگانے کے لے پیدا ہوتے ہیں حضرت قاری صاحب کی سب سے بڑی خوش نصیبی یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان کی زندگی کے ماہ وسال یا شب وروز ہی نہیں بلکہ ان کے لمحات اور لحظات تک خدمت قرآن کے لیے وقف تھے۔

حضرت کے تلامذہ میں سے آپ کے مشہور تلمیذ قاری عظیم بخش صاحب نے حضرت کے بہت سارے سبق آموز واقعات بیان فرمائے ہیں جن میں سے ایک آدھ واقعہ ان کا گوش شنید اور باقی تمام واقعات چشم دید ہیں یہ تمام واقعات ذیل میں درج کیے جا رہے ہیں، ان سطور کے ناچیز راقم کے دل پر ان واقعات نے بڑا اثر کیا ہے امید ہے قارئین بھی ضرور حاثر ہوں گے.....

استاد اور شاگرد

حضرت قاری صاحب مرحوم کے استاذ گرامی حضرت قاری فتح محمد صاحب قدس سرہ کبھی ان کے ہاں تشریف لاتے تو آپ ان کی خدمت کے لئے سراپا وقف ہو جاتے۔ آپ کو یہ بھی گوارا نہ ہوتا کہ آپ کا کوئی مخلص شاگرد ہی ان کی خدمت انجام دے۔ اپنے ہاتھ سے انہیں بیت الخلاء لیجاتے خود ان کے لئے لوٹا بھرتے اور اپنے ہاتھ سے ہی وضو کراتے۔ ادھر حضرت قاری فتح محمد صاحب قدس سرہ کی کیفیت یہ تھی کہ ہمہ وقت تلاوت میں مشغول رہتے بیت الخلاء کے دروازہ پر پہنچ کر انگلیوں سے زبان پکڑ لیتے، اور سال کے تقریباً بارہ مہینے ہی آپ روزہ سے رہتے قاری رحیم بخش صاحب مرحوم آپ کے لئے افطاری کا اہتمام کرتے اپنے ہاتھ سے آپ کو کھلاتے پلاتے اور جو بچ جاتا تبرک سمجھ کر خود استعمال کر لیتے عشاء کے بعد دس سے

گیارہ بجے تک عموماً استاذ و شاگرد کی مجلس ہوتی۔ مجلس برخاست ہونے کے بعد حضرت قاری فتح محمد صاحب قدس سرہ نوافل شروع کر دیتے درمیان شب میں بمشکل ڈیڑھ دو گھنٹے آرام فرماتے باقی ساری رات نوافل میں بسر ہوتی اور نماز فجر میں آپ عموماً سورہ حدید مجادلہ حشر اور صف وغیرہ پڑھتے۔

عبادت و تلاوت

حضرت قاری رحیم بخش صاحب مرحوم مغرب کے بعد چھ طویل رکعتیں آدھ گھنٹے میں پڑھتے۔ میرا اندازہ ہے کہ ان میں ایک پارہ پڑھتے ہوں گے۔

قاری عبداللہ صاحب مرحوم فرماتے کہ میں نے جب سے ہوش سنبھالا والد صاحب کی کبھی تہجد فوت ہوتے نہ دیکھی اور تہجد میں تین پارے پڑھنے کا دائمی معمول تھا۔

تلامذہ پر توجہ

جیسے آپ کی اپنی پوری زندگی قرآن کے لئے وقف تھی اپنے تلامذہ کو بھی اسی رنگ میں ڈھالنے کی کوشش کرتے ہر طالب علم کو نصیحت فرماتے کہ قرآن کو مقصدِ زندگی بناؤ تدریس کے علاوہ تلاوت کا بھی معمول بناؤ اور چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے قرآن پڑھنے کی عادت ڈالو تلامذہ میں جو مدرسین زیارت کے لئے حاضری دیتے ان سے ملتے ہی پہلا سوال یہی فرماتے کہ کتنے پارے روز تلاوت کرتے ہو؟

اگر ۲-۳ پارے بتائے جاتے تو اس پر بھی ناگواری کا اظہار فرماتے کہ کم از کم ایک منزل تو پڑھو ورنہ آگے تمہارے شاگردوں میں تلاوت کا ذوق کہاں سے آئے

گا؟ خود میرے ساتھ کئی بار یہ واقعہ پیش آیا، اگر شک پڑ جاتا تو فرماتے مجھے کیسے معلوم ہو کہ واقعی اتنے اتنے پارے پڑھتے ہو؟ تو درمیان میں کہیں کہیں سے سن کر اطمینان کر لیتے خود مجھ سے کئی بار سنا۔

لمحوں کا مصرف

آپ کا اپنا معمول یہ تھا کہ درسگاہ میں بیٹھے دوران تدریس ذرا سا وقفہ مل جاتا تو تلاوت شروع کر دیتے ایک لمحہ بھی فارغ بیٹھنا گوارا نہ تھا۔ پھر عجیب بات یہ کہ تصنیف و تالیف کے لئے بھی آپ کے پاس کوئی مستقل وقت نہ تھا درسگاہ ہی میں بیٹھے دوران تدریس یہ کام چلتا رہتا تھا چنانچہ فن تجوید و قرائت پر جو آپ نے ۲۳ شاہکار کتابیں لکھیں یہ سب کتابیں اسی طرح درسگاہ میں بیٹھے بیٹھے تصنیف کی گئیں۔

معمول کے علاوہ

معمول کی تلاوت کے علاوہ بعض مخصوص سورتیں پڑھنے کا معمول الگ تھا چنانچہ بعد نماز فجر سورہ یٰسین، بعد نماز ظہر سورہ فتح، بعد نماز عصر سورہ نباء، بعد نماز مغرب سورہ واقعہ، بعد نماز عشاء سورہ ملک اور بروز جمعہ کھف پابندی سے پڑھتے تھے۔

ایک ناغہ بھی نہیں

پابندی وقت میں آپ ضرب المثل تھے بقول مولانا محمد حنیف صاحب جالندھری (مہتمم جامعہ خیر المدارس) ۴۰ سالہ دور تدریس میں کوئی ایک ناغہ بھی آپ نے نہیں کیا، پھر وقتی ضرورت کے تحت آپ نے مدرسہ سے جس قدر تنخواہ لی تھی وفات سے تھوڑا سا عرصہ پہلے وہ پوری رقم مدرسہ کو لوٹا دی۔

راز یہ ہے!

سفارشی داخلہ کے آپ سخت خلاف تھے۔ میں جب داخلہ کے لئے گیا تو حضرت میاں عبدالہادی صاحب دین پوری قدس سرہ کا سفارشی رقعہ ساتھ لے گیا آپ نے داخلہ تو دیدیا مگر سفارش کو کوئی اہمیت نہ دی اسی دور بچپن کی بات ہے کہ میں بیٹھا منزل سنا رہا تھا کہ آپ کے ایک بے تکلف اور ہم عمر ساتھی نے آپ سے سوال کیا قاری صاحب کیا وجہ ہے کہ آپ کے ہاں داخلہ کے لئے آنے والوں کا اتنا ہجوم رہتا ہے کہ داخلہ کے لئے قرعہ اندازی کرنا پڑتی ہے اور کئی طلبہ دو دو تین تین سال تک قرعہ میں نام نکلنے کے منتظر رہتے ہیں حالانکہ آپ کے ہاں کوئی رورعایت بھی نہیں آپ کی سختی اور پٹائی بھی مشہور ہے۔ دوسرا کوئی حافظ قاری ایسی سختی کرے تو سب طلبہ بھاگ جائیں اور چند دن میں درس گاہ خالی ہو جائے جبکہ آپ کا معاملہ برعکس ہے۔ یہاں ڈنڈا چلتا رہتا ہے طلبہ روتے رہتے ہیں مگر کوئی بھاگنے کا نام نہیں لیتا آخر اس میں کیا راز ہے؟ حضرت قاری صاحب نے فرمایا راز کیا ہے؟ یہ تو تم نے یک طرفہ بات کی ان طلبہ کو دن کے اجالے میں روتا دیکھ رہے ہو اور وہ بھی ڈنڈے کے خوف سے اس پر تمہیں تعجب ہو رہا ہے اگر رات کے اندھیرے میں مجھے ان کے لئے روتا دیکھو تو تمہیں تعجب نہ رہے نہ کبھی ایسا سوال کرو۔

تربیت کا درد

ڈیرہ غازی خان کا ایک طالب علم ہمارے ساتھ پڑھتا تھا ناظم مدرسہ نے ایک مرتبہ شکایت کی کہ یہ سینما دیکھتا ہے اول تو حضرت قاری صاحب کو یقین نہ آیا کہ میرا

شاگرد اور سینما بینی؟ مگر ناظم اسے رنگے ہاتھوں ٹکٹ سمیت پکڑ لایا تھا۔ ٹکٹ دیکھ کر حضرت کو بہت صدمہ ہوا۔ نگران کو حکم دیا کہ اسے اتنے ڈنڈے رسید کرو کچھ عرصہ بعد وہ طالب علم دوبارہ اس جرم میں پکڑا گیا پھر ڈنڈے لگوائے اور نگران کو ڈانٹا بھی کہ تمہاری پہلی مار سے اس نے کیوں اثر نہ لیا؟ شاید اخلاص نہ تھا، لیکن کچھ عرصہ گذرنے پر تیسری بار پھر وہ سینما دیکھتے پکڑا گیا۔ اب مار پٹائی کے بجائے آپ نے یہ کیا کہ دوپہر کو چھٹی ہوئی تو اسے بلا کر پاس بٹھالیا اور ڈیسک پر زور سے ہاتھ مار کر سب کو خاموش کر دیا اور پر درد لہجے میں فرمانے لگے کہ شب و روز جو اس قدر محنت کر رہا ہوں صرف اس لئے کہ قرآن کا نور کسی طرح تمہارے سینے میں آ جائے۔ مگر ایسی حرکتیں دیکھ کر دل کڑھنے لگتا ہے سینما دنیا کی بدترین جگہ ہے، وہاں کسی قرآن کے طالب علم کا کیا کام؟ پھر اس طالب علم کی طرف متوجہ ہو کر فرمانے لگے دیکھو جب سے میں نے ہوش سنبھالا ہے آج تک کسی کے سامنے ہاتھ نہیں جوڑے لیکن آج تمہارے سامنے ہاتھ جوڑ رہا ہوں کہ خدارا اس حرکت سے باز آ جاؤ، یہ سن کر بے اختیار اس طالب علم کی چیخیں نکل گئیں دوسرے طلبہ سے بھی یہ منظر دیکھا نہ گیا اور سب بے اختیار رو پڑے۔ حضرت کی وفات کے دس بارہ برس بعد اتفاق سے رائیونڈ اجتماع پر اس ساتھی سے ملاقات ہو گئی۔ میں نے مزاح کرتے ہوئے پوچھا بھائی سینما بینی کا شوق ابھی ہے یا ختم ہو گیا؟ کتنے دن بعد سینما دیکھتے ہو؟ اس کی آنکھیں اشک بار ہو گئیں اور بولا حضرت قاری صاحب ایسے اساتذہ دنیا میں اب کہاں ملتے ہیں جو ایک ہی نشست میں طالب علم کی کایا پلٹ دیں؟ جس دن قاری صاحب نے اس گنہگار کے سامنے ہاتھ جوڑے تھے اس دن سے کبھی توبہ ٹوٹ نہیں ہوئی۔ کبھی ڈیڑھ

دو پارے اور کبھی تین پارے تہجد میں پڑھتا ہوں اور تم تو سینما پوچھ رہے ہو اس دن سے کبھی ٹی وی پر بھی میں نے نظر نہیں ڈالی۔

فراست

ڈیرہ غازی خان کا ہی ایک طالب علم تھا میرا ہم درس اور جگری دوست، حضرت قاری صاحب نے فرمایا عظیم بخش کی منزل سنو تیرہ پاروں میں چار غلطیاں آ گئیں مگر اس نے حق دوستی ادا کرتے ہوئے دو چھوڑ دیں اور دو بتانے پر اکتفا کی مگر قاری صاحب کی فراست دیکھئے کہ دونوں کا چہرہ دیکھتے ہی بھانپ گئے اور انگلی کا اشارہ فرما کر دونوں کو قریب بلا لیا اور طالب علم سے فرمانے لگے کلام اللہ ہاتھ میں ہے پھر بھی جھوٹ بولتے ہوئے شرم نہ آئی؟ صحیح بتا دو غلطیاں دو ہیں یا چار؟ اور معاً ساتھ کھڑے ایک تیسرے طالب علم سے فرمایا قرآن مجید اس کے ہاتھ سے لے لو اور ان تین پاروں میں دیکھو کتنی جگہ نشان لگے ہیں، اس نے فوراً بتا دیا کہ چار نشان ہیں خیر اس وقت تو جان بخشی ہو گئی مگر طلبہ کو یقین آ گیا کہ حضرت قاری صاحب کو بن بتائے غلطیوں کا پتہ چل جاتا ہے اس لئے جھوٹ بولنا بے سود ہے۔

اخلاص سے تلاوت کا نتیجہ

کسی طالب علم کو درس گاہ میں گھڑی پہن کر آنے کی سختی سے ممانعت تھی۔ ایک طالب علم کا بھائی سعودیہ سے اس کے لئے ویسٹ انڈ واچ کی گھڑی لایا وہ چھٹی کے اوقات میں اسے باندھے رکھتا جب درس گاہ میں آتا تو چپکے سے ازار بند سے لٹکا لیتا ایک مرتبہ کنوئیں کی منڈیر پر کھڑا تھا کہ گھڑی ازار بند سے چھوٹ کر کنوئیں میں جا

گری پریشان ہو کر درس گاہ میں آیا اور نگران کے ذریعے حضرت کو اطلاع کی حضرت نے بلا کر سرزنش کی اور فرمایا دیکھ لیا استاد کی بات نہ ماننے کا نتیجہ؟ اب قرآن چھوڑ کر گھڑی ڈھونڈنے کی اجازت تو نہ دوں گا اپنی جگہ بیٹھ کر قرآن مجید پڑھو اور صدق دل سے دعا کرو اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا تو گھڑی یہیں چل کر آ جائے گی۔ وہ پڑھنے بیٹھ گیا۔ ادھر یہ ہوا کہ تھوڑی دیر میں ماشکی اکٹھے ہو کر کنوئیں سے پانی بھرنے لگے۔ پانی بھرتے بھرتے ایک کے ہاتھ سے رسی ٹوٹ گئی اور ڈول دھڑام سے کنوئیں میں جا گرا ایک ماشکی کو کنوئیں میں اتارا اس نے کنوئیں کی تہہ میں اتر کر ڈول لینے کے لئے ہاتھ پاؤں مارنا شروع کئے۔ اللہ کی شان ڈول کے بجائے گھڑی اس کے ہاتھ میں آ گئی وہ کنوئیں سے باہر آیا اور درس گاہ میں آ کر گھڑی نگران کے حوالہ کی اور نگران نے حضرت قاری صاحب کے سامنے پیش کر دی۔ حضرت نے اس طالب علم کو طلب فرمایا اور پوچھا قرآن مجید پڑھتے ہوئے کتنے منٹ گذرے ہیں؟ کہنے لگا دس منٹ ہی گذرے ہوں گے، آپ نے گھڑی اس کے سپرد کی اور فرمایا اخلاص سے دس منٹ کی تلاوت کا نتیجہ تم نے دیکھ لیا کہ اللہ تعالیٰ نے مشکل کیسے حل کر دی۔ اب اگر زندگی بھر اس کتاب کو سینہ سے لگائے رکھو تو اس کی برکت سے کیا کچھ نہ ملے گا؟

منزل کی مقدار

آپ کے فرزند ارجمند حضرت قاری عبداللہ صاحب مرحوم آپ کے تربیت یافتہ اور آپ ہی کی طرح فنافی القرآن تھے۔ شروع میں ان کا ۱۵ پارے یومیہ پڑھنے کا معمول تھا لیکن ذرا تیز رفتاری سے پڑھنا پڑتا تھا پھر کسی بزرگ نے نصیحت فرمائی کہ

مقدار ذرا کم کر دیجئے مگر ٹھہر ٹھہر کر پڑھئے اس وقت سے دس پارے پڑھنا شروع کئے اور یوم وفات تک یہی معمول جاری رہا کبھی ایک دن بھی اس کا ناغہ نہ کیا۔ بارہا ایسا ہوتا کہ دن بھر مہمانوں میں گھرے رہتے مگر جب رات کو سونے کا وقت آتا تو بستر پر بیٹھ جاتے اور منزل کی یہ مقدار پوری کر کے سوتے۔

اب تک غلطی؟

قاری عبداللہ صاحب مرحوم نے بتایا کہ ایک بار ابا جی فرمانے لگے عبداللہ آج نوافل میں جتنا قرآن سنا سکتے ہو سنا دو میں نے شروع سے پڑھنا شروع کر دیا پہلی رکعت میں ہی تیرہ پارے سنا دیئے اور کہیں اٹکنے کی نوبت نہیں آئی جب چودھواں پارہ شروع کیا تو سورہ نحل میں ایک جگہ غلطی آ گئی جو خود ہی درست کر لی مگر ڈر کے مارے یہیں رکوع کر لیا کہ مبادا دوسری غلطی آ جائے۔ دو گانہ پڑھ کر سلام پھیرا تو ابا جی کے سامنے بیٹھ نہ سکا شرم کے مارے پیچھے ہٹ گیا اور سرنگوں ہو کر بیٹھ گیا چند لمحے تو خاموشی رہی پھر ڈانٹ کر وہاں سے اٹھا دیا کہ مجھے مزید پریشان کرنے کے لئے یہاں بیٹھے ہو؟ زندگی میں اتنی تم پر محنت کی مگر اب تک قرآن میں غلطی؟ خیر وہ دن تو گذر گیا مگر الحمد للہ اس کے بعد سے آج تک قرآن میں کہیں غلطی نہیں آئی نہ ہی اس دن سے کبھی قرآن کھول کر دیکھنے کی ضرورت پیش آئی۔

خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

حافظ کہلوانے کا حقدار

حضرت قاری صاحب طلبہ کی منزل سن رہے تھے کہ ایک اجنبی شخص جو کہ آداب

سے ناواقف معلوم ہوتا تھا، زیارت کے لیے حاضر ہوا آپ نے نام پوچھا تو اس نے حافظ عبدالکریم صاحب بتایا، حضرت نے فرمایا اچھا تم حافظ بھی ہو اس نے کہا جی ہاں حضرت نے فرمایا اچھا حافظ صاحب فلاں جگہ سے سنائیں وہ خاموش رہا، آپ نے فرمایا اچھا فلاں جگہ سے سناؤ تو وہ ایک آیت پڑھ کر خاموش ہو گیا، تیسری جگہ سے پوچھا تو کچھ بھی نہ سنا سکا، حضرت کو غصہ آ گیا فرمانے لگے حافظ کہلواتے ہوئے شرم نہیں آتی نہ قرآن یاد ہے نہ صحیح ہے نہ تجوید نہ پڑھنے کا سلیقہ مگر نام کے ساتھ حافظ لگانے کا بڑا شوق ہے میں نے تم سے صرف نام پوچھا تھا تعلیم یا سند نہیں پوچھی تھی، پھر فرمایا غور سے سن لو، حافظ کہلوانے کا حقدار وہ ہے جسے اتنا پختہ یاد ہو کہ سورہ فاتحہ سے والناس تک ایک بھی غلطی نہ آئے اگر ایک غلطی بھی آ گئی تو وہ حافظ کہلوانے کا حقدار نہیں ہے، لفظ حافظ کا معنیٰ ہے قرآن کی حفاظت کرنے والا اور یہاں عجیب مذاق ہو رہا ہے کہ جسے قرآن یاد نہیں وہ بھی حافظ، جسے پڑھنے کا ڈھنگ نہیں آتا وہ بھی حافظ۔

ف: ناچیز شیخوپوری عرض کرتا ہے کہ حضرت نے حافظ ہونے کا جو معیار بتایا ہے وہ تو خیر بہت اونچا ہے ہمارے زمانے میں جو حافظ بن رہے ہیں ان کا حال یہ ہے کہ ایک ایک پارے میں دس دس اور بیس بیس غلطیاں آتی ہیں تب بھی وہ حافظ ہی نہیں حافظوں کا استاد کہلوانے میں بھی کوئی عار محسوس نہیں کرتے بالخصوص بنات کے مدارس میں جو حافظات تیار ہو رہی ہیں ان کا حال تو بہت ہی ابتر ہے ایک ایک رکوع میں اتنی غلطیاں آتی ہیں کہ سر پیٹنے کو جی چاہتا ہے، ہر مدرسہ سندات تقسیم کر رہا ہے خوب پروپیگنڈا ہو رہا ہے کہ اس سال اتنے حافظ اور اتنی حافظات ہمارے ہاں سے فارغ ہو گئی ہیں لیکن دو چار سال بعد ان کا یہ حال ہو جاتا ہے کہ جی چاہتا ہے کہ انہیں دوبارہ مدرسہ میں داخل ہونے کا مشورہ دیا جائے۔

تحفہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت قاری صاحب محض تجوید اور خوش الحانی سے پڑھنے والے روایتی قاری نہیں تھے بلکہ ان کی زندگی قرآن کے رنگ میں رنگی ہوئی تھی، تہجد میں اور بقیہ نمازوں میں کثرت سے بالترتیب تلاوت فرماتے تھے جس کی وجہ سے صرف نماز فجر میں ایک سال میں تقریباً ڈیڑھ قرآن پڑھ لیتے تھے، چلتے پھرتے بھی تلاوت قرآن میں مصروف رہتے تھے اور آپ پر اس کا اتنا غلبہ ہوگیا تھا کہ وضو کرتے ہوئے کلی میں ارادے کے ساتھ زبان کو تلاوت سے روکنا پڑتا تھا ورنہ زبان تھی کہ بے ساختہ تلاوت کرتی چلی جاتی تھی ایک موقع پر فرمایا کہ پہلے حج کے موقع پر جو کہ ۳۳ سال کی عمر میں کیا تھا مدینہ طیبہ سے رخصتی کے وقت روضہ اطہر پر صلوٰۃ وسلام کے لیے حاضر ہوا تو ایسا محسوس ہوا کہ آپ ﷺ فرمارہے ہیں نماز تہجد ہماری طرف سے تحفہ ہے اسے قبول کرلو، الحمدللہ اس کے بعد تا زندگی صحت اور بیماری کسی حالت میں بھی حتی کہ ریل کے سفر میں بھی تہجد کی نماز قضا نہیں ہوئی۔

ذوقِ عبادت اور تقربِ باری تعالیٰ کا یہ حال تھا کہ فرماتے تھے جس وقت سجدہ میں جاتا ہوں تو یوں محسوس ہوتا ہے گویا میں نے اللہ رب العزت کے قدموں میں سر رکھا ہوا ہے اور اللہ پاک پیار فرمارہے ہیں۔

نسبتِ قرآن

حضرت اقدس کے پاس سب سے بڑا سرمایہ قرآن کریم تھا اسی کی حفاظت، اسی کی تلاوت اور اسی کی خدمت واشاعت میں لگے رہتے تھے، نسبتِ قرآن ہی کو اپنے

لیے اور اہل وعیال کے لیے باعثِ عزت سمجھتے تھے، اولاد کے لیے قرآن ہی کے پڑھنے پڑھانے کو پسند فرمایا، رشتے کرتے ہوئے بھی مال وجاہ اور حسب نسب کے بجائے قرآن کی نسبت ہی کو پیشِ نظر رکھا۔

آپ جس مکان میں رہائش پذیر تھے اس میں آپ نے کئی ہزار قرآن کریم ختم فرمائے اور وہیں آپ رات کے ابتدائی اور آخری حصے میں بچیوں کو تعلیم دیتے تھے۔

وجہِ شب بیداری

ایک مرتبہ منزل سناتے ہوئے حضرت نے ٹھنڈا سانس لیا اور فرمایا بیٹا! تم طلباء کتنے مزے میں ہو کہ تمہیں صرف اپنی فکر ہے اور میرے کندھوں پر پینسٹھ طلباء کا بوجھ ہے، اللہ کی قسم! بعض اوقات پوری شب، بیداری میں گذر جاتی ہے، کروٹیں بدلتا رہتا ہوں اور سوچتا رہتا ہوں، فلاں بچے کی منزل یاد نہیں فلاں کی تجوید درست نہیں، فلاں کے اندر اخلاقی کمزوریاں ہیں، فلاں عمل میں پیچھے ہے یونہی سوچتے سوچتے تہجد کا وقت ہو جاتا ہے اور مجھے سونا نصیب نہیں ہوتا۔

ف: یہی وہ اساتذہ تھے جو پتھر کو پارس اور لوہے کو سونا بنا دیتے تھے وہ اپنے تلامذہ میں سے ایک ایک پر نظر رکھتے تھے، ان کی کمزوریوں پر کڑھتے تھے اور ان کی اچھائیوں پر خوش ہوتے تھے، ان کے لیے راتوں کو اٹھ اٹھ کر دعائیں کرتے تھے..... بے شک وہ پٹائی بھی کرتے تھے لیکن شاید پٹائی سے طالب علم اتنا نہ روتا ہو جتنا وہ اس طالب علم کے لیے روتے تھے اور بلا شک ایسے اساتذہ کو مارنے کا حق بھی تھا لیکن جو قراءذاتی غیظ وغضب کی تسکین کے لیے اور محض علم کی تحقیر کے لیے اسے مارتے ہیں اور اس کی مظلومانہ چیخوں پر خوش ہوتے ہیں انہیں تو مارنے کا حق نہیں ہے اس لیے

حضرت قاری رحیم بخش صاحب نور اللہ مرقدہ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ میرے شاگردوں نے مار پٹائی تو مجھ سے سیکھ لی مگر ان طلبہ سے پیار محبت اور ان کے لیے راتوں کو اللہ کے سامنے رونا دھونا نہیں سیکھا، جو استاد اپنے تلامذہ کے لیے راتوں کو رو رو کر اللہ سے کامیابی کی دعا نہیں کرتا اس کے لیے طلباء کو مارنا پیٹنا ہرگز جائز نہیں۔

سراپا شفقت

حضرت قاری صاحبؒ کا ایک شاگرد بیمار پڑ گیا چیک اپ کرانے پر معلوم ہوا کہ پھیپھڑے خاصے متاثر ہیں، ڈاکٹر نے مشورہ دیا کہ تین ماہ آرام کریں، پرہیزی کھانا کھائیں اور دوائی کا بھی ناغہ نہ ہونے دیں، بیچارے غریب طالب علم کے پاس کچھ بھی نہ تھا دوا اور غذا کا انتظام کہاں سے کرتا۔

چونکہ چھٹی تو بہر حال حضرت ہی سے لینی تھی جب حضرت قاری صاحب کو ڈاکٹر کی تحریر دکھائی جس میں طالب علم کے لیے چھٹی کی سفارش بھی تھی تو حضرت نے تین ماہ کی چھٹی کے ساتھ دوا اور غذا کا خرچہ بھی عنایت فرما دیا، طالب علم جانے لگا تو بلوا کر پھر بٹھا لیا اور فرمایا زندگی اور موت کا کوئی علم نہیں اگر آپ نے کسی طالب سے قرض لیا ہو تو مجھے بتا دیں میں ادا کر دوں گا اس نے دو تین طلبہ کے نام بتائے حضرت نے ان کو بلا کر ان کا قرض ادا کر کے اس طالب علم کا حساب اسی وقت بے باق کر دیا۔

الحمد للہ وہ طالب علم تین ماہ میں صحت یاب ہو کر درسگاہ میں حاضر ہو گیا اور اب وہ عرصہ دراز سے اسی مدرسہ میں بڑی محنت سے قرآن کی تدریس میں لگا ہوا ہے اور یوں اپنے شفیق استاد کے لیے صدقہ جاریہ بنا ہوا ہے۔

بلافرق وامتیاز

حضرت مولانا مفتی محمد عبداللہ صاحب رحمہ اللہ جامعہ خیرالمدارس کے مفتی، ماہر استادِ حدیث اور مشہور علمی شخصیت تھے، عالباً حج یا عمرہ کے لیے تشریف لے گئے مدینہ منورہ میں خواب دیکھا کہ حضرت قاری رحیم بخش صاحب کی درسگاہ میں بیٹھا قرآن کریم کی تصحیح کر رہا ہوں، واپس پاکستان تشریف لائے، قاری صاحب کو خواب بھی سنایا اور تعبیر بھی خود ہی بیان کر دی کہ حفظ قرآن اور آپ کے حلقہ تلامذہ میں شامل ہونے کی طرف اشارہ ہے لہٰذا مجھے داخلہ عنایت فرمادیں۔

حضرت قاری صاحب نے معذرت کی کہ آپ جامعہ کے استادِ حدیث ہیں اور دوسری طرف میرا حال یہ ہے کہ میں [illegible] میں آنے والوں میں کوئی فرق وامتیاز نہیں کرتا، میری نظر میں یہ سب برابر ہیں اور میں کسی صورت بھی اپنے تعلیمی اور تدریسی اصولوں میں لچک پیدا نہیں کر سکتا۔

حضرت مفتی صاحب نے خواب کی بناء پر اصرار کیا اور اصولوں کی پابندی کا وعدہ بھی کیا تو ان کے لیے گیارہ سے بارہ بجے تک کا وقت مقرر فرمادیا چنانچہ مفتی صاحب نے آنا شروع کر دیا، ایک دن وہ پانچ منٹ دیر سے تشریف لائے، آپ نے باز پرس کی، مفتی صاحب نے فرمایا کہ سبق کے اختتام پر بعض طلبہ کے سوالات کے جوابات دینے میں تاخیر ہوگئی، حضرت قاری صاحب نے فرمایا کہ میں آپ کی درسگاہ کی نہیں اپنی درسگاہ کی بات کر رہا ہوں کہ یہ پانچ منٹ کس کھاتے میں ڈالوں؟ پھر آپ نے بطور تنبیہ مفتی صاحب کو پانچ منٹ کے لیے کھڑا کر دیا اور مفتی صاحب بلا کسی ہچکچاہٹ

کے کھڑے ہو گئے۔

ف: واقعی استاد بھی عظیم تھا اور شاگرد بھی عظیم تھا استاد ایسا ہی ہونا چاہیے جس کی نظر میں اپنے سارے تلامذہ خواہ وہ امیر ہوں یا غریب، چھوٹے ہوں یا بڑے سب برابر ہوں اور شاگرد کو چاہیے کہ درسگاہ میں قدم رکھتے ہی اپنی مالی، خاندانی اور علمی حیثیت کو بھول جائے اور خالص طالب علم بن کر بیٹھے۔

مفتی محمد عبداللہ صاحب رحمہ اللہ کوئی معمولی انسان نہ تھے ایک بڑی جامعہ کے استادِ حدیث اور مفتی تھے، استاد اور شاگرد کی عمر میں بھی کوئی بہت زیادہ فرق نہیں تھا، لیکن پیشانی پر بل لائے بغیر انہوں نے عام طلباء کی طرح استاد کے بنائے کردہ اصولوں کی پابندی کی جس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ نے انہیں نعمت قرآن سے نواز دیا اور پھر انہوں نے اس نعمت کی قدر بھی خوب کی اور وہ سفر و حضر میں چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے قرآن کریم کی تلاوت فرماتے رہتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ مجھے حضرت قاری صاحب سے دو عظیم نعمتیں نصیب ہوئیں ایک حفظِ قرآن، دوسری کثرت تلاوت قرآن۔

استاد کی نافرمانی کی سزا

حضرت قاری صاحبؒ چونکہ شاگردوں کو اپنی اولاد سے بھی زیادہ عزیز سمجھتے تھے اس لئے بہت سارے تلامذہ کے رشتے اور شادیاں حضرت نے خود ہی کروائیں۔

قاری صاحبؒ کے ایک شاگرد کراچی رہتے تھے وہ ملنے کے لیے آئے تو بتایا کہ شادی کی کوئی صورت نہیں بن رہی، آپ نے ایک دیندار گھرانے میں رشتہ طے کر دیا

بچی حافظہ اور عالمہ تھی، بات پختہ ہونے پر کراچی رابطہ کیا گیا تو ان صاحب نے بتایا کہ میری شادی کراچی ہی میں ہوگئی ہے بیوی اسکول ٹیچر ہے اور مکان اور جائیداد کی بھی مالک ہے۔

حضرت قاری صاحب کو اپنے شاگرد کا جواب سن کر بے حد صدمہ ہوا کہ اب بچی والوں کو کیسے منہ دکھاؤں گا؟ علاوہ ازیں آپ نے اسی وقت اندیشہ ظاہر کیا کہ یہ شادی کامیاب نہیں ہو سکے گی کیونکہ ایک تو یہ رشتہ بے جوڑ ہے اسکول کالج کی تعلیم یافتہ کسی مولوی اور قاری کے ساتھ کیسے نباہ کرے گی دوسری وجہ یہ کہ مولوی صاحب نے استاد کو صدمہ بھی پہنچایا ہے اور اس کے مشورہ کو بھی کوئی اہمیت نہیں دی چنانچہ ایسے ہی ہوا کچھ عرصہ بعد پتہ چلا کہ اس عورت نے قاری صاحب کو قتل کروا دیا اور ایک اسکول ٹیچر سے نکاح کرنا چاہا مگر راز کھل جانے کی وجہ سے اسے جیل جانا پڑا نہ وہ ادھر کی رہی اور نہ ہی اُدھر کی رہی، اور قاری صاحب کو تو جنازہ تک نصیب نہ ہو سکا، پندرہ دن تک ان کی لاش بند مکان ہی میں گلتی سڑتی رہی اور بعد میں وہیں پر گڑھا کھود کر انہیں دبا دیا گیا۔

قاری صاحب یہ واقعہ سنا کر فرمایا کرتے تھے کہ اساتذہ کی ناراضگی سے بچنا چاہیے اس کا انجام برا ہوتا ہے اور فرماتے تھے کہ اس شاگرد کی نافرمانی کے باوجود میں اس کے لیے دعا کرتا رہتا ہوں کہ اللہ پاک اس کی لغزشوں کو معاف فرما کر اسے جنت الفردوس میں جگہ عنایت فرمادے۔

استغناء

حضرت قاری صاحبؒ کے زرّیں اصولوں میں سے ایک یہ بھی تھا کہ اپنے

شاگردوں سے ہدیہ قبول نہیں فرماتے تھے، ایک دفعہ کسی شاگرد نے حضرت کو بتائے بغیر ہدیہ کے طور پر کچھ برتن آپ کے گھر بھجوا دیئے آپ کو پتہ چلا تو فرمایا یا تو برتن واپس لے جاؤ یا ان کی قیمت وصول کرو، اس نے بہت ہی منت سماجت کی اور وعدہ کیا کہ اس بار معاف فرما دیں آئندہ ایسا نہیں ہوگا، بڑی مشکل سے آپ نے اسے معاف کیا۔

ف: حضرت قاری صاحب رحمہ اللہ کے اس قیمتی اصول سے ان حضرات کو سبق حاصل کرنا چاہیے جو اپنے شاگردوں سے ہدایا کی وصولی کے نہ صرف امیدوار رہتے ہیں بلکہ بعض اشارۃ کنایۃ اور بعض صراحۃ انہیں ہدیہ دینے کی ترغیب دیتے ہیں اور کئی ایک ایسے بھی ہوتے ہیں جو مالدار شاگردوں سے کچھ وصول ہونے کی امید میں ان کے ساتھ ترجیحی سلوک کرتے ہیں۔

کمالِ فن

حضرت قاری صاحب وقراءت عشرہ میں جو کمال حاصل تھا وہ بے مثال تھا ایک وقت کئی کئی روایتوں میں قرآن پڑھتے تھے، ان کے شاگرد قاری محمد شفیق پانی پتی بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ حضرت نے مجھے ایک وقت پانچ روایتیں سنوائیں۔

(۱) روایت ابوالحارث (۲) روایت دوری کسائی (۳) روایت اسحاق (۴) روایت ادریس (۵) روایت شعبہ.....ان پانچ روایتوں میں سے حضرت نے دوری کسائی کی روایت میں قرآن پڑھنا شروع کیا جہاں کہیں ان پانچ روایتوں میں اختلاف آتا فوراً بتاتے کہ ان کا آپس میں یہ اختلاف ہے صبح سات بجے سے

شروع فرما کر دوپہر کی چھٹی تک پندرہ پارے کہلوا دیئے پھر ظہر سے عصر تک چھ پاروں کی آپ نے تلاوت کی اور اگلے دن نو پارے کہلوا کر پانچوں رواتوں کو پورا فرمادیا، حلفاً کہتا ہوں کہ پورے قرآن میں بھولنا تو دور کی بات ہے حضرت کہیں اٹکے بھی نہیں اور الحمد سے والناس تک ان پانچوں رواتوں میں جو اختلافات ہیں ان میں سے کوئی بھی ایسا اختلاف نہ تھا جو آپ نے فوراً نہ بتادیا ہو۔

پابندیِ وقت

شہیدِ اسلام حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی رحمہ اللہ حضرت قاری رحیم بخش صاحب نوراللہ مرقدہ کے بارے میں لکھتے ہیں۔

''انہیں قرآن کریم سے عشق کی حد تک شغف تھا، فرائض شرعیہ اور حوائج بشریہ کے علاوہ شاید ان کا کوئی لمحہ ایسا نہیں گذرتا تھا جس میں وہ قرآن کریم کی تعلیم و تدریس یا اپنی تلاوت میں مشغول نہ ہوں، اوقاتِ تدریس کی پابندی ان کی طبیعت ثانیہ بن گئی تھی، سردی، گرمی، موسمی تغیرات، ضعیفی و کمزوری کوئی چیز ان کے راستہ میں حائل نہیں ہوتی تھی اور مدرسہ کے وقت سے پہلے وہ درسگاہ میں موجود ہوتے تھے حج و عمرہ پر تشریف لے جاتے (جو شاید آخری سالوں میں قریباً سالانہ معمول بن گیا تھا) تو واپسی پر کراچی میں ایک رات بھی قیام گوارا نہ فرماتے (حالانکہ یہاں ان کی صاحبزادی اور دیگر اعزہ ہیں) بلکہ آتے ہی ایسی گاڑی سے سفر فرماتے جو صبح سویرے ملتان پہنچا دے اور اسٹیشن سے سیدھے خیر المدارس اپنی درسگاہ میں تشریف لے جاتے اور تعلیم کے اوقات ختم ہونے کے بعد گھر جاتے، کبھی ایسا نہیں ہوا کہ حضرت

قاری صاحب سفرِ حج سے واپسی پر پہلے گھر تشریف لے گئے ہوں اور وہاں درسگاہ تشریف لائے ہوں۔ (بینات اشاعت خاص ۵۹۱۔۵۹۲)

ف. آج کل کے بعض مدرسین میں طلبہ کا وقت ضائع کرنے اور ناغے پر ناغہ کرنے کی جو بری عادت عام ہوتی جارہی ہے انہیں اپنے بزرگوں سے پابندیِ وقت کا سبق حاصل کرنا چاہیے۔

حضرت قاری صاحبؒ کے بارے میں واقفانِ حال یہاں تک بیان کرتے ہیں کہ چالیس سالہ دورِ تدریس میں نہ صرف یہ کہ انہوں نے کبھی ناغہ نہیں فرمایا بلکہ کبھی ایسا بھی نہیں ہوا کہ وہ پانچ منٹ کی تاخیر سے درسگاہ میں پہنچے ہوں۔

موقع کی تلاش

قاری عبید اللہ صاحب مرحوم آپ کی کتاب ''آداب تلاوت'' کے حاشیہ میں لکھتے ہیں:

حضرت اقدس رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۲ ذی الحجہ ۱۴۰۲ھ) فرماتے تھے کہ مجھے بچپن ہی سے تلاوت قرآن کثرت کے ساتھ کرنے کا شوق تھا۔ جب قرآن مجید کا حفظ مکمل ہوگیا تو فراغت سے قبل تقریباً پورا قرآن کریم ایک دن میں اپنے استاذ حضرت قاری فتح محمد صاحب رحمہ اللہ رحمۃ واسعۃ (متوفی شعبان ۱۴۰۷ھ) کو سنایا کرتا تھا۔ اور فراغت کے بعد بیس بائیس پارے پڑھنا روزانہ کا معمول تھا۔ میں گیارہ برس کی عمر میں صبح کی نماز سے قبل اٹھ کر تن تنہا اندھیری گلیوں میں سے گذرتا ہوا جامع مسجد جاکر وضو کرکے مسجد کے وسیع عریض صحن کے وسط میں بیٹھ کر نماز فجر سے قبل آٹھ پارے پڑھ لیتا تھا۔ کتابیں پڑھنے کے زمانہ میں سولہ پارے منزل پڑھنا معمول رہا۔ فرماتے کہ پانی پت میں اکثر پسینے ہوا کرتے تھے اور ہم موقع کی تلاش میں نکلتے

۔موقع پا کر کھڑے ہو جاتے۔دس پندرہ پاروں پر پہلی رکعت کر تے۔آٹھ دس پارے پڑھنا تو معمولی بات تھی (ص۔۱۴)

مصروفیات کے ساتھ

تہجد کی نماز میں پانچ پارے پڑھنا معمول رہا۔اور آخری عمر میں سورۃ یٰسین۔قرآن پاک کی تمام دعائیہ آیات کریمہ پڑھنے کا بھی معمول بن گیا تھا۔رمضان المبارک کی تراویح میں چند سالوں کے علاوہ مدۃ العمر خود ہی قرآن کریم سنایا۔آپ نے جن سالوں میں قرآن تراویح میں نہیں سنایا ان میں سحری سے قبل تہجد میں پانچ چھ پارے پڑھنا روزانہ کا معمول رہا۔ایک قراءت میں ختم ہونے پر دوسری اور تیسری قراءت میں ختم فرماتے تھے۔رمضان المبارک میں دیگر مصروفیات کے ساتھ تقریباً اٹھارہ انیس پارے روزانہ کی تلاوت تھی (ص۔۱۶)

ساحر عظیم:

اقلیم خطابت کے فرمانروا سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ کی تلاوتِ قرآن کے حوالے سے حضرت قاضی مجاہد الحسینی رحمہ اللہ نے لکھا ہے۔

''آپ خطاب عام کے لئے کھڑے ہوئے، مجمع گوش برآواز، فضا میں لحنِ حجازی رقص کرنے لگا، سامعین نے دل تھام لئے، شجر و حجر نے سرگوشیاں چھوڑ دیں اور کائنات دم بخود ہو گئی، مکہ کے پہاڑوں، مدینہ کی گلیوں اور طائف کے بازاروں کا منظر آنکھوں کے سامنے گھومنے لگتا! پندرہ منٹ اور بعض دفعہ نصف گھنٹہ کی تلاوتِ قرآن مجید کے بعد شاہ جی جب ''صدق اللہ'' کہہ کر سحر طرازیوں کا سلسلہ ختم کرتے تو سامعین کے دل و دماغ پر کیف و مستی چھا گئی ہوتی اور یوں محسوس ہوتا کہ آسمان سے حور و ملائک مجمع پر رحمتوں کے پھول برسا کر جلسہ گاہ کو مشام جان بنا گئے ہیں اور آب

کوثر سے ہر آنکھ پُرنم کر گئے ہیں، سامعین کا جی چاہتا کہ شاہ جی آج صرف قرآن پڑھ کر ہی سناتے رہیں۔ یہ اشتیاق اور تقاضا صرف مسلم سامعین کا نہ ہوتا بلکہ غیر مسلموں کی بھی یہی کیفیت ہوتی۔ ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ ہندو کا بیان ہے کہ میں دور دراز کا سفر کر کے صرف شاہ جی کی تلاوتِ قرآن سننے کے لیے مختلف جلسوں میں شریک ہونے کی سعادت حاصل کیا کرتا تھا۔

قرآن حکیم کے بارے میں کبھی کفار کہا کرتے تھے کہ یہ کسی بڑے جادوگر کی سحر طرازی ہے، نعوذ باللہ بیسویں صدی میں امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کی تلاوتِ قرآن سن کر کہا جا سکتا ہے۔

ان ھذا الا ساحر عظیم

یہ ایک بہت بڑا جادوگر ہے (امیر شریعت نمبر ماہنامہ نقیب ختم نبوت۔ ص ۱۸۳)

آگ لگا دو:

قرآن پاک سے شاہ جی کی شیفتگی اور والہانہ محبت کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ آپ استثنائی صورتوں میں قرآن کے علاوہ کسی دوسری کتاب کو پڑھنے کی ضرورت بھی محسوس نہ کرتے، آپ کا عقیدہ تھا کہ میرے لئے جو کچھ ہے قرآن مجید میں موجود ہے۔ اس سے باہر جو بھی ہے باطل ہے اور ایک باطل شے کے مطالعہ کے لیے میرے پاس وقت نہیں۔ اگر آج دنیا قرآن کو چھوڑ کر دوسری کتابوں پر نگاہ کر سکتی ہے تو میں دوسری کتابوں سے روگردانی کر کے صرف آخری کتاب الٰہی پر اپنی توجہ کیوں نہ مرتکز کر دوں؟ میں تو قرآن کا مبلغ ہوں میری باتوں میں اگر کوئی تاثیر ہے

تو وہ صرف قرآن کی۔ جو چیز مجھے قرآن سے الگ کرے اسے لگا دو (امیر شریعت نمبر۔ ج ۱/ ۱۸۴)

کوئی ایسی کتاب لائیے:

۱۹۵۰ء، میں مجلس احرار اسلام کی آل پاکستان کانفرنس منعقد ہوئی ایک اجلاس میں شاہ جی نے دوران تقریر فرمایا۔

آج قاضی احسان احمد صاحب نے روس کی چھپی ہوئی کتاب مجھے دکھائی جس کا نام ''اسٹالن'' ہے قاضی صاحب نے اس کی طباعت و کتابت کی خوبیوں اور اس کی دلکشی و دلفریبی کی قصیدہ خوانی کرتے ہوئے بتایا۔ شاہ جی! دیکھو! ان تمام خوبیوں کے باوصف اس کتاب کی قیمت روپیہ یا بارہ آنے ہیں میں کہتا ہوں کہ کوئی کمال نہیں۔ اسٹالن کی اپنی حکومت، اپنی سیاہی، اپنا قلم، اپنا کاغذ، اپنا پریس، اپنے ملازمین اور کارندے غرضیکہ اس سلسلہ کے تمام ساز و سامان اسے مہیا ہیں وہ جو چاہے جس طرح چاہے اسے شائع کر سکتا ہے۔ اسے تو یہ کتاب دنیا کو مفت تقسیم کرنی چاہیے۔ اسٹالن کا یہ کوئی کمال اور خوبی نہیں کمال اور خوبی ملاحظہ کرنا ہو تو قرآن پاک کی تاریخ ملاحظہ فرمائیے۔

وہاں نہ قلم، نہ دوات، نہ کاغذ، نہ پریس، نہ عملہ، نہ حکومت اور نہ ہی دنیاوی ساز و سامان جن کے بل بوتے پر قرآن کی اشاعت کا اہتمام کیا جا سکے۔

لیکن کمال ملاحظہ ہو کہ آج قرآن مجید کروڑوں انسانوں کے سینوں میں محفوظ ہے میں دنیا کو چیلنج کرتا ہوں کہ قرآن مجید کے مقابلہ میں کوئی ایسی کتاب لائیے جو آج

تک اس سے زیادہ اشاعت پذیر ہوئی ہو، اور اس سے زیادہ انسانوں کے سینہ میں محفوظ ہو (امیر شریعت نمبر۔ ج ۱/۱۸۵)

خدا کے لیے بس کرو

آپ (حضرت شاہ بخاری صاحب رحمہ اللہ) نے فرمایا۔

یوسف علیہ السلام کے ذکر سے مجھے ڈم ڈم جیل یاد آ گئی ۱۹۳۰ء کے ایام اسیری میں ایک رات سورہ یوسف کی تلاوت کر رہا تھا، چودھویں رات کی چاندنی، رات کا سناٹا، فضا خاموش اور ماحول دم بخود، تلاوت قرآن میں کچھ وقت گذر گیا، اتنے میں پنڈت رانجھی لال سپرنٹنڈنٹ جیل نے مجھے پیچھے سے پکارا دیکھا تو اس کی آنکھوں سے آنسوؤں کی بارش ہو رہی تھی کہنے لگا۔

''شاہ جی! خدا کے لیے بس کرو میرا دل قابو سے باہر ہو رہا ہے اور اب مجھ میں رونے کی سکت نہیں رہی'' (پھر فرمایا) بھائی! قرآن پڑھا جائے تو آج بھی اس کے اعجاز دکھائی دیتے ہیں (امیر شریعت نمبر۔ ۱۹۱)

ایک چیز سے محبت ایک چیز سے نفرت:

سیّد عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے

''میں زندگی میں ایک چیز سے محبت کرتا ہوں اور ایک ہی چیز سے نفرت کرتا ہوں قرآن سے محبت اور انگریز سے نفرت''

حقیقت بھی یہی ہے کہ قرآن سے محبت انہیں انگریز سے نفرت کے لئے مجبور کرتی رہی یہود و نصاریٰ کی ازلی، ابدی اور ناقابل مصالحت دشمنی احکام کے تذکرے

قرآن پاک کے مقدس صفحات پر بکھرے پڑے ہیں وہ اکثر اپنی تقریروں میں نوجوان نسل کو قرآن پاک کے مطالعے کی تلقین کرتے ہوئے ارشاد فرماتے۔

"بابو لوگو! اس کتاب کی قسمیں نہ کھایا کرو، اسے پڑھا کرو، قربان جاؤں قرآن پاک کے، خود گواہی دیتا ہے کہ میں محمد رسول اللہ ﷺ پر اتارا گیا ہوں۔ اسے شاہ ولی اللہ، شاہ اسمٰعیل شہید، اور سید احمد شہید کیطرح نہیں پڑھ سکتے تو نہ سہی علامہ اقبال کی طرح پڑھ لو، دیکھو اس نے قرآن کو ڈوب کر پڑھا تو دانش فرنگ پر ہلہ بول دیا پھر اس نے قرآن کے سوا کچھ دیکھا ہی نہیں یقیناً اقبال تمہارے بتکدہ میں اللہ اکبر کی صدا تھے۔"

حضرت شاہ جی کے خیال کے مطابق جس نے بھی قرآن کو ڈوب کر پڑھا وہ انگریز کی نفرت پر مجبور ہوگیا کہ اس کے علاوہ اس کے سامنے کوئی چارہ کار ہی نہیں۔ (امیر شریعت نمبر۔ ص ۲۰۲)

مجھے قرآن کے سوا کچھ نہیں آتا

حضرت شاہ صاحبؒ فرمایا کرتے تھے

علماء کرام، پیران عظام میں نے قرآن کی ایک آیت پڑھی تو اس نے مجھے چین سے بیٹھنے نہ دیا میں اللہ کے سب سے بڑے دشمن سے لڑ گیا اور اپنی زندگی کے حسین بیس سال جیل میں گذار دیئے، زندگی سفر میں کٹ گئی لاکھوں انسانوں کے دل سے فرنگی کا خوف دور کیا لیکن قربان جاؤں تمہارے باصمہ کے، آپ پورا قرآن کریم اور لاکھوں احادیث ہضم کر گئے مگر ٹس سے مس نہ ہوئے"

ان زخم خوردہ لوگوں کے حاشیہ نشین، شاہ صاحب کے تابڑ توڑ عوامی حملوں سے بہت مضطرب ہوئے تو ایک ''کرنٹے'' نے کہا عطاء اللہ شاہ کو قرآن کے سوا کیا آتا ہے تو آپ نے اُس کے جواب میں (غالباً موچی دروازہ میں فرمایا)

''ہاں بھائی واقعی مجھے قرآن کے سوا کچھ نہیں آتا۔ الحمدللہ الحمدللہ الحمدللہ ثم الحمدللہ! کہ مجھے قرآن کے سوا کچھ نہیں آتا۔ میری دعا ہے کہ قرآن کے سوا مجھے کچھ بھی نہ آئے۔ لیکن یہ صاحب جو مجھے طعنہ دیتے ہیں ان کا یہ عالم ہے کہ خود انہیں قرآن ہی نہیں آتا (حوالہ مذکور۔ ص ۴۲۷)

والہانہ عقیدت

دارالعلوم کراچی کے شیخ الحدیث اور ناظم تعلیمات حضرت مولانا سبحان محمود صاحب قدس سرہ کو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید سے والہانہ عقیدت اور اس کی تلاوت کا خاص ذوق عطا فرمایا تھا۔ آپ کی کثرت تلاوت کے واقعات سن کر عقل دنگ رہ جاتی ہے کہ تدریس حدیث اور گراں بار انتظامی ذمہ داریوں کے باوجود بلاناغہ اتنی مقدار میں تلاوت کیسے کر لیتے تھے؟

حضرت کے مسترشد خاص قاری رشید احمد اعظمی مدظلہ لکھتے ہیں:

اللہ رب العزت نے آپ کو قرآن کریم سے عشق اور لگاؤ کی ایک خاص کیفیت عطا کی ہوئی تھی۔ چلتے پھرتے ہر وقت آپ کی زبان پر قرآن کریم جاری رہتا۔ روزانہ پون گھنٹہ صبح فجر کے بعد حضرت رحمۃ اللہ علیہ مسلسل تلاوت فرماتے رہتے۔ گھر جانے کے بعد پھر ایک طالب علم کو سناتے۔ ایک عرصہ تک آپ کا روزانہ ایک قرآن شریف ختم کرنے کا معمول تھا۔ لیکن جب سے ضعف بڑھا روزانہ ۱۸ پارے پڑھتے تھے اور تادم وفات یہی معمول رہا۔ رمضان المبارک میں تو آپ قرآن

کریم کے لئے اپنی تمام مصروفیات ترک فرمادیتے۔اور دن رات قرآن کریم کی تلاوت میں مشغول رہتے۔چنانچہ حضرت فرماتے تھے کہ میں نے ۲۰ سال گولیمار (مسجد باب السلام) میں قرآن سنایا۔روزانہ تراویح میں جوسوا پارہ پڑھنا ہوتا اسے میں ۲۴ مرتبہ پڑھتا۔اس طرح روزانہ ایک قرآن ختم کرتا۔حضرت کے سب سے بڑے صاحبزادے جناب بھائی غفران محمود صاحب نے احقر کو بتایا کہ اس طویل عرصہ میں میں نے ابا جان کو سوتے ہوئے نہیں دیکھا۔۱۲ بجے رات کو بذریعہ بس گولیمار سے دارالعلوم پہنچتے اور پھر نفل کی نیت باندھ کر کھڑے ہوجاتے۔اور جب ہم صبح سحری کے وقت اٹھتے تو ابا جان کو اسی حالت میں پاتے۔آخری عمر میں اس پر افسوس کا اظہار فرماتے کہ اب بڑھاپے اور ضعف کی وجہ سے پوری رات کھڑے ہونے کی ہمت نہیں ہوتی ہے،اور قرآن کریم اتنا پختہ یاد تھا کہ جو طالب علم حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا قرآن کریم سنتے تھے وہ بتاتے ہیں کہ حضرت کے پورے قرآن کو ہم میں ایک غلطی بھی نہیں آتی ہے۔تاہم کبھی کبھار کوئی اٹکن آجاتی ہے اور یہ بھی قرآن کریم کا اعجاز ہے (سحبان الامت۔ص ۲۹۳)

حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے قریب رہنے والے اور حضرت کو دیکھنے والے خوب جانتے ہیں کہ حضرت کی زبان ہر وقت ذکر یا قرآن شریف کی تلاوت سے تر رہتی اور دونوں ہونٹ مسلسل حرکت کرتے ہوئے نظر آتے،ایک دفعہ طلبہ سے فرمایا کہ حفاظ کے لئے صبح کم از کم پانچ سپارے تلاوت کرنے سے پہلے ناشتہ حلال نہیں ہے۔(ص ۲۸۶)

بائیس ختم

جانشین امیر شریعت حضرت مولنا سید عطاء المنعم شاہ صاحب قدس سرہ کے متعلق الحاج ماسٹر محمد عمر (خان گڑھ) لکھتے ہیں:

قرآن حکیم سے عشق کا یہ حال تھا کہ آٹھ پارے تلاوت روزانہ کا معمول تھا۔ رمضان المبارک کی مقدس ساعتوں میں خواص کو بھی ملنے کی اجازت نہ ہوتی تھی۔ عید الفطر کے دن حاضر ہوا تو فرمایا "اب جسمانی ضعف غالب ہے الحمد اللہ بائیس ختم قرآن ہوئے ہیں" (الاحرار۔ص ۴۳ جمادی الثانیہ ۱۴۲۱ھ)

سب سے عالی ذکر

شہید اسلام حضرت اقدس مولانا محمد یوسف لدھیانوی قدس سرہ کا ذوق تلاوت ملاحظہ ہو:

میں بڑی عمر میں اپنے بیٹے کا قرآن مجید سنتے سنتے حافظ ہوا ہوں اور الحمد اللہ کئی بار تراویح میں بھی سنایا ہے۔ اور اس وقت میری اولاد میں بیٹے، پوتے پوتیاں، نواسے، نواسیاں اکثر حافظ ہیں۔ حاضرین مجمع سے فرمایا کہ میری ایک بات مانو وہ یہ کہ اپنے بچوں میں سے ایک بچے کو ضرور حافظ بنالو تا کہ تمہاری نجات کا ذریعہ ہو جائے ..... عرصہ دراز سے آپ کا رمضان کے عشرہ اخیرہ میں اعتکاف کا معمول تھا مگر گذشتہ کئی سال سے سینکڑوں کی تعداد میں مریدین و متعلقین حضرات کے ساتھ مسجد "فلاح" میں اعتکاف فرماتے تھے۔ بندہ نے ان گنہگار آنکھوں سے دیکھا کہ آپ ضعف کے باوجود مسجد کی اجتماعی تراویح میں قرآن سننے کے بعد اپنے صاحبزادے حافظ محمد یحییٰ سلمہ سے کھڑے ہو کر مزید تین پارے سنتے تھے۔ اور آدھی رات کے بعد ایک اور قاری صاحب سے کئی پارے سنتے تھے۔ رمضان المبارک کے ابتدائی دنوں میں اپنے خلیفہ مجاز حضرت قاری محمد عبداللہ مرحوم سے تراویح میں ۶۔۶ پارے روزانہ سنتے تھے۔ یہ صرف اور صرف قرآن کریم سے محبت ہی کا نتیجہ تھا (بینات اشاعت خاص بیاد شہید الاسلام۔ص ۳۸۷)۔ قرآن کریم کی تلاوت کا

اپنی گوناگوں مصروفیات کے باوجود اتنا زیادہ اہتمام فرماتے کہ جب تک معمول پورا نہ ہوجاتا بے چین رہتے۔ فالج سے پہلے تک روزانہ ایک منزل پڑھنے کا معمول تھا اور ساتویں دن قرآن ختم فرماتے۔ البتہ فالج کے بعد روزانہ تین پاروں کا معمول اخیر تک رہا فرمایا کرتے تھے

کہ ایک ایک حرف کی تلاوت خود آں حضرت ﷺ نے فرمائی ہے اور حضرت جبرئیل علیہ السلام سے سنا ہے۔ اور انہوں نے اللہ تعالیٰ سے حاصل کیا ہے۔ لہٰذا تمام اذکار میں سب سے عالی ذکر تلاوتِ قرآن کریم ہے۔ اپنی نسبت عالی کی وجہ سے۔" (۔۴۷۵)

یونہی سہی:

ایک دفعہ لاہور دفتر احرار میں چند نوجوان آئے اور انہوں نے قرآن اور دیگر کتابوں کے موازنہ کی گفتگو کی تو آپ نے فرمایا

"میاں تم قرآن پاک کو الہامی کتاب مان کر نہ پڑھو، عربی ادب عالیہ کی کتاب سمجھ کر ہی پڑھ لو تو تمہاری روح پاک ہوجائے گی"

حضرت امیر شریعت کا یہ قول بہت مشہور ہے کہ آپ نے "یونیورسٹائزڈ" طبقہ سے مخاطب ہوکر فرمایا

"بابو لوگو! قرآن ہماری طرح نہ سہی، اقبال کی طرح پڑھ لو! دیکھو اقبال نے قرآن ڈوب کر پڑھا تو تہذیب فرنگ پر ہلّہ بول دیا۔ (حوالہ مذکورہ۔ ص ۴۲۸)

بہتر کا بہترین شغل:

مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ کی والدہ ماجدہ سیدہ خیرالنساء بہتر کے

معمولات ان کی بنی لکھتی ہیں

والد صاحب کی وفات کے بعد ہمہ تن خدا کی طرف متوجہ ہوگئیں، گرمی میں ڈھائی بجے سے اور جاڑوں میں تین بجے سے اور رمضان شریف میں گرمی میں ایک بجے سے اور جاڑوں میں ڈیڑھ بجے سے تہجد کے لئے اٹھ بیٹھتیں تھیں۔ اور بڑی لمبی لمبی سورتیں پڑھتی تھیں۔ مثلاً سورہ حدید، سورہ حشر، سورہ دخان، سورہ یٰسین شریف، سورہ الٓم السجدہ، سورہ طور، سورہ نجم، سورہ واقعہ، سورہ رحمٰن، سورہ قٓ، سورہ ذاریات۔ تہجد میں اس قدر روتی تھیں کہ آنسوؤں سے جانماز تر ہو جاتی تھی اور کبھی اپنے لئے، اپنی اولاد کے لئے دنیا کے خواہش نہیں کی، بس اللہ رسول کی محبت، دینی خوبیاں اور دینی خدمت کی توفیق۔ صبح چار بجے انگیٹھی جلا کر رکھ دیتی تھیں، اور خود نماز میں مصروف ہو جاتی تھیں، دوسرے لوگ اس سے فائدہ اٹھاتے تھے، نماز پڑھ کر سب کو جگانا شروع کر دیتی تھیں۔ جو اٹھنے میں تساہل کرتا تو بہت ناراض ہوتی تھیں..... خود نماز پڑھ کر اسی جانماز پر اشراق تک بیٹھی رہتی تھیں اور تہجد کے بعد صبح کی نماز تک "لا الہ الا اللہ" کی ضرب لگاتی تھیں۔ پھر صبح کی نماز کے بعد تسبیحات میں مشغول ہو جاتی تھیں، اشراق کی نماز پڑھ کر ناشتہ سے فارغ ہو کر کلام پاک کی تلاوت کرتیں اور کچھ گھر کے کام انجام دیتیں آنکھوں کی روشنی ختم ہونے کے بعد تسبیح اور تلاوت کلام پاک ہی کم رہ گیا۔ اور ہر وقت یہ کھٹکا لگا رہتا تھا کہ نماز وقت سے بے وقت نہ ہو جائے۔ گھڑی سرہانے رکھی رہتی تھی۔ ہر آنے جانے والے سے پوچھتی رہتی تھیں کیا بجا ہے؟ (ذکر خیر۔ ص ۹۹)

قابلِ دید منظر

مولانا عبدالماجد دریابادی مرحوم اپنی والدہ مرحومہ کے شوقِ عبادت کا حال لکھتے ہیں:

شوقِ عبادت میں اپنی نظیر آپ تھیں، مرطویل پابی، اشراق و چاشت دونوں نمازوں کا کیا ذکر ہے تہجد تک میرے علم میں ناغہ نہ ہونے پاتی، اور معمول کا حال یہ تھا کہ شب کے اخیر حصہ میں وقت فجر سے گھنٹہ پون گھنٹہ قبل اٹھنے کے بجائے عین درمیان شب میں آٹھ بیٹھتیں۔ اور وضو کے چار یا آٹھ رکعتیں ہی نہیں پوری بارہ رکعتیں کھڑے ہوکر پڑھتیں اور پھر نماز فجر اول وقت منہ اندھیرے پڑھ ڈالتیں۔ نماز فجر سے اول وقت فراغت حاصل کرکے اسی جانماز پر بیٹھی ہوئے کڑوے تیل سے جلنے والے چراغ کی روشنی میں قرآن مجید کی تلاوت شروع کردیتیں۔ اور جس مشقت و تعب سے ایک ایک لفظ اٹک اٹک کر ادا کرتیں وہ منظر بھی دیکھنے کے قابل ہوتا (آپ بیتی۔ ص ۲۴)

خوفِ آخرت کا نتیجہ

مرحوم اپنی اکلوتی ہمشیرہ کے حالات میں لکھتے ہیں۔

اردو کی معمولی سی تعلیم پا کر انہوں نے مذہبی کتابوں کے مطالعہ میں پڑ گئیں۔ اور خوفِ آخرت دل میں ایسا بیٹھا کہ اپنے کو گویا عبادت ہی کے لئے وقف کردیا۔ کئی کئی پارے قرآن مجید کے مع اردو ترجمہ کے ان کی روزانہ تلاوت کا معمول پنج وقتہ طویل نمازوں کے علاوہ اشراق، چاشت اور تہجد کی نمازیں داخلِ


معمول، کمزوری و ناطقتی کی بنا پر روزے میں ذرا بھی فیض۔ پھر بھی رمضان کا کوئی روزہ چھوٹنے نہ پاتا۔ حج و زیارت کی اس درجہ شائق رہیں کہ ۱۹۱۲ء میں انہیں کا اصرار اور تقاضا والد ماجد مرحوم کو حج کے لئے لے گیا۔ کوٹھا کا حساب باقاعدہ رکھتیں اور یوں عام دادوہش میں خدا معلوم کتنا دے گئیں (ایضاً ص ۴۸)

انوار و تجلیات کا مشاہدہ:

حضرت محترم نواب عشرت علی خان قیصر اپنی والدہ کے شغف قرآن کو یوں بیان کرتے ہیں۔

ہندوستان کے دوران قیام اپنی جائے رہائش پر بچوں کو قرآن شریف اور بہشتی زیور مدت تک پڑھاتی رہیں۔ قرآن پاک کی تلاوت سے بے حد شغف تھا۔ ماہ رمضان المبارک میں تین دور میں ایک قرآن شریف ختم کرنے کا معمول تھا۔ باوجود اس قدر بیماری، ضعف و نقاہت اور کمزوری کے ایک منزل روزانہ قرآن شریف کی تلاوت کرتی تھیں چھ سات روز میں ایک قرآن پاک ختم کر لیتی تھیں۔ اور یہ معمول انتقال سے چند ہفتے قبل تک رہا۔ بعض دفعہ پوری پوری رات قرآن شریف کی تلاوت میں بسر ہو جاتی تھی۔ اناء اللیل و النہار قرآن پاک کی معیت نصیب تھی، جس کا نتیجہ یہ ہوتا کہ کلام الٰہی کے انوار و تجلیات کا اپنے گرد و پیش مشاہدہ کرتی تھیں۔ فرمایا کرتی تھیں کہ جب بستر پر لیٹتی ہوں تو اپنے جسم کے چاروں طرف قرآن پاک کی آیات نہایت نفیس و منور نقش و نگار کے ساتھ متشکل دیکھتی ہوں۔ اس قدر کثرت سے نمودار ہوتی ہیں کہ مجھے بوجہ ادب اپنے پاؤں بستر پر سکیڑنے پڑتے ہیں کمرہ کے در و دیوار اور چھت

آیات کریمہ سے مزین و منور ہو جاتے ہیں ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء۔ آنکھ کی بینائی بوجہ موتیا بند کے نہایت کمزور ہو گئی تھی لیکن قرآن پاک کی تلاوت بغیر چشمہ کے کرتی تھیں (مثالی خواتین۔ص ۳۲۹ بحوالہ بینات نمبر ۸۵ء)



متکلمہ بالقرآن

الحمدللہ مسلم خواتین کی عبادت وتلاوت کے واقعات کتابوں میں اس کثرت سے ہیں کہ اگر انہیں جمع کیا جائے تو پوری کتاب تیار ہو سکتی ہے لیکن تمام واقعات کو جمع کرنا ہمارا ہدف نہیں ہم تو اپنے قارئین کو صرف ایک جھلک دکھانا چاہتے تھے اور جب آپ نے اپنے قریب کے زمانہ کی خواتین کے ذوق تلاوت کی جھلک دیکھ لی ہے تو آیئے ہم آپ کو اس اللہ کی نیک بندی کا واقعہ بھی سنا دیں جس نے اپنے اوپر لازم کرلیا تھا کہ اپنی زبان سے قرآن کے سوا کوئی دوسرا لفظ نہیں نکالے گی پھر اس نے اپنے عہد کو خوب نبھایا یہاں تک کہ اپنی روزمرہ کی زندگی میں وہ اظہار مافی الضمیر کیلئے قرآنی آیات وکلمات ہی کا سہارا لیتی تھی اس کا مشہور واقعہ جس کا دنیا کی مختلف زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے اس کتاب کے قارئین کیلئے بیروت کے مکتبہ دارالایمان سے شائع ہونے والی ایک کتاب کی مدد سے پیش کیا جارہا ہے اس کتاب کا نام ہی متکلمہ بالقرآن ہے اور اس کی ابتداء اسی واقعہ سے ہوتی ہے آگے چل کر اس میں دوسری بہت سی ذہین، غیور، بہادر، حق گو اور صاحب علم خواتین کے دلچسپ اور عبرت آموز واقعات بھی ذکر کیے گئے ہیں اس کتاب مرتبین کے طور پر نائیل پرحمید زمزم اور محمد عبداللہ کے نام دیئے گئے ہیں۔

مشہور محدث، مصنف، مجاہد اور تاجر حضرت عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ، جن کی زندگی حج، جہاد، اور تجارتی اسفار اور حدیث وفقہ کی خدمت واشاعت میں بسر ہوئی وہ فرماتے ہیں کہ میں حج بیت اللہ اور روضہ اطہر کی زیارت کے ارادہ سے نکلا تو دوران سفر ایک سن رسیدہ خاتون سے اتفاقاً ملاقات ہوگئی جو راستے سے بھٹک گئی تھی اور اس نے قمیص اور چادر پہن رکھی تھی اس بوڑھی خاتون سے میری یوں گفتگو ہوئی۔

حضرت عبداللہ: اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللہِ

بڑھیا: سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْم: ۔ ترجمہ: سلام انہیں کیا جائے گا پروردگار مہربان کی طرف سے

حضرت عبداللہ: اللہ آپ پر رحم کرے آپ اس جگہ کیا کرتی ہیں۔

بڑھیا: مَن یُّضْلِلِ اللہُ فَلاَ ھَادِیَ لَہ ۔ :ترجمہ: جسے اللہ گمراہ کردے اسے کوئی راہ دکھانے والا نہیں۔

حضرت عبداللہ: میں سمجھ گیا کہ یہ راستہ بھول گئی ہے،

حضرت عبداللہ: آپ کہاں جانا چاہتی ہیں؟

بڑھیا: سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلاً مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی ۔ ۔ترجمہ: پاک ذات ہے وہ جو اپنے بندہ کو راتوں رات مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک لے گیا۔

حضرت عبداللہ: میں سمجھ گیا کہ اس نے حج ادا کرلیا ہے اور اب بیت المقدس جانا چاہتی ہے،

حضرت عبداللہ: آپ یہاں کتنے دنوں سے قیام فرما ہیں؟

بڑھیا: ثَلاَثَ لَیَالٍ سَوِیًّا ۔ :۔ تین راتیں نہ بول سکو گے درآنحالیکہ تم تندرست ہوگے۔

حضرت عبداللہ: ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے پاس کھانا نہیں ہے؟

بڑھیا: ھُوَ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِ ۔ :ترجمہ: وہ مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔

حضرت عبداللہ: آپ وضو کس چیز سے کرتی ہیں؟

بڑھیا: فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَیَمَّمُوْا صَعِیْداً طَیِّباً ۔ :ترجمہ: پھر تم کو پانی نہ ملے تو تم پاک مٹی سے تیمم کرلیا کرو۔

حضرت عبداللہ: اگر آپ کھانا چاہیں تو میرے پاس کھانا موجود ہے۔

بڑھیا: ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ۔ :ترجمہ: پھر روزہ کو رات ہونے تک پورا کرو۔

حضرت عبداللہ: مجھے معلوم ہو گیا کہ یہ روزہ رکھے ہوئے ہے تو میں نے کہا کہ یہ مہینہ رمضان کا مہینہ نہیں ہے؟

بڑھیا: وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْم ۔ :ترجمہ: اور جو کوئی خوشی سے کوئی امر خیر کرے سو اللہ بڑا قدر دان ہے ہے بڑا علم رکھنے والا ہے۔

حضرت عبداللہ: ہمارے لئے سفر میں افطار کرنا جائز ہے۔

بڑھیا: وَاَنْ تَصُوْمُوا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۔ :اور اگر تم علم رکھتے ہو تو بہتر تمہارے حق میں یہی ہے کہ تم روزے رکھو۔

حضرت عبداللہ: جب مجھے یقین ہو گیا کہ یہ قرآن کے علاوہ سے بات نہیں کرتی تو میں نے اس سے کہا آپ میرے ساتھ اس طرح بات کیوں نہیں کرتیں جس طرح میں آپ کے ساتھ بات کر رہا ہوں۔

بڑھیا: وَمَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ۔ ۔ترجمہ: وہ کوئی لفظ منہ سے نہیں نکالنے پاتا مگر یہ کہ اس کے آس پاس ہی ایک تاک میں لگا رہنے والا تیار ہے۔

حضرت عبداللہ: آپ کا تعلق کس قبیلے سے ہے؟

بڑھیا: وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْؤُلًا ۔ ۔ترجمہ: اس چیز کے پیچھے مت ہو لیا کرو جس کی بابت تجھے علم صحیح نہ ہو بے شک کان اور آنکھ اور دل ان کی پوچھ ہر شخص سے ہو گی۔

حضرت عبداللہ: یقیناً مجھ سے غلطی ہوئی آپ مجھے معاف فرمائیں۔

بڑھیا: لَاتَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۔ :ترجمہ: آج تم پر کوئی الزام نہیں اللہ تمہیں معاف فرمائے۔

حضرت عبداللہ: کیا آپ اس بات کو مناسب سمجھو گی کہ میں آپ کو اپنی اونٹنی پر سوار کراؤں تا کہ آپ اپنے قافلہ کے ساتھ مل سکو۔

بڑھیا: وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ ۔ :ترجمہ: اور جو کوئی بھی نیک کام کرو گے اللہ کو اس کا علم ہو کر رہے گا۔

حضرت عبداللہ: میں نے یہ کہہ کر اپنی اونٹنی کو بٹھایا۔

بڑھیا: قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ ۔ :آپ ایمان والوں سے کہہ دیجئے کہ اپنی نظریں نیچی رکھیں۔

حضرت عبداللہ: میں نے اپنی آنکھیں بند کر لیں اور اس سے کہا کہ آپ سوار ہو جائیں، جب وہ سوار ہونے لگی تو اچانک اونٹنی بدکی جس کی وجہ سے اس کا کپڑا کجاوے میں الجھ کر پھٹ گیا۔

بڑھیا: وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ ۔ ۔ترجمہ: اور جو مصیبت بھی تمہیں پہنچتی ہے وہ تمہارے ہی ہاتھوں کے کئے ہوئے سے پہنچتی ہے۔

حضرت عبداللہ: آپ کچھ دیر انتظار کریں تا کہ میں اس کو باندھ کر کجاوے کے تسمے درست کروں

بڑھیا: فَفَهَّمْنَاهَا سُلَيْمٰنَ ۔ ۔ترجمہ: سو ہم نے اس فیصلہ کی سمجھ سلیمان کو دیدی۔

حضرت عبداللہ: میں نے اونٹنی کو باندھ کر اس کے کجاوے کے تسمے درست کئے اور اس سے کہا کہ سوار ہو جایئے، پھر وہ سوار ہوئی اور کہنے لگی۔

بڑھیا: سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ. وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۔ ۔ترجمہ: پاک ذات ہے وہ جس نے ہمارے تابع کر دیا اس سواری کو اور ہم تو ایسے تھے نہیں کہ اس کو قابو میں کر لیتے اور ہم کو تو اپنے پروردگار ہی کی طرف لوٹنا ہے۔

حضرت عبداللہ: میں نے اونٹنی کی لگام تھامی اور شور کرتے ہوئے تیز تیز چلنے لگا۔

بڑھیا: وَاقْصِدْ فِیْ مَشْیِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ۔ ۔ترجمہ: اور اپنی چال میں میانہ روی اختیار کرو اور اپنی آواز کو پست رکھو۔

حضرت عبداللہ: پھر میں شعر پڑھتے ہوئے آہستہ آہستہ چلنے لگا۔

بڑھیا: فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ ۔ ۔ترجمہ: سو تم لوگ جتنا قرآن آسانی سے پڑھا جا سکے پڑھ لیا کرو۔

حضرت عبداللہ: (میں نے کہا) مجھے اللہ تعالیٰ نے بہت کچھ دیا ہے (اور یہ کہہ کر قرآن پڑھنا شروع کر دیا)

بڑھیا: وَمَا یَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۔ ۔ترجمہ: اور نصیحت کو بس صاحبان فہم ہی قبول کرتے ہیں۔

حضرت عبداللہ: جب میں اس کو لے کر تھوڑی دور چلا تو میں نے اس سے کہا کہ کیا آپ کا خاوند زندہ ہے؟

بڑھیا: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْئَلُوْا عَنْ اَشْیَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۔ ۔ترجمہ: اے ایمان والو ایسی باتیں مت پوچھو کہ اگر تم پر ظاہر کر دی جائیں تو تمہیں ناگوار گزریں۔

حضرت عبداللہ: پھر میں نے اس سے بات نہیں کی یہاں تک کہ ہم قافلے تک پہنچ گئے تو میں نے اس سے کہا کہ یہ رہا آپ کا قافلہ اس میں آپ کا تعلق دار کون ہے؟

بڑھیا: اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِیْنَةُ الْحَیَاةِ الدُّنْیَا. — ترجمہ: مال اور اولاد دنیوی زندگی کی رونق ہیں۔

حضرت عبداللہ: میں سمجھ گیا کہ اس کی اولاد اس قافلے میں ہے تو میں نے پوچھا کہ وہ قافلے میں کیا کام سرانجام دیتے ہیں؟

بڑھیا: وَعَلَامَاتٍ. وَبِالنَّجْمِ هُمْ یَهْتَدُوْنَ. — ترجمہ: علامتیں بھی بنائیں اور ستاروں سے بھی لوگ ہدایت پاتے ہیں۔

حضرت عبداللہ: تو میں سمجھ گیا کہ اس کے لڑکے قافلے کے رہبر ہیں میں اس کو لیکر لوگوں کے خیموں تک پہنچ گیا اور کہا کہ یہاں لوگ مجتمع ہیں آپ کا ان میں کون ہے؟ (آپ کے بیٹوں کے نام کیا ہیں)؟

بڑھیا: وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرَاهِیْمَ خَلِیْلاً — وَکَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰی تَکْلِیْماً — یٰیَحْیٰی خُذِ الْکِتَابَ بِقُوَّةٍ. — ترجمہ: اور اللہ نے تو ابراہیم کو اپنا دوست بنالیا، اور اللہ نے موسیٰ سے خاص طور پر کلام فرمایا۔ اے یحییٰ کتاب کو مضبوط پکڑو۔

حضرت عبداللہ: میں نے ان چاند جیسے نوجوانوں کو ان کے نام لیکر پکارا کہ اے ابراہیم، اے موسیٰ، اے یحییٰ وہ ہمارے پاس آئے ابھی میں تھوڑی دیر ہی ٹھہرا تھا کہ اس بڑھیا نے کہا۔

بڑھیا: فَابْعَثُوْٓا اَحَدَکُمْ بِوَرِقِکُمْ هٰذِهٖٓ اِلَی الْمَدِیْنَةِ فَلْیَنْظُرْ اَیُّهَآ اَزْکٰی طَعَاماً فَلْیَاْتِکُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ. — ترجمہ: اپنے میں سے کسی ایک کو یہ روپیہ دے کر شہر کی طرف بھیجو سو وہ تحقیق کرے کہ کون سا کھانا پاکیزہ ہے پھر اس میں سے کچھ کھانا تمہارے پاس لے آئے۔

حضرت عبداللہ: پھر ان میں سے ایک کھانا لیکر آیا اور میرے سامنے رکھ دیا۔

بڑھیا: كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا م بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِى الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ۔ ترجمہ: کھاؤ اور پیو مزے کے ساتھ ان اعمال کے بدلے میں جو تم گزشتہ ایام میں کر چکے ہو۔

حضرت عبداللہ: میں تمہارے اس کھانے کو ہرگز نہیں کھاؤں گا جب تک تم مجھ کو اس سارے معاملے کی صحیح صحیح اطلاع نہ دو۔

اولاد: یہ ہماری والدہ ہیں اور ان کو چالیس سال ہو چکے ہیں کہ کبھی قرآن کے علاوہ بات نہیں کرتیں اس بات کا خوف کرتے ہوئے کہ کبھی کوئی بات منہ سے ایسی نہ نکل جائے جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ناراض ہو جائے۔ پس وہ پاک ذات ہر چیز پر قادر ہے۔

حضرت عبداللہ: ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ۔ (یہ اللہ تعالیٰ کا عطا کردہ فضل ہے جس کو چاہتے ہیں عطا کرتے ہیں، اور وہ بڑے فضل والے ہیں)

قرآن کی تاثیر

نبی کریم ﷺ کے معجزات میں سے سب سے بڑا معجزہ قرآن ہے، قرآن کے وجوہ اعجاز مختلف ہیں ان میں سے ایک اس کی وہ بے پناہ جاذبیت اور اس کی سحر آفرین تاثیر بھی ہے، یہ تاثیر اپنے ظاہری ثرات بھی رکھتی ہے اور باطنی اثرات بھی، قرآن کریم کی تلاوت اور سماعت دلوں میں ایک ہلچل سی پیدا کر دیتی ہے اور مسلم اور غیر مسلم اس کا اثر قبول کیے بغیر نہیں رہتے۔

کتابوں میں تاثیرِ قرآن کے جو واقعات ہیں وہ تین قسم کے ہیں۔

ا۔ ان صلحاء، قراء اور اہل علم کے واقعات جو قرآن پڑھتے تھے تو ان کے بدن

کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے تھے، ان کے دل کانپ جاتے تھے اور ان کی آنکھوں سے آنسو رواں ہو جاتے تھے..... اس قسم کے کئی واقعات ہم پہلے بھی لکھ چکے ہیں۔

۲۔ان سعادت مندوں کے واقعات جنہوں نے قرآن کریم کی چند آیات پڑھیں یا سنیں تو ان کی کایا پلٹ گئی اور انہوں نے قرآن کی حقانیت کے سامنے سرِ تسلیم خم کرتے ہوئے ایمان قبول کر لیا۔

۳۔ان معاندین اور مخالفین کے واقعات اور اقوال جو ایمان سے تو محروم رہے مگر زندگی کے کسی موڑ پر ان کی زبان قرآن کی تاثیر اور صداقت کا اعتراف کرنے پر مجبور ہو گئی اگرچہ قرآن ان کی شہادتوں سے بے نیاز ہے لیکن "الفضل ماشھدت بہ الاعداء" کے مصداق دنیا کی نظر میں یہ شہادتیں بڑا وزن رکھتی ہیں۔

تینوں قسم کے واقعات اور اقوال ہم ذیل میں درج کر رہے ہیں ان واقعات اور اقوال کے سلسلہ میں ہمارا زیادہ انحصار علامہ خالد محمود صاحب کی وقیع کتاب آثار المتعریل اور جناب عبدالغنی فاروق صاحب کی کتاب "ہم کیوں مسلمان ہوئے" پر ہے۔

نجاشی کا اقرار

صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت نے حضور ﷺ کے حکم سے حبش کو ہجرت کی مشرکین نے وہاں شاہ حبشہ کے دربار تک اپنی باتیں پہنچائیں اور اسے اسلام کے بارے میں بدگمان کرنا چاہا۔ نجاشی شاہ حبشہ نے بہت سے پادریوں اور راہبوں کو اپنے دربار میں جمع کیا اور ان مسلمانوں کو جو وہاں ہجرت کر گئے تھے بلا کر حضرت مسیح علیہ

السلام کی نسبت ان کا عقیدہ دریافت کیا۔ اس پر حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے سورۃ مریم کی تلاوت کردی۔ بادشاہ قسیس اور سب راہب درویش سُن کر بہت روئے۔ قرآن کریم نے ان پر ایک عجیب حال پیدا کردیا۔ بادشاہ نے اقرار کیا کہ یہ واقعی اللہ کا کلام ہے اور مسلمان ہوگیا اور کہا کہ بے شک حضور ﷺ نبی ہیں جن کی حضرت مسیح علیہ السلام نے خبر دی تھی، پھر حضور ﷺ نے بھی اس کے ایمان کی یہاں تک شہادت دی کہ جب وہ حبشہ میں فوت ہوا تو آپ نے مدینہ منورہ میں اس کی نمازِ جنازہ ادا کی۔

بے اختیار گریہ

ہجرت کے کئی سال بعد ایک وفد جو (ستر ۷۰) آدمیوں پر مشتمل تھا حضور ﷺ کی خدمت میں مدینہ میں حاضر ہوا۔ یہ لوگ نجاشی کے بھیجے ہوئے تھے۔ حضور اکرم ﷺ نے سورۃ یٰسین ان کے سامنے پڑھی وہ کلامِ الٰہی سُن کر بے اختیار رو پڑے اور وقف گریہ و بکا ہو گئے۔ آنکھوں سے آنسو اور زبان پر ربنا آمنا (اے ہمارے رب ہم ایمان لے آئے) کے الفاظ جاری تھے۔ ستر کے ستر مسلمان ہوگئے۔ ساتویں پارے کی ابتدائی آیات انہی لوگوں کے حق میں نازل ہوئیں۔

وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ. (پ المائدہ ۸۳)

ترجمہ: اور جب سُنتے ہیں جو اترا رسول پر تو دیکھے گا انہیں کہ ان کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے اس وجہ سے کہ انہوں نے حق کو پہچان لیا۔

جنّوں کی گواہی

آنحضرت ﷺ کی بعثت سے پہلے جنوں کو کچھ آسمانی خبریں معلوم ہو جاتی تھیں۔ جب حضور ﷺ پر وحی آنی شروع ہوئی تو وہ سلسلہ تقریباً بند ہو گیا، جنوں کو خیال ہوا کہ ضرور کوئی نیا واقعہ رُونما ہوا ہے جس کی وجہ سے آسمانی خبروں پر سخت پہرے بٹھلا دیئے گئے ہیں اس جستجو میں جنوں کے مختلف گروہ مشرق و مغرب میں پھیل گئے۔ ایک جماعت بطن نخلہ کی طرف سے گزری وہاں حضور پُرنور ﷺ اپنے چند اصحاب کے ساتھ نماز فجر ادا کر رہے تھے۔ قرآن کی آواز اِن جنوں نے سُنی اور وہ ان کو بہت عجیب مؤثر اور دلکش معلوم ہوئی اس کی عظمت اور ہیبت ان کے دلوں پر چھا گئی اور وہ قرآن کی آواز پر فریفتہ ہو کر اسی وقت ایمان لے آئے۔ اور اپنی قوم سے جا کر یہ سارا ماجرا بیان کیا۔

اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا یَّهْدِیْ اِلَی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ (پ۲۹۔الجن)

ترجمہ: ہم نے سنا ہے عجیب کلام جو نیک راہ سمجھاتا ہے سو ہم تو اس پر ایمان لے آئے ہیں۔

قرآن کی عجیب قوت تاثیر۔ شیریں بیانی اور حُسن اسلوب نے ان کے لیے اسی وقت ہدایت کی راہیں کھول دیں۔ آئے تھے تجسس کے لیے مگر اللہ تعالیٰ نے ایمان سے مالا مال کر دیا۔ کس کی تاثیر تھی؟ قرآن کریم کی۔

عجیب اثر

مُلّا قوشجی ماوراء النہر کے ایک بہت بڑے عالم تھے ایک دفعہ وہ روم گئے اور وہاں

کے ایک یہودی عالم سے صداقتِ اسلام پر گفتگو کی۔ ایک مہینے کے قریب ہر دو میں گفتگو جاری رہی مگر وہ یہودی قائل نہ ہوا۔ ایک دفعہ وہ یہودی گفتگو کے لیے مُلا جی کے پاس آ جا رہا تھا۔ صبح کا وقت تھا اور ملا جی قرآن پڑھ رہے تھے انہیں یہودی کے آنے کی کوئی خبر نہ تھی۔ وہ یہودی ٹھہر گیا اور بڑی توجہ سے قرآن سنتا رہا اس کے بعد وہ ملا جی کے پاس آیا اور کہنے لگا مجھے مسلمان بنالو ملا جی نے تعجب سے پوچھا کہ میری ایک ماہ کی گفتگو تو تم پر اثر نہ کر سکی اب فوراً کون سی چیز ہے جس نے تجھے متاثر کر دیا ہے۔ اس یہودی نے جواب دیا کہ میں نے عمر بھر تجھ سا کوئی بدآواز نہیں دیکھا مگر اس کے باوجود آج صبح جب تم قرآن پڑھ رہے تھے میں چپکے سے اسے سُن رہا تھا تو اس نے میرے دل پر ایک عجیب اثر کیا۔ مجھے یقین آگیا کہ یہ کلام الٰہی ہے اور میں مسلمان ہو گیا۔

ایک ہی آیت

حضرت عثمان بن مظعونؓ کہتے ہیں کہ میں اسلام کے بارے میں متردّد تھا دل اسے قبول کرنے کے لیے آمادہ نہ ہوتا تھا۔ یہاں تک کہ سورۂ نحل کی یہ آیت نازل ہوئی۔

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآءِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ. (پ۱۴۔النحل ۹۰)

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ حکم دیتے ہیں عدل و احسان کا۔ اہلِ قرابت کو دینے کا اور روکتے ہیں بے حیائی سے۔ بُرائی سے اور سرکشی سے۔ نصیحت کرتے ہیں تاکہ تم یاد

رکھو۔

یہ آیات سُنتے ہی اسلام میرے دل میں اُتر گیا اور میں حضورﷺ کی خدمت میں جا کر مسلمان ہو گیا پھر میں نے اس آیت کو ولید بن مغیرہ کے سامنے پڑھا اس نے سُن کر کہا اے میرے بھتیجے! پھر پڑھ میں نے پھر پڑھی۔ اس نے کہا:

واللہ ان لہ لحلاوۃً وان علیہ لطلاوۃً وانّ اعلاہ لمثمروان اسفلہ لمغدق وماھو بقول البشر واللہ یعلوا ولا یعلیٰ.

ترجمہ: بخدا یہ کلام بڑا میٹھا ہے اور بے شک اس پر تازگی ہے اس کا اُوپر کا حصہ پھلدار ہے اور نچلا سیراب کرنے والا ہے اور نہیں یہ کسی انسان کا کلام یہ غالب ہو کر رہے گا اور کبھی بھی مغلوب نہ ہوگا۔

عرب کا مشہور حکیم اکثم بن صیفی بھی اس آیت کی فصاحت اور بلاغت سے متاثر ہو کر مسلمان ہوا تھا۔ یہ آیت باوجود کمال اختصار کے عقائد و اعمال اور اخلاق دین کی ہر نوع کو شامل ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ خدا تعالیٰ نے ہر ایک خیر و شر کے بیان کو اس آیت میں اکٹھا کر دیا ہے گویا کوئی عقیدہ، خُلق، نیت، عمل، معاملہ اچھا یا بُرا ایسا نہیں جو امر اونہیا اس کے تحت میں داخل نہ ہو گیا ہو۔ بعض علماء نے لکھا ہے کہ قرآن میں اگر کوئی دوسری آیت نہ ہوتی تو تنہا یہ ہی آیت تبیاناً لکل شئی کا ثبوت دینے کے لیے کافی تھی۔

فصاحت کو سجدہ

ابو عبید لغوی کہتا ہے کہ ایک اعرابی نے ایک شخص کو یہ آیت پڑھتے ہوئے سُنا:

فَاصْدَعْ بِمَاتُؤْمَرُ. (پ۱۴/الحجر۹۴) تو سنا دے کھول کر جو تجھ کو حکم ہوا ہے۔
وہ یہ آیت سنتے ہی سجدے میں گر گیا جب اس سے پوچھا کہ تم نے سجدہ کیسے کیا اس نے کہا ''اس کلام کی فصاحت کو''

قدر زر زرگر بداند قدر جوہر جوہری

حقیقت شناس لوگ اس کی حقیقتوں پر مطلع ہوئے اہل دانش اس کے معنی ومطالب سے متاثر ہوئے اور اہلِ ادب وعربیت نے اس کی فصاحت وبلاغت کے آگے گھٹنے ٹیکے۔ خدا کو سجدہ انہوں نے بعد میں کیا۔ پہلے وہ اس کلام کے آگے سجدہ ریز ہوئے۔

ضیاعِ عمر کا اقرار

ابن مقفع جو اپنے وقت کا ایک بڑا بلند پایہ ادیب گزرا ہے اس نے دعویٰ کیا کہ قرآن بے شک فصاحت اور بلاغت کی انتہا پر ہے لیکن میں بھی اس طرز کا کلام لکھ سکتا ہوں اس نے اپنی کافی عمر اسی خیالِ خام میں ضائع کی اور اپنے خیال میں کچھ اس طرز پر لکھا بھی۔ ایک روز اُسے ایک مکتب کے پاس سے گزرنے کا اتفاق ہوا۔ وہاں ایک لڑکا سورۂ ہود کی یہ آیتِ مبارکہ پڑھا رہا تھا۔

وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ. (پ۱۲۔ ہود۴۴)

ترجمہ: اور حکم آیا اے زمین نگل جا اپنا پانی اور اے آسمان تھم جا اور سکھا دیا گیا پانی اور ہو چکا کام اور کشتی جودی پہاڑ پر جا ٹھہری۔ اور حکم ہوا دوری ہے

ظالم قوم کے لیے۔

ابن مقفع سنتے ہی حیرت زدہ اور مدہوش ہوگیا اور گھر آ کر اپنے سب لکھے کو مٹا دیا اور قسم کھا کر کہا کہ اس کلام کا کوئی معارضہ نہیں کرسکتا۔ اور یہ کسی انسان کا کلام نہیں۔ اس آیت کی وجوہ فصاحت میں سے بعض وجوہ علامہ زمخشری نے کشاف میں اور قاضی بیضاوی نے اپنی تفسیر میں خوب بیان کیے ہیں۔

پھر جب یہ کام ہو چکا اور حضرت نوح علیہ السلام کو کشتی سے اُترنے کا حکم ہوا اور اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف سے عام سلامتی کی خبر دی کہ اب ساری نوع انسان پر قیامت سے پہلے ایسی عام ہلاکت نہ آئے گی تو اس موقع پر قرآن کا پیرایہ بیان دیکھیے۔

قِيْلَ يٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ وَاُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ يَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ. (۱۲۔ہود ۴۸)

ترجمہ: حکم ہوا اے نوح اُتر سلامتی کے ساتھ ہماری طرف سے اور برکتوں کے ساتھ۔ تجھ پر اور ان قوموں پر جو تیرے ساتھ رہیں اور ایسی قومیں بھی ہوں گی جنہیں ہم کچھ وقت تک متاع دیں گے پھر انہیں پہنچے گا ہماری طرف سے عذاب دردناک۔

ان عربی الفاظ کو پڑھیے اور الفاظ کی شکوہ اور صولت پر غور کیجیے۔ اوّل تو ان کا پڑھنا بھی خاصی ہمت سے ہوتا ہے اور پڑھ بھی لے تو پڑھنے والے ان الفاظ میں کھو کر رہ جاتے ہیں۔

ثمر بار اور چشمہ دار

ولید بن مغیرہ سرداران مکہ میں امیر ترین آدمی تھا اپنے کفر و عناد میں دوسرے

سرداروں سے پیچھے نہ تھا اس کی مذمت میں قرآن مجید کی متعدد آیات بھی اتریں۔ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آیا۔ آپ ﷺ نے اسے قرآن پڑھ کر سنایا جس سے بہت متاثر ہوا دل پر رقت طاری ہوگئی۔ ابوجہل یہ دیکھ کر غصے ہوا اور ولید کو طعن وتشنیع کی، ولید نے جواب میں کہا:

فو الله مافيكم رجل اعلم بالاشعار مني ولا اعلم برجز ولا بقصيدة مني ولا باشعار الجن والله مايشبه الذى يقول شيئا من هذا ووالله ان لقوله الذى يقول حلاوة وان عليه لطلاوة وانه لمثمر اعلاه مغدق اسفله وانه ليعلو ومايعلى.

اللہ کی قسم! تم لوگوں میں مجھ سے بڑھ کر کوئی شخص اشعار رجز، قصیدہ اور جن (وشیاطین) کے اشعار (غرض تمام اصناف شعر) کو جاننے والا نہیں اور (میری شہادت یہ ہے کہ) اللہ کی قسم! محمد ﷺ کا لایا ہوا کلام ان اصناف شعر میں سے کسی صنف کے مشابہ نہیں۔ اور اللہ کی قسم: محمد ﷺ جو کلام پڑھتے ہیں اس میں عجب حلاوت وشیرینی ہے۔ اس پر (ایک خاص) طراوت وتازگی ہے۔ اور وہ کلام اوپر سے ثمر بار اور نیچے سے چشمہ دار ہے۔ یقیناً وہ کلام غالب آ کر رہے گا کبھی مغلوب نہ ہوگا۔

ایک دوسری روایت میں اس سے یہ الفاظ نقل کیے گئے ہیں:

فو الله ماهو بشعر ولا سحر ولا بهذاء مثل الجنون وان قوله لمن كلام الله (الخصائص الکبریٰ للجلال السیوطی ۱۸۹ ج ۱)

اللہ کی قسم! نہ وہ شعر ہے نہ سحر نہ ہی مجنون کی بڑ، ان کا لایا ہوا کلام تو اللہ کا کلام ہے۔

ایں چیزے دیگر است

نضر بن حارث مکہ کا مشہور تاجر تھا، قرآن اور رسول اللہ ﷺ کی ذات والا سے دشمنی اس کی گھٹی میں پڑی تھی۔ آپ ﷺ کی ایذاء رسانی کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہ دیتا۔ قرآن مجید کی آیت ومن الناس من یشتری لھو الحدیث بھی اسی کے متعلق نازل ہوئی، قرآن مجید سے حد درجہ بغض وعداوت رکھنے کے باوجود قرآن کی عظمت کا اس نے برملا اعتراف کیا۔ چنانچہ ایک موقع پر سرداران قریش سے خطاب کرتے ہوئے اس نے کہا:

اے گروہ قریش واللہ: (محمد ﷺ کی شکل میں) تم پر ایک ایسی آزمائش آ گئی ہے جس سے تم پہلے کبھی دوچار نہیں ہوئے۔ دیکھو محمد ﷺ آغاز شباب سے ہی تم میں ایک پسندیدہ ترین، گفتگو میں راست ترین اور امانت ودیانت میں بزرگ ترین انسان تھے۔ اب جبکہ تم لوگوں نے ان کی کنپٹی کے بالوں میں سفیدی دیکھی اور وہ تمہارے پاس قرآن لے کر آئے تو تم کہتے ہو یہ جادوگر ہیں۔ نہیں واللہ: وہ جادوگر نہیں، ہم نے جادوگر دیکھے ان کے جادو منتر بھی دیکھے۔ اور تم کہتے ہو وہ کاہن اور غیب دان ہیں، نہیں واللہ: وہ کاہن بھی نہیں، ہم نے کاہن دیکھے ہیں ان کا حال خوب دیکھا ہے ان کا مسجع کلام بھی سنا ہے۔ اور تم کہتے ہو وہ شاعر ہیں نہیں واللہ: وہ شاعر بھی نہیں، ہم نے خود شعر گوئی کی ہے اور اصناف شعر ھزج رجز وغیرہ بھی سنے ہیں، اور تم کہتے ہو وہ مجنون ہیں نہیں واللہ وہ مجنون بھی نہیں (ایں چیزے دیگر است)

(السیرۃ النبویۃ لابن ھشام ص ۳۲۰ ج ۱۔ الخصائص الکبری ۱۹۰ ج ۱)

مشرک کی پیشنگوئی

مکہ کا معروف سردار عتبہ بن ربیعہ پورے قریش کا نمائندہ بن کر گفتگو کے لئے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آیا، اور آپ ﷺ کو مال و دولت، حکومت و سیادت اور علاج معالجہ کی پیشکش کی آپ ﷺ نے جواب میں سورہ حم السجدۃ کی تلاوت فرمائی جسے عتبہ ہمہ تن گوش سنتا رہا۔ قرآن سن کر جب واپس گیا تو اس کے ساتھی دور سے ہی یہ دیکھ کر کہ اس کے تیور بدلے ہوئے ہیں فکرمند ہو گئے، وہ جوں ہی مجلس میں پہنچا سب نے یک زبان ہو کر پوچھا ابوالولید! کیا خبر لائے، عتبہ نے اپنے تأثرات ان الفاظ میں بیان کئے:

میری خبر یہ ہے کہ میں نے ایسا کلام سنا ہے کہ اللہ کی قسم اس جیسا کلام کبھی نہیں سنا۔ اللہ کی قسم نہ وہ شعر ہے نہ جادو اور نہ کہانت۔ اے گروہ قریش! میرا کہا مان لو۔ اس کو مجھ پر چھوڑ دو۔ اور اس شخص کا راستہ چھوڑ دو اس کے کام میں خلل نہ ڈالو۔ تم اس سے الگ ہو جاؤ۔ اللہ کی قسم میں نے جو اس سے کلام سنا ہے اس کی بڑی شان ظاہر ہونے والی ہے۔ (السیرۃ النبویۃ لابن ھشام ص ۳۱۳/ ج ۱۔ الخصائص الکبری ۱۹۱/ ج ۱)

اقرار بھی انکار بھی

ایک رات ابوسفیان، ابوجہل اور اخنس بن شریق اپنے اپنے گھروں سے نکلے کہ رسول اللہ ﷺ کا قرآن سنیں۔ آپ ﷺ اپنے گھر میں تہجد پڑھ رہے تھے۔ ہر ایک الگ الگ جگہ بیٹھ کر سنتا رہا۔ اور کسی کو دوسرے ساتھی کی موجودگی کا علم نہ ہوا۔ رات بھر

قرآن سنتے رہے جب صبح ہوئی تو لوٹ آئے راستہ میں تینوں کی ملاقات ہوگئی تو تینوں نے ایک دوسرے کو ملامت کی اور طے کیا کہ آئندہ لوٹ کر نہ آئیں گے۔ اگر ہمارے کم عقل عوام نے دیکھ لیا تو ان کے دلوں میں بھی قرآن کی عظمت آجائے گی یہ کہہ کر تینوں لوٹ گئے۔ جب دوسری رات ہوئی تو ان میں ہر شخص پھر اپنی مقررہ نشست پر آگیا۔ اس طرح تینوں رات بھر پھر قرآن سنتے رہے جب صبح ہوئی تو لوٹ آئے اور راستہ میں پھر ملاقات ہوئی تو پھر انہوں نے پہلی گفتگو دہرائی اور لوٹ آئے۔ جب تیسری رات ہوئی تو پھر ان میں سے ہر شخص اپنی نشست پر پہنچ گیا اور رات بھر قرآن سنتے رہے جب صبح ہوئی تو لوٹ آئے پھر راستہ میں ملاقات ہوگئی تو اب ایک دوسرے سے کہنے لگے۔ ہم مسلسل معاہدہ کر رہے ہیں کہ لوٹ کر نہ آئیں گے اب پختہ عہد کرلو یہ کہہ کر لوٹ گئے۔ صبح ہوئی تو اخنس بن شریق نے عصا لیا اور ابوسفیان کے گھر پہنچ گیا اس سے پوچھا ابو حنظلہ! محمد ﷺ سے جو آپ نے (مسلسل تین شب قرآن) سنا اس کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے ابوسفیان نے جواب دیا کہ ابوثعلبہ! واللہ میں نے بعض چیزیں تو ان سے ایسی سنی ہیں جن کا معنی و مطلب معلوم نہیں۔ اخنس بولا میرا بھی یہی تاثر ہے (گویا دونوں نے ایک حد تک قرآن کی صداقت کا اعتراف کرلیا۔)

پھر اخنس ابوجہل کے گھر آیا اور اس سے پوچھا محمد ﷺ سے سنے ہوئے کلام کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے؟ ابوجہل نے کہا (اصل قصہ یہ ہے کہ) شرف و عزت کے معاملے میں ہمارا بنی عبد مناف سے تنازع چلا آرہا ہے۔ انہوں نے سخاوت و مہمان نوازی کا مظاہرہ کیا تو ہم نے بھی یہ کام کر دکھایا۔ انہوں نے بخشش اور فیاضی کا مظاہرہ

کیا تو اس شرف میں بھی ہم ان سے پیچھے نہ رہے۔ جب مقابلہ میں ہم ان کے برابر رہے تو اب اس خاندان نے یہ دعویٰ کر دیا کہ ہم میں ایک نبی ہیں جن پر آسمان سے وحی آتی ہے ہم اس کی مثل کہاں سے لائیں؟ واللہ ہم اس پر کبھی ایمان نہ لائیں گے اور نہ اس کی تصدیق کریں گے اخنس نے یہ سنا تو اٹھ کر چلا گیا۔

(السیرۃ النبویہ لابن ھشام ص ۳۳۷۔ الخصائص الکبریٰ ۱۹۲ ج ۱)

گویا ابوجہل نے اعتراف کر لیا کہ قرآن کی عظمت اور صداقت تو شک وشبہ سے بالاتر ہے مگر اسے تسلیم کرنے میں خاندانی رقابت مانع ہے۔ یہ منکرین جو قرآن کی عظمت کا اقرار کرنے کے باوجود دولت ایمانی سے محروم رہے درحقیقت اس قرآنی آیت کا مصداق تھے جو فرعون اور اس کی قوم کے متعلق اتری:

اور ظلم اور تکبر کی راہ سے ان (معجزات) کے منکر ہو گئے حالانکہ ان کے دلوں نے ان کا یقین کر لیا تھا (۲۷-۱۴)

مرادِ رسولؐ کی کایا پلٹ

مراد رسول سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا واقعہ اسلام سب کو معلوم ہے کہ جب آپ کو اپنی بہن اور بہنوئی کے اسلام کی خبر پہنچی تو غضبناک ہو کر ان کے گھر پہنچے اور دروازہ پر دستک دی اندر سے پوچھا گیا کون؟ آپ نے جواب دیا ابن خطاب: آپ کی آواز سنتے ہی اندر جو چند آدمی بیٹھے قرآن مجید پڑھ رہے تھے چھپ گئے اور قرآنی اوراق وہیں چھوڑ گئے۔ بہن نے دروازہ کھولا تو اسے یہ کہہ کر کہ دشمن جان: تو بھی بے دین ہو گئی مارنا شروع کر دیا، بے تحاشا مارتے رہے حتیٰ کہ لہولہان کر دیا، آگے

سے وہ بولی ابن خطاب: جو کچھ کر سکتے ہو کر لو میں مسلمان ہو چکی ہوں۔ یہ غصہ سے بھرے ہوئے چار پائی پر بیٹھ گئے۔ گھر کے ایک کونے میں قرآن کے اوراق پر نظر گئی تو پوچھا یہ کیسی کتاب ہے؟ مجھے دکھاؤ۔ بہن نے جواب دیا کہ تمہیں نہیں دوں گی کہ تم اس کے اہل نہیں۔ نہ تم غسل جنابت کرتے ہو نہ پاک صاف رہنے کا اہتمام کرتے ہو، جبکہ اس کتاب کو پاک لوگ ہی چھو سکتے ہیں لیکن ان کے پیہم اصرار پر بہن نے وہ اوراق دکھا دیئے۔ پڑھنا شروع کیا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ دیکھ کر گھبرا گئے اور اوراق کو چھوڑ دیا پھر دوبارہ پڑھنا شروع کیا تو سورۂ حدید کی آیات تھیں۔ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔ جب آٹھ آیات دیکھ چکے تو کلمۂ شہادت پڑھا اور مسلمان ہو گئے (اسد الغابہ ص ۵۴ ج ۴ وغیرہ)

اس سے پہلے کا واقعہ بیان کرتے ہیں کہ میں حالت کفر میں ایک مرتبہ رسول اللہ کی ایذاء رسانی کے ارادے سے نکلا تو دیکھا کہ آپ مسجد میں مصروف عبادت ہیں میں آپ کے پیچھے کھڑا ہو گیا آپ نے سورۃ الحاقۃ شروع کی میں قرآنی جملوں کی عجیب تراکیب سے بہت محفوظ اور متعجب ہوا اور دل میں کہا قریش والے سچ کہتے ہیں واللہ: یہ شخص شاعر ہے لیکن جب آپ نے یہ آیتیں پڑھیں اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ وَّمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ قَلِيْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ (شاعر کی نفی سن کر) میں نے کہا کاہن ہیں۔ لیکن اس کے بعد آپ ﷺ نے اگلی آیات پڑھیں وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ (الی آخر السورۃ)۔ یہ سننے کے بعد قرآن کی عظمت کا نقش میرے دل میں بیٹھ گیا۔ (ایضاً ۵۳/ ج ۴)

پہلے خوش نصیب

حضرت اسعد بن زرارہ انصاری خزرجیؓ اکابر صحابہ میں سے ہیں۔اپنے ساتھی ذکوان بن عبد قیس کے ساتھ کسی کام سے مکہ مکرمہ آئے۔ یہاں رسول اللہ ﷺ کا چرچا سنا تو آپ کی خدمت میں پہنچے آپ نے انہیں قرآن پڑھ کر سنایا اور دعوت اسلام پیش کی۔دونوں حضرات اسی وقت مسلمان ہو گئے۔ یہ دونوں پہلے خوش نصیب انسان ہیں جو اسلام کی خبر لیکر مدینہ منورہ حاضر ہوئے۔(طبقات ابن سعد ۱۳۹/ج ۲)

اللہ کا فیصلہ

حضرت طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ عنہ اپنے اسلام لانے کا واقعہ خود بیان کرتے ہیں کہ وہ مکہ میں آئے تو اھل مکہ نے انہیں ڈرایا کہ محمد ﷺ نے باپ بیٹے، بھائی بھائی اور میاں بیوی کے درمیان جدائی ڈال دی ہے ان کے کلام میں جادو کی تاثیر ہے لہذا آپ ان سے دور رہیں۔انہیں اس قدر ڈرایا کہ انہوں نے ڈر کے مارے کانوں میں روئی بھر لی مبادا محمد ﷺ کی آواز کان میں پڑ جائے۔کہتے ہیں جب میں صبح کے وقت مسجد حرام میں آیا تو رسول اللہ ﷺ کو کعبہ کے قریب نماز پڑھتے دیکھا۔میرے نہ چاہنے کے باوجود اللہ تعالیٰ نے مجھے قرآن سنانے کا فیصلہ فرمالیا۔چنانچہ میرے کانوں میں ایک عمدہ اور شیریں کلام کی آواز پڑ ہی گئی۔میں نے دل ہی دل میں اپنے آپ کو ملامت کی کہ میں ایک عاقل ودانا شاعر انسان ہوں۔اچھے اور برے کلام کی تمیز میرے لئے مشکل نہیں۔تو اس شخص کا کلام سننے سے کیا چیز مانع ہے؟ اگر عمدہ کلام ہوا تو قبول کرلونگا۔ پیچھے پیچھے چلا۔اور گھر پہنچ کر عرض کیا یا محمد ﷺ آپ کی قوم نے مجھے

آپ سے اتنا ڈرایا کہ میں نے کانوں میں روئی بھر لی تھی مگر اللہ تعالیٰ مجھے سنانے کا فیصلہ کر چکے تھے اس لئے میں نے سن لیا جو بہت عمدہ کلام تھا۔ اب میں حاضر خدمت ہوں۔ آپ اپنا پیغام اور مقصد بیان کیجئے۔ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اسلام کی دعوت دی اور قرآن پڑھ کر سنایا اللہ کی قسم میں نے قرآن سے بڑھ کر عمدہ اور بھلا کلام زندگی میں کبھی نہیں سنا اور نہ اس سے بڑھ کر سیدھی اور سچی بات سنی پس میں اسی وقت کلمہ شہادت پڑھ کر مسلمان ہو گیا۔ صرف اتنا نہیں بلکہ آپ قوم کے لئے عظیم مبلغ اور داعی بن کر گئے۔ (السیرۃ النبویۃ لابن ھشام۔ ص ۲۲/ ج ۲۔ اسد الغابہ۔ ص ۵۴/ ج ۳)

مختصر ہدیہ

ثمامہ بن اثال کے نزدیک آنحضرت ﷺ سے بڑھ کر کوئی شخص اور مدینۃ النبی ﷺ سے بڑھ کر کوئی جگہ قابل نفرت نہ تھی اسے صرف دو یوم تک قرآن پاک کے استماع کا موقع ملتا ہے۔ رشد و ہدایت کی آواز کان سے ہو کر دل تک پہنچ جاتی ہے۔ جب اسے بلا شرط آزادی مل جاتی ہے تو خود بخود حاضر ہوتا ہے اسلام لاتا ہے اور دل و جان کو مختصر ہدیہ کی طرح حضور کی خدمت میں پیش کر دیتا ہے۔ (رحمۃ للعالمین۔ ص ۸۰/ ج ۳)

صداقت کا نتیجہ

قریش کے معزز ترین سردار اور حلم و بردباری کے پیکر حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ اسلام لانے سے پہلے غزوۂ بدر کے قیدیوں کی رہائی کے سلسلے میں مدینہ طیبہ آئے، اس دوران صحابہ کرام کی نماز اور دوسرے دینی معمولات کا قریب سے مشاہدہ

کیا۔ ایک مرتبہ نماز مغرب میں رسول اللہ ﷺ نے یہ آیات تلاوت فرمائیں۔ اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَیْرِ شَیْءٍ اَمْ هُمُ الْخَالِقُوْنَ. اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بَلْ لَّا یُوْقِنُوْنَ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَائِنُ رَبِّکَ اَمْ هُمُ الْمُصَیْطِرُوْنَ. (۳۵/۵۲)

(کیا یہ لوگ بدون کسی خالق کے خود بخود پیدا ہو گئے ہیں یا یہ خود اپنے خالق ہیں۔ یا انہوں نے آسمان وزمین کو پیدا کیا ہے بلکہ یہ لوگ یقین نہیں لاتے، کیا ان لوگوں کے پاس تمہارے رب کے خزانے ہیں یا یہ لوگ حاکم ہیں)

یہ آیات سن کر دل کا جو حال ہوا وہ خود بیان فرماتے ہیں۔

کاد قلبی ان یطیر (صحیح البخاری ص۷۲۰ ج۲)

لگتا تھا کہ میرا دل ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے گا۔

حالانکہ اس وقت اسلام سے بہت دور تھے کفر کی نمائندگی کر رہے تھے۔ مگر ان قرآنی آیات نے ان کے قلب میں عظمت وصداقت کا جو بیج بو دیا تھا وہ بالآخر بارآور ثابت ہوا اور فتح مکہ کے موقع پر اسلام لائے۔

شہادت سے پہلے

حضرت سوید بن صامت انصاری رضی اللہ عنہ اپنی قوم میں معزز اور شریف النسب انسان تھے علم وحکمت کے سبب قوم کے لوگ انہیں کامل کے لقب سے یاد کرتے۔ زمانۂ اسلام میں یہ حج یا عمرہ کی نیت سے مکہ مکرمہ آئے۔ رسول ﷺ نے موقع غنیمت سمجھتے ہوئے انہیں اللہ اور اسلام کی طرف دعوت دی۔ سوید بولے شاید آپ کے پاس وہی چیز ہے جو میرے پاس ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آپ کے

پاس کیا چیز ہے؟ سوید بولے مجلۃ لقمان یعنی حکمۃ لقمان۔ آپ ﷺ نے فرمایا مجھے سناؤ انہوں نے سنایا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا یہ کلام عمدہ ہے مگر جو کلام میرے پاس ہے وہ اس سے کہیں افضل ہے۔ وہ ہے قرآن جو اللہ تعالیٰ نے مجھ پر نازل فرمایا ہے۔ کتابِ ھدایت اور نور۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے ان پر قرآن کی تلاوت فرمائی اور انہیں اسلام کی دعوت دی۔ انہوں نے اسلام قبول کرلیا اور بولے یہ کلام تو بہت عمدہ ہے، پھر واپس مدینہ چلے آئے مگر زیادہ وقت نہ گذرا کہ خزرج کے لوگوں نے انہیں شھید کردیا۔ (البدایۃ والنھایہ ص ۱۴۷ ج ۳)

سدا بہار کلام

قیس بن عاصم منقری رضی اللہ عنہ کے متعلق مروی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے فرمائش کی کہ آپ ﷺ پر جو کلام اتارا گیا وہ مجھے سنایئے آپ ﷺ نے ان کے سامنے سورۃ الرحمٰن تلاوت فرمائی انہوں نے کہا کہ پھر سنایئے آپ ﷺ نے دوسری بار دھرائی انہوں نے پھر فرمائش کی تو آپ ﷺ نے تیسری بار بھی پڑھی۔ قیس بولے۔

اللہ کی قسم! یہ کلام تو سدا بہار ہے، اس میں شیرینی اور مٹھاس ہے۔ نیچے سے سرسبز وشاداب اور اوپر سے پھلدار ہے۔ یہ کسی انسان کا کلام نہیں ہوسکتا۔ پھر کلمہ شہادت پڑھا اور مسلمان ہوگئے۔ (الجامع لاحکام القرآن ۹۹ ج ۹)

بلاتعصب اور بافہم مطالعہ

سیاہ فام امریکی خاتون محترمہ آمنہ اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہ میں

مسلمان کیوں ہوئی؟ بتاتی ہیں:

میرے دل میں قرآن پڑھنے کا خیال پیدا ہوا اور میں نے انگریزی میں ترجمہ قرآن کا ایک نسخہ حاصل کرلیا۔ قرآن پاک کے اس ترجمے نے مجھے عجیب طرح کا روحانی سرور بخشا جسے میں بیان نہیں کرسکتی۔ آج میں سمجھتی ہوں کہ اگر کوئی بھی شخص دلچسپی اور انہماک اور لگن سے قرآن پاک کا مطالعہ کرے تو وہ اس مقدس کتاب کی حقانیت سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا (ہم کیوں مسلمان ہوئے؟ ص ۲۵)

اس کے بعد اپنی ہی قوم کے نومسلم محمد یوسف کے ذریعے مزید دینی معلومات حاصل کیں اور کلمہ پڑھ کر مسلمان ہوگئیں۔

مسلسل اور گہرے مطالعہ کا نتیجہ

ابراہیم کوان (ملائیشیا) جو ساٹھ سال تک پروٹسٹنٹ عیسائی رہے، بالآخر آغوش اسلام میں آکر پناہ لی۔ اسکی وجہ یہ بیان کرتے ہیں کہ:

آپ کو یہ بھی اندازہ ہوگا کہ پروٹسٹنٹ اور کیتھولک فرقوں میں بعد و اختلاف کی شدت کا کیا عالم ہے؟ اور ان کے منہجی عقائد باہم دگر کتنے مختلف ہیں۔ اس کیفیت نے مجھے سخت پریشان کیا۔ اور گھبرا کر میں نے قرآن کا سہارا لیا جن آیتوں نے میری رہنمائی فرمائی وہ ہیں:

اس نے آپ پر (اے نبی) کتاب نازل کی جو حق لے کر آئی ہے اور ان کتابوں کی تصدیق کر رہی ہے جو پہلے سے آئی ہوئی تھیں اس سے پہلے انسانوں کی ھدایت کے لئے تورات اور انجیل نازل ہوچکی ہے (آل عمران ۳)

اے نبی کہہ دیجئے کہ ہم اللہ کو مانتے ہیں اس تعلیم کو مانتے ہیں جو ہم پر نازل کی گئی ہے ان تعلیمات کو بھی مانتے ہیں جو ابراہیم، اسمٰعیل اسحٰق یعقوب اور اولاد یعقوب پر نازل ہوئی تھیں اس ہدایت پر بھی ایمان رکھتے ہیں جو موسیٰ اور عیسیٰ اور دوسرے پیغمبروں کو انکے رب کی طرف سے دی گئی، ہم ان کے درمیان فرق نہیں کرتے اور ہم اللہ کے تابع فرمان (مسلم) ہیں۔ (آل عمران۔۸۴)

قرآن کے مسلسل اور گہرے مطالعے نے مجھے حقیقت کے قریب کردیا اور عیسائیت کے عقائد کا کھوکھلا پن مجھ پر واضح ہوتا چلا گیا۔ مثال کے طور پر عقیدۂ تثلیث وہ گورکھ دھندہ ہے جسے ہر عیسائی سمجھے بغیر اختیار کرتا ہے حالانکہ دنیا میں کوئی ایسی کتاب ہے ہی نہیں جس میں اس پیچیدہ مسئلے کی وضاحت یا تفہیم موجود ہو۔ اسکے مقابلے میں اسلام توحید کا صاف ستھرا اور عقلی و منطقی عقیدہ رکھتا ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی کبریائی میں کوئی شریک نہیں۔ اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ذات وصفات میں وہ یکتا ہے اور محمد ﷺ اس کے آخری رسول اور نبی ہیں۔ میرے نزدیک اسلام اور عیسائیت میں یہی بنائے امتیاز ہے (ہم کیوں مسلمان ہوئے۔ ص ۳۴)

مکمل سچائی کا قرین

بیگم مولانا عزیر گل صاحب رحمہما اللہ تعالیٰ جو عیسائی سے ہندو اور ہندو سے مسلمان بنیں۔ اور اسلام کا سبب مطالعہ قرآن تھا۔ قرآن کے متعلق کہتی ہیں:

اب تک میں مسلمانوں سے ڈرتی تھی میں سمجھتی تھی کہ مسلمان ایک قسم کے ڈاکو ہوتے ہیں جو ہر قسم کا ظلم کر سکتے ہیں لیکن اس کتاب نے میری آنکھیں کھول

سراسر حق تھا اور دل میں اترتا چلا جاتا تھا یہ مملی ویدانت تھا۔ آہ: میں اب تک کن اندھیروں میں تھی افسوس کہ یورپی مستشرقوں نے اسلام کی کتنی غلط تصویر پیش کی ہے وہ مذہب جسے میں خونخوار بھیڑیوں کا مذہب سمجھتی تھی مکمل سچائی کا دین تھا۔ (ہم کیوں مسلمان ہوئے؟ص ۶۶)

انکشاف

حسین رؤف (انگلستان) جن کے والد رومن کیتھولک اور والدہ یہودی تھیں۔ انہوں نے عیسائیت سے بددل ہوکر مختلف مذاہب کا مطالعہ کیا بالآخر مطالعہ قرآن کے نتیجے میں مشرف باسلام ہوگئے فرماتے ہیں:

بہر حال میں نے مسلمان مصنفین کی کتابوں کا مطالعہ کیا اور ایک مسلمان کا ترجمہ قرآن پڑھا تو مجھ پر یہ انکشاف ہوا کہ مجھے میری منزل مل گئی ہے اور میں سالہا سال سے اسی گوہر مقصود کا متلاشی تھا (ہم کیوں مسلمان ہوئے ص ۸۳)

حکیمانہ اسلوب

سیف الدین ڈرک (جرمنی) جو کٹر قسم کے کیتھولک عیسائی تھے، مطالعہ قرآن کے نتیجے میں کٹر مسلمان بن گئے۔ فرماتے ہیں: میں نے قرآن پاک کے مقدس و مطہر اوراق میں اپنے مسائل کا حل پالیا۔ میری ساری روحانی حاجتوں کی تسکین ہوگئی، اور میرے سارے شکوک وشبہات ہوا میں تحلیل ہوکر یقین کی صورت اختیار کر گئے۔ اللہ نے اپنے نور کی طرف مجھے اس انداز سے رہنمائی فرمائی کہ مجھے مزاحمت کا یارا ہی نہ رہا اور میں نے نہایت خوشدلی کے ساتھ سر تسلیم خم کردیا۔ قرآن کے حکیمانہ

اسلوب نے ہر چیز نکھار کر رکھ دی۔ اب ہر شے میں مجھے اس کی حکمت نظر آنے لگی میں نے اپنے آپ کو پہچان لیا۔ کائنات کی حقیقت سمجھ میں آنے لگی اور اس کے خالق و مالک کی حیثیت متعین ہو کر سامنے آ گئی۔ قرآن نے مجھے اس امر سے آگاہی بخشی کہ میں اب تک گمراہیوں میں بھٹک رہا تھا (ہم کیوں مسلمان ہوئے ص ۱۳۲)

آخری اور سچی ہدایت

ڈاکٹر عبداللہ علاؤالدین (جرمنی) جو سورۂ اخلاص کا ترجمہ کسی رسالہ میں دیکھ کر متاثر ہوئے اور اسلام کے متعلق مزید جستجو شروع کی۔ آخر قرآن کا مطالعہ کرنے کے بعد عیسائیت کو خیر باد کہا اور مشرف باسلام ہو گئے۔ کہتے ہیں کہ: میں ایک غریب آدمی ہوں اسلئے جرمنی سے استنبول تک میں نے سائیکل پر سفر کیا میں استنبول پہنچا اور قرآن شریف کو اس خیال سے پڑھنا شروع کیا کہ کتاب مقدس (بائبل) تورات، زبور اور اناجیل کی جس طرح غلطیاں تلاش کرتا رہا ہوں اسی طرح اس کتاب کی غلطیاں بھی ڈھونڈوں گا لیکن جوں جوں اسکی تلاوت اور مطالعہ سے مستفیض ہوتا گیا میرے ایمان میں اضافہ ہوتا رہا کہ یہی وہ آخری اور سچی ہدایت ہے جس کی مجھے تلاش تھی اور مجھے یقین ہو گیا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے میں 1954ء میں استنبول ہی میں مسلمان ہو گیا الحمد للہ مجھے اسلام کی دولت نصیب ہو گئی (ہم کیوں مسلمان ہوئے ص ۱۶۰)

پرشکوہ مگر سادہ اسلوب

ڈاکٹر عزیز الدین (بھارت) جو ہندو مذہب چھوڑ کر مسلمان ہوئے، اس کا

سبب وہ خود بیان کرتے ہیں: میں نے قرآن کا اور پیغمبر اسلام کی سیرت کا مطالعہ کیا اور مجھے ان سارے سوالات کے جوابات مل گئے جو برسہا برس سے مجھے پریشان کئے ہوئے تھے اور کسی مذہب اور فلسفہ نے مجھے ان کے سلسلے میں مطمئن نہیں کیا تھا..... مذہب اسلام کی پہلی خصوصیت جس نے مجھے غیر معمولی انداز میں متاثر کیا وہ اس کی تاریخی حیثیت ہے اس مذہب کی بنیاد ایک ایسی کتاب پر استوار ہے جس میں صدیاں گذر جانے کے باوجود آج تک معمولی سی تبدیلی واقع نہیں ہوئی..... یہ کتاب ایک صحیفۂ واحد ہے اور اس میں ایسا حیرت انگیز تسلسل اور یک رنگی ہے کہ کوئی بھی غیر متعصب اور منصف مزاج انسان اسکے برحق ہونے میں شبہ نہیں کرسکتا پھر اس کا پرشکوہ مگر سادہ اسلوب انسانی نفسیات کے عین مطابق مسائل کا ادراک اور مادی وروحانی معاملات میں انسان کی مکمل اور قابل عمل رہنمائی اسے ایک ابدی کتاب ماننے پر مجبور کرتی ہے۔ (ہم کیوں مسلمان ہوئے ۱۷۴)

جدید ترین حقائق

ڈاکٹر علی سلمان (فرانس) جو فرنچ کیتھولک خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ اپنے اسلام قبول کرنے کا سبب بتاتے ہیں: اسلام کو مکمل طور پر سمجھنے کے لئے میں نے قرآن کا مطالعہ شروع کیا اسی ضمن میں میں نے مالک بن نبی کی قرآن کے بارے میں قابل قدر فرانسیسی کتاب بھی پڑھ ڈالی مجھے یقین ہوگیا کہ قرآن خدا کی سچی کتاب ہے چنانچہ مجھے یہ دیکھ کر خوشگوار حیرت ہوئی کہ اگرچہ قرآن کو نازل ہوئے تیرہ صدیاں گذر گئیں لیکن اسکی بعض آیتیں مختلف معاملات میں ہو بہو وہی رائے دیتی ہیں جو جدید

ترین فکر کے حامل محقق دے سکتے ہیں ان حقائق نے میرے دل کی دنیا بدل ڈالی اور میں نے اسلامی کلمے کے دوسرے حصے محمد رسول اللہ ﷺ کا بھی اقرار کرلیا یہی وجوہ تھیں جن کی بناء پر میں نے ۲۰/فروری 1953ء کو پیرس کی مسجد میں حاضری دی اور اسلام قبول کرنے کا اعلان کردیا (ہم کیوں مسلمان ہوئے ص ۱۸۲)

ایک تمثیل وجہِ تبدیل

ڈاکٹر غریبہ (فرانس) جو فرانسیسی پارلیمنٹ کے رکن بھی تھے اپنے اسلام لانے کا واقعہ بیان کرتے ہیں: میری جوانی سمندری سفروں میں گذری ہے مجھے سمندر کے نظاروں اور سفروں کا شوق اس قدر دامن گیر تھا کہ ہمیشہ آبی مخلوق بنا رہتا تھا میں اپنے شب و روز پانی اور آسمان کے درمیان بسر کرتا تھا اور اس قدر مسرور تھا کہ گویا میری زندگی کا مقصد یہی ہے، میرا دوسرا معمول کتابوں کے مطالعے میں منہمک رہنا تھا جب بھی فارغ ہوتا کوئی کتاب لے کر بیٹھ جاتا، مطالعہ کا شوق مجھے قرآن کے ایک فرانسیسی ترجمے تک لے آیا یہ ترجمہ موسیو قاری کے قلم سے تھا۔ میں اس نسخے کی ورق گردانی کررہا تھا کہ سورۃ نور کی ایک آیت پر نظریں جم کر رہ گئیں اس میں ایک سمندری نظارے کی کیفیت بیان کی گئی تھی۔ اس آیت میں کسی گمراہ کی حالت کے متعلق ایک نہایت ہی عجیب تمثیل بیان کی گئی تھی۔ یعنی گمراہ شخص حالت کفر میں اس طرح ٹامک ٹوئیاں مارتا ہے جیسے ایک شخص اندھیری رات میں جبکہ بادل چھائے ہوئے ہوں سمندر کی لہروں کے نیچے ہاتھ پاؤں مارتا ہوا اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَا

اَخْرَجَ یَدَهٗ لَمْ یَکَدْ یَرٰهَا (نور آیت ۴۰)

''اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک گہرے سمندر میں اندھیرے کے اوپر ایک موج چھائی ہوئی ہو اس پر ایک اور موج اور اسکے اوپر بادل تاریکی پر تاریکی مسلط ہے آدمی اپنا ہاتھ نکالے تو اسے بھی نہ دیکھنے پائے''

جب میں نے یہ آیت پڑھی تو میرا دل تمثیل کی عمدگی اور انداز بیان کی واقعیت سے بے حد متاثر ہوا اور میں نے خیال کیا محمد ﷺ ضرور ایسے شخص ہوں گے جن کے دن اور رات میری طرح سمندروں میں گذرے ہوں گے لیکن اس خیال کے باوجود مجھے حیرت تھی اور پیغمبر اسلام کے کمال اسلوب کا اعتراف تھا کہ انہوں نے گمراہوں کی آوارگی اور ان کی جدوجہد کی بے حاصلی کو کیسے مختصر مگر بلیغ اور جامع الفاظ میں بیان کیا ہے۔ گویا وہ خود رات کی تاریکی بادلوں کی دبیز سیاہی اور موجوں کے طوفان میں ایک جہاز پر کھڑے ہیں اور ایک ڈوبتے ہوئے شخص کی بدحواسی کو دیکھ رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ سمندری خطرات کا کوئی بڑے سے بڑا ماہر بھی اس قدر گنتی کے لفظوں میں ایسی جامعیت کے ساتھ خطرات بحر کی صحیح کیفیت بیان نہیں کر سکتا۔ لیکن اسکے تھوڑے ہی عرصے بعد مجھے معلوم ہوا کہ محمد عربی امی محض تھے اور انہوں نے زندگی بھر کبھی سمندر کا سفر نہیں کیا تھا۔ اس انکشاف کے بعد میرا دل روشن ہو گیا میں نے سمجھا کہ یہ محمد کی آواز نہیں بلکہ اس خدا کی آواز ہے جو رات کی تاریکی میں ہر ڈوبنے والے کی بے حاصلی کو دیکھ رہا ہوتا ہے میں نے قرآن کا دوبارہ مطالعہ کیا اور متعلقہ آیت کا خوب غور سے تجزیہ کیا اب میرے سامنے مسلمان ہوئے بغیر کوئی چارہ ہی نہ تھا چنانچہ شرح صدر کے ساتھ کلمہ پڑھا اور مسلمان ہو گیا۔ (ہم کیوں مسلمان ہوئے ص ۱۹۹)

نہ مٹنے والا نقش

محمد امین (انگلستان) عیسائیت سے اسلام کی طرف آنے کا سبب بیان کرتے ہیں:

مجھے مطالعے کا شوق تو تھا ہی ایک روز دوست کی لائبریری میں سیل کا ترجمہ قرآن جو دیکھا تو اسے لے کر پڑھنے بیٹھ گیا۔ یہ قرآن سے میرا پہلا براہ راست تعارف تھا۔ اس سے قبل میں نے اسلام اور قرآن کے بارے میں جو کچھ پڑھا یا سنا تھا اس کا تاثر بڑا ہی منفی تھا۔ سیل نے بھی ترجمے میں جگہ جگہ مخاصمانہ تنقید وتبصرے کا انداز اختیار کیا تھا مگر اسکے باوجود توحید خداوندی کا ایک نہ مٹنے والا نقش میرے دل میں بیٹھتا چلا گیا اور بالکل نئی روشنی سے آشنا ہوا اس کے بعد تو یہ حال ہوا کہ اسلام کے بارے مجھے جو کتاب بھی ملتی وہ پڑھ ڈالتا۔ مشکل یہ تھی کہ ان کتابوں کے بیشتر مصنفین تعصب اور تنگ نظری کا شکار تھے اور نہیں چاہتے تھے کہ لوگ اسلام کے بارے میں اچھی رائے قائم کریں تاہم قرآن سے شناسائی ہوئی اور میں نے انجیل پر نئے سرے سے غور شروع کیا تو اس کے تضادات کھل کر سامنے آنے لگے۔ مثال کے طور پر حضرت مسیح کہتے ہیں کہ میں اسرائیل کے گھرانے کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کے سوا اور کسی کے پاس نہیں بھیجا گیا (متی ۱۵-۲۴) جبکہ قرآن کے مطابق پیغمبر اسلام حضرت محمد ﷺ تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجے گئے ہیں۔ پھر یوں بھی انجیل متی باب ۵ آیت ۱۷-۱۸ کی رو سے حضرت مسیح موسوی شریعت کے پابند تھے جبکہ حضرت محمد ﷺ ایک مکمل خودمختار ضابطہ لے کر آئے تھے۔ میرے دل میں اسلام کے

لئے محبت بڑھتی ہی جارہی تھی (ہم کیوں مسلمان ہوئے ص ۲۱۹)

خوشگوار حیرت

فارض رحمت اللہ (امریکی) اپنے اسلام لانے کا واقعہ بیان کرتے ہیں:

تجسس کا شعلہ میرے دل میں بھڑک اٹھا ذرا اسلام کا مطالعہ بھی کر دیکھوں مطالعہ کا آغاز ناقدانہ انداز میں کیا پھر رہ رہ کر مایوسی بھی آلیتی گئی اور دوسرے مذاہب کی طرح اسکے دامن میں بھی کیا خبر کچھ ملے گا یا نہیں؟ لیکن رفتہ رفتہ مایوسی کی جگہ امید اور ناقدانہ انداز کی جگہ خوشگوار حیرت نے لے لی۔ علامہ یوسف علی کا ترجمہ قرآن پڑھا تو مجھے اپنے نفس کی گرہیں کھلتی ہوئی دکھائی دیں قرآن کے معانی دل کی گہرائیوں میں نقش ہوتے چلے گئے، یوں محسوس ہوا جیسے میری فطرت اسی طریق زندگی کی تلاش میں تھی۔ قرآن کے مطالب پر غور وتدبر میں اضافے کے ساتھ ساتھ واضح ہوتا چلا گیا کہ اسلام کی تعلیمات انسانی فطرت کے عین مطابق ہیں۔ اب وقت کا زیادہ حصہ قرآن پڑھنے اور سمجھنے میں گزرنے لگا۔ میں نے دیکھا اس مقدس کتاب ھدایت میں میری روح کی ہر احتیاج کا سامان موجود ہے چنانچہ میں مسلمان ہوگیا۔ (ہم کیوں مسلمان ہوئے۔ ص ۲۶۳)

ابدی صداقتوں کی کرن

ولیم بشیر ہکارڈ (انگلستان) پہلی جنگ عظیم کے دوران 1914ء میں گرفتار ہوکر جرمن چلے گئے۔ یہاں دوران قید انہوں نے قرآن کا مطالعہ کیا کہتے ہیں:

میری صحت بحال ہوئی اور میں چلنے پھرنے کے قابل ہوگیا تو میں نے ساواری

کا فرانسیسی ترجمہ قرآن خرید لیا (یہ آج بھی میرے پاس موجود ہے اور جان سے زیادہ عزیز ہے) میں بیان نہیں کرسکتا کہ اس موقع پر قرآن نے مجھے مسرت واطمینان کی کن انتہاؤں سے ہمکنار کیا۔ یوں لگتا تھا کہ ابدی صداقتوں کی کوئی کرن اپنی تمام تر برکتوں کے ساتھ میرے دل پر نازل ہورہی ہے جسکی ٹھنڈی روشنی روح کی گہرائیوں میں اترتی جارہی ہے..... جنگ بند ہوئی تو میں دسمبر 1918ء میں رہا ہوکر وطن واپس آگیا 1921ء میں میں نے لندن یونیورسٹی کے شعبہ ادبیات میں داخلہ لے لیا۔ میرا ایک مضمون عربی تھا جس کے لئے مجھے کنگو کالج میں لیکچر سننے کے لئے جانا ہوتا تھا ایک روز کا ذکر ہے کہ عربی کے استاد (عراق کے مرحوم بیل شاہ) نے لیکچر کے دوران قرآن کا ذکر کیا اور کہا ''خواہ آپ کا اس پر ایمان ہو یا نہ ہو لیکن آپ اسکو بے حد دلچسپ اور قابل قدر پائیں گے۔'' لیکن میں تو اس کتاب کی صداقت پر یقین رکھتا ہوں'' میں نے فوراً جواب دیا اس پر وہ پہلے تو بہت متعجب ہوئے پھر خوشی کا اظہار کیا اور تھوڑی دیر کی گفتگو کے بعد انہوں نے لندن کے نوٹنگم گیٹ پر واقع مسجد میں آنے کی دعوت دی میں وہاں گیا نماز میں شریک ہوا اور اسلامی تعلیمات سمجھنے کی مزید کوشش کی میں بعد میں بھی اکثر مسجد میں چلا جاتا اور نماز میں شامل ہو جاتا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے شرح صدر عطا کردیا اور میں نے یکم جنوری 1922ء کو مسلمان ہونے کا اعلان کردیا۔ (ہم کیوں مسلمان ہوئے ص ۲۷۴)

فطری اور آفاقی پیغام

عامر علی داؤد (انگلستان) نے قبول اسلام کی وجوہات بیان کرتے ہوئے کہا:

بدقسمتی سے میں نہ تو عربی زبان سے واقف ہوں نہ اردو پڑھ سکتا ہوں تاہم میں نے قرآن کا انگریزی ترجمہ حاصل کیا اور پوری توجہ سے اس کا مطالعہ شروع کر دیا ۔ابتداء ہی سے میرے ذہن کی گرہیں کھلنے لگیں اور مجھے میرے ہر سوال کا جواب مل گیا ۔قرآن کے مطالعے نے فکر کی بہت سی الجھنیں صاف کر دیں اور انجیل کے تضادات ابھر کر سامنے آ گئے۔ یہ بات عیاں ہوگئی کہ انجیل اور زبور زبردست تحریف کا شکار ہو چکی ہیں.....قرآن کے بعد میں نے اسلام کے موضوع پر بہت سی دوسری کتابیں بھی پڑھیں اور میرا یہ خیال یقین کی صورت اختیار کرتا چلا گیا کہ قرآن اور اسلام کا پیغام فطری اور آفاقی ہے۔ (ہم کیوں مسلمان ہوئے ص ۳۴۵)

آب حیات کے قطرے

معروف مستشرق ماہر لسانیات ادیب و محقق ڈاکٹر عبدالرحمن بارکر (امریکہ)اپنے اسلام کا واقعہ بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں: خود بخود خیال آیا کہ قرآن حکیم کا مطالعہ کیا جائے سورۂ کوثر کھولی اور پڑھنا شروع کیا چھوٹے چھوٹے بول میرے دل میں تیر و نشتر کی طرح پیوست ہوتے چلے گئے۔ انکے ترنم نے میرے کانوں میں رس گھول دیا معلوم نہیں ان میں کیا جادو تھا کہ میری زبان بے اختیار انہیں دہرانے لگی پڑھتا چلا گیا میں نے یوں محسوس کیا کہ آب حیات کے قطرے مرجھائے پھولوں کو تازگی اور شگفتگی بخش رہے ہیں۔ (ہم کیوں مسلمان ہوئے ص ۳۷۸)

روح کی پکار

فرانس کے نامور سرجن محقق اور متعدد کتابوں کے مصنف ڈاکٹر موریس بوکائلے

سے پوچھ گیا کیا آپ نے اسلام قبول کرلیا ہے تو جواب میں کہا: میں یہ وضاحت کردینا چاہتا ہوں کہ عربی زبان سیکھنے کے بعد جب میں نے قرآن کو سمجھ کر پڑھنا شروع کیا تو مجھے فوراً ہی شرح صدر حاصل ہوگیا کہ اللہ وحدہ لاشریک اور ہر چیز پر قادر ہے اور جوں جوں میں قرآن کے مطالعہ کے قریب ہوتا گیا میری روح پکار پکار کر گواہی دیتی رہی کہ قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام ہے جو اس کے آخری نبی محمد ﷺ پر براہ راست نازل کیا گیا ہے چنانچہ میں نے اپنی کتاب ''بائبل قرآن اور سائنس'' میں اسی نوعیت کے حقائق کو بیان کیا ہے اور پوری مسیحی دنیا میں میری کتاب نے متذکرہ نقطۂ نظر سے خاص کامیابی حاصل کی ہے۔ (ہم کیوں مسلمان ہوئے ص ۴۰۸)

منزلِ مقصود کی تلاش

یوسف اسلام (انگلستان) بیان کرتے ہیں: میں ایک ایسی ناؤ کی مانند تھا جو پتوار اور کھیون ہار کے بغیر چلی جارہی تھی اور جسکی کوئی منزل مقصود نہ تھی لیکن جب میں نے قرآن کا مطالعہ شروع کیا تو مجھے احساس ہوا کہ میں اس کے لئے تخلیق کیا گیا اور یہ میرے لئے اتارا گیا ہے میں ڈیڑھ سال سے زیادہ عرصہ تک اس کا بار بار مطالعہ کرتا رہا۔ اس دوران میری ملاقات کسی بھی مسلمان سے نہ ہوئی۔ میں قرآن کے پیغام میں پوری طرح مستغرق ہو چکا تھا میں جانتا تھا کہ اب جلد ہی یا تو مجھے پوری طرح ایمان لے آنا ہوگا یا پھر اپنی ہی راہ پر چلتے چلتے موسیقی کی دنیا میں کھوئے رہنا ہوگا ۔ یہ میری زندگی کا سب سے مشکل اقدام تھا۔ ایک روز مجھے کسی نے بتایا کہ لندن میں ایک نئی مسجد تعمیر ہوئی ہے پس اب میرے لئے اپنا دین قبول کرنے کا وقت آپہنچا

تھا1977ء کے موسم سرما کی بات ہے کہ ایک جمعہ کے روز میں مسجد کی طرف چل کھڑا ہوا نماز جمعہ کے بعد امام صاحب کے پاس پہنچا اور انہیں بتایا کہ میں قبول اسلام کے لئے حاضر ہوا ہوں، مسلم برادری سے یہ میرا پہلا رابطہ تھا۔(ہم کیوں مسلمان ہوئے ۴۱۲)

مزید تأثرات

اگرچہ قرآن کے بارے میں غیر مسلموں کے تأثرات پہلے بھی عرض کیے جا چکے ہیں لیکن یہاں چند یورپی دانشوروں، محققین، اربابِ قلم اور مشہور لیڈروں کے چند مزید تأثرات پیش کیے جا رہے ہیں..... ان تأثرات کے مطالعہ سے قبل عشقِ رسول اور عشقِ قرآن میں تازگی پیدا کرنے کے لیے چند ہندو اور سکھ شعراء کے اردو اشعار سن لیجیے۔

جہاں جہاں حضور کا نام آیا ہے اور آپ کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا ہے وہاں آپ لفظِ قرآن رکھ دیجیے اور یہ کوئی تحریف بھی نہیں اسلئے کہ ہمارے نزدیک دونوں قرآن ہیں ایک علمی قرآن ہے دوسرا عملی قرآن ہے، قرآن میں جو کچھ قال ہے وہ ہمارے آقا ﷺ کی زندگی میں حال ہے۔

مثلاً کنور مہندر سنگھ بیدی سحر کا مشہور شعر ہے۔

عشق ہو جائے کسی سے کوئی چارہ تو نہیں
صرف مسلم کا محمد (ﷺ) پہ اجارہ تو نہیں

آپ دوسرے مصرعہ کو یوں بھی پڑھ سکتے ہیں۔

صرف مسلم کا، قرآن پہ اجارہ تو نہیں

اسی مفہوم کو فراق گورکھپوری رگھوپتی سہائے نے یوں ادا کیا ہے۔

انوار بے شمار معدود نہیں..... رحمت کی شاہراہ مسدود نہیں
معلوم ہے کچھ تم کو محمد کا مقام..... وہ امتِ اسلام میں محدود نہیں

چند اشعار مزید سن لیجئے:

معروف ہندو شاعر شیش چندر سکسینہ کہتا ہے۔

یہ ذاتِ مقدس تو ہر انسان کو ہے محبوب
مسلم ہی نہیں وابستہ دامانِ محمد ﷺ سے

رویندر، روہندر حسن کہتے ہیں:

آپ ﷺ کے ماننے والوں میں ضروری تو نہیں
صرف شامل ہوں مسلمان رسولِ اکرم ﷺ

گوپی امن ناتھ کو بھی فخر ہے:

شفیع امم رحمتِ عالمین ہے
فقط وہ متاع مسلمان نہیں ہے

سرداری لعل نشتر آپ کی عالمگیر محبوبیت کا اعتراف یوں کرتے ہیں:

کیا دل سے بیاں ہو تیرے اخلاق کی توصیف
عالم ہوا مدّاح تیرے لطف وکرم کا

شستہ زبان

ایف۔ایف۔آربتھناٹ (F.F Arbuthnot) کہتا ہے:

ادبی نقطہ نظر سے قرآن کریم خالص عربی زبان کا ایک اعلیٰ ترین نمونہ ہے جس کی عبارت آدھی نظم اور آدھی نثر ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ماہرین صرف ونحو نے اس کی آیات کی روشنی میں گرامر کے بیشتر قواعد وضع کیے ہیں اور جہاں تک اس کی شستہ زبان وعبارت کا تعلق ہے۔ کئی کوششوں کے باوجود آج تک کوئی شخص بھی اس کے مقابل عبارت بنانے میں کامیاب نہیں ہوسکا۔

اس سے یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ اگرچہ قرآن حکیم کو مکمل طور پر (یک جا) کتابی صورت میں ۶۳۲ء میں جناب رسول اللہ ﷺ کے وصال کے بیس برس بعد ترتیب دیا گیا تاہم اس کی صحت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی اور نہ ہی کوئی مترجم یا کوئی جوشیلا شخص یا بدنیت آدمی آج تک اس میں کوئی ردّوبدل کرسکا ہے۔ لہٰذا یہ حقیقت بڑے افسوس کے ساتھ ماننا پڑے گی کہ دوسری (آسمانی) کتابوں کے متعلق یہ دعویٰ نہیں کیا جاسکتا۔

(دی کنسٹرکن آف دی بائبل اینڈ دی قرآن۔ص۵ مطبوعہ لندن ۱۸۸۵ء)

بلند پایہ اخلاقی مضامین

جان ولیم ڈریپر John William Draper لکھتا ہے۔

قرآن حکیم بلند پایہ اخلاقی مضامین اور پندونصائح سے بھرپور ہے۔ اس کی ترتیب کچھ اس طرح جامع انداز کی ہے کہ ہمیں اس کا کوئی صفحہ ایسا نہیں ملتا جس میں

ایسی آیات موجود نہ ہوں جنہیں ہر مکتبہ فکر کے اشخاص کی تائید وحمایت حاصل نہ ہو۔اس کی اجزائی ترتیب،اس کے واضح عقائد،قوانین اور متن کی طرف نشاندہی کرتی ہے جو زندگی کے ہر شعبہ میں ہر آدمی کے تمام مسائل سے یکساں مطابقت نظر آتی ہے۔

(اے ہسٹری آف دی انٹلکچوئل دیولپمنٹ آف یورپ جلد ا۔ص۴ ،۳۴۳مطبوعہ لندن ۱۸۷۵ء)

سائنسی علوم کا منبع

ہارٹ وگ ہرش فیلڈ Hartwig Hirschfield کی قرآن کے بارے میں رائے یہ ہے۔

ہمیں یہ جان کر حیرت نہیں ہونی چاہیے کہ قرآن حکیم تمام سائنسی علوم کا منبع ہے۔ہر مسئلہ خواہ اس کا تعلق زمین سے ہو یا آسمان سے،انسانی زندگی سے ہو یا صنعت وتجارت سے قرآن کے اوراق میں کہیں نہ کہیں اس کا ذکر ضرور ملتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس کے مختلف عنونات پر اب تک بے شمار تحقیقی مضامین لکھے جا چکے ہیں جو اس متبرک کتاب کے مختلف حصوں کی تفسیر بن چکے ہیں۔اسی طرح قرآن حکیم کئی مباحث ومناظر کا ذریعہ بھی بنا ہے اور دنیائے اسلام میں سائنسی علوم کی تمام شاخوں میں بے مثال کامیابی اس کی مرہون منت ہے۔اس حقیقت سے نہ صرف یہ کہ عرب قوم ہی متاثر ہوئی بلکہ قرآن حکیم نے یہودی فلسفیوں کو بھی یہ ماننے پر مجبور کر دیا کہ وہ مذہب اور مابعد الطبیعات جیسے اہم مسائل کو اصولِ عرب کی روشنی ہی میں مانیں جس طریقہ سے عربوں کے مذہبی فلسفہ نے مسیحی مذہب کی منطق کو تقویت پہنچائی

ہے وہ محتاج بیان نہیں۔

دنیائے اسلام کے جونہی روحانی جذبات اُبھرے تو اس کا اثر صرف دینی تصورات تک ہی محدود نہ تھا بلکہ یونانیوں کے فلسفہ حساب، علم ہیئت اور طب کی تحریرات نے ان کے دلوں میں ان علوم کے سیکھنے کا جذبہ بیدار کیا۔ جناب محمد مصطفیٰ ﷺ نے وحیِ الٰہی کا حوالہ دیتے ہوئے بار بار ہماری توجہ آسمانی حقائق کی طرف مبذول کی ہے جو کہ قدرت کے کرشمہ کا ادنیٰ سا نمونہ ہیں اور یہ سب اعیانِ سماوی آدمی کی خدمت کے لئے وقف ہیں۔ لہٰذا ان کی عبادت و پرستش کی اجازت نہیں۔ مزید برآں مسلمانوں نے جس خوبی اور کمال سے علم ہیئت کی تحقیق کی ہے اس کا اندازہ اس حقیقت سے لگایا جاسکتا ہے کہ کئی صدیوں تک صرف وہی اس علم کے بڑے حامیوں میں سے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ قرونِ وسطیٰ کے یورپی ہیئت دان عربوں کے شاگرد رہے ہیں۔

بعینہٖ قرآن حکیم نے طب کی تعلیم پر بھی زور دیا ہے اور مظاہر قدرت میں غور کرنے اور مطالعہ کی تلقین کی ہے۔

(نیو ریسرچز ان ٹو دی کمپوزیشن اینڈ ایکسپنجیز آف دی قرآن مطبوعہ لندن ۱۹۰۲ء)

دل موہ لینے والی آواز

پال کاسانوا Paul Casanova کے جذبات آخری آسمانی کتاب کے بارے میں یہ ہیں:

جب کبھی حضرت محمد ﷺ سے آپ کے مشن کے ثبوت کے بارے میں کوئی معجزہ

طلب کیا جاتا تو آپ قرآن حکیم کی بے مثل اور اعلیٰ تحریر ہی کو اس کے خدائی کلام ہونے کے ثبوت میں پیش کرتے تھے۔ اور حقیقت بھی یہی ہے کہ ایسے لوگوں کے نزدیک بھی جو کہ غیر مسلم ہیں اس کی زبان حیرت انگیز شان رکھتی ہے جس نے بے انتہا اثر آفرین اور قابلِ قبول لہجہ سادہ اور دل کو موہ لینے والی آواز نے ان قدیم لوگوں کو بھی جو فصاحت و بلاغت کے دلدادہ تھے تعریف کرنے پر مجبور کر دیا۔ اس کے ارکانِ حجی کی فصاحت، اس کی نثر کا شاندار وزن اور بحر میں غیر معمولی موزونیت اس کے سخت ترین مخالف اور متشکک کو بھی بات چیت کے وقت اپنی اہمیت کا احساس دلاتی رہتی ہے۔

(ل۔این سیجمنٹ ڈی عرب اور کالج ڈی فرانس لیکان ڈی ور چرابرائے ۲۶/اپریل ۱۹۰۹ء)

اسلام کی اساس

سر ولیم میور Sir Willlam Mulr متعصب عیسائی ہونے کے بعد یہ لکھنے پر مجبور ہے۔

قرآن کریم اسلام کی اساس ہے۔ قرآن کریم کی حاکمیت، دینی امور، اخلاقیات اور سائنس سب امور میں ایسی ہے جیسے دینی امور میں قرآن کریم ہر چیز سے فائق ہے اور اس کے بارے میں مسلمانوں کا ذہن اس قدر صاف اور واضح ہے کہ اس کے بارے میں وہ کسی قسم کا کوئی سوال برداشت نہیں کرتے۔

(دی لائف آف محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ ص ۷ لندن ۱۹۰۳ء)

جدید اخلاقی زاویے

آر۔جی۔مارگولیتھ Rev G. Margolluth کی شہادت یہ ہے:

اقوام عالم کی تمام عظیم الہامی کتب میں قرآن مجید بالاتفاق نہایت اہم مقام رکھتا ہے اگرچہ اپنی نوع کے عبد آفرین شہ پاروں میں یہ سب سے آخر میں منصۂ شہود پر آیا تاہم اس نے بنی نوع انسان کی ایک عظیم آبادی پر معجزنما اثر ڈالا ہے۔اس لحاظ سے یہ تمام الہامی کتب میں سب سے آگے ہے۔اس نے انسانی فکر کو ایک کامل اور اچھوتے لیکن جدید اخلاقی زاویے سے ہمکنار کیا ہے۔

(انٹروڈکشن ٹو دا کورنا بائے ٹیچو جے۔ایم۔روڈویل لندن ۱۹۱۸ء)

لافانی اعجاز

ہیری گیلارڈ ڈارمین Harry Gaylord Dorman نے قرآن کا مطالعہ کیا تو کہہ اٹھا:

قرآن مجید خدا تعالیٰ کی الہامی کتاب ہے جو جبرئیل (امین) کے ذریعے محمد (ﷺ) پر نازل کی گئی اور حرف بہ حرف مکمل ہے۔یہ ایک اٹل اور لافانی اعجاز ہے جو اپنی اور محمد رسول اللہ (ﷺ) کی صداقت کی شہادت دیتا ہے اس کا اعجاز ایک طرف تو اس کا اسلوب بیان ہے جو اس قدر اکمل و جامع اور اعلیٰ و ارفع ہے کہ جنوں اور انسانوں میں سے کوئی بھی اس کی مختصر ترین سورت کے مقابلہ میں کوئی سورت بنا کر نہیں لا سکا اور دوسری طرف اس کا معجزہ، اس کی تعلیمات، مستقبل کی پیش گوئیاں او معلومات و اخبار ہیں جو اس حد تک ٹھیک ٹھیک ثابت اور ظاہر ہوتی ہیں کہ عقل دنگ رہ

جاتی ہے کہ محمد الرسول اللہ (ﷺ) ایسا شخص (ﷺ) اپنی طرف سے کبھی بھی گھڑ کر یا حاصل کر کے نہیں لا سکتا تھا۔

(ٹوورڈ انڈر اسٹینڈنگ اسلام۔ص ۳ نیو یارک ۱۹۴۸ء)

حسنِ بیان

ایڈورڈ مونٹ Edward Monteith نے قرآن کھولا تو بول پڑا:

وہ تمام لوگ جن کو عربی قرآن کا معمولی سا بھی تعارف حاصل ہے۔ان سب کو اس مذہبی کتاب کے حسنِ بیان کی تعریف پر اتفاق کرنے کے سوا کوئی راہ فرار نہیں ہے اس کی عظمت اسلوب اس قدر اعلیٰ وارفع ہے کہ کسی بھی یورپی زبان میں ترجمہ کر کے اس کے طرز بیان کو دادِ تحسین پیش نہیں کی جا سکتی۔

(ٹریڈیشن فرانسس ڈیو قرآن، پیرس ۱۹۲۹ء انٹروڈیکشن۔ص ۵۳)

سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب

جیمز۔اے۔مشنر James A Michener لکھتا ہے:

دُنیا میں غالباً قرآن ہی ایسی کتاب ہے جو سب سے زیادہ پڑھی جانے والی، سب سے زیادہ حفظ کی جانے والی اور اپنے پیروکاروں کی روزمرہ زندگی میں سب سے زیادہ اثر آفرین کتاب ہے، عہد نامہ جدید ایسی طولانی بھی نہیں ہے۔اس کا طرز بیان نہایت ارفع واعلیٰ ہے جو نہ تو منظوم ہے اور نہ عام، بے اثر پھیکی نثر کی مانند ہے۔لیکن یہ اپنے سامعین کے قلوب کو حلاوت ایمانی سے سرشار کرنے کی بے پناہ تاثیر رکھتی ہے۔

قرآن مجید حضرت محمد (ﷺ) پر ۶۱۰ء سے لے کر ۶۳۲ء کے درمیانی عرصہ میں مکہ اور مدینہ کے قیام کے دوران نازل ہوا۔ اس کو کاغذات، درختوں کی چھال اور جانوروں کے کولہوں کی ہڈیوں پر نہایت ثقہ اور معتمد کاتبین کی ایک جماعت نے کتابت کیا۔ ابتدائی احکامِ وحی خیرہ کن یقین کامل کے حامل ہوتے تھے۔ یعنی یہ کہ معبودِ حقیقی صرف ایک ہے جو رحمٰن و رحیم ہے اور معبودیت کی سزاوار صرف اللہ تعالیٰ کی ہستی ہے جو کہ کون و مکان کا خالق، فاطر اور بدیع ہے اور زمین و آسمان کی ہر شئے اس کی تسبیح و تحمید کرتی ہے اور وہ عزیز و حکیم ہے۔

یہی وہ طوفانی پیغام ہے جو اصنام و خس کو خاشاک کی طرح بہا کر لے گیا اور بنی نوع انسان کو اپنی زندگیوں اور قدموں میں انقلاب آفرینی کے جذبہ سے سرشار کر گیا۔ عہدِ نبوی کے آخری ایام میں جب اسلام نے خطہ عرب کے وسیع علاقے میں نفوذ کرنا شروع کیا اور قوت پکڑی تو نزول وحی معاشرے کی تنظیم، مل جل کر رہنے کے قوانین و ضوابط اور معاشرتی مسائل کی طرف توجہ دی گئی۔

قرآن مجید میں عیسائیت اور یہودیت کی بہت سی مقدس ہستیوں کے اسماء کا ذکر آیا ہے مثلاً پانچ نہایت اہم سورتیں نوح، یونس، یوسف، ابراہیم، مریم علیہم الصلوٰۃ والسلام کے نام کی ہیں۔ اسی طرح اگرچہ عیسیٰ، آدم، داؤد، جالوت، ایوب، موسیٰ، لوط اور سلیمان علیہم الصلوٰۃ والسلام کے نام کی سورتیں تو نہیں ہیں تاہم ان ہستیوں نے بنی نوع انسان کی رشد و ہدایت کے لیے جو عظیم الشان خدمات سرانجام دیں ان کا تذکرہ نہایت شرح و بسط سے آیا ہے۔

نیک زندگی کی بحث میں قرآن مجید غیر معمولی طور پر اوّل تا آخر راضی ہے۔

دنیوی معاملات کے بارے میں کس قدر قابل انداز میں فرمایا:

''جب معاملہ کرنے لگو اُدھار ایک میعادِ معین تک (کے لیے) تو اس کو لکھ دیا کرو اور دو شخصوں کو اپنے مردوں میں سے گواہ کرلیا کرو تا کہ ان میں سے اگر کوئی ایک بھول جائے یا غلطی کر جائے تو دوسرا گواہ اس کو یاددہانی کرادے اور یہ لکھ لینا انصاف کا زیادہ قائم رکھنے والا ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک اور شہادت کا زیادہ درست رکھنے والا ہے اور زیادہ سزاوار ہے اس بات کا کہ تم (معاملہ) کے متعلق کسی شبہ میں نہ پڑو''۔

ایک طرف خدائے واحد کی پرستش اور دوسری طرف زندگی میں عملی ہدایات کا امتزاج قرآن مجید کو بے مثل کتاب کے رُتبہ عظیم پر فائز کرتا ہے۔ کرۂ ارض کی تمام اسلامی اقوام کی عظیم اکثریت کا یہ ایمان ہے کہ ان کی اسلامی سلطنتوں کا نظام اسی وقت احسن طریق پر چل سکتا ہے جب کہ وہاں کے قوانین قرآن مجید سے ہم آہنگ ہوں۔

اسلام ایک ایسا دین ہے جس کو دنیا کی اقوام نے صحیح طور پر سمجھا ہی نہیں۔

جامع کتاب الٰہی

ای۔ ڈینی سن۔ راس E.Denison Ross کے خیالات قرآن کے بارے میں یہ ہیں:

اس بات کو ہرگز فراموش نہیں کرنا چاہئے۔ عیسائی انجیل کو جس قدر عمل دخل حاصل ہے قرآن مجید کو مسلمانوں کی زندگی میں اس سے کہیں بڑھ کر عمل دخل ہے۔ اس میں صرف عقیدۂ ایمان ہی بیان نہیں کیا گیا ہے۔ بلکہ اس کو عبادات، امور و فرائض اور معاشرتی قوانین پر مشتمل کتاب الٰہی کا درجہ بھی حاصل ہے۔

اسی طرح اس امر کو بھی ہرگز نظر انداز نہیں کرنا چاہئے کہ حضرت محمد (ﷺ) کی تبلیغ کا مرکزی نقطہ، وحدتِ خداوندی تھا۔ اور آپ کے دین وملت کی اشاعت، غازیوں کی نوکِ شمشیر کی بجائے اپنی سلاست اور سادگی کی رہین منت تھی۔

اگرچہ اسلام عیسائی دنیا پر شدید طور پر اثر انداز ہو رہا ہے تاہم اس نے براعظم ایشیا کے نصف حصہ کو ایک روحانی ملت وکیش سے ہمکنار کیا ہے اور اس واقعہ نے دنیا کو مبہوت کر دیا ہے کہ ترک قوم جس کے وسطی ایشیا کے تاتاری جتھوں نے ہندوستان اور مشرق اوسط پر متعدد بار یلغار کر کے وہاں غارت گری اور خونریزی کے بازار گرم کیے جس کی یلغار ناقابل مزاحمت تھی جب اس قوم کی طرف اشاعتِ اسلام کا ریلہ آیا تو ملت اسلام نے ان کے (پتھر جیسے) قلوب کو مسخر کر لیا اور وہاں مسلمان سلاطین کے کئی سلسلوں کے زیرِ نگیں اسلامی سلطنت کی داغ بیل پڑ گئی۔

تیرہ سو سال کی گردشِ ایام کے دوران تمام ترک قوم اہل ایران اور ہندوستان کی قریباً ربع آبادی کے نزدیک قرآن کو مقدس کتاب کا درجہ حاصل رہا ہے۔ لاریب، یہ ایسی کتاب ہے جو اس کی حقدار و سزاوار ہے کہ موجود مغربی دنیا میں اس کا نہایت وسیع پیمانے پر مطالعہ ہو۔ خاص طور پر موجودہ دور میں جب کہ نت نئی ایجادات نے کون ومکان کی تمام تمیزیں مٹا دی ہیں جب کہ عوامی فلاح کا مفہوم یہ متصور ہونے لگا ہے کہ تمام بنی نوع انسان کو فلاح و بہبود کی دولت سے مالا مال کر دیا جائے۔



تسہیل البیان فی تفسیر القرآن

- اپنے مخصوص انداز میں لکھی گئی اردو زبان کی پہلی موضوعاتی تفسیر
- خلاصہ سور، ربطِ آیات اور قرآنی بصائر و حکم کے بیان کرنے کا خصوصی اہتمام
- تدبّر فی القرآن کی صحیح راہ دکھانے والی عام فہم تفسیر
- ان لوگوں کے لئے خاص تحفہ جو قرآن کو خود بھی سمجھنا چاہتے ہیں اور دوسروں کو بھی سمجھانا چاہتے ہیں
- سات ایسی چیزوں کا اہتمام جو قرآنی حقائق کو بالکل واضح کر دیتی ہیں
- پہلی جلد جو کہ سورۃ الفاتحہ اور سورۃ البقرہ پر مشتمل ہے اس میں ان دونوں سورتوں کی ۲۹۳ آیات کو ۱۰۳ عنوانات پر تقسیم کرنے کے بعد ان سے کم و بیش ۸۰۰ ہدایات اور مسائل اخذ کئے گئے ہیں۔

دوسری جلد انشاء اللہ تعالیٰ جلد آرہی ہے۔

تالیف: محمد اسلم شیخوپوری

ناشر: مکتبہ حلیمیہ سائٹ کراچی ۷۵۷۰۰

الرحمٰن علم القرآن

تفہیمات

برائے

حفاظ و حافظات

○

- حفظِ قرآن کا طریقہ
- دعائیں اور دوائیں
- والدین اور اساتذہ کے لئے مفید ھدایات
- حفظ و تلاوت کے فضائل و آداب

اور

- ۱۱۴ سورتوں سے حاصل شدہ تفہیمات اور تعلیمات آسان فہم انداز میں ۔

تالیف

محمد اسلم شیخوپوری

ناشر

مکتبہ حلیمیہ سائٹ کراچی ۷۵۷۰۰